मुहम्मद साहब ने कहा :—"एक दूसरे के साथ हाथ मिलाओ. तो एक दूसरे के ख़िलाफ़ तुम्हारे सब बुग़्ज़ यानी द्वेष तुम्हारे दिलों से मिट जावेंगे; एक दूसरे को हदीये यानी भेंट दिया करो, इससे तुम में एक दूसरे के साथ मुहब्बत बढ़ेगी, और इससे तुम्हारे दिलों की गहरी से गहरी नफ़रतें भी मिट जावेंगी."

—अता-अल-ख़ुरासानी, मुसलिम.

मुहम्मद साहब ने कहा कि —"अपनी पारसाई (धार्मिकता) का ज़रा सा भी मज़ाहरा (दिखावा) करना 'शिर्क' है, यानी अल्लाह के सिवा दूसरे की इबादत करने के बराबर है."

—उमर बिन अल ख़त्ताब, मुआज़ बिन जबल से, इब्न माजह: बेहक़ी.

—अनुवादक—श्री मुजीब रिज़वी.

اسے ضرور دے دو؛ کیونکہ بلا شک اس نے آگ کی گرمی برداشت کر کے کھانا تیار کیا ھے اور اس کا سارا پربندھ کیا ھے."

—ابوھریرہ، بخاری: ابوداؤد: ترمذی.

محمد صاحب نے کہا:—"ایک دوسرے کے ساتھ ھاتھ ملاؤ، تو ایک دوسرے کے خلاف تمھارے سب بغض یعنی دویش تمھارے دلوں سے مٹ جاویں گے؛ ایک دوسرے کو ھدیے یعنی بھینٹ دیا کرو، اس سے تم میں ایک دوسرے کے ساتھ محبت بڑھے گی، اور اس سے تمھارے دلوں کی گہری نفرتیں بھی مٹ جاویں گی."

—عطاالخراسانی، مسلم.

محمد صاحب نے کہا کہ—"اپنی پارسائی (دھارمکتا) کا ذرا سا بھی مظاہرہ (دکھاوا) کرنا 'شرک' ھے، یعنی اللہ کے سوا دوسرے کی عبادت کرنے کے برابر ھے."

—عمر بن الخطاب، معاذ بن جبل سے، ابن ماجہ: بیہقی.

انوادک—شری مجیب رضوی.

पैग़म्बर ने कहा कि:—"तुम में से कोई ईमान वाला नहीं है जब तक कि उसने उस तालीम के ज़रिये जो मैंने लाकर दी है अपनी शहवतों पर क़ाबू हासिल न कर लिया हो."

—अब्दुल्लाह बिन अमरू नवावी.

پیغمبر نے کہا کہ:—"تم میں سے کوئی ایمان والا نہیں ہے جب تک کہ اُس نے اُس تعلیم کے ذریعہ جو میں نے لاکر دی ہے اپنی شہوتوں پر قابو حاصل نہ کر لیا ہو."

—عبداللہ بن عمرو' نواوی۔

पैग़म्बर ने कहा :—"ऐ अबुज़र ! इनसानों की तंज़ीम यानी संगठन से बढ़कर कोई अक़लमन्दी का काम नहीं है, अपनी नफ़्स पर क़ाबू रखने से बढ़कर कोई तक़वा यानी परहेज़गारी नहीं है और सबके साथ अच्छा बरताव करने से बढ़कर कोई तारीफ़ की बात नहीं है."

—अबुज़र, बेहक़ी.

پیغمبر نے کہا:—"اے ابوذر! اِنسانوں کی تنظیم یعنی سنگٹھن سے بڑھ کر کوئی عقلمندی کا کام نہیں ہے' اپنے نفس پر قابو رکھنے سے بڑھ کر کوئی تقویٰ یعنی پرہیزگاری نہیں ہے اور سب کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے سے بڑھ کر کوئی تعریف کی بات نہیں ہے."

—ابوذر' بیہقی۔

जाबिर कहता है कि :—"रसूल से एक आदमी की चरचा की गई जो बहुत इबादत करता था और उसी में लगा रहता था, फिर रसूल से एक ऐसे आदमी की चरचा की गई जो अपने को गुनाह से बचाता रहता था. इस पर रसूल ने कहा—'इबादत करने वाला उसके बराबर नहीं हो सकता जो गुनाह से अपने को बचाता है."

—जाबिर, तिरमिज़ी.

جابر کہتا ہے کہ:—"رسول سے ایک آدمی کی چرچا کی گئی جو بہت عبادت کرتا تھا اور اُسی میں لگا رہتا تھا' پھر رسول سے ایک ایسے آدمی کی چرچا کی گئی جو اپنے کو گناہ سے بچاتا رہتا تھا۔ اِس پر رسول نے کہا—'عبادت کرنے والا اُس کے برابر نہیں ہو سکتا جو گناہ سے اپنے کو بچاتا ہے."

—جابر' ترمذی۔

मुहम्मद साहब ने कहा कि :-

"तुम्हारे ख़िदमतगार तुम्हारे भाई हैं और तुम्हारे जान माल की रक्षा करते हैं; अल्लाह ने उन्हें तुम्हारे हाथों में सौंपा है; जिस किसी के हाथों में उसका भाई हो उसे चाहिये कि उसे वही खाना खिलावे जो ख़ुद खाता है और वही कपड़े पहनावे जो ख़ुद पहनता है. उनसे कोई ऐसा काम न लो जो उनकी ताक़त से बाहर हो और अगर तुम उनसे कोई ऐसा काम लो तो उन्हें उस काम के करने में ख़ुद मदद दो."

—माअरूर बिन सुवैद, बुख़ारी: मुसलिम: अबुदाऊद: तिरमिज़ी.

محمد صاحب نے کہا کہ:-

"تمہارے خدمتگار تمہارے بھائی ہیں اور تمہارے جان مال کی رکشا کرتے ہیں۔ اللہ نے اُنہیں تمہارے ہاتھوں میں سونپا ہے؛ جس کسی کے ہاتھوں میں اُس کا بھائی ہو اُسے چاہئے کہ اُسے وہی کھانا کھلاوے جو خود کھاتا ہے اور وہی کپڑے پہناوے جو خود پہنتا ہے۔ اُن سے کوئی ایسا کام نہ لو جو اُن کی طاقت سے باہر ہو اور اگر تم اُن سے کوئی ایسا کام لو تو اُنہیں اُس کام کے کرنے میں خود مدد دو."

—معرور بن سوید' بخاری؛ مسلم؛ ابوداؤد؛ ترمذی۔

मुहम्मद साहब ने कहा :—"जब कभी तुम में से किसी का ख़िदमतगार तुम में से किसी के पास खाना लेकर आवे, तो अगर तुम उसे अपने साथ बिठाकर खाना न खिलाओ, तो कम से कम उस खाने में से दो चार लुक़्मे

محمد صاحب نے کہا—"جب کبھی تم میں سے کسی کا خدمتگار تم میں سے کسی کے پاس کھانا لے کر آوے؛ تو اگر تم اسے اپنے ساتھ بٹھاکر کھانا نہ کھلاؤ' تو کم سے کم اُس کھانے میں سے دو چار لقمے

मुहम्मद साहब ने कहा कि :—"हर आदमी को चाहिये कि अपने घर में घुसते वक़्त अपनी बीवी और बच्चों को सलाम करे."

—अनस, तिरमिज़ी.

अनस कहता है कि :—

"मुहम्मद साहब जब कभी बच्चों के पास से निकलते थे तो उन्हें 'सलाम' ! करते थे."

—अनस, बुख़ारी: मुसलिम.

जरीर और अनस दोनों का बयान है कि :—

"पैग़म्बरे ख़ुदा जब कभी औरतों के पास से निकलते थे तो उन्हें 'सलाम' ! करते थे."

—जरीर, अहमद; अनस; बुख़ारी.

मुहम्मद साहब ने कहा कि :—"जो आदमी सवारी के ऊपर चला जा रहा हो उसका फ़र्ज़ है कि उस आदमी को सलाम करे जो पैदल चला जा रहा है; जो आदमी पैदल चला जा रहा हो उसका फ़र्ज़ है कि उस आदमी को सलाम करे जो बैठा हो, और जो लोग थोड़ी तादाद में हों उनका फ़र्ज़ है कि अपने से बड़ी तादाद वालों को सलाम करें."

—अबु हुरैरह, बुख़ारी: मुसलिम: तिरमिज़ी: अबुदाऊद.

अनस कहता है :—"पैग़म्बर साहब मुझसे कहा करते थे—'ऐ मेरे बच्चे ! जब तू अपने बाल बच्चों में आय तो उन्हें सलाम कर, यह चीज़ तेरे लिये और तेरे घर वालों के लिये दोनों के लिये बरकत साबित होगी.'"

—अनस, तिरमिज़ी.

मुहम्मद साहब ने कहा :—"जब तुम लोग अपने घरों के अन्दर जाओ तो घर के लोगों को सलाम करो और जब बाहर निकलो तो घर के लोगों से सलाम करके बिदा लो."

—क़तादह, बेहक़ी.

लोगों ने पैग़म्बर से पूछा :—"नजात क्या है ?" पैग़म्बर ने जवाब दिया—"अपनी ज़बान पर क़ाबू रखो और घर में बैठकर गुनाहों पर रोओ."

—उक़बह बिन आमिर, तिरमिज़ी.

محمد صاحب نے کہا کہ:—ہر آدمی کو چاہئے کہ اپنے گھر میں گھستے وقت اپنی بیوی اور بچوں کو سلام کرے۔"

—انس، ترمذی۔

انس کہتا ہے کہ:—

"محمد صاحب جب کبھی بچوں کے پاس سے نکلتے تھے تو اُنہیں 'سلام' ! کرتے تھے۔"

—انس، بخاری: مسلم۔

جریر اور انس دونوں کا بیان ہے کہ:—

"پیغمبر خدا جب کبھی عورتوں کے پاس سے نکلتے تھے تو اُنہیں 'سلام' ! کرتے تھے۔"

—جریر، احمد: انس: بخاری۔

محمد صاحب نے کہا کہ:—"جو آدمی سواری کے اوپر چلا جا رہا ہو اُس کا فرض ہے کہ اُس آدمی کو سلام کرے جو پیدل چلا جا رہا ہے؛ جو آدمی پیدل چلا جا رہا ہو اُس کا فرض ہے کہ اُس آدمی کو سلام کرے جو بیٹھا ہو، اور جو لوگ تھوڑی تعداد میں ہوں اُن کا فرض ہے کہ اپنے سے بڑی تعداد والوں کو سلام کریں۔"

—ابو ہریرہ، بخاری: مسلم: ترمذی: ابوداؤد۔

انس کہتا ہے:—"پیغمبر صاحب مجھسے کہا کرتے تھے—'اے میرے بچے ! جب تو اپنے بال بچوں میں جائے تو اُنہیں سلام کر، یہ چیز تیرے لئے اور تیرے گھر والوں کے لئے دونوں کے لئے برکت ثابت ہوگی۔'"

—انس، ترمذی۔

محمد صاحب نے کہا—"جب تم لوگ اپنے گھروں کے اندر جاؤ تو گھر کے لوگوں کو سلام کرو اور جب باہر نکلو تو گھر کے لوگوں سے سلام کر کے بدا لو۔"

—قتادہ، بیہقی۔

لوگوں نے پیغمبر سے پوچھا:—"نجات کیا ہے ؟" پیغمبر نے جواب دیا—"اپنی زبان پر قابو رکھو اور گھر میں بیٹھ کر اپنے گناہوں پر روؤ۔"

—عقبہ بن عامر، ترمذی۔

मुहम्मद साहब की कुछ हदीसें

एक बद्दू अरब पैग़म्बर के पास आया और कहने लगा :—"मुझे कोई ऐसा काम बता दीजिये जिससे मैं जन्नत में जा सकूँ." पैग़म्बर ने जवाब दिया—"तुमने बात थोड़ी कही पर सवाल बहुत बड़ा किया. अगर कोई जानदार तुम्हारे पास हैं तो उन्हें आज़ाद कर दो, अगर कोई ग़ुलाम तुम्हारे पास हैं तो उन्हें भी आज़ादी दे दो. तुम्हारा कोई नातेदार अगर तुम्हारे साथ बुराई करे तो तुम उससे प्यार करो; और अगर तुम यह न कर सको तो भूखों को खाना खिलाओ और प्यासों को पानी पिलाओ, और लोगों से नेक काम करने के लिये कहो और बुरे काम करने से उन्हें मना करो; अगर तुम यह भी न कर सको तो अपनी ज़बान बन्द रखो जब तक कि उससे कोई अच्छी बात न निकले."

—बरा बिन आज़िब, बेहक़ी.

मुहम्मद साहब ने कहा कि :—

"क़यामत के दिन सात तरह के आदमियों को अल्लाह अपने साए में ले लेगा, और उस दिन सिवाय अल्लाह के और किसी का साया काम न देगा: एक वह आदमी जो लोगों के ऊपर सरदार है और सबके साथ इन्साफ़ का बरताव करता है; दूसरे वह जवान आदमी जिसने अपनी जवानी को अल्लाह की ख़िदमत में बिताया हो; तीसरे वह आदमी जो जब भी दुआ माँगने की जगह से निकलता है तो जब तक फिर उसी जगह वापिस न आ जावे उसका दिल उसी जगह अटका रहता है; चौथे वह जो अल्लाह के लिये एक दूसरे से प्यार करते हैं; उसी के लिये मिलते हैं और उसी के लिये अलग होते हैं; पाँचवें वह आदमी जो अल्लाह को याद करता रहता है और जब भी याद करता है तो उसकी आँखों से आँसू गिरते रहते हैं; छठे वह आदमी जिसके दिल को अगर कोई ऊँचे ख़ानदान की और .ख़ूबसूरत औरत भी अपनी तरफ़ खींचती है तो वह कहता है,—'सचमुच, मैं अल्लाह से डरता हूँ;' और सातवें वह आदमी जो .ख़ैरात देता है और उसे छिपाता है, यहाँ तक कि उसका दाँया हाथ जो कुछ देता है उसकी उसके बाँए हाथ तक को ख़बर नहीं होती."

—अबु हुरैरह, बुख़ारी: मुसलिम.

मुहम्मद साहब ने कहा कि :—"आदमियों में सब से ज़ियादह लायक़ वह है जो दूसरों को उनसे पहले सलाम करता है."

—अबु उमामह, अबु दाऊद: तिरमिज़ी.

محمد صاحب کی کچھ حدیثیں

ایک بدو عرب پیغمبر کے پاس آیا اور کہنے لگا:—"مجھے کوئی ایسا کام بتا دیجئے جس سے میں جنت میں جا سکوں۔" پیغمبر نے جواب دیا—"تم نے بات تھوڑی کہی پر سوال بہت بڑا کیا۔ اگر کوئی جاندار تمہارے پاس ہیں تو انہیں آزاد کر دو، اگر کوئی غلام تمہارے پاس ہیں تو انہیں بھی آزادی دے دو۔ تمہارا کوئی ناتے دار اگر تمہارے ساتھ برائی کرے تو تم اسے پیار کرو؛ اور اگر تم یہ نہ کر سکو تو بھوکوں کو کھانا کھلاؤ اور پیاسوں کو پانی پلاؤ، اور لوگوں سے نیک کام کرنے کے لئے کہو اور برے کام کرنے سے انہیں منع کرو؛ اگر تم یہ بھی نہ کر سکو تو اپنی زبان بند رکھو جب تک کہ اس سے کوئی اچھی بات نہ نکلے۔"

—براابن عازب، بیہقی۔

محمد صاحب نے کہا کہ:—

"قیامت کے دن سات طرح کے آدمیوں کو اللہ اپنے سائے میں لے لیگا اور اس دن سوائے اللہ کے کسی کا سایہ کام نہ دے گا۔ ایک وہ آدمی جو لوگوں کے اوپر سردار ہے اور سب کے ساتھ انصاف کا برتاؤ کرتا ہے؛ دوسرے وہ جوان آدمی جس نے اپنی جوانی کو اللہ کی خدمت میں بتایا ہو؛ تیسرے وہ آدمی جو جب بھی دعا مانگنے کی جگہہ سے نکلتا ہے تو جب تک پھر اسی جگہہ واپس نہ آجاوے اس کا دل اسی جگہہ اٹکا رہتا ہے؛ چوتھے وہ دو آدمی جو اللہ کے لئے ایک دوسرے سے پیار کرتے ہیں، اسی کے لئے ملتے ہیں اسی کے لئے الگ ہوتے ہیں، پانچویں وہ آدمی جو اللہ کو یاد کرتا رہتا ہے اور جب بھی یاد کرتا ہے تو اسکی آنکھوں سے آنسو گرتے رہتے ہیں، چھٹے وہ آدمی جس کے دل کو اگر کوئی اونچے خاندان کی اور خوبصورت عورت بھی اپنی طرف کھینچتی ہے تو وہ کہتا ہے—'سچ مچ' میں اللہ سے ڈرتا ہوں؛ اور ساتویں وہ آدمی جو خیرات دیتا ہے اور اسے چھپاتا ہے، یہاں تک کہ اس کا دایاں ہاتھ جو کچھ دیتا ہے اس کی اس کے بائیں ہاتھ تک کو خبر نہیں ہوتی۔"

—ابو ہریرہ، بخاری: مسلم۔

محمد صاحب نے کہا کہ:—"آدمیوں میں سب سے زیادہ لائق وہ ہے جو دوسروں کو ان سے پہلے سلام کرتا ہے۔"

—ابو امامہ، عبداللہ: ترمذی۔

मुहम्मद साहब की कुछ हदीसें

डाक्टर मिरज़ा अबुल फ़ज़ल

मुहम्मद साहब ने कहा :—

"क़यामत के दिन हर आदमी से 'पाँच बातों की बाबत सवाल किया जावेगा: उसकी ज़िन्दगी की बाबत यह कि तूने अपनी ज़िन्दगी कैसे बसर की; उसकी जवानी की बाबत यह कि तुम जवान से बूढ़े कैसे हो गए; उसकी दौलत की बाबत यह कि तुमने दौलत कैसे कमाई और यह कि वह दौलत किस किस काम में ख़र्च की; और उसके इल्म की बाबत यह कि तुमने अपने इल्म का क्या उपयोग किया."

—इब्न मसऊद, तिरमिज़ी.

अबु मूसा कहता है कि :—"मैं अपने दो भतीजों को लेकर रसूल के पास गया. मेरे भतीजों में से एक ने कहा,—'ऐ अल्लाह के रसूल ! अल्लाह ने जो मुल्क आपको हुकूमत करने के लिये दिया है उसके किसी हिस्से पर हम दोनों को गवरनर मुक़र्रर कर दीजिये.' मेरे दूसरे भतीजे ने भी यही बात कही. इस पर पैग़म्बर ने जवाब दिया,—'अल्लाह की क़सम ! मैं किसी ऐसे आदमी को कहीं अफ़सर मुक़र्रर नहीं करता जो ख़ुद मुझ से मुक़र्रर किये जाने के लिये कहता है, या जो अफ़सर होने की इच्छा रखता है.'"

—अबू मूसा, बुख़ारी: मुसलिम: अबु दाऊद: नसाई.

अनस कहता है:—"मैंने यह देखा कि जब कभी पैग़म्बर के सामने कोई ऐसा मामला लाया गया जिसमें किसी ने किसी को कोई नुक़सान पहुँचाया हो और जिसे नुक़सान पहुँचा है वह बदला लेना चाहता हो तो पैग़म्बर ने हमेशा यही हुक्म दिया कि माफ़ कर दो."

—अनस, अबु दाऊद: नसाई.

मुहम्मद साहब ने कहा :—"अल्लाह नेक है और वह लोगों से सिवाय नेक कामों के और कोई काम क़ुबूल नहीं करता."

—अबु हुरैरह, मुसलिम : तिरमिज़ी.

محمد صاحب کی کچھ حدیثیں

ڈاکٹر مرزا ابوالفضل

محمد صاحب نے کہا:—

"قیامت کے دن ہر آدمی سے پانچ باتوں کی بابت سوال کیا جائیگا : اُس کی زندگی کی بابت یہ کہ تو نے اپنی زندگی کیسے بسر کی؛ اُس کی جوانی کی بابت یہ کہ تم جوان سے بوڑھے کیسے ہو گئے؛ اُس کی دولت کی بابت یہ کہ تم نے دولت کیسے کمائی اور یہ کہ وہ دولت کس کس کام میں خرچ کی؛ اور اُس کے علم کی بابت کہ تم نے اپنے علم کا کیا اُپیوگ کیا۔"

—ابن مسعود، ترمذی ۔

ابو موسیٰ کہتا ہے کہ:—"میں اپنے دو بھتیجوں کو لے کر رسول کے پاس گیا ۔ میرے بھتیجوں میں سے ایک نے کہا—'اے اللہ کے رسول ! اللہ نے جو ملک آپ کو حکومت کرنے کے لئے دیا ہے اُس کے کسی حصے پر ہم دونوں کو گورنر مقرر کر دیجیئے ۔' میرے دوسرے بھتیجے نے بھی یہی بات کہی ۔ اِس پر پیغمبر نے جواب دیا—'اللہ کی قسم ! میں کسی ایسے آدمی کو کہیں افسر مقرر نہیں کرتا جو خود مجھسے مقرر کئے جانے کے لئے کہتا ہے' یا جو افسر ہونے کی اِچھا رکھتا ہے ۔"

—ابن موسیٰ، بخاری: مسلم: ابوداؤد: نساءی ۔

انس کہتا ہے:—"میں نے یہ دیکھا کہ جب کبھی پیغمبر کے سامنے کوئی ایسا معاملہ لایا گیا جس میں کسی نے کسی کو کوئی نقصان پہنچایا ہو اور جسے نقصان پہنچا ہو وہ بدلہ لینا چاہتا ہو تو پیغمبر نے ہمیشہ یہی حکم دیا کہ معاف کر دو ۔"

—انس، ابوداؤد: نسائی ۔

محمد صاحب نے کہا :—"اللہ نیک ہے اور وہ لوگوں سے سوائے نیک کاموں کے اور کوئی کام قبول نہیں کرتا ۔"

—ابو ہریرہ، مسلم : ترمذی ۔

बराबर पैदल ही आया जाया करते थे. मेरे दिल पर चिन्तामणि जी का, उनकी सादगी और सच्चरित्रता का बहुत असर पड़ा. हालाँकि मेरे विचार उनसे नहीं मिलते थे लेकिन फिर भी उस समय से लेकर आख़ीर तक मेरे ऊपर हमेशा उनकी मेहरबानी बनी रही.

चिन्तामणि जी को स्वदेशी आन्दोलन के बढ़ते हुए सैलाब को रोकने के लिये इलाहाबाद लाया गया था. ख़ास तौर पर युनिवर्सिटी के अन्दर विद्यार्थियों पर गरम दल के बढ़ते हुए असर को रोकने का काम चिन्तामणि जी के सुपुर्द किया गया. चिन्तामणि जी बहुत अच्छे वक्ता थे. उनकी दलीलों की काट आसान न थी. उनके प्रोपेगेन्डा का श्रीगणेश जहाँ तक मुझे याद है, आक्सफ़ोर्ड केम्ब्रिजबोर्डिंग हाउस से हुआ था, जो अब ग़ालिबन हालेन्ड हाल के नाम से प्रसिद्ध है. उनके पहले लेक्चर में मैं भी मौजूद था. हाल ठसा ठस भरा हुआ था. प्रोफ़ेसर भी मौजूद थे. चिन्तामणि जी ने स्वदेशी और बायकाट के ख़िलाफ़ बड़ी तर्क पूर्ण तक़रीर की. ज्योंही उन्होंने बोलकर ख़त्म किया विद्यार्थियों ने आवाज़ें लगाईं —,"सुन्दरलाल जी भी बोलें." दोनों तरफ़ के ख़याल विद्यार्थियों ने सुने और जब वोट लिये गये तो कुल इने गिने चार वोट चिन्तामणि जी को मिले और क़रीब चार सौ उनके ख़िलाफ़. चिन्तामणि जी ने प्रेम से आकर मुझसे हाथ मिलाया और कहा—"बधाई !" उस पहली मीटिंग का तजरबा इतना मँहगा पड़ा कि फिर बायकाट के विरोधियों को युनिवर्सिटी के किसी हॉस्टल में दूसरी मीटिंग करने का साहस न हुआ.

[बाक़ी अगले नम्बर में]

برابر پیدل ہی آیا جایا کرتے تھے ۔ میرے دل پر چنتامنی جی کا اُن کی سادگی اور سچرترتا کا بہت اثر پڑا ۔ حالانکہ میرے وچار اُن سے نہیں ملتے تھے لیکن پھر بھی اُس سمے سے لے کر آخر تک میرے اوپر ہمیشہ اُن کی مہربانی بنی رہی ۔

چنتامنی جی کو سودیشی آندولن کے بڑھتے ہوئے سیلاب کو روکنے کے لئے الٰہ آباد لایا گیا تھا ۔ خاص طور پر یونیورسٹی کے اندر ودیارتھیوں پر گرم دل کے بڑھتے ہوئے اثر کو روکنے کا کام چنتامنی جی کے سپرد کیا گیا ۔ چنتامنی جی بہت اچھے وکتا تھے ۔ اُن کی دلیلوں کی کاٹ آسان نہ تھی۔ ان کے پروپیگنڈا کا شری گنیش، جہاں تک مجھے یاد ہے، اکسفورڈ کیمبرج بورڈنگ ہاؤس سے ہوا تھا، جو اب غالباً ہالینڈ ہال کے نام سے پرسدھ ہے۔ اُن کے پہلے لکچر میں میں بھی موجود تھا ۔ ہال ٹھسا ٹھس بھرا ہوا تھا ۔ پروفیسر بھی موجود تھے ۔ چنتامنی جی نے سودیشی اور بائیکاٹ کے خلاف بڑی ترک پورن تقریر کی ۔ جیوں ہی اُنہوں نے بول کر ختم کیا ودیارتھیوں نے آوازیں لگائیں— "سندر لال جی بھی بولیں۔" دونوں طرف کے خیال ودیارتھیوں نے سنے اور جب ووٹ لئے گئے تو کل اِنے گنے چار ووٹ چنتامنی جی کو ملے اور قریب چار سو ان کے خلاف ۔ چنتامنی جی نے پریم سے آکر مجھ سے ہاتھ ملایا اور کہا— "بدھائی!" اِس پہلی میٹنگ کا تجربہ اتنا مہنگا پڑا کہ پھر بائیکاٹ کے ورودھیوں کو یونیورسٹی کے کسی ہوسٹل میں دوسری میٹنگ کرنے کا ساہس نہ ہوا ۔

[باقی اگلے نمبر میں]

[बाक़ी सफ़ा 264 का]

बहुत सी बातें र्क कर दीं जो हिन्दुओं को विदेशी लगती थीं. अपनी इस क़ुरबानी से उन्होंने हिन्दोस्तान की मिली-जुली कलचर की वह शानदार कहानी लिखी कि जिसकी झाँकी हमें मँझले ज़माने में बनी हुई हर किताब और हर तस्वीर में, हर क़िले और हर महल में, हर शेर और हर नज़्म में मिलती है.

[अंग्रेज़ी से अनुवादक—वि० ना० पांडे]

[باقی صفحہ 264 کا]

بہت سی باتیں ترک کردیں جو ہندوؤں کو ودیشی لگتی تھیں ۔ اپنی اِس قربانی سے اُنہوں نے ہندستان کی ملی جلی کلچر کی وہ شاندار کہانی لکھی کہ جس کی جھانکی ہمیں منجھلے زمانے میں بنی ہوئی ہر کتاب اور ہر تصویر میں، ہر قلعے اور محل میں، ہر شعر اور ہر نظم میں ملتی ہے ۔

[انگریزی سے انوادک— وی ۔ نا ۔ پانڈے]

मजबूर होकर घर लौट जाऊँ तो इलाहाबाद में आन्दोलन ठन्डा पड़ जायगा. मकान मालिक बेचारा बड़ा परेशान हुआ. पुलिस के सामने उसने इक़रारनामा रक्खा. सरकारी वकील से भी सलाह मशविरा लिया गया, मगर मुझे निकालने की कोई क़ानूनी सूरत न निकली. ज़ाब्ते से अब हमारी पार्टी का अड्डा 56 चौक गंगादास में क़ायम हो गया.

इसी बीच कुछ ऐसे वाक़ेयात पेश आये जिनसे गरम दल के हिन्दुस्तान के नक़्शे में इलाहाबाद की एक ख़ास जगह हो गई.

जो बुज़ुर्ग हमें मदद और सलाह मशावरा दिया करते थे उनके ख़िलाफ़ सरकार ने क़दम उठाने शुरू किये. सबसे पहला हमला पंडित श्रीकृष्ण जोशी पर हुआ. वह सरकारी अफ़सर थे और डिप्टी कलेक्टरी के ओहदे पर थे. उन्हें बरख़ास्त कर दिया गया. बाबू शशि भूषण चटर्जी का इलाहाबाद से ग़ाज़ीपुर तबादला कर दिया गया. पंडित बालकृष्ण भट्ट को कायस्थ पाठशाला की मैनेजिंग कमेटी पर ज़ोर डालकर नौकरी से बरख़ास्त करा दिया गया और अन्त में कायस्थ पाठशाला की मैनेजिंग कमेटी के ज़रिये बाबू रामानन्द चटर्जी को प्रिंसिपल के पद से इस्तीफ़ा देने को मजबूर कर दिया गया. प्रिन्सिपल के पद से हटकर बाबू रामानन्द ने इलाहाबाद में ही इन्डियन प्रेस से, 'प्रवासी' नामक बंगला मासिक पत्र और 'Modern Review' नामक अंग्रेज़ी मासिक-पत्र निकालना शुरू किया. बाद में रामानन्द बाबू कलकत्ते चले गये और अपने दोनों पत्र भी कलकत्ते से जाकर निकालने लगे.

सर तेजबहादुर सप्रू को, जो उस समय डाक्टर सप्रू थे, मुझसे बेहद दिली मोहब्बत थी हालाँकि राय उनकी मालवीय जी से मिलती थी. यही कैफ़ियत डाक्टर सच्चिदानन्द सिन्हा और मुंशी ईश्वर शरण की थी.

इलाहाबाद से उस ज़माने में 'नीम सरकारी' दैनिक 'पायोनियर' और नरम दल का दैनिक 'इन्डियन पीपुल' निकलते थे. 'इन्डियन पीपुल' का सम्पादन काली बाबू करते थे किन्तु काली बाबू भी नरम दल के नेताओं की नज़रों में उतने नरम न थे जितना कि वे उम्मीद करते थ. चुनानचे मालवीय जी, पंडित मोतीलाल जी और दूसरे नरम दली नेताओं ने मिल कर 'लीडर' का प्रकाशन शुरू किया. 'इन्डियन पीपुल' भी 'लीडर' में ही मिला लिया गया. 'लीडर' के सम्पादन में मदद देने और गरम दल के नौजवानों से मोर्चा लेने के लिये स्वर्गीय सी० वाई० चिन्तामणि को इलाहाबाद बुलाया गया. यह तो याद नहीं रहा कि चिन्तामणि जी उस समय कहाँ रहते थे लेकिन इतना मुझे याद है कि वे साउथ रोड में 'लीडर' के दफ़्तर में

مجبور ہوکر گھر لوٹ جاؤں تو الہٰآباد میں آندولن ٹھنڈا پڑ جائیگا. مکان مالک بے چارہ بڑا پریشان ہوا. پولیس کے سامنے اُس نے اِقرار نامہ رکھا. سرکاری وکیل سے بھی صلاح و مشورہ لیا گیا مگر مجھے نکالنے کی کوئی قانونی صورت نہ نکلی. ضابطہ سے اب ہماری پارٹی کا اڈا 56 چوک گنگا داس میں قایم ہوگیا.

اِسی بیچ کچھ ایسے واقعات پیش آئے جن سے گرم دل کے ھندستان کے نقشے میں الہٰآباد کی ایک خاص جگہ ہو گئی.

جو بزرگ ہمیں مدد اور صلاح مشورہ دیا کرتے تھے ان کے خلاف سرکار نے قدم اُٹھانا شروع کیئے. سب سے پہلا حملہ پنڈت شری کرشن جوشی پر ہوا. وہ سرکاری افسر تھے اور ڈپٹی کلکٹری کے عہدے پر تھے. اُنھیں برخاست کردیا گیا. بابو ششی بھوشن چٹرجی کا الہٰآباد سے غازی پور تبادلہ کر دیا گیا. پنڈت بال کرشن بھٹ کو کائستھ پاٹھ شالا کی منیجنگ کمیٹی پر زور ڈال کر نوکری سے برخاست کرا دیا گیا اور انت میں کائستھ پاٹھ شالا کی منیجنگ کمیٹی کے ذریعے بابو رامانند چٹرجی کو پرنسپل کے پد سے استعفیٰ دینے کو مجبور کر دیا گیا. پرنسپل کے پد سے ہٹ کر بابو رامانند نے الہٰآباد میں ہی انڈین پریس سے 'پرواسی' نامک بنگلا ماسک پتر اور 'Modern Review' نامک انگریزی ماسک پتر نکالنا شروع کیا. بعد میں رامانند بابو کلکتے چلے گئے اور اپنے دونوں پتر بھی کلکتے سے جاکر نکالنے لگے.

سرتیج بہادر سپرو کو، جو اُس سمے ڈاکٹر سپرو تھے، مجھسے بے حد دلی محبت تھی حالانکہ رائے اُن کی مالویہ جی سے ملتی تھی. یہی کیفیت ڈاکٹر سچدانند سنہا اور منشی ایشور شرن کی تھی.

الہٰآباد سے اُس زمانے میں 'نیم سرکاری' دینک پایونیر' اور نرم دل کا دینک 'انڈین پیپل' نکلتے تھے. 'انڈین پیپل' کا سمپادن کالی بابو کرتے تھے کنتو کالی بابو بھی نرم دل کے نیتاؤں کی نظروں میں اُتنے نرم نہ تھے جتنا کہ وے امید کرتے تھے. چنانچہ مالویہ جی، پنڈت موتی لال جی اور دوسرے نرم دلی نیتاؤں نے مل کر 'لیڈر' کا پرکاشن شروع کیا. 'انڈین پیپل' بھی 'لیڈر' میں ہی ملا لیا گیا. 'لیڈر' کے سمپادن میں مدد دینے اور گرم دل کے نوجوانوں سے مورچہ لینے کے لئے سورگیہ سی. وائی. چنتامنی کو الہٰآباد بلایا گیا. یہ تو یاد نہیں رہا کہ چنتامنی جی اُس سمے کہاں رہتے تھے لیکن اِتنا مجھے یاد ہے کہ وے ساؤتھ روڈ میں 'لیڈر' کے دفتر میں

पिता जी क्या खयाल करेंगे. मगर सब कुछ सोचने के बाद मैं आख़री निश्चय पर पहुँच गया.

वाइस चान्सलर ने पूछा—"क्या .फ़ैसला किया ?"

मैंने जवाब दिया—"आपकी सलाह न मानने का मुझे बड़ा अफ़सोस है. मेरी गुस्ताख़ी माफ़ हो, मैं बहुत मजबूर हूँ."

दूसरे दिन मैं वाइस चान्सलर के हुक्म से यूनिवर्सिटी से अलग कर दिया गया. इस तरह मेरे विद्यार्थी जीवन का अन्त हो गया.

मेरे युनिवर्सिटी और हिन्दू बोर्डिंग हाउस से निकाले जाने के बाद साथियों के दिल गुस्से से भर गये. नित्यानन्द चटर्जी मेरे साथ ही एल-एल० बी० में पढ़ते थे. युनिवर्सिटी से मेरे निकाले जाने के बाद उन्हें एक दिन भी युनिवर्सिटी में रहना गवारा न हुआ. उन्होंने वाइस चांसलर को मेरे साथ किये गये अन्याय के ख़िलाफ़ एक सख़्त ख़त लिखा और उस ख़त के साथ साथ एल-एल० बी० के दर्जे से अपना इस्तीफ़ा भी भेज दिया.

बोर्डिंग हाउस से निकलने के बाद मैंने दोस्तों के साथ मकान की तलाश शुरू की. आगे-आगे हम लोग पहुँचते थे और पीछे-पीछे तीन-चार पुलिस के दरोग़ा और आधे दर्जन सिपाही. मकान मालिक यदि अपना मकान क़िराये पर देने को राज़ी भी हो जाता था तो पुलिस वाले उसे बाद में इतना डराते-धमकाते थे कि वह अपनी बात से फिर जाता था. कई घन्टे सर्फ़ किये, कई ख़ाली माकानों को देखा मगर पुलिस के डर के मारे सभी मकान मालिक अपने वादे से फिर गये. आख़िर में वह रात मुझे नित्यानन्द के यहाँ बितानी पड़ी.

दूसरे दिन कुछ और दोस्त, जिनसे पुलिस वाले पूरी तरह वाक़िफ़ न थे, मकान की तलाश में निकले. आख़ीर में चौक गंगादास में 56 नम्बर का मकान किराये पर लेने का उन्होंने फ़ैसला किया, होशियार दोस्तों ने, जिनमें एक या दो वकील भी थे, मकान मालिक से यह इक़रार-नामा लिखवाया—"चाहे कैसी ही आफ़ते इनसानी, आफ़ते सुलतानी और आफ़ते नागहानी आये साल भर तक न किरायेदार मकान ख़ाली करेगा और न मकान मालिक ही किरायेदार को हटायेगा." जब इक़रारनामा लिख लिया गया और मकान मालिक के उसपर दस्तख़त हो गये तो एक दोस्त उसे मेरे दस्तख़त के लिये मेरे पास लाये. फ़ौरन ही हम लोग अपना सामान लिये दिये माकान में दाख़िल हो गये. हस्ब मामूल पुलिस भी हमारे पीछे पीछे पहुँची. मकान मालिक से उसने ज़ोर दिया कि वह मुझे मकान से अलग करे. उस का ख़याल था कि अगर मैं इलाहाबाद से

پتا جی کیا خیال کریں گے. مگر سب کچھ سوچنے کے بعد میں آخری نشچے پر پہنچ گیا.

وائس چانسلر نے پوچھا—"کیا فیصلہ کیا؟"

میں نے جواب دیا—"آپ کی صلاح نہ ماننے کا مجھے بڑا افسوس ہے. میری گستاخی معاف ہو، میں بہت مجبور ہوں."

دوسرے دن میں وائس چانسلر کے حکم سے یونیورسٹی سے الگ کر دیا گیا. اِس طرح میرے ودیارتھی جیون کا انت ہو گیا.

میرے یونیورسٹی اور ہندو بورڈنگ ہاؤس سے نکالے جانے کے بعد ساتھیوں کے دل غصے سے بھر گئے. نتیا نند چٹرجی میرے ساتھ ہی ایل. ایل. بی. میں پڑھتے تھے. یونیورسٹی سے میرے نکالے جانے کے بعد اُنھیں ایک دن بھی یونیورسٹی میں رہنا گوارا نہ ہوا. اُنھوں نے وائس چانسلر کو میرے ساتھ کئے گئے انیائے کے خلاف ایک سخت خط لکھا اور اُس خط کے ساتھ ساتھ ایل. ایل. بی. کے درجے سے اپنا استعفیٰ بھی بھیج دیا.

بورڈنگ ہاؤس سے نکلنے کے بعد میں نے دوستوں کے ساتھ مکان کی تلاش شروع کی. آگے آگے ہم لوگ پہنچتے تھے اور پیچھے پیچھے تین چار پولیس کے دروغہ اور آدھے درجن سپاہی. مکان مالک یدی اپنا مکان کرایہ پر دینے کو راضی بھی ہو جاتا تھا تو پولیس والے اُسے بعد میں اتنا ڈراتے دھمکاتے تھے کہ وہ اپنی بات سے پھر جاتا تھا. کئی گھنٹے صرف کیئے، کئی خالی مکانوں کو دیکھا مگر پولیس کے ڈر کے مارے سبھی مکان مالک اپنے وعدے سے پھر گئے. آخیر میں وہ رات مجھے نتیانند کے یہاں بتانی پڑی.

دوسرے دن کچھ اور دوست، جن سے پولیس والے پوری طرح واقف نہ تھے، مکان کی تلاش میں نکلے. آخر میں چوک گنگاداس میں 56 نمبر کا مکان کرائے پر لینے کا انھوں نے فیصلہ کیا. ہوشیار دوستوں نے، جن میں ایک یا دو وکیل بھی تھے، مکان مالک سے یہ اقرارنامہ لکھوایا—"چاہے کیسی ہی آفت انسانی، آفت سلطانی اور آفت ناگہانی آئے سال بھر تک نہ کرایہ دار مکان خالی کرے گا اور نہ مکان مالک ہی کرایہ دار کو ہٹائے گا." جب اقرار نامہ لکھ لیا گیا اور مکان مالک کے اِس پر دستخط ہوگئے تو ایک دوست اُسے میرے دستخط کے لئے میرے پاس لائے. فوراً ہی ہم لوگ اپنا سامان لئے دیئے مکان میں داخل ہوگئے. حسب معمول پولیس بھی ہمارے پیچھے پیچھے پہنچی. مکان مالک سے اُس نے زور دیا کہ وہ مجھے مکان سے الگ کرے. پولیس کا خیال تھا کہ اگر میں الہ آباد سے

विलियम डिग्बी जैसे लेखकों की किताबें उन्होंने ध्यान से पढ़ीं. इटली आदि के स्वतंत्रता संग्राम का इतिहास भी उन्होंने पढ़ा. ठीक उस समय एक छोटी सी घटना हुई जिसने मंज़र अली की ज़िन्दगी पर गहरा असर डाला. म्योर सेंट्रल कालेज के प्रिंसिपल जे० जी० जेनिंग्ज़ उन दिनों एम०ए० को अंगरेज़ी पढ़ाया करते थे. जेनिंग्ज़ ने मंज़र अली से भारत के आए दिन के दुष्कालों और उनके कारणों पर एक निबन्ध लिखने को कहा. जो किताबें कोर्स में पढ़ाई जाती थीं उनमें इन दुष्कालों या क़हतों की वजह बारिश की कमी बताया गया था. लेकिन नई किताबें पढ़े हुये मंज़र अली ने इसकी वजह अपने निबन्ध में अंगरेज़ों की शोषण नीति को बताया. प्रिंसिपल जेनिंग्ज़ को निबन्ध पढ़कर गुस्सा आ गया. उन्होंने मंज़र अली को डाँटा डपटा और समझा कर निबन्ध बदलने को कहा. मंज़र अली ने अपनी राय न बदली. इस पर वह एम० ए० क्लास से निकाल दिये गये. सन् 1908 में उन्होंने एल० एल० बी० पास कर लिया. इस सबका नतीजा यह हुआ कि मंज़र अली हमारे दल में जी-जान और जोश .खरोश के साथ शामिल हो गये.

विद्यार्थियों के अन्दर गरम दल के बढ़ते हुये प्रभाव को देखकर यू० पी० की सरकार चौकन्ना हो गई. यूनिवर्सिटी के वाइस चान्सलर के साथ मिलकर उन्होंने हम लोगों के ख़िलाफ़ .कदम उठाने का .फैसला किया. मैं ही पेश पेश था इसलिये मेरे ख़िलाफ़ पहले .कदम उठाने की बात सोची गई.

सबसे पहले मुझ पर हिन्दू बोर्डिंग हाउस से निकलने का नोटिस तामील कर दिया गया. मार्च 1907 का महीना था. इम्तहान क़रीब थे. [illegible] बोर्डिंग हाउस [illegible] हिन्दू [illegible] थे [illegible] मुझे [illegible] अलग करते हुये [illegible] हुआ था [illegible] साथ यह [illegible] थे कि मैं [illegible] जारी रखूँ, यूनिवर्सिटी अधिकारियों के पास से यह परवाना आया कि मुझे एल० एल० बी० क्लास से रस्टीकेट किया जाता है. वाइस चांसलर की ओर से यह भी कहा गया कि यदि मैं वादा कर लूँ कि इम्तहान .खत्म होने तक राजनीति में कोई भाग न लूँगा तो मेरे निकाले जाने का हुक्म रद्द किया जा सकता है. यह भी कहा गया कि ऐसी सूरत में हिन्दू बोर्डिंग से भी मुझे अलग करने का हुक्म भी वापस ले लिया जायगा. मैंने थोड़ी देर तक सोचा. बन्दिनी भारत माता की तस्वीर मेरे सामने आई. अपनी ज़िन्दगी की मोड़ पर मैं खड़ा था. मेरे उस वक़्त के .फैसले पर मेरी आगे की ज़िन्दगी का दार मदार था. मैंने यह भी सोचा कि मेरे बूढ़े

ولیم ڈگبی جیسے لیکھکوں کی کتابیں اُنہوں نے دھیان سے پڑھیں۔ اِٹلی آدی کے سوتنترتا سنگرام کا اتہاس بھی اُنہوں نے پڑھا۔ ٹھیک اُس سمے ایک چھوٹی سی گھٹنا ہوئی جس نے منظر علی کی زندگی پر گہرا اثر ڈالا۔ میور سنٹرل کالج کے پرنسپل جے۔ جی۔ جیننگز اُن دنوں ایم۔ اے کو انگریزی پڑھایا کرتے تھے۔ جیننگز نے منظر علی سے بھارت کے آئے دن کے دشکالوں اور ان کے کارنوں پر ایک نبندھ لکھنے کو کہا۔ جو کتابیں کورس میں پڑھائی جاتی تھیں اُن میں اِن دشکالوں یا قحطوں کی وجہ بارش کی کمی بتایا گیا تھا۔ لیکن نئی کتابیں پڑھے ہوئے منظر علی نے اُس کی وجہ اپنے نبندھ میں انگریزوں کی شوشن نیتی کو بتایا۔ پرنسپل جیننگز کو نبندھ پڑھ کر غصہ آگیا۔ اُنہوں نے منظر علی کو ڈانٹا ڈپٹا اور سمجھا کر نبندھ بدلنے کو کہا۔ منظر علی نے اپنی رائے نہ بدلی۔ اِس پر وہ ایم۔ اے کلاس سے نکال دیئے گئے۔ سن 1908 میں اُنہوں نے ایل۔ ایل۔ بی پاس کرلیا۔ اِس سب کا نتیجہ یہ ہوا کہ منظر علی ہمارے دل میں جی۔ جان اور جوش خروش کے ساتھ شامل ہوگئے۔

ودیارتھیوں کے اندر گرم دل کے بڑھتے ہوئے پربھاؤ کو دیکھ کر یو۔ پی۔ کی سرکار چوکنی ہو گئی۔ یونیورسٹی کے وائس چانسلر کے ساتھ مل کر اُنہوں نے ہم لوگوں کے خلاف قدم اٹھانے کا فیصلہ کیا۔ میں ہی پیش پیش تھا اِس لئے میرے ہی خلاف پہلے قدم اٹھانے کی بات سوچی گئی۔

سب سے پہلے مجھ پر ہندو بورڈنگ ہاؤس سے نکلنے کا نوٹس تعمیل کر دیا گیا۔ مارچ 1907 کا مہینہ تھا۔ امتحان [illegible] قریب تھا [illegible] ہندو [illegible] کو تھا۔ میرا سامان بورڈنگ ہاؤس کے کمرے سے باہر کر دیا گیا۔ مالویہ جی ہندو بورڈنگ ہاؤس کے [illegible] تھے اور مجھے ہوسٹل سے الگ کرتے ہوئے انہیں [illegible] جبکہ ساتھ یہ [illegible] میں [illegible] پڑھائی جاری رکھوں، یونیورسٹی ادھیکاریوں کے پاس سے یہ پروانہ آیا کہ مجھے ایل۔ ایل۔ بی۔ کلاس سے رسٹی کیٹ کیا جاتا ہے۔ وائس چانسلر کی اور سے یہ بھی کہا گیا کہ یدی میں وعدہ کر لوں کہ امتحان ختم ہونے تک راج نیتی میں کوئی بھاگ نہیں لونگا تو میرے نکالے جانے کا حکم رد کیا جا سکتا ہے۔ یہ بھی کہا گیا کہ ایسی صورت میں ہندو بورڈنگ ہاؤس سے بھی مجھے الگ کرنے کا حکم بھی واپس لے لیا جائیگا۔ میں نے تھوڑی دیر تک سوچا۔ وندنی بھارت ماتا کی تصویر میرے سامنے آئی۔ اپنی زندگی کی موڑ پر میں کھڑا تھا۔ میرے اِس وقت کے فیصلے پر میری آگے کی زندگی کا دارو مدار تھا۔ میں نے یہ بھی سوچا کہ میرے بوڑھے

और लक्ष्मण एल-एल. बी. के विद्यार्थी थे. लाला जगन्नाथ खन्ना ने बाद में लन्दन जाकर इंजीनियरिंग पढ़ी और बी. बी. सी. आइ. रेलवे के डिवीजनल इंजीनियर होगये. स्वर्गीय रामप्रसाद सिंह हिन्दी की कवियित्री सुभद्रा कुमारी चौहान के बड़े भाई थे. पुलिस में दारोगा थे. स्तीफ़ा देकर क्रान्तिकारी पार्टी में शामिल हो गये. लक्ष्मण प्रसाद के पिता रायबहादुर लाला प्रागदास सेशन्स जज थे और लक्ष्मण प्रसाद भी बाद में सेशन्स जजी से ही रिटायर हुये. जब तक जिये खादी ही पहनते रहे और इसके लिये कई साल उनकी तरक़्क़ी रुकी रही.

भाई मंजरअली सोख़्ता के साथ मेरा प्रेम इतना बढ़ा कि हम दोनों 'एक जान दो क़ालिब' की तरह बन गये. मंजर-अली का जन्म सन् 1884 में बदायूँ में हुआ था. उनके पिता शेख़ मुबारक अली नवाब बदायूँ के चचेरे भाइयों में से थे. एक पुराने सूफ़ी सिलसिले से उनके घराने का सम्बन्ध था. उसी से ख़ानदान की अल्ल 'सोख़्ता' यानी 'दग्ध' या 'जला हुआ' पड़ गई. 1857 में इनके ख़ानदान ने इन्क़लाब में हिस्सा लिया, और नतीजे में ख़ानदान के बहुत से लोग लड़ाई के मैदान में मारे गये. बहुतों को फाँसी लगी और ख़ानदान की तमाम जायदाद ज़ब्त हो गई. शेख़ मुबारिक अली फ़ारसी के विद्वान थे. नौकरी की तलाश में इलाहाबाद आकर पंडित मोतीलाल नेहरू के यहाँ मुन्शी हो गये. मोतीलाल जी ने हमेशा उनके साथ दोस्त और भाई का सा बर्ताव किया. मंजर अली का ख़ानदान आनन्द भवन में ही रहता था. मंजर अली वहीं रहकर बड़े हुये. नेहरू ख़ानदान के साथ उनका आख़ीर तक प्रेम सम्बन्ध क़ायम रहा. सब उन्हें आम तौर पर मन्ना भाई कह कर पुकारते थे.

बंग भंग के जमाने में मंजर अली मेरे साथ ही म्योर सेंट्रल कालेज में एम० ए० और एल-एल० बी० साथ साथ पढ़ रहे थे. एल-एल० बी० के और विद्यार्थियों में भाई पुरुषोत्तमदास टण्डन, स्वर्गीय रमाकान्त मालवीय, मध्य प्रदेश के मुख्य मंत्री स्वर्गीय रविशंकर शुक्ल, डाक्टर कैलाशनाथ काटजू, और श्री दुर्गाशङ्कर मेहता भी थे. नीचे के दरजों में पंडित गोविन्द वल्लभ पन्त, स्वर्गीय आचार्य नरेन्द्र देव, स्वर्गीय गणेश शङ्कर विद्यार्थी, वेंकटेश नारायन तिवारी और स्व० कृष्णाकान्त मालवीय भी थे. हालाँकि ये लोग पार्टी के मेम्बर नहीं थे लेकिन राजनीति से इन्हें पूरी हमदर्दी थी. बाद में उसी हमदर्दी ने इन्हें आजादी की लड़ाई में आगे की लाइन में लाकर खड़ा कर दिया और बड़ी बड़ी क़ुरबानियाँ इन लोगों ने कीं.

बंगभंग के आन्दोलन का मंजर अली पर गहरा असर पड़ा. देश की आर्थिक और राजनैतिक कैफ़ियत को उन्होंने समझना शुरू किया. दादाभाई नौरोजी, रमेश चन्द्र दत्त

اور لچھمن ایل . ایل . بی کے ودیارتھی تھے . لالہ جگناتھ کھنا نے بعد میں لندن جاکر انجینیرنگ پڑھی اور بی . بی . سی . آئی . ریلوے کے ڈویژنل انجینیر ہوگئے . سورگیہ رام پرساد سنگھ ہندی کی کویتری سوبھدرا کماری چوہان کے بڑے بھائی تھے . پولیس میں داروغہ تھے . استعفیٰ دے کر کرانت کاری پارٹی میں شامل ہوگئے . لچھمن پرساد کے پتا رائے بہادر لالہ پراگ داس سیشن جج تھے اور لچھمن پرساد بھی بعد میں سیشن ججی سے ہی ریٹائر ہوئے. جب تک جیئے کھادی ہی پہنتے رہے اور اِس کے لئے کئی سال اُن کی ترقی رکی رہی .

بھائی منظر علی سوختہ کے ساتھ میرا پریم اتنا بڑھا کہ ہم دونوں 'ایک جان دو قالب' کی طرح بن گئے . منظر علی کا جنم سن 1884 میں بدایوں میں ہوا تھا . اُن کے پتا شیخ مبارک علی نواب بدایوں کے چچیرے بھائیوں میں سے تھے . ایک پرانے صوفی سلسلے سے اُن کے گھرانے کا سمبندھ تھا . اُسی سے خاندان کی ال' سوختہ' یعنی 'دگدھ' یا' جلا ہوا' پڑگئی . 1857 میں اِن کے خاندان نے انقلاب میں حصہ لیا' اور نتیجے میں خاندان کے بہت سے لوگ لڑائی کے میدان میں مارے گئے . بہتوں کو پھانسی لگی اور خاندان کی تمام جائداد ضبط ہو گئی . شیخ مبارک علی فارسی کے ودوان تھے . نوکری کی تلاش میں الہ آباد آکر پنڈت موتی لال نہرو کے یہاں منشی ہوگئے. موتی لال جی نے ہمیشہ اُن کے ساتھ دوست اور بھائی کا سا برتاؤ کیا . منظر علی کا خاندان آنند بھون میں ہی رہتا تھا . منظر علی وہیں رہ کر بڑے ہوئے . نہرو خاندان کے ساتھ اُن کا آخیر تک پریم سمبندھ قایم رہا. سب اُنہیں عام طور پر منا بھائی کہہ کر پکار تے تھے .

بنگ بھنگ کے زمانے میں منظر علی میرے ساتھ ہی میورسنٹرل کالج میں ایم . اے اور ایل . ایل . بی . ساتھ ساتھ پڑھ رہے تھے . ایل . ایل . بی . کے اور ودیارتھیوں میں بھائی پرشوتم داس ٹنڈن' سورگیہ رما کانت مالویہ' مدھیہ پردیش کے مکھیہ منتری سورگیہ روی شنکر شکل' ڈاکٹر کیلاس ناتھ کاٹجو' اور شری درگا شنکر مہتا' بھی تھے . نیچے کے درجوں میں پنڈت گووند ولبھ پنت' سورگیہ اچاریہ نریندردیو' سورگیہ گنیش شنکر ودیارتھی' وینکٹیش نراین تیواری اور سورگیہ کرشنا کانت مالویہ بھی تھے . حالانکہ یہ لوگ پارٹی کے ممبر نہیں تھے لیکن راج نیتی سے اُنہیں پوری ہمدردی تھی بعد میں اُسی ہمدردی نے اُنھیں آزادی کی لڑائی میں آگے کی لائن میں لاکر کھڑا کردیا اور بڑی بڑی قربانیاں اِن لوگوں نے کیں .

بنگ بھنگ کے آندولن کا منظر علی پر گہرا اثر پڑا . دیش کی آرتھک اور راج نیتک کیفیت کو انھوں نے سمجھنا شروع کیا . دادا بھائی نوروجی' رمیش چندر دت'

और श्रद्धा पैदा हो गई और उन्हें भी मुझसे दिली प्रेम हो गया. हालाँकि मेरे विचार उनसे नहीं मिलते थे लेकिन जब जब मैं पूना जाता था ठहरता लोकमान्य के यहाँ था मगर पूज्य गोखले से मिलने जरूर जाता था. श्री गोखले के साथ मेरा यह प्रेम सम्बन्ध उनकी मौत के समय तक बराबर बढ़ता ही गया और आज भी मैं उन्हें प्रेम और आदर से याद करता हूँ.

गोखले जी की इलाहाबाद यात्रा से यहाँ की राजनैतिक हालत पर कोई खास असर नहीं पड़ा. नरमदली नेताओं ने फिर आपस में सलाह करके 1907 में ही यू. पी. पोलिटिकल कान्फ्रेंस का इजलास यहाँ करने का फ़ैसला किया. मेयो हाल में पंडित मोतीलाल नेहरू की सदारत में सम्मेलन हुआ. पार्टी की हिदायत पर मैं भी इस कान्फ्रेंस में दर्शक की हैसियत से शामिल हुआ. मुझे मोतीलाल जी के वे फ़िक़रे याद रह गये हैं जो इन्होंने सदर की हैसियत से कहे थे. उनके लफ़्ज़ हैं :—

"For Indians to talk of Swaraja and of-turning out the British is like a pygmy with-a broom in his hand trying to fight the giant."

यानी—"हिन्दुस्तानियों के लिये स्वराज्य की और अंग्रेज़ों को निकालने की बात करना वैसा ही है जैसे कोई नाचीज़ आदमी बड़े भारी जिन्न से झाड़ू लेकर लड़ने की कोशिश करे."

मोतीलाल जी के इस फ़िक़रे को सुनकर दर्शकों ने इतना हो हल्ला मचाया कि मालूम हुआ कान्फ्रेंस टूट जायगी, मगर बड़ी कोशिशों के बाद लोग ख़ामोश हुए.

मोतीलाल जी उस ज़माने में नरमदल वालों के सरताज समझे जाते थे. एक बार वे प्रसिद्ध इतिहासकार मेजर बामनदास बसु से एक दावत में इलाहाबाद में मिले. मेजर बसु धोती पहनकर उस सरकारी अफ़सरों की दावत में गये थे. मोतीलाल जी ने इनकी धोती की ओर इशारा करके उन्हें टोका :—

"Major Basu! you appear to have got Swaraja."

यानी—"मेजर बसु, मालूम होता है कि आपको तो स्वराज्य मिल गया."

ग़रज़ यह कि यू. पी. पोलिटिकल कान्फ्रेंस का इजलास भी बढ़ती हुई आज़ादी की चाह को कम न कर सका. हमारे काम का दायरा बढ़ा और नये नये साथी पार्टी में भरती होने लगे. इन नये साथियों में स्वर्गीय मंज़रअली सोख़्ता, स्वर्गीय बाबू लक्ष्मण प्रसाद, स्वर्गीय लाला जगन्नाथ खन्ना और स्वर्गीय ठाकुर रामप्रसाद सिंह मुख्य थे. इनमें मंज़र

اور شردھا پیدا ہو گئی اور اُنھیں بھی مجھسے دلی پریم ہو گیا. حالانکہ میرے وچار اُن سے نہیں ملتے تھے لیکن جب جب میں پونا جاتا تھا ٹھہرتا لوکمانیہ کے یہاں تھا مگر پوجیہ گوکھلے سے ملنے ضرور جاتا تھا ۔ شری گوکھلے کے ساتھ میرا یہ پریم سمبندھ اُن کی موت کے سمے تک برابر بڑھتا ہی گیا اور آج بھی میں اُنھیں پریم اور آدر سے یاد کرتا ہوں ۔

گوکھلے جی کی الہ آباد یاترا سے یہاں کی راجنیتک حالت پر کوئی خاص اثر نہیں پڑا ۔ نرم دلی نیتاؤں نے پھر آپس میں صلاح کر کے 1907 میں ہی یو. پی. پولیٹکل کانفرنس کا اجلاس یہاں کرنے کا فیصلہ کیا ۔ میو ہال میں پنڈت موتی لال نہرو کی صدارت میں سمیلن ہوا ۔ پارٹی کی ہدایت پر میں بھی اِس کانفرنس میں درشک کی حیثیت سے شامل ہوا ۔ مجھے موتی لال جی کے وے فقرے یاد رہ گئے ہیں جو اُنھوں نے صدر کی حیثیت سے کہے تھے ۔ اُن کے لفظ ہیں :—

"For Indians to talk of Swaraja and of turning out the British is like a pygmy with a broom in his hand trying to fight the giant."

یعنی—"ہندستانیوں کے لئے سوراجیہ کی اور انگریزوں کے نکالنے کی بات کرنا ویسا ہی ہے جیسے کوئی ناچیز آدمی بڑے بھاری جن سے جھاڑو لے کر لڑنے کی کوشش کرے ۔"

موتی لال جی کے اِس فقرے کو سن کر درشکوں نے اتنا ہو ہلہ مچایا کہ معلوم ہوا کانفرنس ٹوٹ جائیگی' مگر بڑی کوششوں کے بعد لوگ خاموش ہوئے ۔

موتی لال جی اُس زمانے میں نرم دل والوں کے سرتاج سمجھے جاتے تھے ۔ ایک بار وے پرسدھ اِتہاسکار میجر بامن داس بسو سے ایک دعوت میں الہ آباد میں ملے ۔ میجر بسو دھوتی پہن کر اُس سرکاری افسروں کی دعوت میں گئے تھے ۔ موتی لال جی نے اُن کی دھوتی کی اور اشارہ کر کے اُنھیں ٹوکا :—

"Major Basu! You appear to have got Swaraja."

یعنی—"میجر بسو' معلوم ہوتا ہے آپ کو تو سوراجیہ مل گیا ۔"

غرض یہ کہ یو ۔ پی ۔ پولیٹکل کانفرنس کا اجلاس بھی بڑھتی ہوئی آزادی کی چاہ کو کم نہ کرسکا ۔ ہمارے کام کا دایرہ بڑھا اور نئے نئے ساتھی پارٹی میں بھرتی ہونے لگے۔ اِن نئے ساتھیوں میں سورگیہ منظر علی سوختہ' سورگیہ بابو لچھمن پرساد' سورگیہ لالہ جگناتھ کھنا اور سورگیہ ٹھاکر رام پرساد سنگھ مکھیہ تھے ۔ اِن میں منظر

[पिछले अंक से आगे]

सन् 1905 का स्वदेशी आन्दोलन और मेरा राजनैतिक जीवन

पंडित सुन्दरलाल

मुल्क के सियासी नक़्शे में इलाहाबाद की एक ख़ास जगह बन गई. ख़ुदीराम बोस, मुज़फ़्फ़रपुर बम दुर्घटना से दो महीने पहले इलाहाबाद आये. उनके बाद रासबिहारी बोस, अरविन्द बाबू के भाई बारीन्द्र कुमार घोष, सूफ़ी अम्बा प्रसाद, भगतसिंह के चचा सरदार अजीतसिंह और लाला हर दयाल आदि नेता बारी-बारी से इलाहाबाद आए. गुप्त सभाओं में उन्होंने हम लोगों से बातें कीं, कार्य-क्रम बनाया और चले गये. हम लोगों की यह गुप्त सभायें चौक गंगादास के 56 नम्बर के मकान में हुआ करती थीं. यह मकान मैंने किराये पर ले लिया था. उस ज़माने के चौक गंगादास के लड़कों में बड़ी देश भक्ति और निडरता थी. हमारी मीटिंगों के वक़्त वह ऐसा चौकस पहरा बैठा देते कि ख़ुफ़िया पुलिस की वहाँ पर-छाईं तक न फटक पाती.

इलाहाबाद की यह कैफ़ियत देखकर नरम दली नेताओं की परेशानी बहुत बढ़ गई. मालवीय जी ने स्वर्गीय गोखले को निमंत्रण देकर इलाहाबाद बुलाया. लाल-पाल-बाल (लाला लाजपत राय, बिपिनचन्द्र पाल और लोकमान्य बाल गंगाधर तिलक की त्रिमूर्ति को लोग इसी नाम से पुकारते थे) के व्याख्यानों के असर को वे काटना चाहते थे. किन्तु खुले मैदान में श्री गोखले का व्याख्यान कराने की हिम्मत नहीं पड़ी. पुराने कायस्थ पाठशाला के हाल में श्री गोखले की मीटिंग हुई. क़रीब दो सौ आदमी व्याख्यान सुनने के लिये मौजूद थे. मैं भी कौतूहल वश उस मीटिंग में चला गया. मेरी तरफ़ इशारा करके लोगों ने शिकायत की कि इसी लड़के ने इलाहाबाद में आग सुलगा रक्खी है. गोखले ने मुझे अपने पास बुलाया और मुझसे वादा लिया कि मैं दूसरे दिन उनसे ज़रूर मिलूँ. दूसरे दिन डाक्टर सच्चिदानन्द सिनहा के यहाँ गोखले जी की दावत थी. वहाँ मैं पहुँच गया. इत्तला होने पर श्री गोखले ने मुझे वहीं बुलाया. मुझे देखते ही सब ने एक साथ मेरी शिकायतें शुरू कर दीं. मगर गोखले जी बहुत प्रेम से मुझसे मिले. मुझसे उन्होंने कहा—"मैं तो तुम्हारे जैसे नौजवानों की तलाश में हूँ. मुझे तो तुम्हारे जैसे ही युवक चाहियें." श्री गोखले से मेरी जो बातें उस अवसर पर हुईं उससे मेरे दिल में उनके लिये बेहद इज़्ज़त

[پچھلے انک سے آگے]

سن 1905 کا دیشی آندولن اور میرا راجنیتک جیون

پنڈت سندر لال

ملک کے سیاسی نقشہ میں الہ‌آباد کی ایک خاص جگہہ بن گئی ۔ خودی رام بوس، مظفرپور بم درگھٹنا سے دو مہینے پہلے الہ‌آباد آئے اُن کے بعد راس بہاری بوس، اروند بابو کے بھائی باریندر کمار گھوش، صوفی امبا پرساد، بھگت سنگھ کے چچا سردار اجیت سنگھ اور لالہ ہر دیال آدی نیتا باری باری سے الہ‌آباد آئے۔ گپت سبھاؤں میں اُنہوں نے ہم لوگوں سے باتیں کیں، کاریہ کرم بنایا اور چلے گئے ۔ ہم لوگوں کی یہ گپت سبھائیں چوک گنگا داس کے 56 نمبر کے مکان میں ہوا کرتی تھیں ۔ یہ مکان میں نے کرایہ پر لے لیا تھا ۔ اُس زمانے کے چوک گنگاداس کے لڑکوں میں بڑی دیش بھکتی اور نڈرتا تھی ۔ ہماری میٹنگوں کے وقت وہ ایسا چوکس پہرہ بٹھا دیتے کہ خفیہ پولس کی وہاں پرچھائیں تک نہ پھٹک پاتی ۔

الہ‌آباد کی یہ کیفیت دیکھ کر نرم دلی نیتاؤں کی پریشانی بہت بڑھ گئی ۔ مالویہ جی نے سورگیہ گوکھلے کو نمنترن دے کر الہ‌آباد بلایا ۔ لال-پال-بال (لالہ راجپت رائے، وپن چندر پال اور لوکمانیہ بال گنگا دھر تلک کی تری مورتی کو لوگ اِسی نام سے پکارتے تھے) کے ویاکھیانوں کے اثر کو وہ کاٹنا چاہتے تھے۔ کنتو کھلے میدان میں شری گوکھلے کا ویاکھیان کرانے کی ہمت نہیں پڑی۔ پرانے کائستھ پاٹھ شالا کے حال میں شری گوکھلے کی میٹنگ ہوئی ۔ قریب دو سو آدمی ویاکھیان سننے کے لئے موجود تھے ۔ میں بھی کتوہلوش اُس میٹنگ میں چلا گیا ۔ میری طرف اشارہ کر کے لوگوں نے شکایت کی، کہ اِسی لڑکے نے الہ‌آباد میں آگ سلگا رکھی ہے ۔ گوکھلے نے مجھے اپنے پاس بلایا اور مجھسے وعدہ لیا کہ میں دوسرے دن اُن سے ضرور ملوں ۔ دوسرے دن ڈاکٹر سچدانند سنہا کے یہاں گوکھلے جی کی دعوت تھی ۔ وہیں میں پہنچ گیا ۔ اِطلاع ہونے پر شری گوکھلے نے مجھے وہیں بلوایا ۔ مجھے دیکھتے ہی سب نے ایک ساتھ میری شکایتیں شروع کر دیں ۔ مگر گوکھلے جی بہت پریم سے مجھسے ملے ۔ مجھسے اُنہوں نے کہا—"میں تو تمہارے جیسے نوجوانوں کی تلاش میں ہوں ۔ مجھے تو تمہارے جیسے ہی یووک چاہئیں ." شری گوکھلے سے میری جو باتیں اُس اوسر پر ہوئیں اُس سے میرے دل میں اُن کے لئے بےحد عزت

सियासी पद्धति के ऐसे ज़रूरी और लाज़मी जुज़ बन गये थे कि जब 1857 की पहली आज़ादी की जंग छिड़ी तो उसमें आज़ाद फ़ौजों ने मुग़ल बादशाह बहादुर शाह को ही अपना क़ौमी नेता बनाया, हालाँकि मुग़ल बादशाह के पास न तो ख़ज़ाना ही था और न फ़ौज ही.

भाषा (ज़बान), साहित्य (अदब), विज्ञान (साइंस), दर्शन (फ़लसफ़ा), कला (आर्ट, और धर्म सम्बन्धी बातों के आधार पर हमें यह मानना पड़ेगा कि मुसलमानों और हिन्दुओं ने सदियों एक साथ रह कर एक भावना (जज़्बा), एक से रहन सहन और एक सी मिली जुली तहज़ीब और कलचर को तरक़्क़ी दी. एक से माली (आर्थिक ढाँचे की बुनियाद पर उन्हों ने मिली-जुली शानदार हिन्दोस्तानी कलचर का महल खड़ा किया. चाहे मुग़ल बादशाह के मातहत लोगों को देखा जाय या किसी सूबे के नीम आज़ाद सूबेदार के मातहत रहने वालों को, ये लोग रीति-नीति में, सदाचार में, मज़हबी उसूलों में, सियासत और हुकूमत की बातों में, कला और आर्ट में तथा ज़िन्दगी के नुक़्ते नज़र में मराठों, राजपूतों, सिक्खों और जाटों या दूसरे हिन्दोस्तानियों से जुदा न थे.

पुराने ज़माने का अगर हम ग़ौर जानिबदारी से अध्ययन करें तो हम इसी नतीजे पर पहुँचते हैं कि मध्य युग में हिन्दू मुसलमानों के आपसी सम्बन्धों के इतिहास में ऐसी कोई बात हमें नहीं मिलती जिससे बटवारे से पहले के हिन्दोस्तान के फ़िरक़ेवाराना दंगों और झगड़े-फ़िसाद की जड़ें हम उनमें खोज सकें. इसके बरख़िलाफ़ उस ज़माने की तारीख़ (इतिहास) से यह ज़ाहिर होता है कि मध्य युग के मुसलमान शासक बिना भेदभाव के हुकूमत करते थे. वह हिन्दू और मुसलमानों दोनों के साथ एक सा बरताव करते थे. हुकूमत के मामलों में, आर्ट और कलचर के मामलों में, अदब और शायरी के मामलों में वह कोई भेद भाव नहीं करते थे. वह हिन्दुओं को, हिन्दू मज़हब को, हिन्दू रहन-सहन और आचार-विचारों को, हिन्दू दर्शन और अध्यात्म को बारीकी से देखते और समझते थे और उस पर अमल करने की कोशिश करते थे. मुसलमान बादशाहों, सुलतानों और सूबेदारों के इस रवैये को देखकर हिन्दोस्तान का आम मुसलमान भी हिन्दुस्तानियत का दावेदार बन गया. वह हिन्दुस्तान का दम भरने लगा. मुस्लिम जनता ने हिन्दू रीति-रिवाजों को अपना लिया. दूसरी तरफ़ हिन्दुओं की प्राचीन और सच्ची बर्दाश्त या सहन शीलता और विभिन्नता में भी एकता खोज निकालने की ज़बरदस्त ख़्वाहिश ने मोहब्बत से बढ़ाये हुए मुसलमानों के हाथ को उसी मोहब्बत के साथ क़ुबूल किया. इसका असर यह हुआ कि मुसलमानों ने अपना कलचर से ऐसी

[बाक़ी सफ़ा 271 पर]

سیاسی پدھتی کے ایسے ضروری اور لازمی جز بن گئے تھے کہ جب 1857 کی پہلی آزادی کی جنگ چھڑی تو اُس میں آزاد فوجوں نے مغل بادشاہ بہادر شاہ کو ہی اپنا قومی نیتا بنایا، حالانکہ مغل بادشاہ کے پاس نہ تو خزانہ ہی تھا اور نہ فوج ہی ۔

بھاشا (زبان)، ساھتیہ (ادب) ، وگیان (سائنس) ، درشن (فلسفہ) ، کلا (آرٹ) ، اور دھرم سمبندھی باتوں کے آدھار پر ہمیں یہ ماننا پڑیگا کہ مسلمانوں اور ہندؤں نے صدیوں ایک ساتھ رہ کر ایک بھاؤنا (جذبہ) ، ایک سے رہن سہن اور ایک سی ملی جلی تہذیب اور کلچر کو ترقی دی ۔ ایک سے مالی (ارتھک) ڈھانچے کی بنیاد پر اُنہوں نے ملی جلی شاندار ہندستانی کلچر کا محل کھڑا کیا. چاہے مغل بادشاہ کے ماتحت لوگوں کو دیکھا جائے یا کسی صوبے کے نیم آزاد صوبیدار کے ماتحت رہنے والوں کو، یہ لوگ ریتی ۔ نیتی، میں سدا چار میں، مذہبی اُصولوں میں، سیاست اور حکومت کی باتوں میں، کلا اور آرٹ میں تتھا زندگی کے نقطہ نظر میں مراٹھوں، راجپوتوں، سکھوں اور جاٹوں یا دوسرے ہندستانیوں سے جدا نہ تھے ۔

پرانے زمانے کا اگر ہم غیر جانب داری سے ادھین کریں تو ہم اسی نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ مدھیہ یگ میں ہندو مسلمانوں کے آپسی سمبندھوں کے اتہاس میں ایسی کوئی بات ہمیں نہیں ملتی جس سے بٹوارے سے پہلے کے ہندوستان کے فرقہ وارانہ دنگے اور جھگڑے فساد کی جڑیں ہم اُن میں کھوج سکیں ! اِس کے برخلاف اُس زمانے کی تاریخ (اِتہاس) سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مدھیہ یگ کے مسلمان شاسک بنا بھید بھاؤ کے حکومت کرتے تھے ۔ وہ ہندو اور مسلمانوں دونوں کے ساتھ ایک سا برتاؤ کرتے تھے ۔ حکومت کے معاملوں میں، آرٹ اور کلچر کے معاملوں میں، ادب اور شاعری کے معاملوں میں وہ کوئی بھید بھاؤ نہیں کرتے تھے ۔ وہ ہندوں کو، ہندو مذہب کو، ہندو رہن سہن اور اچار ۔ وچاروں کو، ہندو درشن اور ادھیاتم کو باریکی سے دیکھتے اور سمجھتے تھے اور اُسی پر عمل کرنے کی کوشش کرتے تھے ۔ مسلمان بادشاہوں، سلطانوں اور صوبیداروں کے اِس رویے کو دیکھ کر ہندوستان کا عام مسلمان بھی ہندستانیت کا دعویدار بن گیا ۔ وہ ہندستان کا دم بھرنے لگا. مسلم جنتا نے ہندو ریت رواجوں کو اپنا لیا ۔ دوسری طرف ہندؤں کی پراچین اور سچی برداشت یا سہن شیلتا اور وبھنتا میں بھی ایکتا کھوج نکالنے کی زبردست خواہش نے محبت سے بڑھائے ہوئے مسلمانوں کے ہاتھ کو اُسی محبت کے ساتھ قبول کیا ۔ اِس کا اثر یہ ہوا کہ مسلمانوں نے اپنی کلچر سے ایسی

[باقی صفحہ 271 پر]

में हमें सिर्फ़ कुछ शासकों की हुकूमत में थोड़ी बहुत कट्टरता या ज़्यादती की मिसालें मिलती हैं. और इन शासकों के बारे में भी यह साबित किया जा सकता है कि उनकी ज़्यादतियों की वजह कुछ और ही थी और उनका वार भी थोड़े से लोगों को ही सहना पड़ा.

कई घटनाओं से यह साबित होता है कि धार्मिक मत-भेद का ज़्यादा असर न था. मिसाल के तौर पर अगर ओहदों की ही बात ले ली जाय तो यह साफ़ है कि मुसलमान बादशाहों के यहाँ हिन्दू ऊँचे से ऊँचे ओहदों पर मुक़र्रर किये जाते थे. बग़ैर हिन्दुओं की सलाह के मुसलमान हाकिम एक क़दम भी न चलते थे. औरंगज़ेब ऐसे बादशाह के बड़े से बड़े जनरल भी राजपूत राजा थे. महमूद ग़ज़नवी ने ख़ुरासान जीतने के लिये अपने जिस जनरल को भेजा वह तिलक नाम का एक ब्राह्मण था. हम देखते हैं कि उस समय की आपसी लड़ाई में हिन्दुओं और मुसलमानों की अलग अलग मज़हबी हैसियत से कभी लड़ाई नहीं हुई. मुसलमान सुलतानों के हिन्दू सेनापति और हिन्दू राजाओं के मुसलमान सेनापति अपने ही मज़हब वालों से लड़ते हुए नज़र आते हैं. इतिहास में ऐसे हिन्दू और मुसलमानों के सैकड़ों क़िस्से भरे पड़े हैं जहाँ दोनों ने अपने मालिकों की तरफ़ वफ़ादार रहकर अपने ही मज़हब वालों के साथ भंयकर लड़ाई लड़ी. ऐसी भी मिसालें हैं कि जहाँ हिन्दुओं के साथ हिन्दुओं ने दग़ाबाज़ी की है और मुसलमानों ने मुसलमानों के साथ. असली बात तो यह है कि उस समय ज़ाती अहसानों का ही सबसे ज़्यादा असर पड़ता था, न कि क़ौम, मज़हब या मुल्क का. उस ज़माने की वफ़ादारी की भावना (जज़बा) सिर्फ़ दो शब्दों में ज़ाहिर होती है—'नमक हलाल' और 'नमक हराम'.

यह भी याद रखना चाहिये कि हिन्दोस्तान के मुसलमान हाकिमों ने, चाहे वह जहाँ से आये हों, दर असल हिन्दोस्तान को ही अपना घर बना लिया था. बाबर फ़रग़ाना से आया और वह कभी कभी समरक़न्द लौटने के मीठे सपने भी देखता था. लेकिन बाबर और उसकी औलाद इसी मुल्क में रही. क़िस्मत उन्हें यहाँ खींच लाई और हिन्दोस्तान के बाहर से सारे नाते-रिश्ते उन्होंने तोड़ लिये. उनके अपने वतन में उनके ख़ानदान के अनगिनत दुश्मन थे जो मौक़ा पाते ही उनका सब कुछ छीन लेने पर उतारू थे. ऐसी हालत में उन्हों ने हिन्दोस्तान की जनता की ज़िन्दगी में अपने आपको मिला-खपा दिया. हिन्दुस्तान की जनता की ज़िन्दगी के साथ उन्होंने हमदर्दी दिखाई और उनके सुख दुख में सच्चे साथी बने. यह कोई छोटी बात नहीं है. मुग़ल बादशाह हिन्दोस्तान की समाजी और

میں ہمیں صرف کچھ شاسکوں کی حکومت میں تھوڑی بہت کٹرتا یا زیادتی کی مثالیں ملتی ہیں ۔ اور ان شاسکوں کے بارے میں بھی یہ ثابت کیا جا سکتا ہے کہ ان کی زیادتیوں کی وجہ کچھ اور ہی تھی اور اُن کا وار بھی تھوڑے سے لوگوں کو ہی سہنا پڑا ۔

کئی گھٹناؤں سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ دھارمک مت بھید کا زیادہ اثر نہ تھا ۔ مثال کے طور پر اگر عہدوں کی ہی بات لے لی جائے تو یہ صاف ہے کہ مسلمان بادشاہوں کے یہاں ہندو اونچے سے اونچے عہدوں پر مقرر کئے جاتے تھے ۔ بغیر ہندوؤں کی صلاح کے مسلمان حاکم ایک قدم بھی نہ چلتے تھے ۔ اورنگزیب ایسے بادشاہ کے بڑے سے بڑے جنرل بھی راجپوت راجا تھے ۔ محمود غزنوی نے خراسان جیتنے کے لئے اپنے جس جنرل کو بھیجا وہ تلک نام کا ایک براہمن تھا ۔ ہم دیکھتے ہیں کہ اُس سمے کی آپسی لڑائی میں ہندوؤں اور مسلمانوں کی الگ الگ مذہبی حیثیت سے کبھی لڑائی نہیں ہوئی ۔ مسلمان سلطانوں کے ہندو سیناپتی اور ہندو راجاؤں کے مسلمان سیناپتی اپنے ہی مذہب والوں سے لڑتے ہوئے نظر آتے ہیں ۔ اِتہاس میں ایسے ہندو اور مسلمانوں کے سیکڑوں قصے بھرے پڑے ہیں، جہاں دونوں نے اپنے مالکوں کی طرف وفادار رہ کر اپنے ہی مذہب والوں کے ساتھ بھینکر لڑائی لڑی ۔ ایسی بھی مثالیں ہیں کہ جہاں ہندوؤں کے ساتھ ہندوؤں نے دغابازی کی ہے اور مسلمانوں نے مسلمانوں کے ساتھ ۔ اصلی بات تو یہ ہے کہ اُس سمے ذاتی احسانوں کا ہی سب سے زیادہ اثر پڑتا تھا، نہ کہ قوم، مذہب یا ملک کا ۔ اُس زمانے کی وفاداری کی بھاؤنا (جذبہ) صرف دو شبدوں میں ظاہر ہوتی ہے—'نمک حلال' اور 'نمک حرام' ۔

یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ ہندستان کے مسلمان حاکموں نے، چاہے وہ جہاں سے آئے ہوں، دراصل ہندستان کو ہی اپنا گھر بنا لیا تھا ۔ بابر فرغانہ سے آیا اور وہ کبھی کبھی سمرقند لوٹنے کے میٹھے سپنے بھی دیکھتا تھا ۔ لیکن بابر اور اُس کی اولاد اِسی ملک میں رہی ۔ قسمت اُنہیں یہاں کھینچ لائی اور ہندستان کے باہر سے سارے ناتے رشتے اُنہوں نے توڑ لئے ۔ اُن کے اپنے وطن میں اُن کے خاندان کے انگنت دشمن تھے جو موقع پاتے ہی اُن کا سب کچھ چھین لینے پر اُتارو تھے ۔ ایسی حالت میں اُنہوں نے ہندستان کی جنتا کی زندگی میں اپنے آپ کو ملا کھپا دیا ۔ ہندستان کی جنتا کی زندگی کے ساتھ اُنہوں نے ہمدردی دکھائی اور اُن کے سکھ دکھ میں سچے ساتھی بنے ۔ یہ کوئی چھوٹی بات نہیں ہے ۔ مغل بادشاہ ہندستان کی سماجی اور

रामायण के मशहूर लेखक गोस्वामी तुलसीदास जी ने लिखा है—

> जित देखौं तित तोय।
> काँकर, पाथर, ठीकरी सब में देखूँ तोय॥

अल्लाह कहाँ नहीं है? वह हर जगह है और कहीं भी नहीं है! वही मूरत में है और वही पुजारी में भी है. वही कुफ़्र में भी है और वही इसलाम में भी है! वही हिन्दुओं में भी है और वही मुसलमानों में भी है! इनसान ने अपनी कम अक़्ली की वजह से दुई का परदा डाल रक्खा है इसीलिये वह अपने ग़ुरूर में यह समझने लगा है कि अल्लाह यहाँ है और वहाँ नहीं है, वह इसलाम में है और कुफ़्र में नहीं है.

ऐसी बहुत सी मिसालें आसानी से दी जा सकती हैं कि हिन्दुस्तान में इसलाम ने हिन्दुओं की पूजा के तरीक़ों से बहुत सी बातें अपने अन्दर शामिल कर ली हैं. माला, प्राणायाम, योगाभ्यास, वेदान्त, फ़लसफ़ा—सब इसलाम में शामिल हो गये. हिन्दू मजहब और इसलाम के संगम को ही 'प्रेम धर्म' या 'मजहबे इश्क़' के नाम से पुकारा गया. यहाँ उसकी तफ़सील में जाने की जरूरत नहीं है. इतना ही कह देना काफ़ी है कि बिना ख़ास कोशिश के ही यह दोनों मजहब आसानी से एक दूसरे से मिल जुल गये. कबीर, नानक, दादू, चैतन्य, तुकाराम, शाह क़लंदर, बाबा फ़रीद, चिश्ती और दूसरे सूफ़ी सन्तों ने कामयाबी के साथ हिन्दोस्तान की जनता में एक ऐसा धर्म फैला देने की कोशिश की जिसमें हिन्दू-मुसलमानों, दोनों की मजहबी ख़ूबियाँ शामिल थीं.

मध्य युग के धार्मिक साहित्य (अदब) से, चाहे वह मुसलमानों का हो या हिन्दुओं का, पढ़ने वाला उसके आजादाना नुक़्ते नजर और उदार दृष्टि से जरूर प्रभावित हो जावेगा. हिन्दुओं और मुसलमानों दोनों ने यह महसूस कर लिया था कि ऊपरी रीति रिवाजों, रूढ़ियों और कर्म-कांडों और पूजा और परिस्तिश के बाहरी ढँगों में चाहे जो फ़र्क़ हों, मजहबी जिन्दगी की भीतरी और बुनियादी सचाई दोनों में एक सी थी. इसीलिये मध्य युग के सूफ़ी सन्तों ने हिन्दू धर्म और इसलाम के बाहरी तरीक़ों को अहमियत न देकर उनकी भीतर की सुन्दरता पर ही जोर दिया. यही वजह है कि उस जमाने के हिन्दू और मुसलमान दोस्ती और मोहब्बत के साँचे में ढल गये. दोनों के लिये एक ही मुल्क, एक ही राज, एक ही शहर, एक ही मोहल्ले, और और एक ही गली में मित्रता और शांति से रहना मुमकिन हो सका. दोनों मजहबी तास्सुब को कम करने में कामयाब हुए. पूरे एक हजार वर्ष के मुश्तरका (सम्मिलित) इतिहास

راماین کے مشہور لیکھک گوسوامی تلسی داس جی نے لکھا ہے :—

> جت دیکھوں تت توئے
> کانکر، پاتھر، ٹھیکری سب میں دیکھوں توئے ۔

اللہ کہاں نہیں ہے ؟ وہ ہر جگہہ ہے اور کہیں بھی نہیں ہے ! وہی مورت میں ہے اور وہی پوجاری میں بھی ہے ۔ وہی کفر میں بھی ہے اور وہی اسلام میں بھی ہے ! وہی ہندؤں میں بھی ہے اور وہی مسلمانوں میں بھی ہے ! انسان نے اپنی کم عقلی کی وجہ سے دوئی کا پردہ ڈال رکھا ہے اسی لئے وہ اپنے غرور میں یہ سمجھنے لگا ہے کہ اللہ یہاں ہے اور وہاں نہیں ہے، وہ اسلام میں ہے اور کفر میں نہیں ہے ۔

آزادی کے دس ورش کم نہیں ہوتے. دس ورش کے کال میں دس نئی پیڑھیاں جنم لے سکتی ہیں . دس نئے آکاش بلند ہو سکتے ہیں . سمے کی لمبائی یا چوڑائی اور پستی بلندی کی ناپ کیول خوشحالی اور پریشانی کے پیمانے سے ہوتی ہے . مصیبت اور تکلیف کا ایک ورش تو بہت ہوتا ہے . ایک دن بھی ادھک اور بہت ادھک ہوتا ہے—اُس کا ایک ایک منٹ شتابدیوں کی وشالتا اور گہرائی اپنے اندر رکھتا ہے لیکن اِس کو وہی جانتے اور سمجھتے ہیں جن پر مصیبت کے پہاڑ ٹوٹتے ہیں یا دکھ کے دن بیتتے ہیں .

سوال یہ ہے اِن تمام چیزوں کی ذمہ‌داری کس پر ہے ؟

اِن کی ذمہ‌داری جھوٹے بچن دینے والوں پر .

اصلی اپرادھی کون ہیں ؟

جنہوں نے آشا وادیوں کے دلوں کو خاک کر کے اور اُن کی آشاؤں کی دیواریں گرا کر اُن پر اپنے بھون کھڑے کئے .

جنہوں نے غریبوں کا حق مار کر اپنے جیون کو بہار دی اور اپنے جمائی کو موٹرکار دی .

वह शान्ति पूर्ण जीवन पाकर गुलामी और आज़ादी का अन्तर समझ सकती. आज़ादी की क़द्र क़ीमत जान सकती और अपना कर्तव्य पहचान सकती.

पर नया जोड़ा नया जीवन तो दूर की बात, आज़ादी के मतवालों को फ़ाक़ों की नौबत तक पहुँचा दिया गया. कितनी पुरानी ग़ुलामी और कितनी पुश्तों की ग़रीब जनता की फटी पुरानी लंगोटी तक बिक गई.

क्या यही आज़ादी का वरदान इन ग़रीब और बेज़ुबान इन्सानों के लिए है ?

क्या यही है जमहूरियत का न्याय दलित बहुमत के लिये ?

यह ग़रीब दुखी वह लोग हैं जो अपनों के वचनों पर भरोसा किये और "सन्तोष की सिल" छाती पर रखे वर्षों से ख़ामोश बैठे रहे हैं और ताकते रहे हैं आने वाले अच्छे दिनों की ओर.

लेकिन इन क़िसमत के मारों का दुर्भाग्य तो देखो कि इनके अच्छे दिनों को भी रास्ते से चुरा ले गये कोई चोर.

अगर उनसे कुछ कहा जाय तो कहने वाला भी हैरान होकर रह जाय जब "उलटा डाँटे कोतवाल को चोर"

यही वह नामुराद और निराश जनता है कि आज़ादी के नाम पर ख़ुशहाली के सपने देखते देखते जिसकी आँखें पथरा गईं. दिल बैठ गये. आशायें मर गईं, हसरतों का ख़ून हो गया— गोदियाँ ख़ाली हो गईं. झोलियाँ सड़-गल गईं. कितनों ने अपने अज़ीज़ प्यारों तक की हड्डियाँ दफ़न करदीं या ख़ाक बनाकर उड़ा दीं.

आशा ही आशा में बेकार रहते-रहते कितने काम के हाथ शल पड़ गये. कितने जौलानी दिमाग़ ठस पड़ गये. कितनी योग्यतायें फ़ना हो गईं और अन्दर ही अन्दर घुल-घुल कर अपने जौहर खो बैठीं—योग्यतायें मूल्य में वरदान होती हैं क़ुदरत की ओर से किसी क़ौमी राज्य के लिये यह वह भारी नुक़सान है जिसका बदल कठिन—लेकिन इस महान नुक़सान को केवल ज़िन्दा, क़ाबिल, हक़ पसन्द और इन्साफ़ परवर हकूमतें ही समझती हैं—जौहर की क़ीमत केवल जौहरी ही जानता है और उनकी नाक़दरी पर उसी का मातम और सदमा भी बजा !

नाक़दरी, बेग़ौरी और बेपरवाही का कारण सभ्यता और इतिहास के ज्ञानियों की हिम्मत और साहस को भी ठेस पहुँचाती है और उनकी कार्य शक्ति का उस पर प्रभाव पड़ता है. तहज़ीब और कल्चर के अनमोल भन्डार और प्राचीन संस्कृति के अनेक अनेक चित्र और ख़ज़ाने दुनिया के सामने आते-आते रह जाते हैं और दुनिया उनके लाभ से महरूम हो जाती है. अच्छी, तरक़्क़ी-पसन्द और कृपालु हुकूमतों का कर्तव्य होता है कि वे ऐसी योग्यताओं को क़द्र करें और क़ौमी गुण गान को सम्मान दें.

وہ شانتی پورن جیون پاکر غلامی اور آزادی کا انتر سمجھ سکتی ۔ آزادی کی قدر قیمت جان سکتی اور اپنا کرتویہ پہچان سکتی ۔

پر نیا جوڑا اور نیا جیون تو دور کی بات' آزادی کے متوالوں کو فاقوں کی نوبت' تک پہونچا دیا گیا ۔ کتنی پرانی غلامی اور کتنی پشتوں کی غریب جنتا کی پھٹی پرانی لنگوٹی تک بک گئی ۔

کیا یہی ہے آزادی کا وردان ان غریب اور بےزبان انسانوں کے لئے ؟

کیا یہی ہے جمہوریت کا نیائے دلت بہومت کے لئے ؟

یہ غریب دکھی وہ لوگ ہیں جو اپنوں کے بچنوں پر بھروسہ کئے اور "سنتوش کی سل" چھاتی پر رکھے ورشوں سے خاموش بیٹھے رہے ہیں اور تکتے رہے ہیں آنے والے اچھے دنوں کی اور ۔

لیکن اِن قسمت کے ماروں کا دربھاگیہ تو دیکھو کہ اِن کے اچھے دنوں کو بھی راستے سے چرا لے گئے کوئی چور ۔

اگر اُن سے کچھ کہا جائے تو کہنے والا بھی حیران ہو کر رہ جائے جب ' اُلٹا ڈانٹے کوتوال کو چور ۔"

یہی وہ نامراد اور نراش جنتا ہے کہ آزادی کے نام پر خوشحالی کے سپنے دیکھتے دیکھتے جس کی آنکھیں پتھرا گئیں' دل بیٹھ گئے ۔ آشائیں مر گئیں' حسرتوں کا خون ہو گیا—گودیاں خالی ہو گئیں' جھولیاں سڑ گل گئیں ۔ کتنوں نے اپنے عزیز پیاروں تک کی ہڈیاں دفن کر دیں یا خاک بنا کر اُڑا دیں ۔

آشا ہی آشا میں بےکار رہتے رہتے کتنے کام کے ہاتھ شل پڑ گئے ۔ کتنے جولانی دماغ ٹھس پڑ گئے ۔ کتنی یوگتائیں فنا ہو گئیں اور اندر ہی اندر گھل گھل کر اپنے جوہر کھو بیٹھیں— یوگیتائیں مول میں وردان ہوتی ہیں قدرت کی اور سے ۔ کسی قومی راجیہ کے لئے یہ وہ بھاری نقصان ہے جس کا بدل کٹھن—لیکن اِس مہان نقصان کو کیول زندہ' قابل' حق پسند اور انصاف پرور حکومتیں ہی سمجھتی ہیں—جوہر کی قیمت کیول جوہری ہی جانتا ہے ۔ اور اُن کی ناقدری پر اُسی کا ماتم اور صدمہ بھی بجا !

ناقدری' بےغوری اور بے پروائی کے کارن سبھیتا اور اتہاس کے گیانیوں کی ہمت اور ساہس کو بھی ٹھیس پہونچاتی ہے اور اُن کی کاریہ شکتی پر اُس کا پربھاؤ پڑتا ہے ۔ تہذیب کلچر کے انمول بھنڈار اور پراچین سنسکرتی کے انیک انیک چتر اور خزانے دنیا کے سامنے آتے آتے رہ جاتے ہیں اور دنیا اُن کے لابھ سے محروم ہو جاتی ہے ۔ اچھی' ترقی پسند اور کرپالو حکومتوں کا کرتویہ ہوتا ہے کہ وہ ایسی یوگیتاؤں کی قدر کریں اور قومی گن گان کو سمّان دیں ۔

एक आदमी रसूल के पास आया और पूछने लगा:—'क्या मैं अपने ऊँट की टाँगों को बाँध दूँ और अल्लाह पर तवक्कल करूँ (छोड़ दूँ) या मैं ऊँट को खुला रहने दूँ और अल्लाह पर छोड़ दूँ?" पैग़म्बर ने जवाब दिया—'ऊँट की टाँगों को बाँध दो और फिर अल्लाह पर छोड़ दो."

—अनस, तिरमिज़ी.

मुहम्मद साहब ने कहा:—'सच्ची आगाही यानी चेतावनी ही दीन है."

—अबू हुरैरा, तिरमिज़ी, शमीउलदारी' मुसलिम, अबूदाऊद, निसाई.

मुहम्मद साहब ने मुझसे कहा:—"ऐ अबूज़र ख़बरदार रहो, तुम्हारे अन्दर कमज़ोरी आने न पावे. मैं जो अपने लिये चाहता हूँ वही तुम्हारे लिये. कभी दो आदमी के बीच में यह फ़ैसला न करो कि कौन अच्छा है और कौन बुरा. और कभी यतीमों के माल पर क़बज़ा न करो."

—अबूज़र, अबूदाऊद, निसाई.

[डाक्टर मिरज़ा अबुलफ़ज़ल की अंग्रेज़ी किताब से तरजुमा. अनुवादक—श्री मुजीब रिज़वी.]

वचन और जतन

श्री अबदुल हलीम अन्सारी

आज़ादी हासिल करते वक़्त वचन देने वालों का कर्तव्य था और राज की कुर्सी पर ठाठ से बैठने वालों पर लाज़िम था कि ग़ुलामी से रिहाई और आज़ादी की प्राप्ति पर सदियों की ग़ुलाम जनता को आज़ादी का नया जोड़ा पहिनाया जाता और आज़ादी के दीपक से उनके अंधेरे घरों में उजाला किया जाता. ग़ुलाम और तरसी जनता को सुख शान्ति का पयाम दिया जाता, नया जीवन नया प्राण दिया जाता. बेशक

ایک آدمی رسول کے پاس آیا اور پوچھنے لگا :—"کیا میں اپنے اونٹ کی ٹانگوں کو باندھ دوں اور پھر اللہ پر توکل کروں (چھوڑ دوں) یا میں اونٹ کو کھلا رھنے دوں اور اللہ پر چھوڑ دوں ؟" پیغمبر نے جواب دیا :—"اونٹ کی ٹانگوں کو باندھ دو اور پھر اللہ پر چھوڑ دو ."

—انس' ترمزی .

محمد صاحب نے کہا کہ :—"سچی آگاھی یعنی چیتاونی ھی دین ھے ."

—ابو ھریرہ' ترمزی' شمیم الداری' مسلم' ابو داعود' نساعی .

محمد صاحب نے مجھ سے کہا:—"اے ابوذر! خبردار رھو' تمھارے اندر کمزوری آنے نہ پاوے . میں جو اپنے لئے چاھتا ھوں وھی تمھارے لئے چاھتا ھوں . کبھی دو آدمیوں کے بیچ میں یہ فیصلہ نہ کرو کہ کون اچھا ھے اور کون برا . اور کبھی یتیموں کے مال پر قبضہ نہ کرو ."

—ابوذر' ابو داعود' نساعی .

[ڈاکٹر مرزا ابوالفضل کی انگریزی کتاب سے ترجمہ .
—انوادک شری مجیب رضوی .]

وچن اور جتن

شری عبدالحلیم انصاری

آزادی حاصل کرتے وقت بچن دینے والوں کا کرتویہ تھا اور راج کی کرسی پر ٹھاٹھ سے بیٹھنے والوں پر لازم تھا کہ غلامی سے رھائی اور آزادی کی پراپتی پر صدیوں کی غلام جنتا کو آزادی کا نیا جوڑا پہنایا جاتا اور آزادی کے دیپک سے ان کے اندھیرے گھروں میں اجالا کیا جاتا. غلام اور ترسی جنتا کو سکھ شانتی کا پیام دیا جاتا . نیا جیون نیا پران دیا جاتا. بیشک

कर दूसरे कान से निकाल दिया. उस आदमी ने दोबारा अबुबकर का अपमान किया अबुबकर ने फिर भी कोई परवाह न की. उस आदमी ने तीसरी बार अबुबकर का उसी तरह अपमान किया. इस पर अबुबकर ने उसका उसी तरह के शब्दों में जवाब दिया. यह देख मुहम्मद साहब फ़ौरन खड़े हो गये और वहाँ से चलने लगे. इस पर अबुबकर ने पूछा:—"ऐ अल्लाह के रसूल! क्या आप मुझसे नाराज़ हो गये?" पैग़म्बर ने जवाब दिया:— "नहीं! लेकिन जब उस आदमी ने पहले तुम्हारा अपमान किया था तो एक .फ़रिश्ता इसे झुठलाने के लिये आसमान से उतरा था लेकिन जब तुमने उसका उसी तरह जवाब दे दिया तो वह .फ़रिश्ता चला गया और उसकी जगह शैतान तुम्हारे पास आ बैठा. इसलिये जब तक शैतान यहाँ बैठा है मैं नहीं बैठ सकता.

—इब्न मुसैयब, अबू दाऊद.

मुहम्मद साहब ने कहा:—"क़ुरान पढ़ो और लोगों को पढ़ाओ. क्योंकि सचमुच मैं केवल एक आदमी हूँ और एक दिन तुम्हारे बीच से उठा लिया जाऊँगा."

—इब्ने मसऊद, दारयमी, दारक़ुतनी.

मुहम्मद साहब ने कहा:—"क़ुरान में पाँच तरह की चीज़ें उतरी हैं: एक मारूफ़ जिनका करना जायज़ है, दूसरे मुनकिर यानी वह चीज़ें जिनका करना नाजायज़ है, तीसरे वह चीज़ें जो साफ़ और सरीह हैं, चौथे वह चीज़ें जो मुतशाबेहात यानी तशबीह (अलंकार) के रूप में की गई हैं और पाँचवें वह चीज़ें जो कहानियों की शकल में हैं. इसलिये जिन चीज़ों को जायज़ बताया गया है उन्हें जायज़ मानो, जिन्हें नाजायज़ बताया गया है उनसे बचो जो सीधी साफ़ हिदायतें हैं उनपर अमल करो, जो तशबीह यानी अलंकार के तौर पर कही गई हैं उन्हें वैसा ही मानो, और जो कहानियाँ कही गई हैं उनसे सबक़ सीखो."

—अबू हुरैरा' बेहक़ी.

मुहम्मद साहब ने कहा:—"सचमुच अल्लाह अपने लोगों के लिये हर सौ साल के शुरू में एक ऐसा आदमी पैदा कर देगा जो लोगों के दीन को ताज़ा कर देगा.

—अबू हुरैरा, अबूदाऊद.

دوسرے کان سے نکال دیا. اُس آدمی نے دوبارہ ابوبکر کا اپمان ... ابو بکر نے پھر بھی کوئی پرواہ نہ کی. اُس آدمی نے تیسری ... ابوبکر کا اُسی طرح اپمان کیا . اِس پر ابوبکر نے اُس کا ... طرح کے شبدوں میں جواب دیا . یہ دیکھ محمد صاحب کھڑے ہوگئے اور وہاں سے چلنے لگے. اِس پر ابوبکر نے پوچھا— ... اے اللہ کے رسول ! کیا آپ مجھ سے ناراض ہو گئے ؟" پیغمبر جواب دیا—"نہیں ! لیکن جب اِس آدمی نے پہلے ... ہارا اپمان کیا تھا تو ایک فرشتہ اِسے جھٹلانے کے لئے آسمان سے ... ا تھا لیکن جب تم نے اُس کا اُسی طرح جواب دے دیا ... وہ فرشتہ چلا گیا اور اُس کی جگہ شیطان تمہارے پاس بیٹھا . اس لئے جب تک شیطان یہاں بیٹھا ہے میں نہیں ... ہ سکتا ."

—ابن مصیب' ابوداءود .

محمد صاحب نے کہا :—قرآن پڑھو اور لوگوں کو پڑھاؤ . ... یونکہ سچ مچ میں کیول ایک آدمی ہوں اور ایک دن تمہارے ... بیچ سے اُٹھا لیا جاؤنگا ."

—ابن مسعود' دارمی: دارقطنی .

محمد صاحب نے کہا :—"قرآن میں پانچ طرح کی چیزیں اُتری ہیں: ایک معروف یعنی وہ چیزیں جن کا کرنا جائز ہے' دوسرے منکر یعنی وہ چیزیں جن کا کرنا ناجائز ہے' تیسرے وہ چیزیں جو صاف اور صریح ہیں' چوتھے وہ چیزیں جو متشابہات یعنی تشبیہ (النکار) کے روپ میں کہی گئی ہیں ... ور پانچویں وہ چیزیں جو کہانیوں کی شکل میں ہیں . اِس لئے جن چیزوں کو جائز بتایا گیا ہے اُنہیں جائز مانو' جنہیں ناجائز بتایا گیا ہے اُن سے بچو' جو سیدھی صاف ہدائتیں ہیں اُن پر عمل کرو' جو تشبیہہ یعنی النکار کے طور پر کہی گئی ہیں اُنہیں ویسا ہی مانو' اور جو کہانیاں کہی گئی ہیں اُن سے سبق سیکھو ."

—ابو ہریرہ' بیہقی .

محمد صاحب نے کہا :—"سچ مچ اللہ اپنے لوگوں کے لئے ہر سو سال کے شروع میں ایک ایسا آدمی پیدا کر دیگا جو لوگوں کے دین کو تازہ کر دیگا ."

—ابو ہریرہ' ابو داءود .

भी छोड़ देगा तो वह बरबाद हो जायगा. इसके बाद एक ऐसा जमाना आयेगा जबकि उस जमाने के लोगों में से अगर कोई इसमें से दसवें हिस्से पर भी अमल करेगा तो निजात पायेगा."

—अबू हुरैरा, तिरमिजी.

मुहम्मद साहब से पूछा गया कि :—"आदमियों में सबसे बढ़कर आदमी कौन है ?" मुहम्मद साहब ने जवाब दिया :—"हर वह आदमी जो दिल का साफ है और जबान का सच्चा." फिर पूछा गया : "जबान का सच्चा कौन है, यह हम समझ सकते हैं लेकिन दिल का साफ कौन है यह हम कैसे जानें ?" पैग़म्बर ने जवाब दिया :— "दिल का साफ़ वह है जो पाक हो, नेक हो, पाप न करता हो, कोई बुराई न करता हो और किसी के साथ न बुग्ज (द्वेष) रखता हो और न किसी से हसद (ईर्षा) करता हो."

—अबदुल्ला बिन उम्र, इबने माजह, बेहक़ी.

मुहम्मद साहब ने कहा :—"आदमी के लिये दूसरे से झगड़ते रहना और झगड़ा बन्द न करना काफी बड़ा गुनाह है."

—इब्न अब्बास, तिरमिजी

मुहम्मद साहब ने कहा:—"अल्लाह की नजरों में सब से ज़्यादा नफरत अंगेज आदमी वह है जो सब से ज़्यादा झगड़ता और तकरार करता है."

—आयशा, बुखारी, मुस्लिम, तिरमिजी, नसाई.

मुहम्मद साहब ने कहा :—"कोई क़ौम जिसे एक बार हिदायत मिल गई थी उस वक्त तक गुमराह नहीं हुई जब तक उस क़ौम के लोगों ने आपस में झगड़ना शुरू नहीं कर दिया."

—अबु अमामा, तिरमिजी. इब्ने माजा, अहमद.

एक दिन मुहम्मद साहब अपने सहाबियों (साथियों) के साथ बैठे थे. उनमें से एक आदमी ने उठकर अबुबकर का कुछ अपमान किया. लेकिन अबुबकर ने एक कान से सुन-

ہی چھوڑ دے گا تو وہ برباد ہو جائیگا ۔ اِس کے بعد ایک ایسا زمانہ آئیگا جب کہ اُس زمانے کے لوگوں میں سے اگر کوئی اِس میں سے دسویں حصے پر بھی عمل کریگا تو وہ نجات پائیگا ۔"

—ابو ہریرہ، ترمزی ۔

محمد صاحب سے پوچھا گیا کہ :—"آدمیوں میں سب سے بڑھکر آدمی کون ہے ؟" محمد صاحب نے جواب دیا:—"ہر وہ آدمی جو دل کا صاف ہے اور زبان کا سچا ۔" پھر پوچھا گیا :—زبان کا سچا کون ہے یہ ہم سمجھ سکتے ہیں، لیکن دل کا صاف کون ہے یہ ہم کیسے جانیں ؟" پیغمبر نے جواب دیا :— "دل کا صاف وہ ہے جو پاک ہو، نیک ہو، پاپ نہ کرتا ہو، کوئی برائی نہ کرتا ہو اور کسی کے ساتھ نہ بغض (دویش) رکھتا ہو اور نہ کسی سے حسد (ایرشا) کرتا ہو ۔"

—عبداللہ بن عمرو، ابن ماجہ، بیہقی۔

محمد صاحب نے کہا :—"آدمی کے لئے دوسرے سے جھگڑتے رہنا اور جھگڑا بند نہ کرنا کافی بڑا گناہ ہے ۔"

—ابن عباس، ترمزی ۔

محمد صاحب نے کہا:—"اللہ کی نظروں میں سب سے زیادہ نفرت انگیز آدمی وہ ہے جو سب سے زیادہ جھگڑتا اور تکرار کرتا ہے ۔"

—عائشہ، بخاری، مسلم، ترمزی، نسائی ۔

محمد صاحب نے کہا :—"کوئی قوم جسے ایک بار ہدایت مل گئی تھی اُس وقت تک گمراہ نہیں ہوئی جب تک اُس قوم کے لوگوں نے آپس میں جھگڑنا شروع نہیں کر دیا ۔"

—ابو امامہ، ترمزی، ابن ماجہ: احمد ۔

ایک دن محمد صاحب اپنے صحابیوں (ساتھیوں) کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے ۔ اُن میں سے ایک آدمی نے اُٹھ کر ابوبکر کا کچھ اپمان کیا ۔ لیکن ابوبکر نے ایک کان سے سن

मुहम्मद साहब के कुछ उपदेश

डाक्टर मिरज़ा अबुल फज़्ल

मुहम्मद साहब ने कहा:—"अपनी नसल या खानदान के घमन्ड में कोई किसी को बुरा न कहे. तुम सब आदम की औलाद हो और इस तरह एक दूसरे के बराबर हो जिस तरह एक माप दूसरे माप के बराबर होता है और तुम में से कोई भी माप में पूरा नहीं है. कोई किसी बात में दूसरे से बड़ा नहीं है. सिवाय उनके कि जो नेकी और धार्मिकता में बढ़े हुऐ हों. आदमी के लिये घमन्डी होना, बेशर्म होना या कंजूस होना बहुत बुरी बात है."

—ओक़बा बिन आमिर, अहमद, बेहक़ी.

———

मुहम्मद साहब ने कहा:—"उन सब लोगों को जो अपनी नसल का घमन्ड करते हैं, जो कहते हैं हमारे बाप दादा यह थे और वह थे, उन्हें चाहिये इस तरह का घमन्ड करना बन्द कर दें. इस तरह का घमंड उन्हें दोज़ख की आग के कोयले बना देगा. इस तरह का घमन्ड करने से अल्लाह की नज़रों में वह उस कीड़े से भी ज़यादा ज़लील होंगे जो मैले पर अपनी नाक रगड़ता है. सचमुच में इस तरह का घमन्ड जहालत के दिनों की चीज़ थी. अल्लाह ने अब उसे तुम्हारे लिए नाजायज़ कर दिया है. आदमी या तो नेक और ईमान वाला होता है या बद और गुनहगार —सब आदमी आदम की औलाद हैं और आदम मिट्टी से बना हुआ था."

—अबू हुरैरा, तिरमिज़ी, अबू दाऊद.

———

मुहम्मद साहब ने कहा:—"जो कोई अपने भाई का ख़त बिना उसकी इजाज़त के पढ़ता है वह दोज़ख की आग में पड़ता है (और उसी में फेंका जायगा)."

—इब्ने अब्बास, अबू दाऊद.

———

मुहम्मद साहब ने कहा:—"सचमुच तुम आजकल ऐसे ज़माने में रह रहे हो जिसमें जो कुछ करने का तुम्हें हुक्म दिया जा रहा है उसमें से अगर कोई दसवाँ हिस्सा

محمد صاحب کے کچھ اُپدیش

ڈاکٹر مرزا ابوالفضل

محمد صاحب نے کہا:—"اپنی نسل یا خاندان کے گھمنڈ میں کوئی کسی کو برا نہ کہے۔ تم سب آدم کی اولاد ہو اور ایسی طرح ایک دوسرے کے برابر ہو جس طرح ایک ماپ دوسرے ماپ کے برابر ہوتا ہے اور تم میں سے کوئی بھی ماپ میں پورا نہیں ہے۔ کوئی کسی بات میں دوسرے سے بڑا نہیں ہے۔ سوائے اُن کے کہ جو نیکی اور دھارمکتا میں بڑھے ہوئے ہیں۔ آدمی کے لئے گھمنڈی ہونا، بےشرم ہونا یا کنجوس ہونا بہت بری بات ہے۔"

—عقبہ بن عامر، احمد، بیہقی۔

———

محمد صاحب نے کہا:—"اُن سب لوگوں کو جو اپنی نسل کا گھمنڈ کرتے ہیں، جو کہتے ہیں کہ ہمارے باپ دادا یہ تھے اور وہ تھے، اُنہیں چاہئے کہ اِس طرح کا گھمنڈ کرنا بند کر دیں۔ اِس طرح کا گھمنڈ اُنہیں دوزخ کی آگ کے کوئلے بنا دیگا۔ اِس طرح کا گھمنڈ کرنے سے اللہ کی نظروں میں وہ اُس کیڑے سے بھی زیادہ ذلیل ہونگے جو میلے پر اپنی ناک رگڑتا ہے۔ سچ مچ اِس طرح کا گھمنڈ جہالت کے دنوں کی چیز تھی۔ اللہ نے اب اُسے تمہارے لئے ناجائز کر دیا ہے۔ آدمی یا تو نیک اور ایمان والا ہوتا ہے اور یا بد اور گنہگار۔ سب آدمی آدم کی اولاد ہیں اور آدم مٹی سے بنا ہوا تھا۔"

—ابو ہریرہ، ترمذی، ابوداؤد۔

———

محمد صاحب نے کہا:—"جو کوئی اپنے بھائی کا خط بنا اُس کی اجازت کے پڑھتا ہے وہ دوزخ کی آگ میں پڑتا ہے (اور اُسی میں پھینکا جائیگا)۔"

—ابن عباس، ابو داؤد۔

———

محمد صاحب نے کہا:—"سچ مچ آجکل تم ایک ایسے زمانے میں رہ رہے ہو جس میں جو کچھ کرنے کو تمہیں حکم دیا جا رہا ہے۔ اُس میں سے اگر کوئی دسواں حصہ

यह तो हुई बड़ी-बड़ी बातें. रोजमर्रा के जीवन में भी इस तरह की उम्मती भावना गोधूली के सितारों की तरह झिल-मिल करती रहती है. भारत में सदियों से सूफी पीरों के बेशुमार हिन्दू मुरीद रहे और अब भी हैं. मुगलिया बादशाहों ने कई वेदान्ती गुरू बनाये हैं और दारा शिकोह और अकबर बादशाह ने जो वेदान्त-इस्लाम का मौलिक और अत्यन्त महत्वपूर्ण समन्वय किया है, उसके असर शायद हम कुछ सदियों के बाद समझ सकेंगे जब उन जमानों और उन पुरुष श्रेष्ठों का खरा इतिहास खुलेगा और जनता के सामने बेधड़क पेश किया जायगा.

कलाओं के दायरे में वेदान्त-इस्लाम के तत्व एकमेक में घुल-मिलकर कुछ अजब खूबसूरती पैदा कर गये ! इनका असर हमारी जिन्दगी में ऐसा व्यापक हो गया है कि हिन्दू सङ्गीतकार सहज ही बोल बैठता है, 'जी, मैं तो हिन्दुस्तानी तरीके से गाता हूँ.' और उसे दिन भर भी भान नहीं होता कि वह किस अद्भुत संगम और समन्वय का प्रतीक बना हुआ है.

अफसोस है कि आज के स्थापत्य में इस असल और सुन्दर संगम-समन्वय की कोई झलक तक नजर नहीं आती. हमने जो सदियों के पुरुषार्थ से कमाया है, सो हमें इस तरह फेंक न देना चाहिये. इससे हमारा ही नहीं, तमाम दुनिया का भारी नुक़सान होगा. हम भारतियों को बड़ा नाज होना चाहिये कि सारी दुनिया के देशों में एक भारत ही है जो सच्चे मानों में संगम देश रहा है; और आज के लड़ते-झगड़ते, मारते-काटते, जलाते-डुबाते संसार में संगम-राज्य बनने का अधिकार रखता है.

'उम्मत' शब्द अरबिस्तान से आया है मगर 'उम्मत' भारत में ही उगा और पनपा है. ये ही हमारा सच्चा, सनातन और अमर विरसा (विरासत) है, हम भारतीयों को इसके लायक़ बनने की भरसक कोशिश करते रहना है, और इसे सुरक्षित रखकर इसके बढ़ाने और चढ़ाने में अपनी जान और जीवन लगा देना है.

अल्लाह करे ऐसा ही हो !
अल्लाह हमें सद्‌बुद्धि बख्शे !
अल्लाह हमें मदद करे !
आमीन !

[मङ्गल प्रभात से]

یہ تو ہوئی بڑی بڑی باتیں ۔ روز مرہ کے جیون میں بھی اس طرح کی اُمتی بھاونا گودھولی کے ستاروں کی طرح جھل مل کرتی رہتی ہے ۔ بھارت میں صدیوں سے صوفی پیروں کے بے شمار ہندو مرید رہے اور اب بھی ہیں ۔ مغلیہ بادشاہوں نے کئی ویدانتی گرو بنائے ہیں اور دارا شکوہ اور اکبر بادشاہ نے جو ویدانت اسلام کا مولک اور اتینت مہتو پورن سمنوئے کیا ہے، اسکے اثر شاید ہم کچھ صدیوں کے بعد سمجھ سکیں گے۔ جب ان زمانوں اور ان پروش شریشٹھوں کا کھرا اِتہاس کھلے گا اور جنتا کے سامنے بے دھڑک پیش کیا جائیگا ۔

کلاؤں کے دائرے میں ویدانت اِسلام کے تتو ایکم ایک میں گھل ملکر کچھ عجیب خوبصورتی پیدا کر گئے ! اِنکا اثر ہماری زندگی میں ایسا ویاپک ہو گیا ہے کہ ہندو سنگیت کار سہج ہی بول بیٹھتا ہے، 'جی' میں تو ہندستانی طریقے سے گاتا ہوں' اور اُسے دن بھر بھی بھان نہیں ہوتا کہ وہ کس ادبھت سنگم اور سمنوے کا پرتیک بنا ہوا ہے ۔

افسوس ہے کہ آج کے استھاپتیہ میں اِس اصل اور سندر سنگم سمنوے کی کوئی جھلک نظر نہیں آتی ۔ ہم نے جو صدیوں کے پروشارتھ سے کمایا ہے، سو ہمیں اِس طرح پھینک نہ دینا چاہیئے ۔ اِس سے ہمارا ہی نہیں تمام دنیا کا بھاری نقصان ہوگا ۔ ہم بھارتیوں کو بڑا ناز ہونا چاہئے کہ ساری دنیا کے دیشوں میں ایک بھارت ہی ہے جو سچے معنوں میں سنگم دیش رہا ہے؛ اور آج کے لڑتے جھگڑتے، مارتے کاٹتے، جلاتے ڈباتے سنسار میں سنگم راجیہ بننے کا ادھکار رکھتا ہے ۔

'امت' شبد عربستان سے آیا ہے مگر 'امت' بھارت میں ہی اُگا اور پنپا ہے ۔ یہ ہی ہمارا سچا، سناتن اور امر ورثہ (وراثت) ہے، ہم بھارتیوں کو اِس کے لائق بننے کی بھرسک کوشش کرتے رہنا ہے، اور اِسے سورکشت رکھکر اِسکے بڑھانے اور چڑھانے میں اپنی جان اور جیون لگا دینا ہے ۔

اللہ کرے ایسا ہی ہو !
اللہ ہمیں سدبدھی بخشے !
اللہ ہمیں مدد کرے !
آمین !

[منگل پربھات سے]

दी, और जहाँ तक मुझे याद है कहा, 'अब्बास अली, तुम अन्दाज़ा लगा लो कि मस्जिद बनाने में कितना रुपया लगेगा. तुम जितना जमा कर सको, कर लो. अधूरा मैं पूरा कर दूँगा.' हमारे बाबाजान बरसों बड़ौदा और बम्बई में ग़रीब मुसलमानों, ताँगेवालों, विक्टोरिया वालों, कारीगरों व हर तरह के पेशेकारों से पाई-पैसा जमा करते रहे. न गरमी देखी न सर्दी, न दिन देखा न रात. बम्बई की मूसलाधार बरसात में, टखनों तक के कीचड़ में फचाफच घूमते फिरे और आख़िर एक दिन उनका काम ख़तम हुआ. महाराज ने अपना वादा पूरा किया. मुझे अच्छी तरह याद है (मैं कितनी छोटी थी) कि एक सुबह हमारे बाग़ के फाटक पर महल का सवार आ खड़ा हुआ. मैंने दौड़कर फाटक खोला —महाराज की तरफ़ से लिफ़ाफ़ा आया था. मैं चीख़ती-चिल्लाती बाबाजान अम्माजान की तरफ़ दौड़ी : 'महाराज का चेक आया है, महाराज का चेक आया है.'

मस्जिद बनी. बड़ौदे की पुरानी मस्जिद में एक छः फ़ुट लंबा क़ुरानेपाक था, जो बरसों कहीं महफ़ूज़ बन्द पड़ा था. बड़े जुलूस, बड़ी धूमधाम और शान के साथ वह क़ुरानेपाक मस्जिद में लाया गया और एक बग़दादी पीर के हाथों नए घर में उसकी स्थापना हुई. वह जुलूस, वह स्थापना, वह मस्जिद में पहली नमाज़, वह पीर साहब की इमामत, वअज़ (प्रवचन) मैं कभी नहीं भूलूँगी. लेकिन सबसे ज़्यादा चमकदार तस्वीर मेरी आँखों और दिल में यह समाई है कि ज़बरदस्त शानदार जुलूस के सामने महाराज के मुख्य हाथी पर ज़र्रीन हौदे पर ज़र्रीन कपड़े से ढका हुआ वह क़ुरानेपाक मस्जिद की ओर जा रहा है और उसके पीछे हमारे महाराज, पीर साहब के साथ अपने सुनहरी अंबारी में अपने शानदार हाथी की पीठ पर जा रहे हैं.

बड़ौदे में एक बड़ा अजीब वातावरण था. पुराने ज़माने से वहाँ के एक बड़े नवाबी ख़ान्दान की राज दरबार में बड़ी प्रतिष्ठा थी. क़िस्सा मैंने यों सुना था कि पुराने ज़माने में इस नवाबी ख़ान्दान के पूर्वजों ने उस ज़माने के गायकवाड़ की दुश्मनों के सामने मदद की थी, जिससे राजा अपनी गद्दी पर सलामत रहे. चुनांचे, इस नवाबी ख़ान्दान को बहुत कुछ पुरस्कार के साथ यह अधिकार हासिल हुआ कि दरबारों में वह गायकवाड़ के साथ सिंहासन पर बिराजें, और उनके सदर दरवाज़े के सामने हाथी डोलते रहें. एक गायकवाड़ के लिए तो यह भी सुना था कि वे मस्जिद में जुमा की नमाज़ में कई बार शरीक रहते थे. मैंने उमर भर इस उम्मती वातावरण का मज़ा लूटा है. हिन्दू, इस्लामी, ईसाई, ज़रथुस्त्री—सभी त्योहार मिल-जुलकर मनाये जाते थे. भारत संगम देश है, तो बड़ौदा ज़रूर संगम राज्य था—और दुआ है कि अब भी वही हाल होगा और सदा रहेगा.

ھیں' اور جہاں تک مجھے یاد ھے کہا 'عباس علی' تم اندازہ لگالو کہ مسجد بنانے میں کتنا روپیہ لگے گا. تم جتنا جمع کر سکو' کر لو . ادھورا میں پورا کردونگا ." ھمارے بابا جان برسوں بڑودہ اور بمبئی میں غریب مسلمانوں' تانگے والوں' وکٹوریہ والوں' کاریگروں و ھر طرح کے پیشہ‌کاروں سے پائی پیسہ جمع کرتے رھے . نہ گرمی دیکھی نہ سردی' نہ دن دیکھا نہ رات . بمبئی کی موسلادھار برسات میں' ٹخنوں تک کے کیچڑ میں پھچاپھچ گھومتے پھرے اور آخر ایک دن اُن کا کام ختم ھوا . مہاراج نے اپنا وعدہ پورا کیا . مجھے اچھی طرح یاد ھے (میں کتنی چھوٹی تھی) کہ ایک صبح ھمارے باغ کے پھاٹک پر محل کا سوار آ کھڑا ھوا . میں نے دوڑ کر پھاٹک کھولا—مہاراج کی طرف سے لفافہ آیا تھا . میں چیختی چلاتی بابا جان اما جان کی طرف دوڑی : "مہاراج کا چیک آیا ھے' مہاراج کا چیک آیا ھے ."

مسجد بنی . بڑودے کی پرانی مسجد میں ایک چھ فٹ لمبا قرآن پاک تھا' جو برسوں کہیں محفوظ بند پڑا تھا . بڑے جلوس' بڑی دھوم دھام اور شان کے ساتھ وہ قرآن پاک مسجد میں لایا گیا اور ایک بغدادی پیر کے ھاتھوں نئے گھر میں اسکی استھاپنا ھوئی . وہ جلوس' وہ استھاپنا' وہ مسجد میں پہلی نماز' وہ پیر صاحب کی امامت' وعظ (پروچن) میں کبھی نہیں بھولوں گی . لیکن سب سے زیادہ چمکدار تصویر میری آنکھوں اور دل میں یہ سمائی ھے کہ زبردست شاندار جلوس کے سامنے مہاراج کے مکھیہ ھاتھی پر زریں ھودے پر' زریں کپڑے سے ڈھکا ھوا وہ قرآن پاک مسجد کی اور جا رھا ھے اور اسکے پیچھے ھمارے مہاراج' پیر صاحب کے ساتھ اپنی سنہری انباری میں اپنے شاندار ھاتھی کی پیٹھ پر جا رھے ھیں .

بڑودے میں ایک بڑا عجیب واتاورن تھا . پرانے زمانے سے وھاں کے ایک بڑے نوابی خاندان کی راج دربار میں بڑی پرتشٹھا تھی . قصہ میں نے یوں سنا تھا کہ پرانے زمانے میں اس نوابی خاندان کے پوروجوں نے اس زمانے کے گایکواڑ کو دشمنوں کے سامنے مدد کی تھی' جس سے راجہ اپنی گدی پر سلامت رھے . چنانچہ' اس نوابی خاندان کو بہت کچھ پرسکار کے ساتھ یہ ادھیکار حاصل ھوا کہ درباروں میں وہ گایکواڑ کے ساتھ سنگھاسن پر وراجیں' اور انکے صدر دروازہ کے سامنے ھاتھی ڈولتے رھیں . ایک گایکواڑ کے لئے تو یہ بھی سنا تھا کہ وے مسجد میں جمعہ کی نماز میں کئی بار شریک رھتے تھے . میں نے عمر بھر اس امتی واتاورن کا مزہ لوٹا ھے . ھندو' اسلامی' عیسائی' زرتھشتوری—سبھی تیوھار مل جلکر منائے جاتے تھے . بھارت سنگم دیش ھے' تو بڑودہ ضرور سنگم راج تھا—اور دعا ھے کہ اب بھی وھی حال ھوگا اور سدا رھیگا .

उम्मत

कुमारी रैहाना तैयबजी

ये लफ़्ज़, 'उम्मत' कितना प्यारा लफ़्ज़ है ! अरबी लफ़्ज़ 'उम्म' का मतलब है 'माँ' ; उम्मत यानी 'एक माँ-बाप के बच्चे'। इसलिये अल्लाह पाक को विश्व का परम पिता मानकर, इस्लामी जमात को उम्मत कहा गया है. लेकिन कोई ज़रूरी नहीं कि उम्मत महज़ इस्लामियों की हो. जहाँ आपसी प्रेम, हमदर्दी, सहकार और नेक ख़्वाहिश होती है, वहाँ 'उम्मत' होती ही है. देखा गया है कि निजी साधना में भी जैसे-जैसे दिल की सफ़ाई और चरित्र-सुधार होने लगता है, वैसे-ही-वैसे प्रेम, ख़ुशी और सभ्यता भी बढ़ने लगती है—बल्कि सफल साधना की पहली निशानी प्रेम और प्रसन्नता की बढ़ती ही होती है. जिस तरह से हम किसी इनसान का बर्ताव देखकर उसकी साधना का ख़ूबी फ़ैसला सहज ही करते हैं, उसी तरह किसी सभ्यता की का फ़ैसला भी उसके नैतिक और आध्यात्मिक प्रभाव से होता है. जब हम दुनिया भर से शिकायतें सुनते हैं कि मग़रिबी संस्कृति से स्वार्थ, हरफ़ाई (स्पर्धा) और दुश्मनी, चालबाज़ी बढ़ती है, तो हमारे दिल में इस तहज़ीब के लिए एक नफ़रत पैदा होना क़ुदरती ही है. ऐसी संस्कृति बुराई फैलाने वाली होती है. इसका सबूत आज सारी दुनिया के पीड़ित देश और दुखी प्रजायें दे रही हैं.

ऐसे आसुरी वातावरण में उम्मत भावना के सितारे कुछ अजब नूर से चमक उठते हैं. तीन-चार रोज़ से बरेली के मंदिर की दिल फड़का देने वाली बात जब से सुनी है मेरा दिल बाग़-बाग़ बना हुआ है. एक मन्दिर, और एक मुस्लिम के हाथ से उसकी नींव डाली जाय, और सुना कि मूर्तिसाज़ भी मुस्लिम ही है जिसने तीन सौ रुपये मन्दिर को भेंट दिये हैं. रहमान साहब ने जो आर्थिक मदद दी, सो बेशक क़ाबिले तारीफ़ है; मगर मन्दिरवालों और रहमान साहब ने जो दिली उम्मत की शानदार इबादतगाह खड़ी की है, उसमें हर भारतीय का ही क्या, हर इन्सान का दिल सिज्दे में झुक सकता है. जहाँ प्रेम है वहाँ ख़ुदा है, जहाँ एका है वहाँ ख़ुदा है !

बरेली का मन्दिर मुझे बड़ौदे की मस्जिद की याद दिलाता है. मैं बिलकुल बच्चा थी तब बाबाजान से शिकायतें सुनती रहती थी कि बड़ोदे में कोई जामा मस्जिद नहीं. एक टूटी मस्जिद थी सही, पर वह किसी के काम न आती थी. बाबाजान ने हमारे महाराज से ज़िक्र किया. महाराज ने बड़ी सहानुभूति से बाबाजान की बात सुनी, अपनी सहमति

اُمت

کماری ریحانہ طیب جی

یہ لفظ' "اُمت" کتنا پیارا لفظ ہے ! عربی لفظ 'ام' کا مطلب ہے 'ماں' ؛ اُمت یعنی 'ایک ماں باپ کے بچے' ۔ اسلیئے اللہ پاک کو وشو کا پرم پتا مان کر' اسلامی جماعت کو اُمت کہا گیا ہے ۔ لیکن کوئی ضروری نہیں کہ اُمت محض اسلامیوں کی ہو ۔ جہاں آپسی پریم' ہمدردی سہکار اور نیک خواہش ہوتی ہے' وہاں 'اُمت' ہوتی ہی ہے ۔ دیکھا گیا ہے کہ نجی سادھنا میں بھی جیسے جیسے دل کی صفائی اور چرتر سدھار ہونے لگتا ہے' ویسے ہی ویسے پریم' خوشی اور سبھیتا بھی بڑھنے لگتی ہے—بلکہ سپھل سادھنا کی پہلی نشانی پریم اور پرسنتا کی بڑھتی ہی ہوتی ہے ۔ جس طرح سے ہم کسی انسان کا برتاؤ دیکھکر اسکی سادھنا کا فیصلہ سہج ہی کرتے ہیں' اسی طرح کسی سبھیتا کی خوبی کا فیصلہ بھی اسکے نیتک اور ادھیاتمک پربھاؤ سے ہوتا ہے۔ جب ہم دنیا بھر سے شکایتیں سنتے ہیں کہ مغربی سنسکرتی سے سوارتھ' حریفائی (اسپردھا) اور دشمنی' چالبازی بڑھتی ہے تو ہمارے دل میں اس تہذیب کے لئے ایک نفرت پیدا ہونا قدرتی ہی ہے ۔ ایسی سنسکرتی برائی پھیلانے والی ہوتی ہے ۔ اسکا ثبوت آج ساری دنیا کے پیڑت دیش اور دکھی پرجائیں دے رہی ہیں ۔

ایسے آسوری واتاورن میں اُمت بھاونا کے ستارے کچھ عجب نور سے چمک اٹھتے ہیں ۔ تین چار روز سے بریلی کے مندر کی دل پھڑکا دینے والی بات جب سے سنی ہے میرا دل باغ باغ بنا ہوا ہے ۔ ایک مندر' اور ایک مسلم کے ہاتھ سے اسکی نیو ڈالی جائے' اور سنا کہ مورتی ساز بھی مسلم ہی ہے جسنے تین سو روپئے مندر کو بھینٹ دیئے ہیں ۔ رحمان صاحب نے جو آرتھک مدد دی' سو بیشک قابل تعریف ہے؛ مگر مندر والوں اور رحمان صاحب نے جو دلی اُمت کی شاندار عبادت گاہ کھڑی کی ہے' اس میں ہر بھارتیہ کا ہی کیا' ہر انسان کا دل سجدے میں جھک سکتا ہے۔ جہاں پریم ہے وہاں خدا ہے' جہاں ایکا ہے وہاں خدا ہے !

بریلی کا مندر مجھے بڑودے کی مسجد کی یاد دلاتا ہے ۔ میں بالکل بچہ تھی تب بابا جان سے شکایتیں سنتی رہتی تھی کہ بڑودے میں کوئی جامع مسجد نہیں۔ ایک ٹوٹی مسجد تھی سہی' پر وہ کسی کے کام نہ آتی تھی۔ بابا جان نے ہمارے مہاراج سے ذکر کیا ۔ مہاراج نے بڑی سہانوبھوتی سے بابا جان کی بات سنی' اپنی سہمتی

हुस्न में गेती१९ ढल के रहेगी
फूल दुलहन के खिल के रहेंगे
फ़र्क़े मरातिब२० उठ जायेगा
जलवे वह महफ़िल के रहेंगे

फ़स्ले ख़िज़ां जाती है 'नज़ीर' ! अब
चाके गरीबाँ२१ सिल के रहेंगे !

१. उक़दे = समस्याएँ, २. हवादिस = दुर्घटनायें, ३. मंज़िल के होकर रहना = मंज़िल पर पहुँच जाना, ४. अज़मते आदम = आदमी का महत्व, ५. मसलि के आदम = आदमी के जीवन का लक्ष, ६. मुसतकबिल = भविष्य, ७. ग़ुँचे = कलियाँ, ८. अज़म = संकल्प, ९. कोह-शिकन = पहाड़ तोड़ने वाला, १०. क़स्र = महल, ११. जादह = काम का ढङ्ग, १२. ख़िज़ाँ = पतझड़, १३. जोया = खोजी, १४. साहिल = किनारा, १५. ख़न्दाँ = हंसते हुए, १६. मरहले = कठनाइयाँ, १७. ऐवाँ = महल १८. चारा = इलाज, १९. गेती = धरती, २०. फ़र्क़े मरातिब = रुतबे का फ़र्क यानी ऊँच-नीच, २१. चाके गरीबाँ = फटा हुआ गरीबाँ.

حسن میں گیتی 19 ڈھل کے رہے گی
پھول دلہن کے کھل کے رہیں گے
فرق مراتب 20 اٹھ جائے گا
جلوے وہ محفل کے رہیں گے

فصل خزاں جاتی ہے 'نظیر' ! اب
چاک گریباں 21 سل کے رہیں گے !

1. عقدے = سمسیائیں، 2. حوادث = درگھٹنائیں، 3. منزل کے ہو کر رہنا = منزل پر پہنچ جانا، 4. عظمت آدم = آدمی کا مہتو، 5. مسلک آدم = آدمی کے جیون کا لکش، 6. مستقبل = بھوشیہ، 7. غنچے = کلیاں، 8. عزم = سنکلپ، 9. کوہ شکن = پہاڑ توڑنے والا، 10. قصر = محل، 11. جادہ = کام کا ڈھنگ، 12. خزاں = پت جھڑ، 13. جویا = کھوجی، 14. ساحل = کنارہ، 15. خنداں = ہنستے ہوئے، 16. مرحلے = کٹھنائیاں، 17. ایوان = محل، 18. چارہ = علاج، 19. گیتی = دھرتی، 20. فرق مراتب = رتبہ کا فرق یعنی اونچ نیچ، 21. چاک گریباں = پھٹا ہوا گریباں ۔

ग़ज़ल

श्री सआदत नज़ीर एम० ए०

कब तक दुश्मन दिल के रहेंगे ?
हमसे वह आख़िर मिलके रहेंगे

कब उक़दे१ मुश्किल के रहेंगे ?
आख़िर दिल दिल मिल के रहेंगे

लाख हवादिस२ राह में आयें
हम हो के मंज़िल३ के रहेंगे

जितने भी तुम तफ़रक़े डालो !
साथी साथी मिल के रहेंगे

अज़मत४ आदम ! मसलिके ५आदम !!
तौर यह मुसतक़बिल६ के रहेंगे

गरम हवा के झोंकों में भी
गुंचे७ दिल के खिल के रहेंगे

अज़्म८ हमारा कोहशिकन९ है
क़स्र१० तुम्हारे हिल के रहेंगे

एक हो जादा११, एक हो मंज़िल
दिल भी फिर तो मिल के रहेंगे

लाख ख़िज़ाँ१२ आँखें दिखलाए
ज़िद्दी गुंचे खिल के रहेंगे

ज़ुल्म किये जा ! जौर किये जा !
हौसले ऊँचे दिल के रहेंगे

लाख घिरें तूफ़ाने बला में
हम जोया१३ साहिल के रहेंगे

तय करेंगे ख़न्दाँ-ख़न्दाँ१५
मरहले१६ जो मुश्किल के रहेंगे

ज़लज़ला वह है आनेवाला
आपके ऐवाँ१७ हिल के रहेंगे

ज़ोर से १८ ग़म का न होगा
ज़ख़्म हरे सब दिल के रहेंगे

غزل

شری سعادت نظیر ایم اے

کب تک دشمن دل کے رہیں گے ؟
ہم سے وہ آخر مل کے رہیں گے

کب عقدے 1 مشکل کے رہیں گے ؟
آخر دل دل مل کے رہیں گے

لاکھ حوادث 2 راہ میں آئیں
ہم ہو کے منزل 3 کے رہیں گے

جتنے بھی تم تفرقے ڈالو !
ساتھی ساتھی مل کے رہیں گے

عظمت 4 آدم، مسلک 5 آدم !!
طور یہ مستقبل 6 کے رہیں گے

گرم ہوا کے جھونکوں میں بھی
غنچے 7 دل کے کھل کے رہیں گے

عزم 8 ہمارا کوہ شکن 9 ہے
قصر 10 تمہارے ہل کے رہیں گے

ایک ہو جادہ، 11 ایک ہو منزل
دل بھی پھر تو مل کے رہیں گے

لاکھ خزاں 12 آنکھیں دکھلائے
ضدی غنچے کھل کے رہیں گے

ظلم کئے جا ! جور کئے جا !
حوصلے اونچے دل کے رہیں گے

لاکھ گھریں طوفان بلا میں
ہم جویا 13 ساحل کے رہیں گے

طے کریں گے ، خنداں خنداں 15
مرحلے 16 جو مشکل کے رہیں گے

زلزلہ وہ ہے آنے والا
آپ کے ایواں 17 ہل کے رہیں گے

زور سے چارۂ 18 غم کا نہ ہوگا
زخم ہرے سب دل کے رہیں گے

गाँधी जी ने सुन लिया. उस समय कोई जवाब न दिया. वह अपने मित्रों के साथ किसी तरह की जबरदस्ती करना ठीक न समझते थे. अगले दिन सुबह को उन्होंने कुछ आश्रम वासियों से कहा—"अहमदाबाद के भंगी बाड़े में जाओ, वहाँ कोई मकान या जगह देखो. अपना आश्रम हम वहीं उठाकर ले आयेंगे और वहाँ के रहने वाले जो खाना हमें अपने हाथों से लाकर देंगे वही हम खा लेंगे या मजदूरी करके पेट भर लेंगे. जो मिलने आएगा वहीं आकर हमसे मिल लेगा." जगह ढूँढ़ी जाने लगी. उन धनवान मित्रों के कानों तक यह खबर पहुँची. हो सकता है उन्होंने आपस में कुछ सलाह की हो. आकर गाँधी जी से मिले. उन्होंने अपने दो दिन पहले के सुझाव की माफ़ी माँगी. आश्रम, आश्रम-वासियों, आश्रम प्रेमियों और आश्रम में आने-जाने वालों के लिये छूत छात हमेशा के लिये मिट गई. यह था गाँधी जी और उनके आश्रम का दर्जे बदर्जे लेकिन काफ़ी तेजी के साथ विकास.

———

گاندھی جی نے سن لیا . اس سمے کوئی جواب نہ دیا . وہ اپنے مترون کے ساتھ کسی طرح کی زبردستی کرنا ٹھیک نہ سمجھتے تھے . اگلے دن صبح کو انھوں نے کچھ آشرم واسیوں سے کہا—"احمداباد کے بھنگی باڑے میں جاؤ، وہاں کوئی مکان یا جگہہ دیکھو . اپنا آشرم ہم وہیں اٹھا کر لے جائینگے اور وہاں کے رہنے والے جو کھانا اپنے ہاتھوں سے لا کر دینگے وہی ہم کھا لینگے یا مزدوری کر کے پیٹ بھر لینگے . جو ملنے آئیگا وہیں آکر ہم سے مل لیگا ." جگہہ ڈھونڈھی جانے لگی . اُن دھنوان مترون کے کانوں تک یہ خبر پہونچی . ہو سکتا ہے انھوں نے آپس میں کچھ صلاح کی ہو . وہ آ کر گاندھی جی سے ملے . انھوں نے اپنے دو دن پہلے کے سجھاؤ کی معافی مانگی . آشرم، آشرم واسیوں، آشرم پریمیوں اور آشرم میں آنے جانے والوں کے لئے چھوت چھات ہمیشہ کے لئے مٹ گئی . یہ تھا گاندھی جی اور ان کے آشرم کا درجے بدرجے لیکن کافی تیزی کے ساتھ وکاس .

———

यह शब्द मैं याद से ही लिख रहा हूँ पर शायद ही एक दो शब्द का फ़र्क़ हो. उससे असल मतलब में फ़र्क़ बिलकुल नहीं पड़ सकता.

मैं इसे पढ़कर कुछ हैरान हुआ. गाँधीजी को पढ़कर सुनाया और पूछा यह क्या? उन्होंने तुरन्त जवाब दिया—"यह तुम्हारे लिये नहीं है. इसे रख दो. तुम आश्रमवासी बनो तो इसे न मानना. मैं कहाँ मानता हूँ? तुम इसे रहने दो. तुम अपने काम की बात करो."

उनके यह फ़िक़रे भी मैं याद से लिख रहा हूँ. मैं समझ गया कि गाँधीजी और उनका आश्रम दोनों अभी विकास की हालत में थे, अभी खिल रहे थे और रूप ले रहे थे.

रौलट एक्ट के खिलाफ़ सत्याग्रह शुरु हो जाने के बाद से गाँधी जी सारे देश के सामने देश के सब से बड़े और अनन्य नेता के रूप में आगए. मैंने और मेरे जैसे विचारों के बहुत से पुराने काम करने वालों ने अब देख लिया कि अपने नये तरीक़े से गाँधी जी ने जो जान, जो बेदारी, जो जोश और जो त्याग की भावना देश भर में पैदा कर दी थी वह हम अपने पुराने तरीक़ों से न कर पाये थे और न कर सकते थे. मेरा उनसे बार-बार जगह-जगह मिलना, साथ रहना और साथ सफ़र करना तेज़ी के साथ बढ़ता चला गया.

साबरमती (अहमदाबाद) आश्रम में बम्बई में और जगह-जगह उनसे मिलना हुआ. कभी-कभी कुछ फुटकर बातें जो याद में जमी रह गईं मैं यहाँ दे रहा हूँ.

यहाँ एक बात गाँधी जी से सुनी हुई लिख रहा हूँ.

साबरमती आश्रम क़ायम हो चुका था, पहले सत्याग्रह में उसकी बुनियाद पड़ी. वह सत्याग्रह आश्रम ही कहलाता था. कई हज़ार रुपये महीने का खर्च था. गाँधी जी के कुछ धनवान मित्र में और प्रेमी जो सब या अधिकतर गुजराती थे आश्रम का खर्च चलाते थे. खाना बनाने वाले हिन्दू थे. इन धनवान मित्रों में से भी कोई-कोई और उनके घर वाले जब-तब आश्रम में आकर भोजन कर लेते थे. उन्हें ऐसा करने में बड़ी खुशी होती थी. थोड़े ही दिनों में एक मेहतर परिवार आश्रम में आकर ठहर गया और गाँधी जी के हुकुम से और सब की तरह रसोई में आने-जाने और सब के साथ खाने पीने लगा. बहुत से ग़ैर हिन्दू मेहमान भी आश्रम में आने, रहने और बिना भेद भाव सब के साथ खाने-पीने लगे. आश्रम का खर्च चलाने वाले कुछ धनवान भाइयों के लिये यह नई बात थी. वह इसके आदी न थे, उन्हें और उनके घर वालों को आश्रम में खाने में संकोच होने लगा. उन्होंने गांधी जी के पास आकर बड़ी नम्रता से यह सुझाया कि कम से कम उनकी खातिर आश्रम की रसोई को ज़रा छोटी जात वालों और ग़ैर हिन्दुओं से अलग रखा जाये.

یہ شبد میں یاد سے ہی لکھ رہا ہوں پر شاید ہی ایک دو شبد کا فرق ہو ۔ اُس سے اصل مطلب میں فرق بالکل نہیں پڑ سکتا ۔

میں اسے پڑھ کر کچھ حیران ہوا ۔ گاندھی جی کو پڑھ کر سنایا اور پوچھا یہ کیا ؟ انہوں نے ترنت جواب دیا—"یہ تمہارے لئے نہیں ہے ۔ اِسے رکھ دو ۔ تم آشرم واسی بنو تو اِسے نہ ماننا ۔ میں کہاں مانتا ہوں ؟ تم اِسے رہنے دو ۔ تم اپنے کام کی بات کرو ۔"

اُن کے یہ فقرے بھی میں یاد سے لکھ رہا ہوں ۔ میں سمجھ گیا کہ گاندھی جی اور اُن کا آشرم دونوں ابھی وکاس کی حالت میں تھے' ابھی کھل رہے تھے اور روپ لے رہے تھے ۔

رولٹ ایکٹ کے خلاف ستیاگرہ شروع ہو جانے کے بعد سے گاندھی جی سارے دیش کے سامنے دیش کے سب سے بڑے اور اننیہ نیتا کے روپ میں آگئے ۔ میں نے اور میرے جیسے وچاروں کے بہت سے پرانے کام کرنے والوں نے اب دیکھ لیا کہ اپنے نئے طریقے سے گاندھی جی نے جو جان' جو بیداری' جو جوش اور جو تیاگ کی بھاونا دیش میں پیدا کر دی تھی وہ ہم اپنے پرانے طریقوں سے نہ کر پائے تھے اور نہ کر سکتے تھے ۔ میرا اُن سے بار بار جگہہ جگہہ ملنا' ساتھ رہنا اور ساتھ سفر کرنا تیزی کے ساتھ بڑھتا چلا گیا ۔

سابرمتی (احمدآباد) آشرم میں بمبئی میں اور جگہہ جگہہ اُن سے ملنا ہوا ۔ کبھی کبھی کچھ پھٹکر باتیں جو یاد میں جمی رہ گئیں میں یہاں دے رہا ہوں ۔

یہاں ایک بات گاندھی جی سے سنی ہوئی لکھ رہا ہوں ۔

سابرمتی آشرم قایم ہو چکا تھا ۔ پہلے ستیاگرہ میں اُس کی بنیاد پڑی ۔ وہ ستیاگرہ آشرم ہی کہلاتا تھا ۔ کئی ہزار روپئے مہینے کا خرچ تھا ۔ گاندھی جی کے کچھ دھنوان متر اور پریمی جو سب یا ادھکتر گجراتی تھے آشرم کا خرچ چلاتے تھے ۔ کھانا بنانے والے ہندو تھے ۔ اِن دھنوان متروں میں سے بھی کوئی کوئی اور اُن کے گھر والے جب تب آشرم میں آکر بھوجن کر لیتے تھے ۔ اُنہیں ایسا کرنے میں بڑی خوشی ہوتی تھی ۔ تھوڑے ہی دنوں میں ایک مہتر پریوار آشرم میں آکر ٹھہر گیا اور گاندھی جی کے حکم سے اور سب کی طرح رسوئی میں آنے جانے اور سب کے ساتھ کھانے پینے لگا ۔ بہت سے غیر ہندو مہمان بھی آشرم میں آنے' رہنے اور بنا بھید بھاؤ سب کے ساتھ کھانے پینے لگے ۔ آشرم کا خرچ چلانے والے کچھ دھنوان بھائیوں کے لئے یہ نئی بات تھی ۔ وہ اِس کے عادی نہ تھے ۔ انہیں اور اُن کے گھر والوں کو آشرم میں کھانے میں سنکوچ ہونے لگا ۔ انہوں نے گاندھی جی کے پاس آکر بڑی نمرتا سے یہ سجھایا کہ کم سے کم اُن کی خاطر آشرم کی رسوئی کو ذرا چھوٹی ذات والوں اور غیر ہندوؤں سے الگ رکھا جائے ۔

में ही काट कर काफी दुख और गुस्से के साथ जवाब दिया—"मैं तुम्हारी सभा का सदर नहीं बनूंगा. मैं अपनी मंजूरी वापिस लेता हूँ ! तुम तो मेरे सत्याग्रह को बिलकुल ही नहीं समझे. अब जाओ, जो ठीक समझो करो, मैं सदर नहीं. यह मेरा सत्याग्रह नहीं है."

मैं सुनकर घबरा गया और हलके से उनकी इस नाराजगी का कारण पूछा. उन्होंने फिर कहा—"मुझे कोई दूसरा प्रतिज्ञा पत्र नहीं चाहिये. मुझे पंडित मोतीलाल जी नहीं चाहियें. मुझे कोई बड़ा आदमी नहीं चाहिये. इलाहाबाद के अगर चार मेहतर मिलकर मेरे प्रतिज्ञा पत्र पर दस्तखत कर देंगे और अपनी सत्याग्रह सभा बनायेंगे तो मैं उनका सदर बन जाऊँगा. तुम्हारी सभा का सदर बनना मुझे नामंजूर है.' तुम तो सत्याग्रह को समझे ही नहीं.'

अब मैंने उनसे कहा—"आप नाराज न होइये. मेरी अपनी निजी राय भी यही थी जो आपकी है. कुछ और साथियों की राय वह थी जिस पर आप को इतना दुख हुआ. मैंने पहले से आप को अपना और दूसरों का यह फर्क बताना ठीक नहीं समझा. अब हम वही करेंगे जो आप चाहते हैं. आपके बिना सत्याग्रह कैसा ? आप ही रास्ता बतायें तो हम चल सकते हैं. दूसरा प्रतिज्ञा पत्र नहीं होगा. और कोई आए, चाहे न आए."

गांधीजी ने थोड़ा सोचा. मेरी तरफ को बार-बार देखा एक दो और छोटी-मोटी बात हुई. उनका गुस्सा ठंडा हुआ फिर खुश होकर कहा—"जाओ काम करो, मैं तुम्हारा सदर और तुम सिक्रेटरी."

उसी दिन शाम को या अगले दिन मैं इलाहाबाद के लिये चल पड़ा. यू० पी० सत्याग्रह सभा का विधान छप गया. गाँधीजी सदर, मैं और मंजर अली सिक्रेटरी. मेम्बरों की फ़ेहरिस्त शायद तीस के क़रीब रही होगी, जिसमें एक नाम जवाहरलाल जी का भी था.

[5]

मेरी उसी अहमदाबाद यात्रा की एक और छोटी सी घटना मुझे याद आ रही है.

शायद तीसरे पहर का वक़्त था. मैं गाँधीजी के पास बैठा हुआ था. उनके सत्याग्रह आश्रम की नियमावली छप चुकी थी. छोटे साइज की पाँच सात सफे की छोटी सब चीज थी. एक कापी वहीं कहीं आस-पास पड़ी हुई थी. मेरी निगाह उस पर गई. मैं उसे पढ़ गया. उसमें एक नियम यह छपा हुआ था—"वर्ण आश्रम धर्म को बाधा न पहुँचे इसलिये आश्रमवासी जब कभी आश्रम से बाहर जायंगे तो केवल फल या दूध खाकर ही रहेंगे."

میں ہی کاٹ کر کافی دکھ اور غصہ کے ساتھ جواب دیا—"میں تمہاری سبھا کا صدر نہیں بنونگا . میں اپنی منظوری واپس لیتا ہوں ! تم تو میرے ستیاگرہ کو بالکل ہی نہیں سمجھے . اب جاؤ' جو ٹھیک سمجھو کرو' میں صدر نہیں . یہ میرا ستیاگرہ نہیں ہے ."

میں سن کر گھبرا گیا اور ہلکے سے اُن کی اِس ناراضگی کا کارن پوچھا . انہوں نے پھر کہا—"مجھے کوئی دوسرا پرتگیاں پتر نہیں چاہئے . مجھے پنڈت موتی لال جی نہیں چاہئیں . مجھے کوئی بڑا آدمی نہیں چاہئے . الہ آباد کے اگر چار مہتر ملکر میرے پرتگیاں پتر پر دستخط کر دینگے اور اپنی ستیاگرہ سبھا بنائینگے تو میں' اُن کا صدر بن جاؤنگا . تمہاری سبھا کا صدر بننا مجھے نامنظور ہے . تم تو ستیاگرہ کو سمجھے ہی نہیں .

اب میں نے اُن سے کہا—"آپ ناراض نہ ہوئیے . میری اپنی نجی رائے بھی یہی تھی جو آپ کی ہے . کچھ اور ساتھیوں کی رائے وہ تھی جس پر آپ کو اِتنا دکھ ہوا . میں نے پہلے سے آپ کو اپنا اور دوسروں کا یہ فرق بتانا ٹھیک نہیں سمجھا . اب ہم وہی کرینگے جو آپ چاہتے ہیں . آپ کے بنا ستیاگرہ کیسا ؟ آپ ہی راستہ بتائیں تو ہم چل سکتے ہیں . دوسرا پرتگیاں پتر نہیں ہوگا . اور کوئی آئے' چاہے نہ آئے ."

گاندھی جی نے تھوڑا سوچا . میری طرف کو بار بار دیکھا . ایک دو اور چھوٹی موٹی بات ہوئی . اُن کا غصہ ٹھنڈا ہوا . پھر خوش ہو کر کہا—"جاؤ کام کرو' میں تمہارا صدر اور تم سکریٹری ."

اُسی دن شام کو یا اگلے دن میں الہ آباد کے لئے چل پڑا . یو. پی. ستیاگرہ سبھا کا ودھان چھپ گیا . گاندھی جی صدر' میں اور منظر علی سکریٹری . ممبروں کی فہرست شاید تیس کے قریب رہی ہوگی' جس میں ایک نام جواہرلال جی کا بھی تھا .

[5]

میری اُسی احمدآباد یاترا کی ایک اور چھوٹی سی گھٹنا مجھے یاد آرہی ہے .

شاید تیسرے پہر کا وقت تھا . میں گاندھی جی کے پاس بیٹھا ہوا تھا . اُن کے ستیاگرہ آشرم کی نیماولی چھپ چکی تھی . چھوٹے سائز کی پانچ سات صفحہ کی چھوٹی سی چیز تھی . ایک کاپی وہیں کہیں آس پاس پڑی ہوئی تھی . میری نگاہ اُس پر گئی . میں اسے پڑھ گیا . اُس میں ایک نیم یہ چھپا ہوا تھا—"ورن آشرم دھرم کو بادھا نہ پہونچے اِس لئے آشرم واسی جب کبھی آشرم سے باہر جائینگے تو کیول پھل یا دودھ کھا کر ہی رہینگے ."

सुनकर पीछे जाकर उसी दालान में एक चारपाई पर चित लेट गए. किसी ने उनके इशारे पर तह किया हुआ एक भीगा कपड़ा उनके सर और माथे पर रख दिया. मैं ज़रा दूर बैठकर देखता रहा. चाहता था वह थोड़ा आराम कर लें तो पास पहुंचूँ. एक पल के अन्दर उन्होंने मेरी तरफ़ को आँख फेरी और इशारा करके अपनी चारपाई के पास बुलाया. मैं पास जाकर बैठ गया. कहने लगे—"सब हाल सुनाओ." मैंने जवाब दिया—"अभी आप बहुत थके हैं. ज़रा आराम कर लीजिये," जवाब मिला—"नहीं शुरू कर दो."

मैंने सारा हाल कह सुनाया. केवल पन्डित मोतीलाल और दूसरे प्रतिज्ञा पत्र की बात अभी नहीं कही.

इसके बाद मैंने कहा—"आप हमारी यू० पी० सत्याग्रह सभा के सद्र बनना मंज़ूर कीजिये."

उन्होंने जवाब दिया—"मुझे बड़ी ख़ुशी से मंज़ूर है. मैं तुम्हारी सभा का सद्र बन गया. तुम सिक्रेटरी हो न ?"

मैंने कहा—"हाँ, मैं और मंज़र अली दो सिक्रेटरी हैं."

गांधीजी ने पसन्द किया और कहा—"काम शुरू कर दो.

इससे कुछ पहले गांधीजी ने देश भर से उन लोगों के नाम माँगे थे जो अपने आप को क़ानून तोड़कर जेल जाने के लिये पेश करें. इस पर मैं और मंज़र अली दोनों अपने नाम भेज चुके थे. यह नाम बम्बई के अख़बारों में छपते जाते थे.

गांधीजी से उनके सद्र होने और अपने और मंज़र अली के सिक्रेटरी होने की बात तय करने के बाद मैंने उनसे दूसरे प्रतिज्ञा पत्र की बात छेड़ी. मैंने उनसे कहा—"पन्डित मोती लाल जी को आपका प्रतिज्ञा पत्र मंज़ूर नहीं. उनके लिये और उन जैसे विचार वालों के लिये हमने एक दूसरा प्रतिज्ञा पत्र बना लिया है."

यहाँ मैंने उन्हें दूसरा प्रतिज्ञा पत्र पढ़ सुनाया और कहा—"यह पन्डित मोतीलाल जी को मंज़ूर है. हम चाहते हैं वह हमारी सभा के नायब सद्र हो जायँ इसलिये हमने सोचा है कि जो आदमी दोनों में से किसी एक भी प्रतिज्ञा पत्र पर दस्तख़त कर दे वह हमारी सभा का मेम्बर बन सके. मोतीलाल जी के आजाने से जवाहरलाल जी का आना आसान हो जायगा, और फिर शायद हम तीन सिक्रेटरी हो जायँगे."

मैंने देखा कि मेरे यह सब बात कहते-कहते गांधीजी के चेहरे का रंग बदल गया, उन्होंने तुरन्त मेरी बात बीच

سن کر پیچھے جاکر اسی دالان میں ایک چارپائی پر چت لیٹ گئے . کسی نے اُن کے اِشارہ پر تہ کیا ہوا ایک بھیگا کپڑا اُن کے سر اور ماتھے پر رکھ دیا . میں ذرا دور بیٹھ کر دیکھتا رہا . چاہتا تھا وہ تھوڑا آرام کر لیں تو پاس پہونچوں . ایک پل کے اندر انہوں نے میری طرف کو آنکھ پھیری اور اشارہ کر کے اپنی چارپائی کے پاس بلایا . میں پاس جاکر بیٹھ گیا . کہنے لگے—"سب حال سناؤ ." میں نے جواب دیا—"ابھی آپ بہت تھکے ہیں ذرا آرام کر لیجئے ." جواب ملا—"نہیں' شروع کر دو ."

میں نے سارا حال کہہ سنایا . کیول پنڈت موتی لال اور دوسرے پرتگیاں پتر کی بات ابھی نہیں کہی .

اِس کے بعد میں نے کہا—"آپ ہماری یو. پی. ستیاگرہ سبھا کے صدر بننا منظور کیجئے ."

انہوں نے جواب دیا—"مجھے بڑی خوشی سے منظور ہے . میں تمہاری سبھا کا صدر بن گیا . تم سکریٹری ہو نہ ؟"

میں نے کہا—"ہاں' میں اور منظار علی دو سکریٹری ہیں ."

گاندھی جی نے پسند کیا اور کہا—"کام شروع کر دو ."

اِس سے کچھ پہلے گاندھی جی نے دیش بھر سے اُن لوگوں کے نام مانگے تھے جو اپنے آپ کو قانون توڑ کر جیل جانے کے لئے پیش کریں . اِس پر میں اور منظار علی دونوں اپنے نام بھیج چکے تھے . یہ نام بمبئی کے اخباروں میں چھپتے جاتے تھے .

گاندھی جی سے اُن کے صدر ہونے اور اپنے اور منظارعلی کے سکریٹری ہونے کی بات طے کرنے کے بعد میں نے اُن سے دوسرے پرتگیاں پتر کی بات چھیڑی . میں نے اُن سے کہا—"پنڈت موتی لال جی کو آپ کا پرتگیاں پتر منظور نہیں . اُن کے لئے اور اُن جیسے وچاروالوں کے لئے ہم نے ایک دوسرا پرتگیاں پتر بنا لیا ہے ."

یہاں میں نے انہیں دوسرا پرتگیاں پتر پڑھ سنایا اور کہا—"یہ پنڈت موتی لال جی کو منظور ہے . ہم چاہتے ہیں وہ ہماری سبھا کے نایب صدر ہو جائیں اِس لئے ہم نے سوچا ہے کہ جو آدمی دونوں میں سے کسی ایک بھی پرتگیاں پتر پر دستخط کر دے وہ ہماری سبھا کا ممبر بن سکے . موتی لال جی کے آجانے سے جواہر لال جی کا آنا آسان ہو جائیگا اور پھر شاید ہم تین سکریٹری ہو جائیں ."

میں نے دیکھا کہ میرے یہ سب بات کہتے کہتے گاندھی جی کے چہرے کا رنگ بدل گیا . انہوں نے ترنت میری بات بیچ

सरकार के खिलाफ़ सत्याग्रह शुरू करने से पहले लोग उपवास और प्रार्थनाओं के ज़रिये अपनी आत्माओं को शुद्ध कर लें. बड़ों-बड़ों का अन्दाज़ा यह था कि मुमकिन है बड़े-बड़े शहरों में आधी पड़ती हड़ताल हो जावे. पर यह एक इतिहासी घटना है कि उस दिन हिमालय से लेकर रासकुमारी तक दूर से दूर किसी गाँव में भी हल नहीं चला.

अहमदाबाद से ख़बर आते ही इलाहाबाद होम रूल लीग के दफ़्तर में जिसका मैं एक मन्त्री था, मैंने कुछ मित्रों को जमा किया. एक यू. पी. सत्याग्रह सभा क़ायम हुई. गांधीजी को उसका सदर रखने की तजवीज़ हुई. मैं और मंज़रअली सोख़्ता उसके सिक्रेटरी बने. अहमदाबाद जाकर गांधीजी को इसकी इत्तला देने, उनसे हिदायतें लेने और सदर बनाने के लिये राज़ी करने का काम मुझे सौंपा गया.

इस बीच एक और छोटी सी घटना हुई. गांधीजी ने देश भर के सत्याग्रहियों के लिये एक प्रतिज्ञा पत्र निकाला था जो सब अख़बारों में छप चुका था. यू० पी० सत्याग्रह सभा के मेम्बरों के लिये भी इस प्रतिज्ञा पत्र पर दस्तख़त करना ज़रूरी थे. हम में से कुछ लोग चाहते थे कि पंडित मोतीलाल नेहरू यू० पी० सत्याग्रह सभा के नायब सदर हों. पन्डित मोतीलाल जी को गाँधीजी का प्रतिज्ञा पत्र पसन्द न था. वह क़ानून तोड़ने और जेल जाने को तैयार थे, पर अपनी नकेल दूसरे के हाथ में देना पसन्द न करते थे. कुछ साथियों की सलाह से एक दूसरा प्रतिज्ञा पत्र लिखा गया जिसे पन्डित मोतीलाल जी ने पसन्द कर लिया. वह उस पर दस्तख़त करने को राज़ी हो गये. तय हुआ कि यू० पी० सत्याग्रह सभा का जो मेम्बर चाहे गांधीजी वाले प्रतिज्ञा पत्र पर दस्तख़त कर दे और जो चाहे इस नये प्रतिज्ञा पत्र पर. दोनों बराबर के मेम्बर समझे जायँ. पर इस सबके लिये भी गांधीजी की सलाह और इजाज़त ज़रूरी थी. यह इजाज़त हासिल करना भी मेरे सुपुर्द हुआ.

गांधीजी से मिलने के लिये मैं अहमदाबाद पहुँचा. हाल ही में अहमदाबाद और वीरमगाम में बलवे हो चुके थे. इन ज़ख़्मों के बहुत से घायल अहमदाबाद के किसी अस्पताल या अस्पतालों में पड़े हुए थे. जिस वक़्त मैं आश्रम पहुँचा गांधीजी इन घायलों को देखने गये हुए थे. मैं बैठकर इन्तज़ार करने लगा.

थोड़ी देर बाद गांधीजी आए. मालूम होता था बेहद थके हुए हैं. पाँव लड़खड़ाते से पड़ रहे थे. मैंने नमस्कार किया. मुझे देखकर ख़ुश हुए. पूछा कब आए? मेरा जवाब

سرکار کے خلاف ستیاگرہ شروع کرنے سے پہلے لوگ اُپواس اور پرارتھناؤں کے ذریعے اپنی آتماؤں کو شدھ کر لیں ۔ بڑوں بڑوں کا اندازہ یہ تھا کہ ممکن ہے بڑے بڑے شہروں میں آدھی پڑتی ہڑتال ہو جاوے۔ پر یہ ایک اِتہاسی گھٹنا ہے کہ اُس دن ہمالیہ سے لیکر راس کماری تک دور سے دور کسی گاؤں میں بھی ہل نہیں چلا ۔

احمدآباد سے خبر آتے ہی الہ‌آباد ہوم رول لیگ کے دفتر میں جس کا میں ایک منتری تھا، میں نے کچھ متروں کو جمع کیا ۔ ایک یو. پی. ستیاگرہ سبھا قایم ہوئی ۔ گاندھی جی کو اُس کا صدر رکھنے کی تجویز ہوئی ۔ میں اور منظر علی سوختہ اُس کے سکریٹری بنے ۔ احمدآباد جا کر گاندھی جی کو اِس کی اِطلاع دینے، اُن سے ہدایتیں لینے اور صدر بنانے کے لئے راضی کرنے کا کام مجھے سونپا گیا ۔

اِس بیچ ایک چھوٹی سی گھٹنا ہوئی ۔ گاندھی جی نے دیش بھر کے ستیاگرہیوں کے لئے ایک پرتگیاں پتر نکالا تھا جو سب اخباروں میں چھپ چکا تھا ۔ یو. پی. ستیاگرہ سبھا کے ممبروں کے لئے بھی اِس پرتگیاں پتر پر دستخط کرنا ضروری تھے ۔ ہم میں سے کچھ لوگ چاہتے تھے کہ پنڈت موتی لال نہرو یو. پی. ستیاگرہ سبھا کے نایب صدر ہوں ۔ پنڈت موتی لال جی کو گاندھی جی کا پرتگیاں پتر پسند نہ تھا ۔ وہ قانون توڑنے اور جیل جانے کو تیار تھے، پر اپنی نکیل دوسرے کے ہاتھ میں دینا پسند نہ کرتے تھے ۔ کچھ ساتھیوں کی صلاح سے ایک دوسرا پرتگیاں پتر لکھا گیا جسے پنڈت موتی لال جی نے پسند کر لیا ۔ وہ اُس پر دستخط کرنے کو راضی ہو گئے ۔ طے ہوا کہ یو. پی. ستیاگرہ سبھا کا جو ممبر چاہے گاندھی جی والے پرتگیاں پتر پر دستخط کر دے اور جو چاہے اِس نئے پرتگیاں پتر پر ۔ دونوں برابر کے ممبر سمجھے جائیں ۔ پر اِس سب کے لئے بھی گاندھی جی کی صلاح اور اجازت ضروری تھی ۔ یہ اجازت حاصل کرنا بھی میرے سپرد ہوا ۔

گاندھی جی سے ملنے کے لئے میں احمدآباد پہونچا ۔ حال ہی میں احمدآباد اور ویرم گام میں بلوے ہو چکے تھے ۔ اِن زخموں کے بہت سے گھایل احمدآباد کے کسی اسپتال یا اسپتالوں میں پڑے ہوئے تھے ۔ جس وقت میں آشرم پہونچا گاندھی جی اِن گھایلوں کو دیکھنے گئے ہوئے تھے ۔ میں بیٹھ کر اِنتظار کرنے لگا ۔

تھوڑی دیر بعد گاندھی جی آئے ۔ معلوم ہوتا تھا بےحد تھکے ہوئے ہیں ۔ پاؤں لڑکھڑاتے سے پڑ رہے تھے ۔ میں نے نمسکار کیا ۔ مجھے دیکھ کر بےحد خوش ہوئے ۔ پوچھا کب آئے ؟ میرا جواب

डिस्ट्रिक्ट मजिस्ट्रेट था उसे उस किताब के दर्शन नहीं कराए गये और अंगरेज़ ज्वाइन्ट मजिस्ट्रेटों तक को पढ़ने को दी गई. मुझे उस किताब को देखने और उसमें अपना नाम और हाल पढ़ने का सौभाग्य मिला था. अब सवाल था कि इन सबको और इसी तरह के औरों को अंगरेज़ी राज की राह के रोड़ों को किस तरह हटाया जाये. ख़ुर्राट और तजरबेकार अफ़सरों की एक कमेटी मुक़र्रर हुई. उसने एक बहुत बड़ी रिपोर्ट इस बात की तैयार की कि अंगरेज़ी राज के ख़िलाफ़ कब-कब, कहाँ-कहाँ और किस-किस तरह बग़ावत के ख़याल पैदा हुए और फैले और कहाँ क्या-क्या कोशिशें हुईं. इस रिपोर्ट के आधार पर और इस कमेटी की सलाह के मुताबिक़ बड़े लाट की कौंसिल में दो नये क़ानून पेश किये गए. यह दोनों क़ानून रोलट ऐक्ट कहलाते हैं और देश में उस समय 'काले क़ानूनों' के नाम से मशहूर थे. इन नए क़ानूनों में देश के छोटे से छोटे पुलिस अफ़सरों को वह ज़बरदस्त अधिकार दे दिये गए जिनके रहते देश के अन्दर नरम या गरम किसी तरह के राजकाजी आन्दोलन का चल सकना भी नामुमकिन था. नरम दल के बड़े से बड़े नेता भी इन्हें देखकर हैरानी, असन्तोश और ग़ुस्से से भर गये. लाट साहब की कौंसिल के अन्दर इन क़ानूनों के ख़िलाफ़ माननीय श्रीनिवास शास्त्री और मिस्टर एम. ए. जिन्नाह की जो ज़ोरदार तक़रीरें हुईं वह एक बार सारे देश में गूँज गईं. क़ानून पास हो गए. सारा देश ग़ुस्से और बेचैनी से भर गया. गांधी जी कैसे चुप रह सकते थे? उनके लिये यह भगवान का दिया हुआ मौक़ा था.

इस गरमा गरमी के शुरू के दिनों में गांधीजी अहमदाबाद में सख़्त बीमार पड़े हुए थे. कहा जाता है कि एक बार उनके बचने की भी आशा कम दिखाई देती थी. हो सकता है कि उनकी बीमारी शरीर की कम और मन की अधिक रही हो. हो सकता है उनकी आत्मा अन्दर से कर्त्तव्य-पथ का दरवाज़ा खोजने के लिये बेचैन रही हो. जो हो, देश के रोग के सामने वह अपना रोग भूल गए. अहमदाबाद से ही उन्होंने नये काले क़ानूनों के ख़िलाफ़ सत्याग्रह करने यानी खुले तौर पर सरकार का कोई न कोई क़ानून तोड़ने और उसकी सज़ा में जेल जाने का प्रोग्राम देश के सामने रक्खा. देश भर के लिए एक सत्याग्रह सभा बनाई गई जिसके गाँधीजी सद्र थे. गाँधीजी ने ख़ुद बम्बई जाकर ज़ब्त किताबों को खुले आम बेचकर सत्याग्रह शुरू किया. देश पर इसका कितना गहरा असर हुआ इसका पहले से किसी को गुमान भी न हो सकता था और अब भी अन्दाज़ा लगा सकना कठिन है. 6 अप्रैल 1919 के लिये हड़ताल ऐलान हो चुकी थी, गाँधीजी का उससे मक़सद यह था, कि

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ تھا اُسے اُس کتاب کے درشن نہیں کرائے گئے اور انگریز جوائنٹ مجسٹریٹوں تک کو پڑھنے کو دی گئی۔ مجھے اُس کتاب کو دیکھنے اور اُس میں اپنا نام اور حال پڑھنے کا سوبھاگیہ ملا تھا۔ اب سوال تھا کہ اِن سب کو اور اسی طرح کے اوروں کو انگریزی راج کی راہ کے روڑوں کو کس طرح ہٹایا جائے۔ خرانٹ اور تجربہ‌کار افسروں کی ایک کمیٹی مقرر ہوئی۔ اُس نے ایک بہت بڑی رپورٹ اِس بات کی تیار کی کہ انگریزی راج کے خلاف کب کب، کہاں کہاں اور کس کس طرح بغاوت کے خیال پیدا ہوئے پھیلے کہاں اور کیا کیا کوششیں ہوئیں۔ اِس رپورٹ کے آدھار پر اور اِس کمیٹی کی صلاح کے مطابق بڑے لاٹ کی کونسل میں دو نئے قانون پیش کئے گئے۔ یہ دونوں قانون رولٹ ایکٹ کہلاتے ہیں اور دیش میں اُس سمے 'کالے قانونوں' کے نام سے مشہور تھے۔ اِن نئے قانونوں میں دیش کے چھوٹے سے چھوٹے پولس افسروں کو وہ زبردست ادھیکار دے دیئے گئے جن کے رہتے دیش کے اندر نرم یا گرم کسی طرح کے راجکاجی آندولن کا چل سکنا بھی ناممکن تھا۔ نرم دل کے بڑے سے بڑے نیتا بھی اِنہیں دیکھ کر حیرانی، اسنتوش اور غصہ سے بھر گئے۔ لاٹ صاحب کی کونسل کے اندر اِن قانونوں کے خلاف مانیہ شرینواس شاستری اور مسٹر ایم۔ اے۔ جناح کی جو زوردار تقریریں ہوئیں وہ ایک بار سارے دیش میں گونج گئیں۔ قانون پاس ہو گئے۔ سارا دیش غصہ اور بےچینی سے بھر گیا۔ گاندھی جی کیسے چپ رہ سکتے تھے؟ اُن کے لئے یہ بھگوان کا دیا ہوا موقع تھا۔

मेज़ पर जलती हुई मोमबत्ती पिघलती चली जा रही थी और शीशे में उसका अक्स जगमगा रहा था, फ़र्श पर काली-काली परछाइयाँ लोट रही थीं, कोने में मूर्ति के आगे रोशनी जल रही थी और बर्फ़ से ढकी हुई खिड़कियों के शीशों पर चाँदनी ने चाँदी कर दी थी. माँ चारों तरफ़ इस तरह देख रही थीं गोया नन्ही दीवारों या छत पर कुछ ढूँढ़ रही हों.

"सोने का क्या वक्त है तेरा ?"

"थोड़ी देर और रहने दो मुझे यहाँ !"

"ओ हाँ, आज दिन में भी तो थोड़ा सो लिया है", उन्हें याद आया.

"क्या तुम फिर चली जाना चाहती हो ?" मैं उनसे पूछ बैठा.

"कहाँ ?" वह चौंक सी पड़ीं, और मेरा सिर ऊपर को उठाकर मेरी तरफ़ इतनी देर तक ताकती रहीं कि मेरी आँखों में आँसू आ गये.

"क्या बात है रे ?" उन्होंने पूछा.

"गरदन दुख रही है".

दिल भी दुख रहा था मेरा, क्योंकि यकायक मैं यह समझ गया था कि वह हमारे घर नहीं रहेंगी और फिर चली जायेंगी.

"अपने बाप-सा होता जा रहा है तू", पायदान को ठोकर से एक तरफ़ को हटाते हुए वह बोलीं. "उनके बारे में कुछ बताया है तुझे—तेरी नानी ने ?"

"हाँ".

"वह मैक्सिम को बहुत प्यार करती थीं—बहुत ही ज़्यादा. और वह भी उन्हें प्यार करते थे—"

"मैं जानता हूँ."

माँ मोमबत्ती की तरफ़ देखने लगीं और उनकी भौंहें सिकुड़ गईं. फिर उन्होंने उसे बुझा दिया और कहा—"अब ठीक है."

सचमुच इससे हवा में ताज़गी और उम्दगी आ गई, और काली-काली परछाइयाँ ग़ायब हो गईं. जगह-जगह फ़र्श पर तेज़ दूधिया रोशनी बिखर गई और खिड़की के शीशों पर सुनहरे दाने चमक उठे.

اور کچھ دیر تک وہ سنجیدگی اور کڑائی کے ساتھ مجھسے باتیں کرتی رہیں؛ لیکن انہوں نے جو کچھ کہا وہ میری سمجھ میں نہیں آیا اور وہ اٹھ کھڑی ہوئیں اور اپنی ٹھوڑی پر انگلیاں مارتی ہوئیں کمرے میں ٹہلنے لگیں—ان کی گھنی بھونہیں کبھی تن جاتیں، کبھی ڈھیلی پڑ جاتیں۔

میز پر جلتی ہوئی موم بتی پگھلتی چلی جا رہی تھی اور شیشے میں اس کا عکس جگمگا رہا تھا، فرش پر کالی کالی پرچھائیاں لوٹ رہی تھیں۔ کونے میں مورتی کے آگے روشنی جل رہی تھی اور برف سے ڈھکی ہوئی کھڑکیوں کے شیشوں پر چاندنی نے چاندی کر دی تھی۔ ماں چاروں طرف اس طرح دیکھ رہی تھیں گویا ننھی دیواروں یا چھت پر کچھ ڈھونڈھ رہی ہوں۔

"سونے کا کیا وقت ہے تیرا ؟"

"تھوڑی دیر اور رہنے دو مجھے یہاں !"

"او ہاں، آج دن میں بھی تو تھوڑا سو لیا ہے" انہیں یاد آیا۔

"کیا تم پھر چلی جانا چاہتی ہو ؟" میں ان سے پوچھ بیٹھا۔

"کہاں ؟" وہ چونک سی پڑیں، اور میرا سر اوپر کو اٹھا کر میری طرف اتنی دیر تک تاکتی رہیں کہ میری آنکھوں میں آنسو آ گئے۔

"کیا بات ہے رے ؟" انہوں نے پوچھا۔

"گردن دکھ رہی ہے۔"

دل بھی دکھ رہا تھا میرا، کیونکہ یکایک میں یہ سمجھ گیا تھا کہ وہ ہمارے گھر نہیں رہینگی اور پھر چلی جائیں گی۔

"اپنے باپ-سا ہوتا جا رہا ہے تو۔" پائدان کو ٹھوکر سے ایک طرف کو ہٹاتے ہوئے وہ بولیں—"ان کے بارے میں کچھ بتایا ہے تجھے—تیری نانی نے۔"

"ہاں۔"

"وہ میکسم کو بہت پیار کرتی تھیں—بہت ہی زیادہ۔ اور وہ بھی انہیں پیار کرتے تھے—"

"میں جانتا ہوں۔"

ماں موم بتی کی طرف دیکھنے لگیں اور ان کی بھو نہیں سکڑ گئیں۔ پھر انہوں نے اسے بجھا دیا اور کہا—"اب ٹھیک ہے۔"

سچ مچ اس سے ہوا میں تازگی اور عمدگی آ گئی، اور کالی کالی پرچھائیاں غایب ہو گئیں۔ جگہہ جگہہ فرش پر تیز دودھیا روشنی بکھر گئی اور کھڑکی کے شیشوں پر سنہرے دانے چمک اٹھے۔

शाम को नाना जी और नानी अपनी मर्ज़ी से उम्दा पोशाक पहनकर 'वेस्पर्स' की दुआ के लिये गिरजाघर चल दिए. नानाजी रंगसाज़ों के मुखिया की अपनी वर्दी में चमचमा रहे थे, जिसके ऊपर रोयेंदार ऊनी लबादा पड़ा हुआ था, और उनकी तोंद शान के साथ बाहर को निकली हुई थी. चुलबुलाहट के साथ उनकी तरफ़ आँखों का इशारा करके नानी मेरी माँ से बोलीं—"ज़रा देख तो बाबू जी को! कितने शानदार लग रहे हैं न?—छोटे से बकरे की तरह फुरतीले". और माँ खिलखिला कर हँस पड़ीं.

जब माँ के कमरे में उनके साथ मैं अकेला रह गया तब वह कोच के ऊपर पालथी मार कर बैठ गईं और अपनी बग़ल की तरफ़ इशारा करती हुई बोलीं—"आ, यहाँ बैठ जा. अच्छा बता कैसा लगता है तुझे यहाँ? अच्छा नहीं लगता, क्यों?"

"कैसा लगता है मुझे यहाँ?" कैसा सवाल था यह! मैंने जवाब दिया—"मैं क्या जानूँ".

"नाना जी पीटते हैं तुझे, क्यों?"

"अब उतना नहीं पीटते!"

"ओह?—अच्छा, अब मुझे अपनी सारी बातें सुना—जो कुछ कहना चाहता हो कह डाल—हाँ, तो?"

नाना जी के बारे में मैं उनसे कुछ नहीं कहना चाहता था. इसलिये मैं उन्हें उस भले आदमी की बातें सुनाने लगा जो ऊपर की कोठरी में रहा करता था और जो किसी को भी अच्छा नहीं लगता था और नाना जी ने जिसे निकाल दिया था. पर मैं समझ गया कि यह बातें उन्हें अच्छी नहीं लग रही थीं, क्योंकि वह बोलीं—"ठीक, और बातें सुना".

उन तीन लड़कों की बात मैंने कही और किस तरह उस कर्नल ने अपने अहाते से मुझे निकाल बाहर किया था, यह भी सुनाया. और यह सब सुनते-सुनते उन्होंने मुझे अपनी बाँहों में और भी कस लिया.

"यह क्या बेहूदा बातें!" उनकी आँखें जल उठीं, और एक मिनट तक फ़र्श की तरफ़ वह चुपचाप ताकती रहीं.

"नाना जी क्यों बिगड़ रहे थे तुमसे?" मैंने पूछा.

"क्योंकि मैंने ग़लती की है, उनके हिसाब से".

"कि उस बच्चे को यहाँ नहीं लाईं तुम—?"

वह गोया आसमान से गिरीं—एकदम चौंक पड़ीं, भौंहें सिकुड़ गईं और अपने होंट काटने लगीं. फिर क़हक़हा मारकर हँस पड़ीं और मुझे और भी कसकर चिपटा के बोलीं—"तू तो बड़ा शैतान है रे! देख ख़बरदार, कभी किसी से नहीं कहना यह बात, समझा? कभी मुँह से न निकले—बस, भूल ही जा कि कभी यह बात सुनी थी".

شام کو نانا جی اور نانی اپنی مرضی سے عمدہ پوشاک پہن کر 'ویسپرس' کی دعا کے لئے گرجا گھر چل دیئے. نانا جی رنگسازوں کے مکھیا کی اپنی وردی میں چمچما رہے تھے، جس کے اوپر روئیں دار اونی لبادہ پڑا ہوا تھا، اور ان کی توند شان کے ساتھ باہر کو نکلی ہوئی تھی. چلبلاہٹ کے ساتھ ان کی طرف آنکھوں کا اشارہ کر کے نانی میری ماں سے بولیں—"ذرا دیکھ تو بابو جی کو! کتنے شاندار لگ رہے ہیں نہ؟—چھوٹے سے بکرے کی طرح پھرتیلے." اور ماں کھلکھلا کر ہنس پڑیں.

جب ماں کے کمرے میں ان کے ساتھ میں اکیلا رہ گیا تب وہ کوچ کے اوپر پالتھی مار کر بیٹھ گئیں اور اپنی بغل کی طرف اشارہ کرتی ہوئی بولیں—"آ، یہاں بیٹھ جا. اچھا بتا کیسا لگتا ہے تجھے یہاں؟ اچھا نہیں لگتا، کیوں؟"

"کیسا لگتا ہے مجھے یہاں؟ کیا سوال تھا یہ! میں نے جواب دیا—"میں کیا جانوں."

نانا جی پیٹتے ہیں تجھے، کیوں؟"

"اب اتنا نہیں پیٹتے!'

"اوہ؟—اچھا، اب مجھے اپنی ساری باتیں سنا—جو کچھ کہنا چاہتا ہو کہہ ڈال—ہاں، تو؟"

نانا جی کے بارے میں میں ان سے کچھ نہیں کہنا چاہتا تھا. اس لئے میں انہیں اس بھلے آدمی کی باتیں سنانے لگا جو اوپر کی کوٹھری میں رہا کرتا تھا اور جو کسی کو بھی اچھا نہیں لگتا تھا اور ناناجی نے جسے نکال دیا تھا. پر میں سمجھ گیا کہ یہ باتیں انہیں اچھی نہیں لگ رہی تھیں، کیونکہ وہ بولیں—"ٹھیک، اور باتیں سنا."

ان تین لڑکوں کی بات میں نے کہی اور کس طرح اس کرنل نے اپنے احاطے سے مجھے نکال باہر کیا تھا، یہ بھی سنایا. اور یہ سب سنتے سنتے انہوں نے مجھے اپنی بانہوں میں اور بھی کس لیا.

'یہ کیا بیہودہ باتیں!" ان کی آنکھیں جل اٹھیں، اور ایک منٹ تک فرش کی طرف وہ چپ چاپ تاکتی رہیں.

"نانا جی کیوں بگڑ رہے تھے تم سے؟" میں نے پوچھا.

"کیونکہ میں نے غلطی کی ہے، ان کے حساب سے."

"کہ اس بچے کو یہاں نہیں لائیں تم—؟"

وہ گویا آسمان سے گریں—ایکدم چونک پڑیں، بھونہیں سکڑ گئیں اور اپنے ہونٹ کاٹنے لگیں. پھر قہقہہ مار کر ہنس پڑیں اور مجھے اور بھی کس کر چپٹا کے بولیں—"تو تو بڑا شیطان ہے رے! دیکھ خبردار، کبھی کسی سے نہیں کہنا یہ بات، سمجھا؟ کبھی منھ سے نہ نکلے—بس، بھول ہی جا کہ کبھی یہ بات سنی تھی."

अब मैं अपने को रोक नहीं सका—मेरे आँसू किसी तरह भी नहीं रुक रहे थे—और मैं तन्दूर पर से नीचे कूद पड़ा और उनके पास दौड़ गया. मेरी आँखों से ख़ुशी के आँसू बह रहे थे—यह देखकर कि इतनी अजीब और गहरी मोहब्बत के साथ नाना-नानी एक दूसरे से गुफ़्तगू कर रहे हैं और मेरे आँसू इसलिये भी बह रहे थे कि उनकी बातें सुनकर मुझे रंज हो रहा था, और इसलिए भी कि मेरी माँ आ गई थीं और फिर आख़िर में इसलिए भी कि उन्होंने मुझे—आँसुओं समेत लेकर अपनी छाती से लगा लिया. उन्होंने मुझे कसकर चिपटा लिया और मेरे साथ ख़ुद भी रोने लगे.

बड़ी धीमी आवाज़ में बुदबुदाते हुए से नाना जी मुझसे कहने लगे—"तो तू यहाँ था, शैतान की दुम ! ले, तेरी माँ फिर आ गई है और अब तो हमेशा तू उसी के पीछे लगा फिरेगा न, क्यों ? और बूढ़े खूसट नाना जी अब जाँय भाड़ में ! है न यही बात ? और नानी ने तो बिल्कुल चौपट ही कर दिया है तुझे...सो वह भी नहीं चाहिये अब—क्यों ? धत तेरे की !"

हमें हटाकर वह उठ खड़े हुए और ऊँची आवाज़ में गुस्से के साथ बोले—सबके सब छोड़ते जा रहे हैं हमें—सब मुँह फेरे ले रहे हैं हमारी तरफ़ से.—तो फिर बुला लाओ उसे अब, देर क्यों करती हो ? जल्दी करो !"

नानी बावरचीख़ाने से चली गईं, और नाना जी कोने में जाकर सिर झुकाए खड़े हो गए.

"या ख़ुदाए करीम !" उन्होंने बुदबुदाना शुरू किया "देख—तू तो हमारे दिल की सब जानता है !" और अपने सीने पर उन्होंने एक घूँसा मारा.

यह सब मुझे अच्छा नहीं लगा. असल में ख़ुदा से दुआ करने का उनका तरीक़ा ही मुझे बहुत बुरा लगता था, क्योंकि अपने बनाने वाले के आगे भी गोया वह अपने ही को बड़ा समझते थे.

जब माँ अन्दर आईं तब उनकी लाल पोशाक से सारा बावरचीख़ाना रोशन हो गया, और जब वह मेज़ के आगे नाना जी और नानी के बीच में बैठ गईं तब उनकी पोशाक की चौड़ी-चौड़ी ढीली बाँहें नाना जी और नानी जी के कन्धों पर लहराने लगीं. वह अहिस्ता-अहिस्ता संजीदगी के साथ कुछ सुनाने लगीं, और वे दोनों भी चुपचाप, बीच में दख़ल देने की कोशिश किए बग़ैर, इस तरह मेरी माँ की बात सुनने लगे गोया वही उनकी माँ है और वे उनके बच्चे !

जोश के सबब से मैं इतना थक गया था कि कोच पर बैठे-बैठे ही मुझे गहरी नींद आ गई.

اب میں اپنے کو روک نہیں سکا—میرے آنسو کسی طرح بھی نہیں رک رہے تھے—اور میں تندور پر سے نیچے کود پڑا اور اُن کے پاس دوڑ گیا۔ میری آنکھوں سے خوشی کے آنسو بہہ رہے تھے—یہ دیکھ کر کہ اِتنی عجیب اور گہری محبت کے ساتھ نانا نانی ایک دوسرے سے گفتگو کر رہے ہیں اور میرے آنسو اِس لئے بھی بہہ رہے تھے کہ اُن کی باتیں سن کر مجھے رنج ہو رہا تھا، اور اس لئے بھی کہ میری ماں آگئی تھیں، اور پھر آخیر میں اِس لئے بھی کہ انہوں نے مجھے—آنسوؤں سمیت لیکر اپنی چھاتی سے لگا لیا۔ اُنہوں نے مجھے کس کر چپٹا لیا اور میرے ساتھ خود بھی رونے لگے۔

بڑی دھیمی آواز میں بدبداتے ہوئے سے نانا جی مجھسے کہنے لگے—"تو تو یہاں تھا، شیطان کی دم ! لے تیری ماں پھر آگئی ہے اور اب تو ہمیشہ تو اُسی کے پیچھے لگا پھریگا نہ، کیوں ؟ اور بوڑھے کھوسٹ نانا جی اب جائیں بھاڑ میں ! ہے نہ یہی بات ؟ اور نانی نے تو بالکل چوپٹ ہی کر دیا ہے تجھے......سو وہ بھی نہیں چاہئے اب—کیوں ؟ دھت تیرے کی !"

ہمیں ہٹا کر وہ اُٹھ کھڑے ہوئے اور اونچی آواز میں غصہ کے ساتھ بولے—"سب کے سب چھوڑتے جا رہے ہیں ہمیں—سب منھ پھیرے لے رہے ہیں ہماری طرف سے۔ —تو پھر بلا لاؤ اسے اب، دیر کیوں کرتی ہو ؟ جلدی کرو !"

نانی باورچی خانے سے چلی گئیں، اور نانا جی کونے میں جا کر سر جھکائے کھڑے ہو گئے۔

"یا خدائے کریم !" اُنہوں نے بدبدانا شروع کیا "دیکھ—تو تو ہمارے دل کی سب جانتا ہے !" اور اپنے سینے پر انہوں نے ایک گھونسہ مارا۔

یہ سب مجھے اچھا نہیں لگا۔ اصل میں خدا سے دعا کرنے کا اُن کا طریقہ ہی مجھے بہت برا لگتا تھا، کیونکہ اپنے بنانے والے کے آگے بھی گویا وہ اپنے ہی کو بڑا سمجھتے تھے۔

جب ماں اندر آئیں تب ان کی لال پوشاک سے سارا باورچی خانہ روشن ہو گیا، اور جب وہ میز کے آگے نانا جی اور نانی کے بیچ میں بیٹھ گئیں تب ان کی پوشاک کی چوڑی چوڑی ڈھیلی باہیں نانا جی اور نانی جی کے کندھوں پر لہرانے لگیں۔ وہ آہستہ آہستہ سنجیدگی کے ساتھ کچھ سنانے لگیں، اور وہ دونوں بھی چپ چاپ، بیچ میں دخل دینے کی کوشش کئے بغیر، اِس طرح میری ماں کی بات سننے لگے گویا وہی اُن کی ماں ہے اور وے ان کے بچے !

جوش کے سبب سے میں اِتنا تھک گیا تھا کہ کوچ پر بیٹھے بیٹھے ہی مجھے گہری نیند آ گئی۔

"बाबू जी' माफ़ कर दो उसे ! ईसामसीह के लिये, माफ़ कर दो उसे ! क्या इस तरह उसे छोड़ ही दोगे बिलकुल ? क्या तुम्हारा ख्याल है कि बड़े आदमियों और रईसों के घर ऐसी बातें नहीं होतीं ? जानते हो कि औरतें कैसी होती हैं. देखो, माफ़ करदो उसे इस बार ! ग़लती किससे नहीं होती बाबू जी ?"

नाना जी ने दीवार के सहारे अपनी पीठ टेककर नानी की तरफ़ देखा. और फिर कड़वी हँसी हँसकर—हँसे क्या, रोना भरा था उस हँसी में—वह भुनभुना उठे—"और ? फिर इसके बाद ? कोई भी है ऐसी ग़लती जो तुम माफ़ न कर दो ? क्यों ? अगर तुम्हारी चल सके तो सभी को माफ़ी मिल जाया करे…धत् तेरे की."

और नानी के ऊपर झुककर, उनके दोनों कंधे पकड़कर वह उन्हें हिलाने लगे और जल्दी-जल्दी फुसफुसाते हुए बोले-—"लेकिन तुम क्यों इतनी परेशान हो ? मेरे अन्दर रहम नहीं रह गया है ज़रा भी. देखो न, बिलकुल क़ब्र में पैर लटकाए बैठे हैं हम लोग, फिर भी इस बुढ़ापे में सज़ा ही सज़ा भुगतनी पड़ रही है ! न ज़रा भी चैन मिल पाता है न सुख… और न कभी मिलेगा अब…और इसके अलावा…देख लेना तुम !…मरने के पहले भीख माँगने की नौबत आएगी —हाँ भीख !"

नानी ने उनका हाथ अपने हाथ में ले लिया, और उनकी बग़ल में बैठी-बैठी धीरे-धीरे हँसती हुई बोलीं—"अरे, छिः छिः ! तो भीख माँगने से घबड़ाते हो तुम ? अच्छा मान लो, इस भीख माँगने की ही नौबत आ गई ! तुम्हें कुछ नहीं करना पड़ेगा तब, तुम घर में बैठे रहा करना और मैं भीख माँग लाया करूँगी.—हमारा घर तब भी भरा-पूरा रहेगा; इसकी फ़िक्र तुम बिलकुल छोड़ दो !"

वह अचानक क़हक़हा मारकर हँस पड़े और बकरे की तरह अपना सिर हिलाने लगे और फिर उन्होंने नानी की गरदन पकड़कर उन्हें अपने सीने से लगा लिया, बिलकुल ज़रा से और सिकुड़े-सिकुड़ाए से लग रहे थे वह नानी की बग़ल में !

"ओह, कैसी नादान हो तुम," वह बोल उठे "कितनी भोली भाली !—बस, अब तुम्हीं तो एक मेरी रह गई हो ! तुम समझती नहीं हो न कुछ, इसीलिये किसी भी बात की घबड़ाहट नहीं होती तुम्हें. लेकिन पीछे तो फिर कर देखो ज़रा—और सोचो तो, कि कितनी मेहनत की है तुमने और मैंने इनके लिये—कैसे-कैसे गुनाह तक किये हैं मैंने इनकी ख़ातिर—लेकिन फिर भी, इतना करने पर भी, आज—"

"بابو جی' معاف کر دو اُسے ! عیسیٰ مسیح کے لئے' معاف کر دو اُسے ! کیا اِس طرح اُسے چھوڑ ہی دو گے بالکل ؟ کیا تمہارا خیال ہے کہ بڑے آدمیوں اور رئیسوں کے گھر ایسی باتیں نہیں ہوتیں ؟ جانتے ہو کہ عورتیں کیسی ہوتی ہیں ۔ دیکھو' معاف کر دو اُسے اس بار ! غلطی کس سے نہیں ہوتی بابو جی ؟"

نانا جی نے دیوار کے سہارے اپنی پیٹھ ٹیک کر نانی کی طرف دیکھا ۔ اور پھر کڑوی ہنسی ہنسکر— ہنسے کیا' رونا بھرا تھا اُس ہنسی میں— وہ بھنبھنا اُٹھے—"اور ؟ پھر اِس کے بعد ؟ کوئی بھی ہے ایسی غلطی جو تم معاف نہ کر دو ؟ کیوں ؟ اگر تمہاری چل سکے تو سبھی کو معافی مل جایا کرے ...... دھت تیرے کی ۔"

اور نانی کے اُوپر جھک کر' اُن کے دونوں کندھے پکڑ کر وہ اُنھیں ہلانے لگے اور جلدی جلدی پھسپھساتے ہوئے بولے— "لیکن تم کیوں اِتنی پریشان ہو ؟ میرے اندر رحم نہیں رہ گیا ہے ذرا بھی۔ دیکھو نہ' بالکل قبر میں پیر لٹکائے بیٹھے ہیں ہم لوگ' پھر بھی اِس بڑھاپے میں سزا ہی سزا بھگتنی پڑ رہی ہے ! نہ ذرا بھی چین مل پاتا ہے نہ سکھ... اور نہ کبھی ملیگا اب... اور اِس کے علاوہ... دیکھ لینا تم... مرنے کے پہلے بھیک مانگنے کی نوبت آئیگی— ہاں بھیک !"

نانی نے اُن کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے لیا' اور اُن کی بغل میں بیٹھی بیٹھی دھیرے دھیرے ہنستی ہوئی بولیں—"ارے' چھی چھی ! تو بھیک مانگنے سے گھبراتے ہو تم ؟ اچھا مان لو' اِس بھیک مانگنے کی ہی نوبت آگئی ! تمہیں کچھ نہیں کرنا پڑیگا تب' تم گھر میں بیٹھے رہا کرنا اور میں بھیک مانگ لایا کرونگی ۔—ہمارا گھر تب بھی بھرا پورا رہیگا' اِس کی فکر تم بالکل چھوڑ دو !"

وہ اچانک قہقہہ مار کر ہنس پڑے اور بکرے کی طرح اپنا سر ہلانے لگے ۔ اور پھر انہوں نے نانی کی گردن پکڑ کر انہیں اپنے سینے سے لگا لیا' بالکل ذرا سے اور سکڑے سکڑائے سے لگ رہے تھے وہ نانی کی بغل میں !

"اوہ' کیسی نادان ہو تم ۔" وہ بول اُٹھے' "کتنی بھولی بھالی !—بس' اب تمہیں تو ایک میری رہ گئی ہو ! تم سمجھتی نہیں ہو نہ کچھ' اِسی لئے کسی بھی بات کی گھبراہٹ نہیں ہوتی تمہیں ۔ لیکن پیچھے تو پھر کر دیکھو ذرا— اور سوچو تو' کہ کتنی محنت کی ہے تم نے اور میں نے اِن کے لئے— کیسے کیسے گناہ تک کئے ہیں میں نے اِن کی خاطر— لیکن پھر بھی' اِتنا کرنے پر بھی' آج—"

आँख ही आँख और कान ही कान हैं. मेरे सीने के अन्दर न जाने कैसा होने लगा और मेरी बड़ी ज़बरदस्त ख़्वाहिश हुई कि चीख़ उठूँ.

"लेक्सी तू जा यहाँ से !" नाना जी ने रुखाई के साथ मुझसे कहा !

"क्यों ?" मेरी माँ ने मुझे फिर अपनी तरफ़ खींचते हुए उनसे पूछा. "नहीं, तू यहाँ से नहीं जाएगा. मैं मना कर रही हूँ." और किसी गुलाबी बादल की तरह उठकर मेरी माँ धीरे-धीरे नाना जी के पीछे जा खड़ी हुईं.

"ज़रा सुनो तो बाबू जी—"

नाना जी उनकी तरफ़ मुड़कर चीख़ उठे—

"चुप रह."

"अपनी ज़बान को क़ाबू में रखिये, बाबू जी." संजीदगी से माँ ने जवाब दिया.

नानी कोच पर से उठ खड़ी हुईं और अपनी उँगली दिखाते हुए उन्हों ने माँ को टोका—"यह क्या' वारवारा ?"

और नाना भी बुद्बुदाते हुए बैठ गए—"अच्छा ठैरो तो ज़रा ! मैं यह जानना चाहता हूँ कि किसने—? क्यों ? कौन था वह ?……कैसे हुआ यह सब ?"

और अचानक ऐसी आवाज़ में, जो उनकी नहीं मालूम पड़ती थी, वह गरज उठे—"मेरा मुँह काला कर दिया तूने" वारका !"

"भाग यहाँ से !" नानी मुझसे बोलीं, और मैं बावरचीख़ाने में जा छुपा. ऐसा लग रहा था गोया मेरा दम घुटा जा रहा है. तन्दूरी चूल्हे के ऊपर मैं जा चढ़ा, और बहुत देर तक वहाँ बैठा-बैठा उन लोगों की बात-चीत सुनता रहा, जो बीच के दीवार के बावजूद सुनाई पड़ रही थी. या तो वे सब के सब एक साथ बोलने लगते थे, और या बड़ी देर तक बिल्कुल चुप रहते, गोया सो गये हों. उन लोगों की बातचीत का मज़मून था कोई बच्चा, जो हाल ही में मेरी माँ के पैदा हुआ था और किसी के यहाँ छोड़ दिया गया था. लेकिन मैं यह नहीं समझ सका कि नाना जी की नाराज़ी किस बात पर थी—उनसे बग़ैर पूछे बच्चा पैदा किया गया इस पर या इसलिये कि वह उस बच्चे को नाना जी के यहाँ नहीं लाईं.

बाद को वह बावरचीख़ाने में चले आए. उनके बाल बिखरे हुए थे, चेहरा नीला सा पड़ रहा था, और बेहद थके दिखाई दे रहे थे. उनके पीछे नानी भी आ पहुँचीं, अपने गालों पर बहते हुए आँसुओं को कुरते से पोंछती हुई. नाना जी एक बेंच पर ऊपर पैर करके बैठ गए और अपने हाथ भी उसी पर टेककर कांपते कांपते अपने पीले पड़े हुए होंटों को काटने लगे. और नानी उनके आगे घुटनों के बल झुक गईं और सुकून के साथ लेकिन ज़ोर देकर बोलीं—

آنکھ ہی آنکھ اور کان ہی کان ہیں۔ میرے سینے کے اندر نہ جانے کیسا ہونے لگا اور میری زبردست خواہش ہوئی کہ چیخ اٹھوں۔

"لیکسی، تو جا یہاں سے!" ناناجی نے رکھائی کے ساتھ مجھسے کہا!

"کیوں؟" میری ماں نے مجھے پھر اپنی طرف کھینچتے ہوئے اُن سے پوچھا۔ "نہیں، تو یہاں سے نہیں جائیگا۔ میں منع کر رہی ہوں۔" اور کسی گلابی بادل کی طرح اُٹھ کر میری ماں دھیرے دھیرے نانا جی کے پیچھے جا کھڑی ہوئیں۔

"ذرا سنو تو بابو جی—"

"نانا جی اُن کی طرف مڑ کر چیخ اُٹھے—

"چپ رہ۔"

"اپنی زبان کو قابو میں رکھئے، بابو جی۔" سنجیدگی سے ماں نے جواب دیا۔

نانی کوچ پر سے اُٹھ کھڑی ہوئیں اور اپنی اُنگلی دکھاتے ہوئے اُنہوں نے ماں کو ٹوکا—"یہ کیا، واروارا؟"

اور نانا بھی بدبداتے ہوئے بیٹھ گئے—"اچھا ٹھہرو تو ذرا! میں یہ جاننا چاہتا ہوں کہ کسنے—؟ کیوں؟ کون تھا وہ؟… کیسے ہوا یہ سب؟"

اور اچانک ایسی آواز میں، جو اُن کی نہیں معلوم پڑتی تھی، وہ گرج اُٹھے۔ "میرا منھ کالا کر دیا تونے، وارکا!"

"بھاگ یہاں سے!" نانی مجھ سے بولیں، اور میں باورچی خانے میں جا چھپا۔ ایسا لگ رہا تھا گویا میرا دم گھٹا جا رہا ہے۔ تندوری چولہے کے اوپر میں جا چڑھا، اور بہت دیر تک وہاں بیٹھا بیٹھا اُن لوگوں کی بات چیت سنتا رہا، جو بیچ کی دیوار کے باوجود سنائی پڑ رہی تھی۔ یا تو وے سب کے سب ایک ساتھ بولنے لگتے تھے، اور یا بڑی دیر تک بالکل چپ رہتے، گویا سو گئے ہوں۔ اُن لوگوں کی بات چیت کا مضمون تھا کوئی بچہ، جو حال ہی میں میری ماں کے پیدا ہوا تھا اور کسی کے یہاں چھوڑ دیا گیا تھا۔ لیکن میں یہ نہیں سمجھ سکا کہ نانا جی کی ناراضی کس بات پر تھی—اُن سے بغیر پوچھے بچہ پیدا کیا گیا اِس پر یا اِس لئے کہ وہ اُس بچے کو نانا جی کے یہاں نہیں لائیں۔

بعد کو وہ باورچی خانے میں چلے آئے، اُن کے بال بکھرے ہوئے تھے، چہرہ نیلا سا پڑ رہا تھا اور بےحد تھکے ہوئے دکھائی دے رہے تھے۔ اُن کے پیچھے پیچھے نانی بھی آ پہونچیں، اپنے گالوں پر بہتے ہوئے آنسوؤں کو کرتے سے پونچھتی ہوئی۔ نانا جی ایک بینچ پر اوپر پیر کر کے بیٹھ گئے اور اپنے ہاتھ بھی اُسی پر ٹیک کر کانپتے کانپتے اپنے پیلے پڑے ہوئے ہونٹوں کو کاٹنے لگے۔ اور نانی اُن کے آگے گھٹنوں کے بل جھک گئیں اور سکون کے ساتھ لیکن زور دیکر بولیں—

उतार कर वह देहलीज़ के उधर फेंकती जाती थीं और हिक़ारत से अपने लाल-लाल होंट सिकोड़े लगातार बोलती ही चली जा रही थीं—"बोलता क्यों नहीं है तू? ख़ुशी नहीं हुई तुझे मेरे आने की? उफ़! कैसी गन्दी है यह क़मीज़......"

फिर उन्होंने बतख़ की चरबी से मेरे कान मलने शुरू किये जिससे मुझे तकलीफ़ होने लगी, लेकिन इतनी बढ़िया ख़ुशबू निकल रही थी उनके कपड़ों से उस वक़्त कि तकलीफ़ जितनी हो रही थी उससे कम मालूम हुई.

मैं उनकी आँखों की तरफ़ ताकता हुआ उनसे चिपटता ही चला जा रहा था. ख़ौफ़ के सबब मेरे मुँह से आवाज़ नहीं निकल पा रही थी. और उनके अल्फ़ाज़ के साथ-साथ बीच-बीच में नानी की दुखभरी आवाज़ मेरे कानों तक पहुँच रही थी—"इतनी मनमानी करने लगा है यह...ज़रा किसी की नहीं सुनता. अपने नाना तक से नहीं डरता, ज़रा भी......अरी वारिया! वारिया!"

"क्यों पैं-पैं कर रही हो माँ, चुप भी रहो. इस तरह बक-बक करके क्या कर लोगी?"

सभी चीज़ें माँ के सामने छोटी लगने लगी थीं, रहम के क़ाबिल और बूढ़ी! मैं ख़ुद भी बूढ़ा सा लगने लगा था, नाना जी की तरह बूढ़ा.

अपने घुटनों से मुझे चिपटा कर मेरे बालों पर अपना गरम-गरम, भारी हाथ फेरती हुई वह बोलीं—"किसी कड़े आदमी की देख-भाल में रखने की ज़रूरत है इसे. और अब स्कूल भी तो जाना चाहिये...कुछ सीखना चाहता है कि नहीं? क्यों रे?"

"मैं तो सब सीख चुका, जो जानना था."

"और भी थोड़ा-बहुत सीखना बाक़ी है रे!...अरे! कितनी ताक़त आगई है तुझमें!" और मेरे साथ खेल-तमाशा करते हुए वह अपनी तेज़ मीठी आवाज़ में दिल खोलकर हसने लगीं.

उसी वक़्त नाना जी अन्दर दाख़िल हुए. उनका चेहरा एकदम सफ़ेद पड़ गया था, आँखें लाल हो रही थीं, और ग़ुस्से के मारे वह काँप रहे थे. मेरी माँ ने उन्हें देखते ही मुझे दूर हटा दिया और ऊँची आवाज़ में उनसे पूछा—"तो फिर क्या तय किया आपने बाबू जी? मुझे नहीं रहने देंगे यहाँ?"

नाना जी खिड़की के पास खड़े होकर अपनी उँगलियों के नाख़ूनों से शीशे पर जमी बरफ़ खुरचने लगे, और बड़ी देर तक कुछ नहीं बोले. हालत बहुत ही नाज़ुक और तक-लीफ़देह थी और, जैसा कि ऐसे संगीन मौक़ों पर मेरे साथ हमेशा होता था, मुझे लग रहा था गोया मेरे जिस्म भर में

اُتار کر وہ دہلیز کے اُدھر پھینکتی جاتی تھیں اور حقارت سے اپنے لال لال ہونٹ سکوڑے لگاتار بولتی ہی چلی جارہی تھیں—"بولتا کیوں نہیں ہے تو؟ خوشی نہیں ہوئی تجھے میرے آنے کی؟ اُف! کیسی گندی ہے یہ قمیض..."

پھر اُنہوں نے بطخ کی چربی سے میرے کان ملنے شروع کئے جس سے مجھے تکلیف ہونے لگی. لیکن اِتنی بڑھیا خوشبو نکل رہی تھی اُن کے کپڑوں سے اُس وقت کہ تکلیف جتنی ہو رہی تھی اُس سے کم معلوم ہوئی.

میں اُن آنکھوں کی طرف تاکتا ہوا اُن سے چپٹتا ہی چلا جا رہا تھا. خوف کے سبب میرے منھ سے آواز نہیں نکل پا رہی تھی. اور اُن کے الفاظ کے ساتھ ساتھ بیچ بیچ میں نانی کی دکھ بھری آواز میرے کانوں تک پہونچ رہی تھی—"اِتنی من مانی کرنے لگا ہے یہ...ذرا کسی کی نہیں سنتا. اپنے نانا تک سے نہیں ڈرتا، ذرا بھی...اری واریا! واریا!"

"کیوں پیں پیں کر رہی ہو ماں، چپ بھی رہو. اِس طرح بک بک کر کے کیا کر لوگی؟"

سبھی چیزیں ماں کے سامنے چھوٹی لگنے لگی تھیں، رحم کے قابل اور بوڑھی! میں خود بھی بوڑھا سا لگنے لگا تھا، نانا جی کی طرح بوڑھا.

اپنے گھٹنوں سے مجھے چپٹا کر میرے بالوں پر اپنا گرم گرم بھاری ہاتھ پھیرتی ہوئی وہ بولیں—"کسی کڑے آدمی کی دیکھ بھال میں رکھنے کی ضرورت ہے اِسے. اور اب اِسکول بھی تو جانا چاہئے.....کچھ سیکھنا چاہتا ہے کہ نہیں؟ کیوں رے؟"

"میں تو سب سیکھ چکا، جو جاننا تھا."

"اور بھی تھوڑا بہت سیکھنا باقی ہے رے!...ارے! کتنی طاقت آگئی ہے تجھ میں!" اور میرے ساتھ کھیل تماشا کرتے ہوئے وہ اپنی تیز میٹھی آواز میں دل کھولکر ہنسنے لگیں.

اِسی وقت نانا جی اندر داخل ہوئے. اُن کا چہرہ ایکدم سفید پڑ گیا تھا، آنکھیں لال ہو رہی تھیں، اور غصہ کے مارے وہ کانپ رہے تھے. میری ماں نے اُنہیں دیکھتے ہی مجھے دور ہٹا دیا اور اُونچی آواز میں اُن سے پوچھا—"تو پھر کیا طے کیا آپنے بابو جی؟ مجھے نہیں رہنے دینگے یہاں؟"

نانا جی کھڑکی کے پاس کھڑے ہو کر اپنی اُنگلیوں کے ناخونوں سے شیشے پر جمی برف کھرچنے لگے، اور بڑی دیر تک کچھ نہیں بولے. حالت بہت ہی نازک اور تکلیف دہ تھی اور، جیسا کہ ایسے سنگین موقعوں پر میرے ساتھ ہمیشہ ہوتا تھا، مجھے لگ رہا تھا گویا میرے جسم بھر میں

मुझे यक़ीन नहीं आया, और अगर पादरी साहब ही हों तो वह किसी किराएदार के ही यहाँ आए होंगे.

"चल-चल !" कोचवान ने घोड़ों को हाँका, और उनकी पीठ पर कोड़ा फटकारते हुए मौज के साथ फिर सीटी बजाने लगा.

घोड़े मैदान को चीरते हुए दौड़ चले, और मैं खड़ा खड़ा उनकी तरफ़ ताकता रहा, फिर मैंने फाटक बन्द कर दिया. सूने पड़े बावरचीख़ाने में घुसते ही सबसे पहली आवाज़ मैंने अपनी माँ की सुनी. पास वाले कमरे में अपनी ज़ोरदार आवाज़ में वह कह रहीं थीं—"तो अब चाहते क्या हैं आप ? मेरी जान लेंगे ?"

अपनी ऊपरी पोशाक बदले बग़ैर ही मैं पिंजड़ों को पटक-पटककर दौड़ा हुआ बाहर के बरामदे में आया और नाना जी से टकरा गया. उन्होंने मेरी गरदन दबोच ली और अपनी ख़ूँख़्वार सी आँखें मेरे चेहरे पर गाड़ दीं, और बड़ी मुश्किल से एक घूँट सा सटक कर भारी गले से बोले—

"तेरी माँ फिर आ गई है......जा उसके पास...... ठैहरो......!" उन्होंने इतनी ज़ोर से मुझे झकझोर डाला कि मैं मुश्किल से गिरते-गिरते बचा और भीतर के दरवाज़े तक लुढ़कता चला गया. "चला जा......! जा......!"

मैं दरवाज़े से जा टकराया, जिस पर ऊन और मोमजामा चढ़ा हुआ था, लेकिन खटका गिराने में मुझे काफ़ी देर लग गई क्योंकि मेरा हाथ सर्दी से ठिठुरकर बिल्कुल सुन्न हो गया था और घबड़ाहट के मारे काँप रहा था. जब आख़ीर में मैं धीरे से अन्दर घुसा तो बिल्कुल ख़ौफ़ज़दा और अचंभे से भरा हुआ देहलीज़ पर ही रुक गया.

"यह आ गया !" मेरी माँ बोल उठी, "परमात्मा, कितना बड़ा हो गया है यह ! क्यों, मुझे पहचानता नहीं है ?......यह कैसे कपड़े पहनाए हैं इसे माँ ?......और देखो तो, इसके कान बिल्कुल सफ़ेद पड़े जा रहे हैं ! बतख़ की चरबी तो लाओ माँ, ज़रा जल्दी से."

कमरे के बीचोंबीच खड़ी वह मेरे ऊपर झुककर मेरी ऊपरी पोशाक उतारने लगीं और मुझे इस तरह उलट पलट कर देखने लगीं गोया मैं कोई गेंद हूँ. उनके लम्बे चौड़े बदन पर एक गरम, मुलायम, ख़ूबसूरत पोशाक थी, मर्दों के पूरे लबादे से बड़ी; और कंधे से लेकर कमर तक उस पर काले काले बटन तिरछी क़तार में टँके हुए थे. पहले कभी मैंने वैसी कोई पोशाक नहीं देखी थी.

उनका चेहरा पहले से छोटा लग रहा था और आँखें पहले से ज़्यादा बड़ी और धँसी हुई थीं; पर उनके बालों का सुनहरापन और भी गहरा हो उठा था. मेरे कपड़े उतार-

مجھے یقین نہیں آیا، اور اگر پادری صاحب ہی ہوں تو وہ کسی کرایہ‌دار کے ہی یہاں آئے ہونگے۔

"چل چل!" کوچوان نے گھوڑوں کو ہانکا، اور اُن کی پیٹھ پر کوڑا پھٹکارتے ہوئے موج کے ساتھ پھر سیٹی بجانے لگا۔

گھوڑے میدان کو چیرتے ہوئے دوڑ چلے، اور میں کھڑا کھڑا اُن کی طرف تاکتا رہا، پھر میں نے پھاٹک بند کر دیا۔ سونے پڑے باورچی خانے میں گھستے ہی سب سے پہلی آواز میں نے اپنی ماں کی سنی۔ پاس والے کمرے میں اپنی زوردار آواز میں وہ کہہ رہی تھیں—"تو اب چاہتے کیا ہیں آپ؟ میری جان لینگے؟"

اپنی اوپری پوشاک بدلے بغیر ہی میں پنجڑوں کو پٹک پٹکا کر دوڑا ہوا باہر کے برآمدے میں آیا اور نانا جی سے ٹکرا گیا۔ اُنہوں نے میری گردن دبوچ لی اور اپنی خونخوار سی آنکھیں میرے چہرے پر گاڑ دیں، اور مشکل سے ایک گھونٹ سا سٹک کر بھاری گلے سے بولے—

"تیری ماں پھر آگئی ہے...جا اُس کے پاس...ٹھہرو...!" اُنہوں نے اتنی زور سے مجھے جھنجھوڑ ڈالا کہ میں مشکل سے گرتے گرتے بچا اور بھیتر کے دروازے تک لڑھکتا چلا گیا۔ "چلا جا...! جا...!"

میں دروازے سے جا ٹکرایا، جس پر اُون اور موم جامہ چڑھا ہوا تھا، لیکن کھٹکا گرانے میں مجھے کافی دیر لگ گئی کیونکہ میرا ہاتھ سردی سے ٹھٹھر کر بالکل سن ہو گیا تھا اور گھبراہٹ کے مارے کانپ رہا تھا۔ جب آخر میں میں دھیرے سے اندر گھسا تو بالکل خوف زدہ اور اچنبھے سے بھرا ہوا دہلیز پر ہی رک گیا۔

"یہ آگیا!" میری ماں بول اُٹھی، ہے پرماتما، کتنا بڑا ہو گیا ہے یہ! کیوں، مجھے پہچانتا نہیں ہے؟ ...یہ کیسے کپڑے پہنائے ہیں اِسے ماں؟ ...اور دیکھو تو، اِس کے کان بالکل سفید پڑے جا رہے ہیں! بطخ کی چربی تو لاؤ ماں، ذرا جلدی سے۔"

کمرے کے بیچوں بیچ کھڑی وہ میرے اوپر جھک کر میری اوپری پوشاک اُتارنے لگیں اور مجھے اِس طرح اُلٹ پلٹ کر دیکھنے لگیں گویا میں کوئی گیند ہوں۔ اُن کے لمبے چوڑے بدن پر ایک گرم، ملایم، خوبصورت پوشاک تھی، مردوں کے پورے لبادے سے بڑی؛ اور کندھے سے لیکر کمر تک اُس پر کالے کالے بٹن ترچھی قطار میں ٹنکے ہوئے تھے۔ پہلے کبھی میں نے ویسی کوئی پوشاک نہیں دیکھی تھی۔

اُن کا چہرہ پہلے سے چھوٹا لگ رہا تھا اور آنکھیں پہلے سے زیادہ بڑی اور دھنسی ہوئی تھیں، پر اُن کے بالوں کا سنہرا پن اور بھی گہرا ہو اُٹھا تھا۔ میرے کپڑے اُتار

मेरी माँ

श्री गोर्की

एक रोज सनीचर के दिन बहुत सबेरे मैं पेत्रोवना के सब्ज़ी के खेत में बुलबुल पकड़ने के लिये जा घुसा. वहाँ मैं बहुत देर तक रहा, क्योंकि वे इतनी तेज़ थीं कि मेरे जाल में फँसती ही नहीं थीं. उनकी ख़ूबसूरती ने मुझे बुरी तरह से लुभा लिया था. चाँदी से चमकते जमे हुए बर्फ़ पर वह फुदकती फिरतीं. और बर्फ़ से ढकी हुई झाड़ियों की डालों पर उड़कर जा बैठती थीं और बर्फ़ का दूधिया बुरादा सा चारों तरफ़ झड़ उठता था. यह सब मुझे इतना लुभावना लग रहा था कि मैं अपनी नाकामयाबी की परेशानी भूल गया. यों भी मैं शिकार के फ़न में उस्ताद नहीं था, क्योंकि दरअसल अपना शिकार पाने से ज़्यादा मुझे उसके पीछे लगे फिरने में मज़ा आता था और सब से ज़्यादा मज़ा चिड़ियों के तौर तरीक़े जानने और उनके बारे में सोचने समझने में मिलता था. बर्फ़ से ढके हुए एक खेत के किनारे अकेले बैठे बैठे, उस बर्फ़ीले दिन के गहरे सन्नाटे में, चिड़ियों की चहचहाहट सुनने में मैं मस्त था कि किसी गाड़ी की घन्टियों की टुनटुनाहट मुझे दूर पर हलकी सी सुनाई दी, किसी पपीहे के दिलसोज़ गीत की तरह.

बर्फ़ पर बैठा बैठा मैं अकड़ सा गया था और मुझे लगा कि मेरे कान बर्फ़ के मारे जम से गये हैं. इसलिये जाल और पिंजड़ों को बटोरकर मैं दीवार पर चढ़ बाग़ीचे में कूद पड़ा और घर आ पहुँचा.❀

सड़क की तरफ़ का फाटक खुला पड़ा था और एक बहुत बड़ा, लम्बा चौड़ा आदमी मौज से सीटी बजाता, एक बड़ी सी बन्द गाड़ी में जुते हुए पसीने से तरबतर तीन घोड़ों की रास पकड़कर अहाते से बाहर लिये जा रहा था. मेरा दिल उछलने लगा.

"किसे लेकर आए थे तुम ?"

उसने मेरी तरफ़ मुड़कर अपनी बाँहों के नीचे से मुझे देखा और कोचवान की गद्दी पर चढ़कर जवाब दिया—"पादरी साहब को."

❀ बचपन में ही वालिद के इन्तक़ाल हो जाने के बाद गोर्की अपनी वालदा के साथ नाना नानी के पास रहने लगा था. उसके नाना रंगरेज़ थे और बड़े अच्छे मिज़ाज के थे. गोर्की की माँ कुछ दिन ही वहाँ रहकर कहीं बाहर चली गई और गोर्की अपनी प्यारी नानी के साये में रहकर पलने लगा.

میری ماں

شری گورکی

ایک روز سنیچر کے دن بہت سویرے میں پیتروونا کے سبزی کے کھیت میں بلبل پکڑنے کے لئے جا گھسا۔ وہاں میں بہت دیر تک رہا، کیونکہ وے اِتنی تیز تھیں کہ میرے جال میں پھنستی ہی نہیں تھیں۔ اُن کی خوبصورتی نے مجھے بری طرح سے لبھا لیا تھا۔ چاندی سے چمکتے جمے ہوئے برف پر وہ پھدکتی پھرتیں، اور برف سے ڈھکی ہوئی جھاڑیوں کی ڈالوں پر اُڑ کر جا بیٹھتی تھیں اور برف کا دودھیا برادہ سا چاروں طرف جھڑ اُٹھتا تھا۔ یہ سب مجھے اِتنا لبھاؤنا لگ رہا تھا کہ میں اپنی ناکامیابی کی پریشانی بھول گیا۔ یوں بھی میں شکار کے فن میں اُستاد نہیں تھا، کیونکہ دراصل اپنا شکار پانے سے زیادہ مجھے اُس کے پیچھے لگے پھرنے میں مزہ آتا تھا اور سب سے زیادہ مزہ چڑیوں کے طور طریقے جاننے اور اُن کے بارے میں سوچنے سمجھنے میں ملتا تھا۔ برف سے ڈھکے ہوئے ایک کھیت کے کنارے بیٹھے بیٹھے، اُس برفیلے دن کے گہرے سناٹے میں، چڑیوں کی چہچہاہٹ سننے میں میں مست تھا کہ کسی گاڑی کی گھنٹیوں کی ٹنٹناہٹ مجھے دور پر ہلکی سی سنائی دی، کسی پپیہے کے دلسوز گیت کی طرح۔

برف پر بیٹھا بیٹھا میں اکڑ سا گیا تھا اور مجھے لگا کہ میرے کان برف کے مارے جم سے گئے ہیں۔ اِس لئے جال اور پنجڑوں کو بٹور کر میں دیوار پر چڑھ باغیچے میں کود پڑا اور گھر آپہونچا۔❀

سڑک کی طرف کا پھاٹک کھلا پڑا تھا اور ایک بہت بڑا، لمبا چوڑا آدمی موج سے سیٹی بجاتا، ایک بڑی سی بند گاڑی میں جتے ہوئے پسینے سے تربتر تین گھوڑوں کی راس پکڑ کر احاطے سے باہر لئے جا رہا تھا۔ میرا دل اُچھلنے لگا۔

"کسے لیکر آئے تھے تم ؟"

اُس نے میری طرف مڑ کر اپنی بانہوں کے نیچے سے مجھے دیکھا اور کوچوان کی گدی پر چڑھکر جواب دیا—"پادری صاحب کو۔"

❀بچپن میں ہی والد کے اِنتقال ہوجانے کے بعد گورکی اپنی والدہ کے ساتھ نانا نانی کے پاس رہنے لگا تھا۔ اُس کے نانا رنگریز تھے اور بڑے اچھے مزاج کے تھے۔ گورکی کی ماں کچھ دن ہی وہاں رہ کر کہیں باہر چلی گئیں اور گورکی اپنی پیاری نانی کے سایہ میں رہ کر پلنے لگا۔

के तौर पर इंगलैन्ड में जो ऐडवर्ड छटे के नाम पर हुकूमत करता था उसने हुक्म दे दिया कि तमाम अंग्रेज़ी कौम प्रोटेस्टेंट मज़हब को माने और सारा इंगलिस्तान प्रोटेस्टेंट हो गया. इसके बाद मलका मेरी तख्त पर बैठी और गोया किसी ने जादू कर दिया. फ़ौरन तमाम इंगलिस्तान के लोग फिर से रोमन कैथोलिक हो गये. मलका मरी और पहिया फिर घूम गया. सारा इंगलिस्तान अब ऐंगलीकन मज़हब का मानने वाला हो गया. आजकल हम इस बात के सुनने के बहुत आदी हो गये हैं कि राज्य या बादशाह रिआया के मज़हब में कोई दख़ल नहीं देता. लेकिन हिटलर और उसके वारिस आजकल भी दुनिया को इस तरह की आज़ादी देने को तैयार नहीं हैं. सोलहवीं और सत्तरहवीं सदी में दुनिया के हर मुल्क के अन्दर राज को इससे गहरा ताल्लुक़ होता था कि रिआया किस मज़हब को मानती है. लेकिन हिन्दुस्तान में मुग़ल बादशाहों ने अपनी रिआया के मज़हबी विश्वास में दख़ल नहीं दिया और इस मामले में रिआया को आज़ाद छोड़ दिया था और इस बात में मुग़ल बादशाह अपने ज़माने के लिहाज़ से अपनी एक अलग मिसाल थे. सोलहवीं सदी ईसवी में एक दूसरे के बाद इंगलैन्ड के कई बादशाहों ने ऐक्ट्स आफ़ सुपरीमेसी और एक्ट्स आफ़ यूनिफ़ारमिटी नाम के कानून पास करके ज़बरदस्ती यह हुक्म दे दिया कि इंगलैन्ड के लाखों रोमन कैथोलिक अपने मज़हब को छोड़कर अपने गिरजों में बादशाह के मज़हब यानी प्रोटेस्टेंट मज़हब की लिखी हुई दुआएँ भी पढ़ा करें और हर मज़हबी बात में सब से बड़े पुरोहित पोप के बजाय प्रोटेस्टेन्ट बादशाही हुक्म मानें. इस शाही फ़रमान के न मानने पर हज़ारों रोमन कैथोलिक पादरियों को कड़ी सज़ाएँ दी गईं. इस तरह सन 1562 ईसवी में इंगलैंड में राज की तरफ़ से उन्तालीस मज़हबी उसूलों की एक फ़ेहरिस्त क़ानून की शकल में पास कर दी गई और उनमें से हर उसूल का मानना मुल्क के हर एक आदमी का क़ानूनी फ़र्ज़ बना दिया गया. यह बात भी याद रखनी चाहिये कि उस वक्त तक इंगलैंड के मुख़्तलिफ़ ज़िलों में पचास फ़ीसदी से लेकर नब्बे फ़ीसदी तक आबादी रोमन कैथोलिक थी. इन सब को ज़बरदस्ती अपना मज़हब छोड़कर उस वक्त के बादशाह का मज़हब मानना पड़ा. मुग़ल बादशाहों ने कभी इस तरह के कोई क़ानून जारी नहीं किये. और अपनी रियाया की बहुत बड़ी तादाद को, जो ग़ैर मुसलिम थी, मज़हब के मामले में पूरी तरह आज़ाद रखा. मुसलमानों के लिये भी किसी मुग़ल बादशाह ने या तो इसलाम छोड़कर दूसरा मज़हब अख़्तियार करने वालों को कभी कोई सज़ा दे दी या ज़्यादा से ज़्यादा यह हुक्म दे दिया कि आम रहन सहन में मुसलमान एक ख़ास ऊपरी तरीक़े की पाबन्दी करें, मसलन यह कि लोग शराब न पियें वग़ैरा.

کے طور پر انگلینڈ میں جو ایڈورڈ چھٹے کے نام پر حکومت کرتا تھا اُس نے حکم دے دیا کہ تمام انگریزی قوم پروٹسٹینٹ مذہب کو مانے اور سارا انگلستان پروٹسٹینٹ ہو گیا ۔ اِس کے بعد ملکہ میری تخت پر بیٹھی اور گویا کسی نے جادو کر دیا ۔ فوراً تمام انگلستان کے لوگ پھر سے رومن کیتھولک ہو گئے ۔ ملکہ مری اور پہیا پھر گھوم گیا ۔ سارا انگلستان اب اینگلیکن مذہب کا ماننے والا ہو گیا ۔ آجکل ہم اِس بات کے سننے کے بہت عادی ہو گئے ہیں کہ راج یا بادشاہ رعایا کے مذہب میں کوئی دخل نہیں دیتا ۔ لیکن ہٹلر اور اُس کے وارث آجکل بھی دنیا کو اِس طرح کی آزادی دینے کو تیار نہیں ہیں ۔ سولھویں اور سترھویں صدی میں دنیا کے ہر ملک کے اندر راج کو اِس سے گہرا تعلق ہوتا تھا کہ رعایا کس مذہب کو مانتی ہے ۔ لیکن ہندستان میں مغل بادشاہوں نے اپنی رعایا کے مذہبی وشواس میں دخل نہیں دیا اور اس معاملے میں رعایا کو آزاد چھوڑ دیا تھا اور اِس بات میں مغل بادشاہ اپنے زمانے کے لحاظ سے اپنی ایک الگ مثال تھے ۔ سولھویں صدی عیسوی میں ایک دوسرے کے بعد انگلینڈ کے کئی بادشاہوں نے ایکٹس آف سوپریمیسی اور ایکٹس آف یونیفارمٹی نام کے قانون پاس کر کے زبردستی یہ حکم دے دیا کہ انگلینڈ کے لاکھوں رومن کیتھولک اپنے مذہب کو چھوڑ کر اپنے گرجوں میں بادشاہ کے مذہب یعنی پروٹیسٹینٹ مذہب کی لکھی ہوئی دعائیں ہی پڑھا کریں اور ہر مذہبی بات میں سب سے بڑے پروہت پوپ کے بجائے پروٹیسٹینٹ بادشاہی حکم مانیں ۔ اِس شاہی فرمان کے نہ ماننے پر ہزاروں رومن کیتھولک پادریوں کو کڑی سزائیں دے گئیں ۔ اِس طرح سن 1562 عیسوی میں انگلینڈ میں راج کی طرف سے اُنتالیس مذہبی اصولوں کی ایک فہرست قانون کی شکل میں پاس کر دی گئی اور اُن میں سے ہر اُصول کا ماننا ملک کے ہر ایک آدمی کا قانونی فرض بنا دیا گیا ۔ یہ بات بھی یاد رکھنی چاہئے کہ اُس وقت تک انگلینڈ کے مختلف ضلعوں میں پچاس فیصدی سے لیکر نبّے فیصدی تک آبادی رومن کیتھولک تھی ۔ اِن سب کو زبردستی اپنا مذہب چھوڑ کر اُس وقت کے بادشاہ کا مذہب ماننا پڑا ۔ مغل بادشاہوں نے کبھی اِس طرح کے کوئی قانون جاری نہیں کئے ۔ اور اپنی رعایا کی بہت بڑی تعداد کو، جو غیر مسلم تھی، مذہب کے معاملے میں پوری طرح آزاد رکھا ۔ مسلمانوں کے لئے بھی کسی مغل بادشاہ نے یا تو اِسلام چھوڑ کر دوسرا مذہب اختیار کرنے والوں کو کبھی کوئی سزا دے دی یا زیادہ سے زیادہ یہ حکم دے دیا کہ عام رہن سہن میں مسلمان ایک خاص اوپری طریقے کی پابندی کریں، مثلاً یہ کہ لوگ شراب نہ پیئیں، وغیرہ ۔

को मानने से इन्कार कर दिया क्योंकि उस वक्त वह ख़ुद दुनिया भर में सबसे बड़ा हाकिम था. अपने को ख़लीफ़ा का नाइब मानने से कुछ दिनों तक यहाँ के बादशाहों का काम जरूर चल गया लेकिन उससे इस बात का कोई क़ायदा न बन पाया कि एक बादशाह के बाद तख्त का हक़दार कौन और कैसे हो. इस बारे में न कोई क़ानून था और न पुराने बादशाहों के अमल से कोई मदद मिल सकती थी. क़ुदरती नतीजा यह था कि क़रीब क़रीब बादशाहों के मरने के वक्त तख्त के लिये खासी गरमा गरमी और भाग दौड़ दिखाई देती है. जिस वक्त बाबर मौत के बिस्तर पर पड़ा हुआ था उसका वज़ीर आज़म इस फ़िक्र और साज़िश में लगा हुआ था कि हुमायूँ को किस तरह तख्त से अलग किया जावे. हुमायूँ की मौत इतनी अचानक हुई और हिन्दुस्तान में मुग़लों की हालत उस वक्त इतनी नाज़ुक थी कि उस वक्त तख्त के लिये ज्यादा झगड़ा न हो पाया. अकबर की मौत के बाद जहाँगीर तख्त पर बैठा लेकिन जहाँगीर के सब से बड़े बेटे ख़ुसरो ने अपने बाप के उस हक़ के ख़िलाफ़ हाथ पैर मारे. जहाँगीर की हुकूमत के आखिरी दिनों में तख्त के लिये तरह तरह की भद्दी साज़िशें हुईं. जहाँगीर के मरने के वक्त शाहजहाँ दकन में था इसलिये शाहजहाँ के लिये तख्त को तैयार रखने की ग़रज़ से बदक़िस्मत बुलाक़ी को चुना गया. शाहजहाँ के पहुँचते ही बुलाक़ी मार डाला गया और तख्त के दूसरे दावेदारों के ख़ून में से अपना रास्ता बनाकर शाहजहाँ बाप के तख्त पर बैठा. औरंगज़ेब ने शाहजहाँ से बदला चुकाया. उसने शाहजहाँ को क़ैद करके शाहजहाँ की ज़िन्दगी में शाहजहाँ के नाम पर नहीं बल्कि ख़ुद अपने नाम पर बादशाहत करनी शुरू की. इस सबसे ज़ाहिर होता है कि इस ज़माने के बारे में मुसलमानों में जो आम ख्याल था इसी से मिलता जुलता मुग़लों का अमल था. यह बात नहीं थी कि एक बादशाह के बाद दूसरे को गद्दी मिलने का कोई माना हुआ क़ानून या रिवाज रहा हो और किसी ने ज़बरदस्ती बग़ावत करके उसे तोड़ा हो, बल्कि जो कुछ होता था वह एक मामूली चीज़ थी और इसलिये होता था कि इस मामले में कोई ख़ास क़ानून पहले से नहीं था.

यह भी याद रखना ज़रूरी है कि मुग़ल बादशाहों ने रियाया को अपनी मरज़ी के मुताबिक़ आज़ाद ज़िन्दगी बसर करने की बहुत बड़ी आज़ादी दे रखी थी. उसमें बादशाह कोई दख़ल न देता था. यह वह ज़माना था जब यूरप में वे बादशाह भी जो बिल्कुल ख़ुदमुख्तार थे और वे भी जिनके यहाँ पार्लीमेंट बनी हुई थी, दोनों अपनी अपनी रियाया को साफ़-साफ़ यह हुक्म देते थे कि रियाया इस ख़ास क़िस्म के मज़हबी अक़ीदों (विश्वासों) को माने और उसके ख़िलाफ़ किसी दूसरे अक़ीदों को न माने. मिसाल

کو ماننے سے انکار کر دیا کیونکہ اُس وقت وہ خود دنیا بھر میں سب سے بڑا حاکم تھا۔ اپنے کو خلیفہ کا نائب ماننے سے کچھ دنوں تک یہاں کے بادشاہوں کا کام ضرور چل گیا لیکن اُس سے اِس بات کا کوئی قاعدہ نہ بن پایا کہ ایک بادشاہ کے بعد تخت کا حقدار کون اور کیسے ہو۔ اِس بارے میں نہ کوئی قانون تھا اور نہ پرانے بادشاہوں کے عمل سے کوئی مدد مل سکتی تھی۔ قدرتی نتیجہ یہ تھا کہ قریب قریب بادشاہوں کے مرنے کے وقت تخت کے لئے خاصی گرما گرمی اور بھاگ دوڑ دکھائی دیتی ہے۔ جس وقت بابر موت کے بستر پر پڑا ہوا تھا اُس کا وزیراعظم اِس فکر اور سازش میں لگا ہوا تھا کہ ہمایوں کو کسی طرح تخت سے الگ کیا جاوے۔ ہمایوں کی موت اتنی اچانک ہوئی اور ہندستان میں مغلوں کی حالت اُس وقت اتنی نازک تھی کہ اُس وقت تخت کے لئے زیادہ جھگڑا نہ ہو پایا۔ اکبر کی موت کے بعد جہانگیر تخت پر بیٹھا لیکن جہانگیر کے سب سے بڑے بیٹے خسرو نے اپنے باپ کے اُس حق کے خلاف ہاتھ پیر مارے۔ جہانگیر کی حکومت کے آخری دنوں میں تخت کے لئے طرح طرح کی بھدی سازشیں ہوئیں۔ جہانگیر کے مرنے کے وقت شاہ جہاں دکن میں تھا اِس لئے شاہ جہاں کے لئے تخت کو تیار رکھنے کی غرض سے بدقسمت بلاقی کو چنا گیا۔ شاہجہاں کے پہنچتے ہی بلاقی مار ڈالا گیا اور تخت کے دوسرے دعویداروں کے خون میں سے اپنا راستہ بناکر شاہ جہاں باپ کے تخت پر بیٹھا۔ اورنگزیب نے شاہجہاں سے بدلہ چکایا۔ اُس نے شاہجہاں کو قید کر کے شاہ جہاں کی زندگی میں شاہ جہاں کے نام پر نہیں بلکہ خود اپنے نام پر بادشاہت کرنی شروع کی۔ اِس سب سے ظاہر ہوتا ہے کہ اِس زمانے کے بارے میں مسلمانوں میں جو عام خیال تھا اِسی سے ملتا جلتا مغلوں کا عمل تھا۔ یہ بات نہیں تھی کہ ایک بادشاہ کے بعد دوسرے کو گدی ملنے کا کوئی مانا ہوا قانون یا رواج رہا ہو اور کسی نے زبردستی بغاوت کر کے اُسے توڑا ہو، بلکہ جو کچھ ہوتا تھا وہ ایک معمولی چیز تھی اور اِس لئے ہوتا تھا کہ اِس معاملے میں کوئی خاص قانون پہلے سے نہیں تھا۔

یہ بھی یاد رکھنا ضروری ہے کہ مغل بادشاہوں نے رعایا کو اپنی مرضی کے مطابق آزاد زندگی بسر کرنے کی بہت بڑی آزادی دے رکھی تھی۔ اُس میں بادشاہ کوئی دخل نہ دیتا تھا۔ یہ وہ زمانہ تھا جب یورپ میں وے بادشاہ بھی جو بالکل خود مختار تھے اور وے بھی جن کے یہاں پارلیمینٹ بنی ہوئی تھی، دونوں اپنی اپنی رعایا کو صاف صاف یہ حکم دیتے تھے کہ رعایا اِس خاص قسم کے مذہبی عقیدوں (وشواسوں) کو مانے اور اُس کے خلاف کسی دوسرے عقیدوں کو نہ مانے۔ مثال

हैसियत से काम कर रहा हूँ, लेकिन इसलाम उससे क्या चाहता है इसका वह ख़ुद फैसला करता था. मुग़ल राज में एक ऐसी शख्सी हुकूमत थी जिसमें उसूल के तौर पर भी और अमली तौर पर भी लोगों को अपनी मरज़ी के मुताबिक़ आज़ाद ज़िन्दगी बसर करने का एक बहुत बड़ा मैदान छूटा हुआ था.

लेकिन इस बारे में एक बात याद रखनी चाहिये. कई बातों में मुग़ल बादशाह के अख्तयार बँधे हुए थे. फिर भी अगर कोई बादशाह उन हदों से बढ़ जाने का फैसला कर लेता था तो राज के तौर तरीक़ों में पार्लमिन्ट या असेम्बली या कौंसिल जैसी कोई ऐसी चीज़ मौजूद नहीं थी जो बादशाह को ऐसा करने से रोक सके. बादशाह की किसी पालिसी के साथ अपनी नाराज़गी ज़ाहिर करने का रियाया के पास सिर्फ एक तरीक़ा था और वह था बग़ावत करने का तरीक़ा. वह तरीक़ा उन दिनों हमेशा ठीक तरीक़ा माना जाता था. मसलन उस ज़माने में इंगलैंड के बादशाह के ख़िलाफ़ इस तरह की बग़ावत एक मज़हबी गुनाह समझा जाता था. हिन्दुस्तान में यह बात नहीं थी. इसके अलावा शुरू शुरू ज़माने के मुसलिम क़ानून में बादशाह के बारे में कोई ऐसा क़ायदा नहीं था कि किसी बादशाह के बाद गद्दी उसके लड़के ही को मिले. शुरू के मुसलमान बादशाहों ने अपने अमल में भी इस तरह का कोई क़ायदा नहीं माना. यह सही है कि शीओं ने इस तरह का दावा किया था और इसी वजह से शीओं और सुन्नियों में फ़र्क़ पड़ गया. मिस्र में ख़लीफ़ा ही मुसलमानों का हाकिम होता था. ख़लीफ़ा को मुसलमान अपने में से चुनते थे. शीओं को छोड़कर क़ुरान या हदीस में किसी ने भी बेटे को बाप की गद्दी पर बैठने के हक़ या उसूल को नहीं माना. यहाँ तक कि बादशाहत के मामले में मुसलमानों में कोई ख़ास क़ानून एक के बाद दूसरे के गद्दी पर बैठने का है ही नहीं. बादशाहत के लिये किसी इनसान का ज़ाती हक़ इसलाम नहीं मानता. इसलाम के मुताबिक़ बादशाहत किसी की ज़ाती मिल्कियत नहीं होती और न किसी की बपौती हो सकती है. क़ुदरती तौर पर तख्त का कौन हक़दार है और कौन नहीं, इस पर न किसी क़ानून की ज़रूरत थी और न कोई क़ानून माना जा सकता था. हिन्दुस्तान में शुरू के मुसलमान बादशाहों ने इस मुश्किल काम को इस तरह हल किया कि उन्होंने कम से कम कहने के लिये अपने को ख़ुदमुख़्तार बादशाह नहीं माना. वे कहते थे कि हम अपने किसी ज़ाती हक़ से बादशाहत नहीं कर रहे हैं बल्कि उस दूसरे बैठे हुए मुसलिम बादशाह के मुक़र्रर किये हुए अफ़सर या नाइब की हैसियत से काम कर रहे हैं जो अपने को ख़लीफ़ा कहता है. बाबर और उसके बाद के बादशाहों ने इसलिये इस पुरानी फ़र्ज़ी रस्म

حیثیت سے کام کر رہا ہوں، لیکن اسلام اُس سے کیا چاہتا ہے اِس کا وہ خود فیصلہ کرتا تھا۔ مغل راج میں ایک ایسی شخصی حکومت تھی جس میں اُصول کے طور پر بھی اور عملی طور پر بھی لوگوں کو اپنی مرضی کے مطابق آزاد زندگی بسر کرنے کا ایک بہت بڑا میدان چھوٹا ہوا تھا۔

لیکن اِس بارے میں ایک بات یاد رکھنی چاہئے۔ کئی باتوں میں مغل بادشاہ کے اختیار بندھے ہوئے تھے۔ پھر بھی اگر کوئی بادشاہ اُن حدوں سے بڑھ جانے کا فیصلہ کر لیتا تھا تو راج کے طور طریقوں میں پارلیمنٹ یا اسمبلی یا کونسل جیسی کوئی ایسی چیز موجود نہیں تھی جو بادشاہ کو ایسا کرنے سے روک سکے۔ بادشاہ کی کسی پالیسی کے ساتھ اپنی ناراضگی ظاہر کرنے کا رعایا کے پاس صرف ایک طریقہ تھا اور وہ تھا بغاوت کرنے کا طریقہ۔ وہ طریقہ اُن دنوں ہمیشہ ٹھیک طریقہ مانا جاتا تھا۔ مثلاً اُس زمانے میں انگلینڈ کے بادشاہ کے خلاف اِس طرح کی بغاوت ایک مذہبی گناہ سمجھا جاتا تھا۔ ہندستان میں یہ بات نہیں تھی۔ اِس کے علاوہ شروع شروع زمانے کے مسلم قانون میں بادشاہ کے بارے میں کوئی ایسا قاعدہ نہیں تھا کہ کسی بادشاہ کے بعد گدی اُس کے لڑکے ہی کو ملے۔ شروع کے مسلمان بادشاہوں نے اپنے عمل میں بھی اِس طرح کا کوئی قاعدہ نہیں مانا۔ یہ صحیح ہے کہ شیعوں نے اِس طرح کا دعویٰ کیا تھا اور اِسی وجہ سے شیعوں اور سنیوں میں فرق پڑ گیا۔ مصر میں خلیفہ ہی مسلمانوں کا حاکم ہوتا تھا۔ خلیفہ کو مسلمان اپنے میں سے چنتے تھے۔ شیعوں کو چھوڑ کر قرآن یا حدیث میں کسی نے بھی بیٹے کو باپ کی گدی پر بیٹھنے کے حق یا اُصول کو نہیں مانا۔ یہاں تک کہ بادشاہت کے معاملے میں مسلمانوں میں کوئی خاص قانون ایک کے بعد دوسرے کے گدی پر بیٹھنے کا ہے ہی نہیں۔ بادشاہت کے لئے کسی انسان کا ذاتی حق اِسلام نہیں مانتا۔ اسلام کے مطابق بادشاہت کسی کی ذاتی ملکیت نہیں ہوتی اور نہ کسی کی باپوتی ہو سکتی ہے۔ قدرتی طور پر تخت کا کون حقدار ہے اور کون نہیں، اِس پر نہ کسی قانون کی ضرورت تھی اور نہ کوئی قانون مانا جا سکتا تھا۔ ہندستان میں شروع کے مسلمان بادشاہوں نے اِس مشکل کام کو اِس طرح حل کیا کہ اُنھوں نے کم سے کم کہنے کے لئے اپنے کو خودمختار بادشاہ نہیں مانا۔ وے کہتے تھے کہ ہم اپنے کسی ذاتی حق سے بادشاہت نہیں کر رہے ہیں بلکہ اُس دوسرے بیٹھے ہوئے مسلم بادشاہ کے مقرر کئے ہوئے افسر یا نائب کی حیثیت سے کام کر رہے ہیں جو اپنے کو خلیفہ کہتا ہے۔ بابر اور اُس کے بعد کے بادشاہوں نے اِس لئے اِس پرانی فرضی رسم

बातों में मुग़ल बादशाह इसलाम के एजेन्टों की तरह भी काम करते थे. यहाँ एक उसूल की बात है. मुग़ल बादशाह और सबसे ज़्यादा औरंगज़ेब, इसलाम के एजेंट से ज़्यादा और कुछ न थे. अकबर इस बात के कहने में फ़ख़ करता था कि मेरी फ़तहों से इसलाम के उसूल दूर दूर तक फैलते हैं और इसलाम के पैग़म्बर का हुक्म उन मुल्कों तक पहुँचता है जहाँ पहले कभी पैग़म्बर का नाम भी नहीं सुनाया गया था.

जहाँगीर और शाहजहाँ दोनों अपने को सच्चे दीन के रक्षक मानते थे और दीन के जायज़ हक़ का ख़्याल रखते थे. औरंगज़ेब की सबसे बड़ी ख़ाहिश यह थी कि न सिर्फ़ मुसलमानों बल्कि कम से कम बाहर के रहन सहन में ग़ैर मुसलमानों में भी मुसलिम रहन सहन को बढ़ाया जाय. साथ ही औरंगज़ेब को भी इस मामले में ईसाइयों के साथ यह रियायत करनी पड़ी थी. उन्हें शराब पीने की इजाज़त दी गई थी जबकि बाक़ी तमाम रियाया के लिये शराब पीना क़ानूनन मना था. लेकिन इसलामी हुकूमत के वे उसूल जो ख़ासकर क़ुरान पर नहीं बल्कि बाद के मुसलिम बादशाहों के रिवाजों और ईरान के ग़ैर मुसलिम बादशाहों की रिवायतों पर ढाल लिये गये थे आसानी से हिन्दुस्तान में न चल सकते थे. एक सवाल यह था कि हिन्दुस्तान दारुल-इसलाम है, या दारुलहरब. दारुलइसलाम के माने हैं मुसलमानों का घर और दारुलहरब के माने हैं मुसलमानों के हमले की जगह. इस तरह के सीधे सादे मामले में भी औरंगज़ेब जैसे बादशाह के लिये भी उन मुसलिम रिवाजों को जो हिन्दुस्तान के बाहर चलते थे हिन्दुस्तान में जारी करना नामुमकिन था. इससे पहले के हिन्दुस्तान के मुसलिम बादशाहों ने कभी-कभी मुसलिम शरअ या मुसलिम रिवाज के ख़िलाफ़ अमल करने की भी हिम्मत न की थी. मालुम होता है कि इसलाम के हिन्दुस्तान आने के शुरू के दिनों में ही यह बात समझ ली गई थी कि तमाम हिन्दुस्तान को इसलाम का अपनाना नामुमकिन है. यह मामला यहीं पर रह गया और इसकी वजह से हिन्दुस्तान के अन्दर इसलामी क़ानून और इसलामी रिवाज में काफ़ी तब्दीलियाँ करनी पड़ीं. इसका क़ुदरती नतीजा यह हुआ कि यह उसूल बिल्कुल ख़त्म हो गया कि हिन्दुस्तान में यहाँ के मुसलमान बादशाह मज़हबे इसलाम के महज़ एजेन्ट बनकर हुकूमत करें.

अब हम फिर यह देखना चाहते हैं कि मुग़लों की हुकूमत का ढंग क्या था. मुग़ल हुकूमत यानी शख़्सी हुकूमत यानी एक आदमी की हुकूमत तो थी ही लेकिन वह एक हद के अन्दर ही शख़्सी हुकूमत थी. बादशाह आम तौर पर यह दावा करता था कि मैं इसलाम के एक एजेन्ट की

باتوں میں مغل بادشاہ اِسلام کے ایجنٹوں کی طرح بھی کام کرتے تھے. یہاں ایک اُصول کی بات ھے. مغل بادشاہ اور سب سے زیادہ اورنگزیب اسلام کے ایجنٹ سے زیادہ اور کچھ نہ تھے. اکبر اِس بات کے کہنے میں فخر کرتا تھا کہ میری فتحوں سے اِسلام کے اُصول دور دور تک پھیلتے ھیں اور اِسلام کے پیغمبر کا حکم اُن ملکوں تک پہنچتا ھے جہاں پہلے کبھی پیغمبر کا نام بھی نہیں سنایا گیا تھا .

جہانگیر اور شاہجہاں دونوں اپنے کو سچے دین کے رکشک مانتے تھے اور دین کے جائز حق کا خیال رکھتے تھے . اورنگزیب کی سب سے بڑی خواھش یہ تھی کہ نہ صرف مسلمانوں بلکہ کم سے کم باھر کے رھن سھن میں غیر مسلمانوں میں بھی مسلم رھن سھن کو بڑھایا جائے . ساتھ ھی اورنگزیب کو بھی اِس معاملے میں عیسائیوں کے ساتھ یہ رعایت کرنی پڑی تھی . اُنھیں شراب پینے کی اجازت دے گئی تھی جب کہ باقی تمام رعایا کے لئے شراب پینا قانوناً منع تھا . لیکن اِسلامی حکومت کے وے اُصول جو خاص کر قرآن پر نہیں بلکہ بعد کے مسلم بادشاھوں کے رواجوں اور ایران کے غیر مسلم بادشاھوں کی رعایتوں پر ڈھال لئے گئے تھے آسانی سے ھندستان میں نہ چل سکتے تھے . ایک سوال یہ تھا کہ ھندستان دارالسلام ھے، یا دارالحرب . دارالسلام کے معنے ھیں مسلمانوں کا گھر اور دارالحرب کے معنے ھیں مسلمانوں کے حملے کی جگہہ . اِس طرح کے سیدھے سادے معاملے میں بھی اورنگزیب جیسے بادشاہ کے لئے بھی اُن مسلم رواجوں کو جو ھندستان کے باھر چلتے تھے ھندستان میں جاری کرنا ناممکن تھا . اُس سے پہلے کے ھندستان کے مسلم بادشاھوں نے کبھی کبھی مسلم شرع یا مسلم رواج کے خلاف عمل کرنے کی بھی ھمت نہ کی تھی . معلوم ھوتا ھے کہ اِسلام کے ھندستان آنے کے شروع کے دنوں میں ھی یہ بات سمجھ لی گئی تھی کہ تمام ھندستان کو اِسلام کا اپنانا ناممکن ھے . یہ معاملہ یہیں پر رہ گیا اور اِس کی وجہ سے ھندستان کے اندر اِسلامی قانون اور اِسلامی رواج میں کافی تبدیلیاں کرنی پڑیں . اِس کا قدرتی نتیجہ یہ ھوا کہ یہ اُصول بالکل ختم ھو گیا کہ ھندستان میں یہاں کے مسلمان بادشاہ مذھب اِسلام کے محض ایجنٹ بن کر حکومت کریں .

اب ھم پھر یہ دیکھنا چاھتے ھیں کہ مغلوں کی حکومت کا ڈھنگ کیا تھا . مغل حکومت یعنی شخصی حکومت یعنی ایک آدمی کی حکومت تو تھی ھی لیکن وہ ایک حد کے اندر ھی شخصی حکومت تھی . بادشاہ عام طور پر یہ دعویٰ کرتا تھا کہ میں اِسلام کے ایک ایجنٹ کی

लिया था. सद्रुलसद्र राज का ख़ास आलिम होता था. शायद मुल्क भर में वह शरअ का सब से ज़्यादा जानने वाला समझा जाता था और मुमकिन है कि शरअ पर सब से ज़्यादा वाक़िफ़ भी वही हो. सब मुग़ल बादशाहों ने शरअ का मतलब ऐलान करने का पूरा हक़ सद्र को दे रखा था. सिर्फ़ अकबर ने यह हक़ अपने हाथ में लिया था कि जब कभी उलमाओं की राय न मिलती थी तो बादशाह आदिल की हैसियत से .ख़ुद उनमें से जिस राय को ठीक समझे उसी पर अमल करे. लेकिन इस ऐलान पर भी अकबर उस वक़्त तक अमल न कर सका जब तक उसने अपने पुराने सद्रुलसद्र को निकालकर उसकी जगह दूसरा सद्र मुक़र्रर न कर लिया. अब्दुल नबी को निकालकर उसकी जगह सद्रजहाँ को मुक़र्रर किया गया. उलमाओं के फ़तवे का ऐलान भी तब तक नहीं हो सका जब तक कि सद्रुलसद्र ने ख़ासकर दस्तख़त नहीं कर दिया. यह एक अजीब सूरत थी. सद्रुलसद्र जब तक सद्रुलसद्र रहता था तब तक सिर्फ़ उसे ही यह ऐलान करने का हक़ था कि शरअ का हुक्म क्या है. लेकिन बादशाह सद्र को मुक़र्रर और बरख़ास्त कर सकता था. वह बादशाह के मातेहत न था पर बादशाह उसे निकाल सकता था. औरंगज़ेब के तख़्त पर बैठने के वक़्त इसकी बहुत अच्छी मिसाल देखने को मिली. सद्रुलसद्र ने शाहजहाँ के ज़िन्दा रहते हुए औरंगज़ेब को बादशाह क़रार देने से इनकार कर दिया. औरंगज़ेब को उसे बरख़ास्त करके दूसरा सद्र मुक़र्रर करना पड़ा. इस दूसरे सद्र ने पहले ही से यह राय ज़ाहिर कर दी थी कि चूँकि शाहजहाँ क़ैद में होने की वजह से काम करने के क़ाबिल नहीं इसलिये उसके ज़िन्दा रहते हुए भी औरंगज़ेब के नाम का .ख़ुतबा पढ़ा जा सकता है. इस तरह मुग़ल बादशाहों के लिये अपने किसी काम को ठीक साबित करने के लिये यह लाज़िमी था कि वह कोई न कोई ऐसा आलिम ढूँढ लें जो सद्रुलसद्र बनकर बादशाह के काम को जायज़ क़रार दे सके. औरंगज़ेब के ज़माने में एक और तरह से यह चमक गया कि शरअ के मामले में बादशाह किस तरह दूसरे के मातेहत था. कुछ अफ़सर इस काम के लिये मुक़र्रर किये गये थे जो रियाया को इजाज़त देते थे कि वे अगर बादशाह के ख़िलाफ़ कोई नालिश करना चाहें तो कर सकें. यह अफ़सर वकलाए शरअ कहलाते थे. यह मुक़दमे बादशाह के ख़िलाफ़ उस तरह के ज़ाती मामलों में दायर किये जा सकते थे जिस तरह कि अंग्रेज़ी क़ानून में पेटन्ट्स-आफ़-राइट के मातेहत दायर किया जाता था. औरंगज़ेब की हुकूमत की पालिसी से इनका कोई ताल्लुक़ नहीं था और न कोई उसके मुताबिक़ मुल्क के राज काज में दख़ल दे सकता था.

मुग़ल सल्तनत मज़हबी सल्तनत तो नहीं थी, लेकिन कई

ما تھا۔ صدر الصدر راج کا خاص عالم ہوتا تھا۔ شاید ملک بھر میں وہ شرع کا سب کے زیادہ جاننے والا سمجھا جاتا تھا اور ممکن ھے کہ شرع پر سب سے زیادہ واقف بھی وھی ھو۔ سب مغل بادشاھوں نے شرع کا مطلب اعلان کرنے کا پورا حق صدر کو دے رکھا تھا ۔ صرف اکبر نے یہ حق اپنے ھاتھ میں لیا تھا کہ جب کبھی علماؤں کی رائے نہ ملتی تھی تو بادشاہ عادل کی حیثیت سے خود اُن میں سے جس رائے کو ٹھیک سمجھے اُسی پر عمل کرے ۔ لیکن اِس اعلان پر بھی اکبر اُس وقت تک عمل نہ کر سکا جب تک اُس نے اپنے پرانے صدر الصدر کو نکال کر اُس کی جگہہ دوسرا صدر مقرر نہ کر لیا۔ عبدالنبی کو نکال کر اُس کی جگہہ صدر جہاں کو مقرر کیا گیا ۔ علماؤں کے فتوے کا اعلان بھی تب تک نہیں ھو سکا جب تک کہ صدرالصدر نے خاص کر دستخط نہیں کر دیا ۔ یہ ایک عجیب صورت تھی ۔ صدرالصدر جب تک صدر الصدر رھتا تھا تب تک صرف اُسے ھی یہ اعلان کرنے کا حق تھا کہ شرع کا حکم کیا ھے ۔ لیکن بادشاہ صدر کو مقرر اور برخاست کر سکتا تھا ۔ وہ بادشاہ کے ماتحت نہ تھا پر بادشاہ اُسے نکال سکتا تھا ۔ اورنگزیب کے تخت پر بیٹھنے کے وقت اِس کی بہت اچھی مثال دیکھنے کو ملی ۔ صدر الصدر نے شاہجہاں کے زندہ رھتے ھوئے اورنگزیب کو بادشاہ قرار دینے سے انکار کر دیا ۔ اورنگزیب کو اُسے برخاست کر کے دوسرا صدر مقرر کرنا پڑا ۔ اِس دوسرے صدر نے پہلے ھی سے یہ رائے ظاھر کر دی تھی کہ چونکہ شاہجہاں قید میں ھونے کی وجہ سے کام کرنے کے قابل نہیں اِس لئے، اُس کے زندہ رھتے ھوئے بھی اورنگزیب کے نام کا خطبہ پڑھا جا سکتا ھے ۔ اِس طرح مغل بادشاھوں کے لئے اپنے کسی کام کو ٹھیک ثابت کرنے کے لئے یہ لازمی تھا کہ وہ کوئی نہ کوئی ایسا عالم ڈھونڈھ لیں جو صدرالصدر بن کر بادشاہ کے کام کو جائز قرار دے سکے ۔ اورنگزیب کے زمانے میں ایک اور طرح سے یہ چمک گیا کہ شرع کے معاملے میں بادشاہ کس طرح دوسرے کے ماتحت تھا ۔ کچھ افسر اِس کام کے لئے مقرر کئے گئے تھے جو رعایا کو اجازت دیتے تھے کہ وے اگر بادشاہ کے خلاف کوئی نالش کرنا چاھیں تو کر سکیں ۔ یہ افسر وکلا شرع کہلاتے تھے ۔ یہ مقدمے بادشاہ کے خلاف اُس طرح کے ذاتی معاملوں میں دائر کئے جاسکتے تھے جس طرح کہ انگریزی قانون میں پیٹینٹس آف رائٹ کے ماتحت دائر کیا جاتا تھا ۔ اورنگزیب کی حکومت کی پالسی سے اِن کا کوئی تعلق نہیں تھا اور نہ کوئی اُس کے مطابق ملک کے راج کاج میں دخل دے سکتا تھا ۔

مغل سلطنت مذھبی سلطنت تو نہیں تھی، لیکن کئی

जान बख़्श देने के बजाय उसे क़ाज़ी के पास हुक्म के लिए भेज दिया. औरंगज़ेब का ज़माना मुसलमानों के पूरे ज़ोर का ज़माना था और औरंगज़ेब ख़ुशी से मुसलमानों के फ़ैसले के आगे सर झुका देता था.

अब यह सवाल पैदा होता है कि मुग़ल राज मज़हबी राज था. मुग़ल राज से पहले के यानी शुरू ज़माने के मुसलिम बादशाहों का अमल चाहे कैसा भी रहा हो मुग़लों की हुकूमत इसलामी या मज़हबी नहीं कही जा सकती. मज़हबी हुकूमत का मतलब यह है कि हुकूमत यानी सरकार पुरोहितों, पादरियों या मुल्लाओं के मातेहत हो. इसलाम ने ईसाई चर्च की तरह कभी मुसलिम मुल्लाओं का इजतमा नहीं खड़ा किया. इसलाम में कभी भी कोई ख़ास पुरोहित यानी मज़हबी रस्में अदा करने कराने वाली कोई ख़ास जमाअत नहीं रही. मज़हबी तौर पर इसलाम में कभी भी कोई ख़ास छोटे बड़े पुरोहित या पादरी नहीं हुए. इसलिये मज़मून में मज़हबी हुकूमत मुसलिम राज में हो ही नहीं सकती थी जबकि किसी को किसी वक़्त भी शरअ का ऐसा मतलब बता देने का हक़ नहीं था जिसमें ग़ल्ती न हो सके. मुसलमानों में ख़लीफ़ा हुए हैं. कभी कभी एक साथ एक से ज़्यादा भी ख़लीफ़ा हुए हैं. लेकिन ख़लीफ़ा उन मानों में मुसलमानों का रूहानी हाकिम नहीं होता था जिन मानों में अभी तक पोप कैथॉलिक ईसाइयों का रूहानी हाकिम है. जिस तरह पोप को ईसाई धर्म के मामलों में इस तरह के हुक्म जारी करने का हक़ है जिनका मानना हर ईसाई का फ़र्ज़ है उस तरह ख़लीफ़ा को कभी आम मुसलमानों के लिये हुक्म जारी करने का हक़ हासिल नहीं हुआ. इसलाम अभी तक मज़हबी मामलों में सिर्फ़ एक ही चीज़ को सनद मानता है और वह है रसूल की हदीसों और सहाबा की ज़िन्दगी के वाक़यों की रोशनी में क़ुरान का हुक्म. उसमें सिर्फ़ एक तब्दीली मान ली गई थी. वह यह कि तमाम मुसलिम दुनिया मिलकर जिस चीज़ को जायज़ कह दे वह जायज़ है.

जबकि सब जगह इसलाम की सूरत यह थी तो हिन्दुस्तान में और ख़ासकर मुग़ल हिन्दुस्तान में तो यह और भी ज़्यादा ज़रूरी थी. इस मुल्क में हिन्दुस्तान की आबादी के एक बहुत बड़े हिस्से के साथ इसलाम को शरअ से कोई ताल्लुक़ नहीं था. जिस मुल्क में आबादी के इतने बड़े हिस्से को बड़े-बड़े मामलों में उनके अपने क़ानून के मातेहत छोड़ दिया गया था वहाँ इसलाम की कोई मज़हबी हुकूमत हो ही नहीं सकती थी. इस मामले में औरंगज़ेब ने भी कोई तब्दीली करने की कोशिश नहीं की.

लेकिन एक बात ऐसी थी कि जिस में मुग़ल राज ने एक मज़हबी आलिम के अख़्तियार को बहुत दर्जे तक मान

جان بخش دینے کے بجائے اُسے قاضی کے پاس حکم کے لئے بھیج دیا ۔ اورنگزیب کا زمانہ مسلمانوں کے پورے زور کا زمانہ تھا اور اورنگزیب خوشی سے مسلمانوں کے فیصلے کے آگے سر جھکا دیتا تھا ۔

اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ مغل راج مذہبی راج تھا۔ مغل راج سے پہلے کے یعنی شروع زمانے کے مسلم بادشاہوں کا عمل چاہے کیسا بھی رہا ہو مغلوں کی حکومت اِسلامی یا مذہبی نہیں کہی جا سکتی ۔ مذہبی حکومت کا مطلب یہ ہے کہ حکومت یعنی سرکار پروہتوں، پادریوں یا ملاؤں کے ماتحت ہو ۔ اِسلام نے عیسائی چرچ کی طرح کبھی مسلم ملاؤں کا اجتماع نہیں کھڑا کیا ۔ اِسلام میں کبھی بھی کوئی خاص پروہت یعنی مذہبی رسمیں ادا کرنے کرانے والی کوئی خاص جماعت نہیں رہی ۔ مذہبی طور پر اسلام میں کبھی بھی کوئی خاص چھوٹے بڑے پروہت یا پادری نہیں ہوئے ۔ اِس لئے مضمون میں مذہبی حکومت مسلم راج میں ہو ہی نہیں سکتی تھی جب کہ کسی کو کسی وقت بھی شرع کا ایک ایسا مطلب بتا دینے کا حق نہیں تھا جس میں غلطی نہ ہو سکے ۔ مسلمانوں میں خلیفہ ہوئے ہیں ۔ کبھی کبھی ایک ساتھ ایک سے زیادہ بھی خلیفہ ہوئے ہیں ۔ لیکن خلیفہ اُن معنوں میں مسلمانوں کا روحانی حاکم نہیں ہوتا تھا جن معنوں میں ابھی تک پوپ کیتھولک عیسائیوں کا روحانی حاکم ہے ۔ جس طرح پوپ کو عیسائی دھرم کے معاملوں میں اِس طرح کے حکم جاری کرنے کا حق ہے جن کا ماننا ہر عیسائی کا فرض ہے اُس طرح خلیفہ کو کبھی عام مسلمانوں کے لئے حکم جاری کرنے کا حق حاصل نہیں ہوا ۔ اسلام ابھی تک مذہبی معاملوں میں صرف ایک ہی چیز کو سند مانتا ہے اور وہ ہے رسول کی حدیثوں اور صحابہ کی زندگی کے واقعوں کی روشنی میں قرآن کا حکم ۔ اِس میں صرف ایک تبدیلی مان لی گئی تھی ۔ وہ یہ کہ تمام مسلم دنیا مل کر جس چیز کو جائز کہہ دے وہ جائز ہے ۔

جب کہ سب جگہہ اسلام کی صورت یہ تھی تو ہندستان میں اور خاص کر مغل ہندستان میں تو یہ اور بھی زیادہ ضروری تھی ۔ اِس ملک میں ہندستان کی آبادی کے ایک بہت بڑے حصے کے ساتھ اِسلام کو شرع سے کوئی تعلق نہیں تھا ۔ جس ملک میں آبادی کے اتنے بڑے حصے کو بڑے بڑے معاملوں میں اُن کے اپنے قانون کے ماتحت چھوڑ دیا گیا تھا وہاں اِسلام کی کوئی مذہبی حکومت ہو ہی نہیں سکتی تھی ۔ اِس معاملے میں اورنگزیب نے بھی کوئی تبدیلی کرنے کی کوشش نہیں کی ۔

لیکن ایک بات ایسی تھی کہ جس میں مغل راج نے ایک مذہبی عالم کے اختیار کو بہت درجے تک مان

किया जाता था कि जो मुसलमान मज़हबी जुर्म करेगा यानी अपने किसी मज़हबी फ़र्ज़ को पूरा नहीं करेगा उसपर ख़ास हालतों में शरअ के मुताबिक़ मुक़दमा नहीं चलाया जायगा. मानना पड़ता है कि मुग़ल बादशाहों ने इस मामले में लोगों को काफ़ी रियायत दे दी थी. बाज़ लोग समझते हैं कि इसकी पहल अकबर ने की थी लेकिन यह ग़लत है. अकबर से पहले अलाउद्दीन और मुहम्मद तुग़लक़ इसी तरह का आज़ाद ढंग अख़्तियार कर चुके थे. अकबर ने .ख़ुद अपने सुल्तान, आदिल या इमाम आदिल होने का जो फ़रमान उल्माओं को जमा करके उनसे जारी कराया था जिसके मुताबिक़ उल्माओं की एक दूसरे के ख़िलाफ़ दो रायों में किसी एक को ठीक ऐलान कर देने का अकबर को हक़ मिल गया था, जिसे योरप वाले ग़ल्ती से "इनफ़ालिएबिलिटि डिक्री" यानी 'बादशाह की मासूमियत का फ़रमान' कहते हैं, वह भी असल में मुसलिम शरअ को बदलने वाली चीज़ नहीं थी बल्कि एक बहुत बड़े दर्जे तक मुसलमानों को तसल्ली देने वाली चीज़ थी. अलाउद्दीन ने यह ऐलान कर दिया था कि "मैं शरअ का क़ानून नहीं जानता और इसलिये जो मेरा दिल कहता है वही करता हूँ" इसके ख़िलाफ़ अकबर का यही कहना था कि मैं जो करता हूँ शरअ के मुताबिक़ करता हूँ. सिर्फ़ शरअ के जानने वाले मुख़्तलिफ़ आलिमों की जो अलग अलग राय एक दूसरे के ख़िलाफ़ मौजूद हैं उनमें से मैं किसी एक राय को चुन लेता हूँ." इसका मतलब यह हुआ कि जहाँ तक उसूल की बात है अकबर ने भी शरअ को बदलने का अख़्तियार अपने हाथ में नहीं लिया. यह दूसरी बात है कि अमल में उसने शरअ के कुछ हुक्मों की परवाह नहीं की और उसका अमल किसी बात में शरअ के ख़िलाफ़ रहा.

औरंगज़ेब ने शरअ के बदलने के इस हक़ से बिलकुल ही हाथ खींच लिया. बार बार देखने में आता है कि औरंगज़ेब न सिर्फ़ दीवानी और फ़ौजदारी के मामले में ही शरै के आलिमों की राय लेता था बल्कि सरकारी टैक्स लगाने के मामले, तिजारत और व्योपार के क़ायदे क़ानून बनाने में भी वह अक्सर शरअ का हुक्म देखता था. अहमदाबाद में कुछ लोगों ने तार बनाने का काम अपने ही हाथों में ले रखा था. औरंगज़ेब ने आलिमों से सलाह कर इस इजारे को तोड़ दिया और सबको तार बनाने और बेचने की इजाज़त दे दी. एक मर्तबा औरंगज़ेब ने ग़ल्ला वग़ैरा का निर्ख़ बाँध देना चाहा लेकिन जैसे ही उसे मालूम हुआ कि ऐसा शरअ के ख़िलाफ़ है उसने अपनी कोशिश बन्द कर दी. उसे किसी के मुसलमान होने पर .ख़ुशी होती थी लेकिन फिर भी एक मर्तबा जब किसी आदमी ने, जिसे क़तल के मामले में मौत की सज़ा दी गई थी, मुसलमान हो जाने और जान बख़्शवाने की ख़्वाहिश ज़ाहिर की तो औरंगज़ेब ने उसकी

کیا جاتا تھا کہ جو مسلمان مذہبی جرم کریگا یعنی اپنے کسی مذہبی فرض کو پورا نہیں کرے گا اُس پر خاص حالتوں میں شرع کے مطابق مقدمہ نہیں چلایا جائیگا۔ ماننا پڑتا ہے کہ مغل بادشاہوں نے اِس معاملے میں لوگوں کو کافی رعایت دے دی تھی۔ بعض لوگ سمجھتے ہیں کہ اِس کی پہل اکبر نے کی تھی لیکن یہ غلط ہے۔ اکبر سے پہلے علاؤالدین اور محمد تغلق اِسی طرح کا آزاد ڈھنگ اختیار کر چکے تھے۔ اکبر نے خود اپنے سلطان عادل یا امام عادل ہونے کا جو فرمان علماؤں کو جمع کر کے اُن سے جاری کرایا تھا جس کے مطابق علماؤں کی ایک دوسرے کے خلاف دو رائیوں میں کسی ایک کو ٹھیک اعلان کر دینے کا اکبر کو حق مل گیا تھا، جسے یورپ والے غلطی سے "اِنفالئیبلیٹی ڈکری" یعنی 'بادشاہ کی معصومیت کا فرمان' کہتے ہیں، وہ بھی اصل میں مسلم شرع کو بدلنے والی چیز نہیں تھی بلکہ ایک بڑے درجے تک مسلمانوں کو تسلی دینے والی چیز تھی۔ علاؤالدین نے یہ اعلان کر دیا تھا کہ "میں شرع کا قانون نہیں جانتا اور اِس لئے جو میرا دل کہتا ہے وہی کرتا ہوں۔" اِس کے خلاف اکبر کا یہی کہنا تھا کہ "میں جو کرتا ہوں شرع کے مطابق کرتا ہوں۔ صرف شرع کے جاننے والے مختلف عالموں کی جو الگ الگ رائے ایک دوسرے کے خلاف موجود ہیں ان میں سے میں کسی ایک رائے کو چن لیتا ہوں۔" اِس کا مطلب یہ ہوا کہ جہاں تک اصول کی بات ہے اکبر نے بھی شرع کو بدلنے کا اختیار اپنے ہاتھ میں نہیں لیا۔ یہ دوسری بات ہے کہ عمل میں اُس نے شرع کے کچھ حکموں کی پرواہ نہیں کی اور اُس کا عمل کسی بات میں شرع کے خلاف رہا۔

اورنگزیب نے شرع کے بدلنے کے اِس حق سے بالکل ہی ہاتھ کھینچ لیا۔ بار بار دیکھنے میں آتا ہے کہ اورنگزیب نہ صرف دیوانی اور فوجداری کے معاملے میں ہی شرع کے عالموں کی رائے لیتا تھا بلکہ سرکاری ٹیکس لگانے کے معاملے، تجارت اور بیوپار کے قاعدے قانون بنانے میں بھی وہ اکثر شرع کا حکم دیکھتا تھا۔ احمدآباد میں کچھ لوگوں نے تار بنانے کا کام اپنے ہی ہاتھوں میں لے رکھا تھا۔ اورنگزیب نے عالموں سے صلاح کر اِس اجارے کو توڑ دیا اور سب کو تار بنانے اور بیچنے کی اجازت دے دی۔ ایک مرتبہ اورنگزیب نے غلہ وغیرہ کا نرخ باندھ دینا چاہا لیکن جیسے ہی اُسے معلوم ہوا کہ ایسا شرع کے خلاف ہے اُس نے اپنی کوشش بند کر دی۔ اُسے کسی کے مسلمان ہونے پر خوشی ہوتی تھی لیکن پھر بھی ایک مرتبہ جب کسی آدمی نے، جسے قتل کے معاملے میں موت کی سزا دی گئی تھی، مسلمان ہو جانے اور جان بخشوانے کی خواہش ظاہر کی تو اورنگزیب نے اُس کی

जरूर था लेकिन उसके बनाने में मुग़ल राज का कोई हाथ नहीं था. इन यूरप वालों को कोई मुग़ल क़ानून नहीं मिले क्योंकि मुग़लों ने कभी नये क़ानून बनाये ही नहीं. लिखे हुए क़ानून तो उस ज़माने में इतने ज्यादा थे कि औरंगज़ेब ने, जो .खुद बड़ा आलिम था, यह महसूस किया कि मुसलिम शरअ की पेचीदगियों में से रास्ता मिलना भी कभी कभी मुश्किल हो जाता है. इसलिये औरंगज़ेब ने शरअ के क़ानून को फिर से तरतीब देकर लिखवाया. इस काम में औरंगज़ेब ने बादशाह की हैसियत से अपना कोई अख़्तियार नहीं जताया. "फ़तवए आलमगीरी" नाम की किताब तैयार कराई गई. बहुत से आलिमों ने मिलकर उसे तैयार किया. किताब के नाम के साथ आलमगीरी के नाम से यह नहीं समझना चाहिये कि उसमें कोई आलमगीर का हुक्म शामिल है. हर बात जो किताब में कही गई है उसके लिये किताब लिखने वाले आलिमों ने शरअ की किसी न किसी पुरानी किताब से हवाला दिया है.

मुग़ल ज़माने में ही हिन्दू धर्म शास्त्र की भी कई संस्कृत किताबें तैयार कराई गईं, लेकिन इनमें भी किसी बादशाह के हुक्म से कोई बात नहीं लिखी गई. कमलाकर, रघुनन्दन, मित्र मिश्र, नरसिंह और बहुत से छोटे मोटे पंडितों ने धर्मशास्त्र के अलग अलग हिस्सों पर मेहनत की, इन विद्वानों ने हमेशा पुराने शास्त्रों से ही लेकर अपनी राय जाहिर की है. कहीं कहीं इतना जरूर किया है कि जहाँ उन्हें पुरानी किताबों में तरह तरह की एक दूसरे के ख़िलाफ़ रायें मिली हैं वहाँ उन्होंने उन्हीं में से किसी एक राय को लेकर अपना एक नया रास्ता बनाया है. इस मामले में हिन्दुओं को एक और रियायत थी जो मुसलमानों को नहीं थी. हिन्दुओं की अपनी कचहरियाँ थीं जो पंचायतें कहलाती थीं. धर्मशास्त्र का मतलब मालूम करने में जहाँ दिक़्क़त होती थी यह पंचायतें उसी पर आख़िरी फ़ैसला देती थीं. आम मुग़ल ज़माने में किसी मुग़ल बादशाह की तरफ़ से इन पंचायतों के रंग रूप, उनके पंचों या उनके काम के ढंग को बदलने या उसमें दख़ल देने की कोशिश नहीं की गई.

फ़ौजदारी का क़ानून यानी जुर्मों की सज़ा देने का क़ानून इसलामी क़ानून था. मामूली तौर पर रियाया और राज और रियाया के ताल्लुक़ इसलामी क़ानून से चलते थे. अकबर ने मुग़ल राज की मज़हबी पालिसी को बदलकर एक ख़ास नई तब्दीली की थी. लेकिन जो तब्दीलियाँ अकबर ने कीं वे भी असल में मुल्क के अमन आमान से ही वास्ता रखती थीं. ऐसे मौक़ों पर आम तौर से राज की तरफ़ से यह ऐलान कर दिया जाता था कि कुछ क़ायदे क़ानून को तोड़ देने पर भी सरकार, ख़ासकर, ग़ैर मुसलिम मुजरिमों पर मुक़दमा नहीं चलावेगी. कभी कभी यह ऐलान

ضرور تھا لیکن اُس کے بنانے میں مغل راج کا کوئی ہاتھ نہیں تھا۔ ان یورپ والوں کو کوئی مغل قانون نہیں ملے کیونکہ مغلوں نے کبھی نئے قانون بنائے ہی نہیں۔ لکھے ہوئے قانون تو اُس زمانے میں اتنے زیادہ تھے کہ اورنگزیب نے، جو خود بڑا عالم تھا، یہ محسوس کیا کہ مسلم شرع کی پیچیدگیوں میں سے راستہ ملنا بھی کبھی کبھی مشکل ہو جاتا ہے۔ اِس لئے اورنگزیب نے شرع کے قانون کو پھر سے ترتیب دے کر لکھوایا۔ اس کام میں اورنگزیب نے بادشاہ کی حیثیت سے اپنا کوئی اختیار نہیں جتایا۔ "فتوئے عالمگیری" نام کی کتاب تیار کرائی گئی۔ بہت سے عالموں نے مل کر اُسے تیار کیا۔ کتاب کے نام کے ساتھ عالمگیری کے نام سے یہ نہیں سمجھنا چاہئے کہ اُس میں کوئی عالمگیر کا حکم شامل ہے۔ ہر بات جو کتاب میں کہی گئی ہے اس کے لئے کتاب لکھنے والے عالموں نے شرع کی کسی نہ کسی پرانی کتاب سے حوالہ دیا ہے۔

مغل زمانے میں ہی ہندو دھرم شاستر کی بھی کئی سنسکرت کتابیں تیار کرائی گئیں؛ لیکن اِن میں بھی کسی بادشاہ کے حکم سے کوئی بات نہیں لکھی گئی۔ کملا کر، رگھونندن، متر مشر، نرسنگھ اور بہت سے چھوٹے موٹے پنڈتوں نے دھرم شاستر کے الگ الگ حصوں پر محنت کی، اِن ودوانوں نے ہمیشہ پرانے شاستروں سے ہی لے کر اپنی رائے ظاہر کی ہے۔ کہیں کہیں اتنا ضرور کیا ہے کہ جہاں انہیں پرانی کتابوں میں طرح طرح کی ایک دوسرے کے خلاف رائیں ملی ہیں وہاں انہوں نے انہیں میں سے کسی ایک رائے کو لے کر اپنا ایک نیا راستہ بنایا ہے۔ اِس معاملے میں ہندوؤں کو ایک اور رعایت تھی جو مسلمانوں کو نہیں تھی۔ ہندوؤں کی اپنی کچہریاں تھیں جو پنچایتیں کہلاتی تھیں۔ دھرم شاستر کا مطلب معلوم کرنے میں جہاں دقت ہوتی تھی یہ پنچایتیں اُس پر آخری فیصلہ دیتی تھیں۔ عام مغل زمانے میں کسی مغل بادشاہ کی طرف سے اِن پنچایتوں کے رنگ روپ، اُن کے پنچوں یا اُن کے کام کے ڈھنگ کو بدلنے یا اُس میں دخل دینے کی کوشش نہیں کی گئی۔

فوجداری کا قانون یعنی جرموں کی سزا دینے کا قانون اسلامی قانون تھا۔ معمولی طور پر رعایا اور راج اور رعایا کے تعلق اسلامی قانون سے چلتے تھے۔ اکبر نے مغل راج کی مذہبی پالیسی کو بدل کر ایک خاص نئی تبدیلی کی تھی۔ لیکن جو تبدیلیاں اکبر نے کیں وہ بھی اصل میں ملک کے امن آمان سے ہی واسطہ رکھتی تھیں۔ ایسے موقعوں پر عام طور سے راج کی طرف سے یہ اعلان کر دیا جاتا تھا کہ کچھ قاعدے قانون کو توڑ دینے پر بھی سرکار، خاص کر، غیر مسلم مجرموں پر مقدمہ نہیں چلاوے گی۔ کبھی کبھی یہ اعلان

शाही हुकूमत के सम्बंध में आता है वह सिर्फ़ एक रिवाजी चीज़ है या वह लफ़्ज़ों का हेर फेर है या यह है कि और सब चीज़ों की तरह बादशाह का पैदा करने वाला भी अल्लाह ही है. अब हम अपने दूसरे मसले पर आ जाते हैं यानी यह कि मुग़ल हुकूमत कहाँ तक एशियाई तानाशाही थी. इससे यह सवाल भी पैदा होता है कि "एशियाई तानाशाही" क्या चीज़ है ? इस बात में बहुत शक है कि एशिया में कभी किसी ख़ास क़िस्म की तानाशाही गढ़ी गई हो जो यूरप की तानाशाही से ज़्यादा बुरी हो. इस क़िस्म की हुकूमत में पूरब और पश्चिम, एशिया और यूरप का कोई फ़र्क़ नहीं. जैसे .फ्रांस में लुई चौदहवाँ यह दावा करता था कि मैं ही हुकूमत हूँ वैसे ही हिन्दुस्तान में औरंगज़ेब ने उससे बढ़कर कोई बात नहीं कही. बल्कि आम तौर पर यह दावा भी नहीं किया.

इसमें कोई शक नहीं कि मुग़ल बादशाहों की हुकूमत शख़्सी हुकूमत थी. उस ज़माने में आम जनता के चुने हुए लोगों की कोई इस तरह की कौंसिल या पार्लीमेंट वग़ैरा नहीं थी जिसके ज़रिये बादशाह के कामों पर रोक थाम रखी जा सकती. लेकिन अगर उसके यह मानी लें कि मुग़ल बादशाह अपनी रियाया के जान माल के पूरे मालिक थे और जो चाहे कर सकते थे या सियासी मामलों में भी जो चाहे हुक्म दे सकते थे, उन्हें कभी भी क़ानून के मातेहत नहीं माना गया, बल्कि वे अक्सर .ख़ुद अपने को क़ानून के नौकर कहते थे तो दूसरी बात है. जायदाद वग़ैरा सब तरह के मामलों में रियाया का कुल ज़ाती क़ानून हिन्दू धर्म शास्त्र और मुसलिम शरअ पर चलता था. मुग़ल बादशाह मानते थे कि उन्हें उसमें तब्दीली करने का कोई अख़्तियार नहीं है. जहाँ तक पता चलता है सिर्फ़ शाहजहाँ ने एक मौक़े पर हिन्दू धर्म शास्त्र में कुछ तब्दीली की थी. यह उस वक़्त जब शाहजहाँ ने यह हुक्म जारी कर दिया कि अगर कोई हिन्दू इसलाम को अपनाना चाहे तो उस घर के लोग उस पर जायदाद वग़ैरा के डर का बेजा दबाव न डालें. मुमकिन है कि इससे धर्मशास्त्र के जायदाद के विरासत के क़ानून में कोई तब्दीली पैदा हुई हो. क्योंकि धर्मशास्त्र का क़ानून यह रहा होगा कि मज़हब बदल लेने पर कोई शख़्स अपनी ख़ान्दानी विरासत नहीं पा सकता. और शाहजहाँ के क़ानून के मुताबिक़ एक हिन्दू मुसलमान हो जाने पर भी अपनी ख़ान्दानी विरासत पा सकता था. मुसलमानों की शरअ में तो कभी किसी बादशाह ने किसी तब्दीली की कोशिश नहीं की.

इस वजह से कुछ मशहूर योरोपियन मुसाफ़िरों ने यह अजीब बात कह डाली है कि मुग़लों के ज़माने में कोई लिखा हुआ क़ानून था ही नहीं. लिखा हुआ क़ानून तो

شاهی حکومت کے سمبندھ میں آتا ہے وہ صرف ایک رواجی چیز ہے یا وہ لفظوں کا ہیر پھیر ہے یا یہ ہے کہ اور سب چیزوں کی طرح بادشاہ کا پیدا کرنے والا بھی اللہ ہی ہے ۔ اب ہم اپنے دوسرے مسئلے پر آجاتے ہیں یعنی یہ کہ مغل حکومت کہاں تک ایشیائی تاناشاہی تھی ۔ اُس سے یہ سوال بھی پیدا ہوتا ہے کہ "ایشیائی تاناشاہی" کیا چیز ہے ؟ اِس بات میں بہت شک ہے کہ ایشیا میں کبھی کسی خاص قسم کی تاناشاہی گڑھی گئی ہو جو یورپ کی تاناشاہی سے زیادہ بری ہو ۔ اِس قسم کی حکومت میں پورب اور پچھم، ایشیا اور یورپ کا کوئی فرق نہیں ۔ جیسے فرانس میں لوئی چودھواں یہ دعویٰ کرتا تھا کہ میں ہی حکومت ہوں ویسے ہی ہندستان میں اورنگزیب نے اُس سے بڑھ کر کوئی بات نہیں کہی ۔ بلکہ عام طور پر یہ دعویٰ بھی نہیں کیا ۔

اِس میں کوئی شک نہیں کہ مغل بادشاہوں کی حکومت شخصی حکومت تھی ۔ اُس زمانے میں عام جنتا کے چنے ہوئے لوگوں کی کوئی اِس طرح کی کونسل یا پارلیمینٹ وغیرہ نہیں تھی جس کے ذریعہ بادشاہ کے کاموں پر روک تھام رکھی جا سکتی ۔ لیکن اگر اُس کے یہ معنی لیں کہ مغل بادشاہ اپنی رعایا کے جان مال کے پورے مالک تھے اور جو چاہے کر سکتے تھے یا سیاسی معاملوں میں بھی جو چاہے حکم دے سکتے تھے، انہیں کبھی بھی قانون کے ماتحت نہیں مانا گیا، بلکہ وے اکثر خود اپنے کو قانون کے نوکر کہتے تھے تو دوسری بات ہے ۔ جائیداد وغیرہ سب طرح کے معاملوں میں رعایا کا کل ذاتی قانون ہندو دھرم شاستر اور مسلم شرع پر چلتا تھا ۔ مغل بادشاہ مانتے تھے کہ اُنہیں اُس میں تبدیلی کرنے کا کوئی اختیار نہیں ہے ۔ جہاں تک پتہ چلتا ہے صرف شاہ جہاں نے ایک موقع پر ہندو دھرم شاستر میں کچھ تبدیلی کی تھی ۔ یہ اُس وقت جب شاہ جہاں نے یہ حکم جاری کر دیا کہ اگر کوئی ہندو اسلام کو اپنانا چاہے تو اُس گھر کے لوگ اُس پر جائیداد وغیرہ کے ڈر کا بیجا دباؤ نہ ڈالیں ۔ ممکن ہے کہ اِس سے دھرم شاستر کے جائداد کے وراثت کے قانون میں کوئی تبدیلی پیدا ہوئی ہو ۔ کیونکہ دھرم شاستر کا قانون یہ رہا ہوگا کہ مذہب بدل لینے پر کوئی شخص اپنی خاندانی وراثت نہیں پا سکتا ۔ اور شاہ جہاں کے قانون کے مطابق ایک ہندو مسلمان ہوجانے پر بھی اپنی خاندانی وراثت پا سکتا تھا ۔ مسلمانوں کی شرع میں تو کبھی کسی بادشاہ نے کوئی تبدیلی کی کوشش نہیں کی ۔

اِس وجہ سے کچھ مشہور یوروپین مسافروں نے یہ عجیب بات کہہ ڈالی ہے کہ مغلوں کے زمانے میں کوئی لکھا ہوا قانون تھا ہی نہیں ۔ لکھا ہوا قانون تو

कुछ होता है वह .खुदा के ही हुक्म से होता है. इन बातों से यह साबित नहीं होता कि मुग़ल बादशाहों का यह दावा था कि वह मामूली इन्सान से कुछ भी ऊँचा रुतबा रखते थे और न इन चीज़ों से उन्हें कोई मज़हबी या दीनी रुतबा हासिल होता था. उस ज़माने के यूरप के बहुत से बादशाहों का यह दावा था कि उनकी तख़्तनशीनी के वक़्त उनके सर पर पवित्र तेल की मालिश किये जाने से उनको ख़ास मज़हबी रुतबा हासिल हो जाता था जो आम इन्सानों को हासिल नहीं था. इस बारे में मुग़ल बादशाहों का जो ख़याल था और यूरप के (Divine Right) .खुदाई हक़ मानने वाले बादशाहों का जो ख़याल था उन दोनों का फ़र्क़ सत्रहवीं सदी के इंगलिस्तान की तारीख़ को देखने से अच्छी तरह समझ में आ सकता है. जब जेम्स अव्वल ने राज के लिये अपने हक़ को ख़ुदा का दिया हक़ बताया तो यह एक मज़हबी उसूल पैदा होगया कि बादशाह की किसी चीज़ की किसी को मुख़ालिफ़त नहीं करनी चाहिये और सबको बादशाह का हुक्म चुपचाप मान लेना चाहिये. बादशाह से बग़ावत करना सिर्फ़ एक क़ानूनी जुर्म ही नहीं रहा बल्कि एक मज़हबी गुनाह भी समझा गया जिसको परलोक या आख़िरत में भुगतना पड़ेगा. इसी से इंगलैंड के इन्क़लाब के बाद ऐसे पादरी पैदा हो गये थे जिन्होंने विलियम और मेरी की वफ़ादारी की क़सम खाने से इन्कार कर दिया था. उनमें उस ज़माने के इंगलिस्तान के कुछ बड़े से बड़े पादरी भी शामिल थे. उन्होंने यह ख़याल ज़ाहिर किया कि जेम्स दोयम जो समुद्र पार चला गया था उनका क़ानूनी बादशाह है. उन्हीं में से कुछ लोगों ने मिलकर हालैन्ड से विलियम को बुला भेजा था ताकि जेम्स दोयम इंगलिस्तान को कैथोलिक बना डालने की कोशिश न कर सके. शाही मरतबे के बारे में इस तरह का ख़याल मुग़ल ज़माने के हिन्दुस्तान में मौजूद न था. जब सलीम ने अपने बाप अकबर के ख़िलाफ़ बग़ावत की तो किसी क़ाज़ी ने उसके ख़िलाफ़ फ़तवा नहीं दिया और न जब .ख़ुर्रम ने जहाँगीर के ख़िलाफ़ बग़ावत की तो किसी क़ाज़ी ने उसे गुनहगार ठैहराया. अलबत्ता यह सच है कि औरंगज़ेब के गद्दी पर बैठने के वक़्त सदरुस्सदर ने उसी के नाम को पढ़ने और उसके शहन्शाह होने का ऐलान करने से इन्कार कर दिया था, इसलिये कि औरंगज़ेब का बाप शाहजहाँ उस वक़्त ज़िन्दा था. मगर उस मिसाल से मुग़ल ताज के दैवी या .खुदाई होने का उसूल साबित नहीं होता. अकबर के ज़माने में भी जब उसके सौतेले भाई हकीम ने हिन्दुस्तान पर हमला किया तो अकबर ने कोई .ख़ुदाई दावा पेश नहीं किया बल्कि बाप की सल्तनत को विरासत में पाने के लिये सिर्फ़ अपनी फ़ौजी ताक़त पर ही भरोसा किया था. इस तरह जहाँ कहीं .ख़ुदाई हक़ का ज़िक्र, शाही ताक़त या

کچھ ہوتا ھے وہ خدا کے ھی حکم سے ھوتا ھے. اِن باتوں سے یہ ثابت نہیں ھوتا کہ مغل بادشاھوں کا یہ دعویٰ تھا کہ وہ معمولی اِنسان سے کچھ بھی اُونچا رتبہ رکھتے تھے اور نہ اِن چیزوں سے اُنھیں کوئی مذھبی یا دینی رتبہ حاصل ھوتا تھا. اُس زمانے کے یورپ کے بہت سے بادشاھوں کا یہ دعویٰ تھا کہ اُن کی تخت نشینی کے وقت اُن کے سر پر پوتر تیل کی مالش کئے جانے سے اُن کو خاص مذھبی رتبہ حاصل ھو جاتا تھا جو عام اِنسانوں کو حاصل نہیں تھا. اِس بارے میں مغل بادشاھوں کا جو خیال تھا اور یورپ کے (Divine Right) خدائی حق ماننے والے بادشاھوں کا جو خیال تھا اُن دونوں کا فرق سترھویں صدی کے انگلستان کی تاریخ کو دیکھنے سے اچھی طرح سمجھ میں آ سکتا ھے. جب جیمس اول نے راج کے لئے اپنے حق کو خدا کا دیا حق بتایا تو یہ ایک مذھبی اُصول پیدا ھو گیا کہ بادشاہ کی کسی چیز کی کسی کو مخالفت نہیں کرنی چاھئے اور سب کو بادشاہ کا حکم چپ چاپ مان لینا چاھئے. بادشاہ سے بغاوت کرنا صرف ایک قانونی جرم ھی نہیں رھا بلکہ ایک مذھبی گناہ بھی سمجھا گیا جس کو پرلوک یا آخرت میں بھگتنا پڑیگا. اِسی سے انگلینڈ کے انقلاب کے بعد ایسے پادری پیدا ھو گئے تھے جنھوں نے ولیم اور میری کی وفاداری کی قسم کھانے سے انکار کر دیا تھا. اُن میں اُس زمانے کے انگلستان کے کچھ بڑے سے بڑے پادری بھی شامل تھے. انھوں نے یہ خیال ظاھر کیا کہ جیمس دویم جو سمندر پار چلا گیا تھا، اُن کا قانونی بادشاہ ھے. اِنھیں میں سے کچھ لوگوں نے مل کر ھالینڈ سے ولیم کو بلا بھیجا تھا تاکہ جیمس دویم انگلستان کو کیتھولک بنا ڈالنے کی کوشش نہ کر سکے. شاھی مرتبہ کے بارے میں اِس طرح کا خیال مغل زمانے کے ھندستان میں موجود نہ تھا. جب سلیم نے اپنے باپ اکبر کے خلاف بغاوت کی تو کسی قاضی نے اُس کے خلاف فتویٰ نہیں دیا اور نہ جب خرم نے جہانگیر کے خلاف بغاوت کی تو کسی قاضی نے اُسے گناھگار ٹھہرایا. البتہ یہ سچ ھے کہ اورنگزیب نے گدی پر بیٹھنے کے وقت صدرالصدر نے اُس کے نام کو پڑھنے اور اُس کے شہنشاہ ھونے کا اعلان کرنے سے انکار کر دیا تھا، اِس لئے کہ اورنگزیب کا باپ شاہجہاں اُس وقت زندہ تھا. مگر اُس مثال سے مغل تاج کے دیوی یا خدائی ھونے کا اصول ثابت نہیں ھوتا. اکبر کے زمانے میں بھی جب اُس کے سوتیلے بھائی حکیم نے ھندستان پر حملہ کیا تو اکبر نے کوئی خدائی دعویٰ پیش نہیں کیا بلکہ باپ کی سلطنت کو وراثت میں پانے کے لئے صرف اپنی فوجی طاقت پر ھی بھروسہ کیا تھا. اِس طرح جہاں کہیں خدائی حق کا ذکر شاھی طاقت یا

हिन्दुस्तान में मुग़ल हुकूमत का ढंग

प्रोफ़ेसर श्रीराम शर्मा एम० ए०

हिन्दुस्तान में मुग़ल बादशाहों की मज़हबी पालिसी पर इतनी गरमा गरम बहस होती रही है कि मुग़लों के हुकूमत करने के तरीक़े के बारे में लोगों को बहुत कम जानकारी है. कोई कहता है कि मुग़लों की हुकूमत बिलकुल एक एशियाई तानाशाही थी और कोई कहता है कि वह एक इसलामी यानी मज़हबी हुकूमत थी. यहाँ तक दावा किया गया है कि हिन्दुस्तान का राज मुग़लों की .खुदाई देन थी और कुछ लोग मुग़ल बादशाहों को अल्लाह के मुक़र्रर किये हुए कहते हैं, यानी यह कि .खुद अल्लाह ने उन्हें इस मुल्क पर हुकूमत करने का हुक्म दिया था. बदक़िस्मती से इन नतीजों पर पहुँचने से पहले लोगों ने उन असली किताबों और दस्तावेज़ों को अच्छी तरह नहीं देखा जो हमारे पास हिन्दुस्तान में मुग़ल हुकूमत के बारे में इस वक़्त मौजूद हैं. शुरू के अरब क़ानून बनाने वालों के क़ानूनी मसलों और दूसरे मुल्कों में मुसलमान बादशाहों के कामों, या हिन्दुस्तान के बाहर के लेखकों की बड़ी-बड़ी लफ़्ज़ी बहसों से यहाँ की मुग़ल हुकूमत का ठीक-ठीक रूप समझने में हमें कोई मदद नहीं मिलती. हाँ, इन बातों को ध्यान में रखकर हम अपनी तहक़ीक़ात आगे बढ़ा सकते हैं.

मुग़ल ज़माने के कुछ इतिहास लिखने वालों और कुछ हाल के लेखकों ने बाज़ मुग़ल बादशाहों की बाबत यह दावा किया है कि उन्हें .खुदा ने बादशाहत का हक़ दिया था. पहले हम इसी दावे पर ग़ौर कर लेना चाहते हैं. अकबर और उसके बाद के बादशाहों को उस ज़माने की तारीख़ लिखने वालों और ख़ासकर शाही इतिहास लेखकों ने अकसर .खुदा का ख़लीफ़ा या नायब कहकर बयान किया है. जब जहाँगीर के बेटे .खुसरो ने अपने बाप के ख़िलाफ़ बग़ावत की थी तो जहाँगीर ने .खुद अपनी डायरी (तुज़ुक जहाँगीरी में दावा किया था कि उसको .खुदा ने हिन्दुस्तान का शहन्शाह बनाया है. शाहजहाँ ने गोलकुन्डा के आदिलशाह के नाम अपने एक ख़त में अपने को "ज़िलइल्लाह" (.खुदा का साया) लिखा है. औरंगज़ेब ने अपने को दुनिया में .खुदा का वकील लिखा है.

यह सब दावे साबित करते हैं कि मुग़ल बादशाह मानते थे कि उन्हें राज करने का हक़ ज़ाहिरा देखने में .खुदा से मिला हुआ है, लेकिन जब हम ज़रा ग़ौर से देखें तो पता चलता है कि इन बादशाहों के यह सब दावे सिर्फ़ इस आम इसलामी यक़ीन को दुहराते हैं कि दुनिया में जो

ھندستان میں مغل حکومت کا ڈھنگ

پروفیسر شری رام شرما ایم اے.

ھندستان میں مغل بادشاہوں کی مذھبی پالیسی پر اِتنی گرما گرم بحث ھوتی رھی ھے کہ مغلوں کے حکومت کرنے کے طریقہ کے بارے میں لوگوں کو بہت کم جانکاری ھے . کوئی کہتا ھے کہ مغلوں کی حکومت بالکل ایک ایشیائی تاناشاھی تھی اور کوئی کہتا ھے کہ وہ ایک اسلامی یعنی مذھبی حکومت تھی . یہاں تک دعویٰ کیا گیا ھے کہ ھندستان کا راج مغلوں کی خدائی دین تھی اور کچھ لوگ مغل بادشاھوں کو اللہ کے مقرر کئے ھوئے کہتے ھیں' یعنی یہ کہ خود اللہ نے اُنھیں اِس ملک پر حکومت کرنے کا حکم دیا تھا . بدقسمتی سے اِن نتیجوں پر پہنچنے سے پہلے لوگوں نے اُن اصلی کتابوں اور دستاویزوں کو اچھی طرح نہیں دیکھا جو ھمارے پاس ھندستان میں مغل حکومت کے بارے میں اِس وقت موجود ھیں . شروع کے عرب قانون بنانے والوں کے قانونی مسئلوں اور دوسرے ملکوں میں مسلمان بادشاھوں کے کاموں' یا ھندستان کے باھر کے لیکھکوں کی بڑی بڑی لفظی بحثوں سے یہاں کی مغل حکومت کا ٹھیک ٹھیک روپ سمجھنے میں ھمیں کوئی مدد نہیں ملتی . ھاں' اُن باتوں کو دھیان میں رکھ کر ھم اپنی تحقیقات آگے بڑھا سکتے ھیں .

مغل زمانے کے کچھ اتہاس لکھنے والوں اور کچھ حال کے لیکھکوں نے بعض مغل بادشاھوں کی بابت یہ دعویٰ کیا ھے کہ اُنھیں خدا نے بادشاھت کا حق دیا تھا . پہلے ھم اِسی دعوے پر غور کر لینا چاھتے ھیں . اکبر اور اُس کے بعد کے بادشاھوں کو اُس زمانے کے تاریخ لکھنے والوں اور خاص کر شاھی اتہاس لیکھکوں نے اکثر خدا کا خلیفہ یا نایب کہہ کر بیان کیا ھے . جب جہانگیر کے بیٹے خسرو نے اپنے باپ کے خلاف بغاوت کی تھی تو جہانگیر نے خود اپنی ڈائری (تزک جہانگیری) میں دعویٰ کیا تھا کہ اُس کو خدا نے ھندستان کا شہنشاہ بنایا ھے . شاھجہاں نے گولکنڈہ کے عادل شاہ کے نام اپنے ایک خط میں اپنے کو "ظل اللہ" (خدا کا سایہ) لکھا ھے . اورنگ زیب نے اپنے کو دنیا میں خدا کا وکیل لکھا ھے .

یہ سب دعوے ثابت کرتے ھیں کہ مغل بادشاہ مانتے تھے کہ اُنھیں راج کرنے کا حق ظاھرہ دیکھنے میں خدا سے ملا ھوا ھے . لیکن جب ھم ذرا غور سے دیکھیں تو پتہ چلتا ھے کہ اِن بادشاھوں کے یہ سب دعوے صرف اِس عام اِسلامی یقین کو دوھراتے ھیں کہ دنیا میں جو

सितम्बर 1957 ستمبر

जिल्द 24 جلد नम्बर 3 نمبر

सितम्बर 1957 ستمبر

हिन्दुस्तानी कलचर सोसायटी ہندستانی کلچر سوسائٹی
145 मुट्ठीगंज, इलाहाबाद '145 مٹھی گنج' الہ آباد

Annual Subscription

Inland Rs. 6/-

Foreign Rs. 10/-

Single Copy [illegible]

نیا ہند

इस नम्बर के ख़ास लेख — اِس نمبر کے خاص لیکھ

Printed and Published by Suresh Ramabhai, at the Naya Hind Press, 145, Muthiganj, Allahabad.

इनमें कई सौ बेचारे कोढ़ी हैं जो अपना कोढ़ दिखा दिखा कर पैसे माँगते फिरते हैं और कभी-कभी कुछ अधिक पा जाते हैं तो शराब पीकर या किसी और बुराई में फँसकर अपना ग़म ग़लत करने की भी कोशिश करते हैं. इन सब से ऊपर उठकर दिल्ली के लाखों ग़रीबों की हालत से भी हम वाक़िफ़ हैं पर इस से जियादा कहने को अब दिल नहीं उभरता.

शासकों, शायद दुनिया के अधिकतर शासकों की एक बहुत बड़ी बदक़िस्मती यह होती है कि उन्हें ख़ास ऐनकों के ज़रिये से ही दुनिया को देखना मिल सकता है. उनके कान दूसरों के कान होते हैं, उनकी आँखें दूसरों की आँखें. उनको ख़बरें देने वाले यह ताड़ लेते हैं कि उनके मालिक किस तरह की ख़बरें सुनना चाहते हैं और उसी तरह की ख़बरें उन्हें सुनाते हैं. जैसे वह चाहते हैं उसी तरह के आँकड़े उनके लिये तैयार हो जाते हैं. हम दंग रह गए जबकि दिल्ली के एक बहुत बड़े शासक ने हम से बात करते हुए कहा की —"लोग ख़ाहमख़ाह ग़लत कहते हैं कि देश में बेकारी है. कहीं बेकारी नहीं है." एक और साहब ने राय जाहिर की कि—"देश को निकम्मे ग्रेजुएटों की जरूरत नहीं है, देश को जरूरत है एन्जीनियर्स की और वह कभी बेकार नहीं रह सकते." यह बताने का उन पर कोई ख़ास असर नहीं हुआ कि देश के अनेक एन्जीनियरिंग कालिजों से पास हुए काफ़ी नौजवान बरसों एक दफ़्तर से दूसरे दफ़्तर अरज़ियाँ लेकर घूमते फिरते हैं. भ्रष्टाचार की बाबत तो आम तौर पर यह कहा जाता है कि देश में जो कुछ भ्रष्टाचार है वह हमें अंग्रेजी हुकूमत से वरासत में मिला है और इन छै सात बरस के अन्दर काफ़ी कम हुआ है, और दूसरे देशों से हमारे देश में भ्रष्टाचार अब भी बहुत कम है ! इन बातों का क़ुदरती नतीजा यह है कि नेताओं और जनता के बीच, शासकों और शासितों के बीच खाई और बदगुमानी बढ़ती चली जा रही है.

—सुन्दरलाल

اِن میں سے کئی سو بیچارے کوڑھی هیں جو اپنا کوڑھ دکھا دکھا کر پیسے مانگتے پھرتے هیں اور کبھی کبھی کچھ ادھک پا جاتے هیں تو شراب پی کر یا کسی اور برائی میں پھنس کر اپنا غم غلط کرنے کی بھی کوشش کرتے هیں. اِن سب سے اوپر اٹھ کر دلی کے لاکھوں غریبوں کی حالت سے بھی هم واقف هیں پر اِس سے زیادہ کہنے کو اب دل نہیں ابھرتا.

شاسکوں، شاید دنیا کے ادھکتر شاسکوں کی ایک بہت بڑی بدقسمتی یہ هوتی هے کہ انہیں خاص عینکوں کے ذریعے سے هی دنیا کو دیکھنا مل سکتا هے. اُن کے کان دوسروں کے کان هوتے هیں، اُن آنکھیں دوسروں کی آنکھیں. اُن کو خبریں دینے والے یہ تاڑ لیتے هیں کہ اُن کے مالک کس طرح کی خبریں سننا چاهتے هیں اور اُسی طرح کی خبریں وہ اُنھیں سناتے هیں. جیسے وہ چاهتے هیں اُسی طرح آنکڑے اُن کے لئے تیار هو جاتے هیں. هم دنگ رہ گئے جب کہ دلی کے ایک بہت بڑے شاسک نے هم سے بات کرتے هوئے کہا کہ—"لوگ خواہ مخواہ غلط کہتے هیں کہ دیش میں بیکاری هے. کہیں بیکاری نہیں هے." ایک اور صاحب نے رائے ظاهر کی کہ—"دیش کے نکمے گریجوائٹوں کی ضرورت نہیں هے، دیش کو ضرورت هے انجینیرس کی اور وہ کبھی بیکار نہیں رہ سکتے." یہ بتانے کا اُن پر کوئی خاص اثر نہیں هوا کہ دیش کے انیک انجینیرنگ کالجوں سے پاس هوئے کافی نوجوان برسوں ایک دفتر سے دوسرے دفتر عرضیاں لیکر گھومتے پھرتے هیں. بھرشٹاچار کی بابت تو عام طور پر یہ کہا جاتا هے کہ دیش میں جو کچھ بھرشٹاچار هے وہ همیں انگریزی حکومت سے وراثت میں ملا هے اور اِن چھ سات برس کے اندر کافی کم هوا هے، اور دوسرے دیشوں سے همارے دیش میں بھرشٹا اب بھی بہت کم هے! اِن باتوں کا قدرتی نتیجہ یہ هے کہ نیتاؤں اور جنتا کے بیچ، شاسکوں اور شاسِتوں کے بیچ کھائی اور بدگمانی بڑھتی چلی جا رهی هے.

—سندر لال

ड्युटी हमारे मित्र के साथ लगी हुई थी इसी तरह उसी जीपवि की ओर से एक मोटर और एक मोटर ड्राइवर की भी ड्युटी उसी जगह लगी हुई थी. और अधिक कुरेदने पर हमारी आँखों से आँसू टपक पड़े. अधिक पूछताछ करने पर मालूम हुआ कि पारलिमेन्ट के और भी बहुत से मेम्बर इसी तरह के असरों से दबे हुए हैं. उन पर खर्च करने वाले अपने खर्च का पूरा बदला चुका लेने में कोई कसर उठा नहीं रखते. इन पंक्तियों के लिखते समय भी हमारा दिल .खून के आँसू बहा रहा है. हमें नहीं मालूम कि पारलिमेन्ट के मेम्बरों में इस तरह के भाइयों का अल्पमत है या बहुमत. पर हम समझते हैं कि इस बात में किसी को भी किसी तरह का कोई शक नहीं हो सकता कि हमारी आजकल ,की पारलिमेन्टों और धारा सभाओं में मुशकिल से दस फ़ीसदी मेम्बर ऐसे होंगे जो सचमुच पारलिमेन्टों के या धारा सभा के कामों में, तजवीजों और बिलों में कोई सच्ची, और समझदारी की दिलचस्पी रखते हों. शासन पर और देश भर में छोटे बड़े सरकारी कर्मचारियों पर जो इसका बुरा असर पड़ता है वह कहीं भी थोड़ी सी आँख खोलकर देखा जा सकता है. देश भर में जिस तरह की बेजा दख़लअन्दाज़ी, तरह तरह के सरकारी कामों में होती रहती है उसकी कहानियाँ दिल्ली से कलकत्ते, दिल्ली से बम्बई, या दिल्ली से मद्रास के किसी भी रेल के सफ़र में अनेक सुनने को मिल सकती हैं. सुनने की इच्छा रखने वाले को इसके लिये दिल्ली से बाहर जाने की भी ज़रूरत नहीं है.

ऊँचे से ऊँचे नेताओं और सरकारी लोगों,पर भी इसका असर पड़े बग़ैर नहीं रह सकता. चुनाओं के लिये नामज़दगी के तरीक़े, नामज़दगी की कसौटियाँ और चुनाओं के ढंग लगभग सब सदाचार की दृष्टि से पतन की हद को पहुंच चुके हैं. गाड़ी चल रही है, जिस तरह भी चल सके और जब तक चल सके.

दिल्ली में पिछले साल पीलिया (Jaundice) की वबा के फैलने की जो दुर्घटना हुई और अभी तक जारी है वह केवल अन्दर के गहरे रोग का केवल एक ऊपरी लक्षण है. इस बीमारी का फैलना इन हालात में किसी को कोई अजीब बात मालूम नहीं होनी चाहिये. दिल्ली भारत की राजधानी है. बड़े से बड़े शासकों और नेताओं का यहाँ सदा जमघट रहता है. यहाँ बड़े-बड़े महलों जैसे बंगले हैं आए दिन बड़ी-बड़ी दावतें होती हैं. इसी दिल्ली में लगभग दस हज़ार इनसान गली-गली भीख माँगते फिरते हैं. इनमें से लगभग आठ हज़ार कड़ाके की सर्दी में चीथड़ों में लिपटे हुए या बिना चीथड़ों के खुले आसमान के नीचे पटरियों पर सोते हैं या किसी तरह रात बिताते हैं.

یوٹی ہمارے متر کے ساتھ لگی ہوئی تھی اسی طرح سی پولیس پکی کی اور سے ایک موٹر اور ایک موٹر رائیور کی بھی ڈیوٹی اسی جگہہ لگی ہوئی تھی ۔ اور ٹھک کریدنے پر ہماری آنکھوں سے آنسو ٹپک پڑے ۔ ادھک وچھ تاچھ کرنے پر معلوم ہوا کہ پارلیمنٹ کے اور بھی بہت سے ممبر سی طرح کے اثروں سے دبے ہوئے ہیں ۔ اُن پر خرچ کرنے والے پنے خرچ کا پورا بدلہ چکا لینے میں کوئی کسر اُٹھا نہیں رکھتے ۔ ن پنکتیوں کے لکھتے سمے بھی ہمارا دل خون کے آنسو بہا رہا ہے ۔ ہمیں نہیں معلوم کہ پارلیمنٹ کے ممبروں میں اِس طرح کے بھائیوں کا الپمت ہے یا بہومت ۔ پر ہم سمجھتے ہیں کہ اِس بات میں کسی کو بھی کسی طرح کا کوئی شک نہیں ہو سکتا کہ ہماری آجکل کی پارلیمنٹوں اور دھارا سبھاؤں میں مشکل سے دس فیصدی ممبر ایسے ہونگے جو سچ مچ پارلیمنٹوں کے یا دھارا سبھا کے کاموں میں، تجویزوں اور بلوں میں کوئی سچی، اور سمجھداری کی دلچسپی رکھتے ہوں ۔ شاسن پر اور دیش بھر میں چھوٹے بڑے سرکاری کرمچاریوں پر جو اِس کا برا اثر پڑتا ہے وہ کہیں بھی تھوڑی سی آنکھ کھول کر دیکھا جا سکتا ہے ۔ دیش بھر میں جس طرح کی بیجا دخل اندازی، طرح طرح کے سرکاری کاموں میں ہوتی رہتی ہے اُس کی کہانیاں دلی سے کلکتہ، دلی سے بمبئی، یا دلی سے مدراس کے کسی بھی ریل کے سفر میں انیک سننے کو مل سکتی ہیں ۔ سننے کی اِچھا رکھنے والے کو اِس کے لئے دلی سے باہر جانے کی بھی ضرورت نہیں ہے ۔

اُونچے سے اُونچے نیتاؤں اور سرکاری لوگوں پر بھی اِس کا اثر پڑے بغیر نہیں رہ سکتا ۔ چناؤں کے لئے نامزدگی کے طریقے، نامزدگی کی کسوٹیاں اور چناؤں کے ڈھنگ لگ بھگ سب سداچار کی درشٹی سے پتن کی حد کو پہونچ چکے ہیں ۔ گاڑی چل رہی ہے، جس طرح بھی چل سکے اور جب تک چل سکے ۔

دلی میں پچھلے سال پیلیا (Jaundice) کی وبا کے پھیلنے کی جو درگھٹنا ہوئی اور ابھی تک جاری ہے وہ کیول اندر کے گہرے روگ کا کیول ایک اُوپری لکچھن ہے ۔ اس بیماری کا پھیلنا اِن حالات میں کسی کو کوئی عجیب بات معلوم نہیں ہونی چاہئے ۔ دلی بھارت کی راجدھانی ہے ۔ بڑے سے بڑے شاسکوں اور نیتاؤں کا یہاں سدا جمگھٹ رہتا ہے ۔ یہاں بڑے بڑے محلوں جیسے بنگلے ہیں ۔ آئے دن بڑی بڑی دعوتیں ہوتی ہیں ۔ اِسی دلی میں لگ بھگ دس ہزار انسان گلی گلی بھیک مانگتے پھرتے ہیں ۔ اِن میں سے لگ بھگ آٹھ ہزار کڑاکے کی سردی میں چیتھڑوں میں لپٹے ہوئے یا بنا چیتھڑوں کے کھلے آسمان کے نیچے پٹریوں پر سوتے ہیں یا کسی طرح رات بتاتے ہیں ۔

पार्टी से सम्बन्ध रखने वाले बहुत से मेम्बरों को अकसर ऐसे विषयों पर भी जिनका देश के भले या बुरे के साथ गहरा सम्बन्ध होता है अपनी अन्तर आत्मा की आवाज़ के ख़िलाफ़ भरे सदन में हाथ उठाना पड़ता है. इसका क़ुदरती और लाज़मी नतीजा यह है कि हमारी आजकल की पार्लिमेंटों या धारा सभाओं के अधिकांश मेम्बर इस बात पर सोचना भी बन्द कर देते हैं कि किस तजवीज़ या किस बिल से देश का क्या फ़ायदा या क्या नुक़सान होगा. वह मजबूर होकर अपनी मेम्बरी से दूसरी ही तरह के फ़ायदे उठाने में लग जाते हैं.

इस तरह के मेम्बरों की हालत कुछ-कुछ उस जज की सी हालत होती है जो उस जवान माँ को जिसने किसी ज़बरदस्त दुख और निराशा की हालत में अपने तीन बरस के बच्चे का गला घोंट कर मार डाला और फिर उस पर रोना और सिर पीटना शुरू किया. इसलिये फाँसी की सज़ा देनी पड़ती है क्योंकि क़ानून की दफ़ा, क़ानून का ज़ाब्ता और क़ानूनी गवाहियाँ जज के लिये और कोई रास्ता ही नहीं छोड़तीं. अकसर पढ़े लिखे जज तो इसे अपनी "ड्यूटी" अपना "फ़र्ज़" समझ कर भी इस तरह के फ़ैसले देते हैं.

आज हमारे सदाचार के गिरावट की यह हालत है कि देश के उत्तर से दक्खिन तक और पूरब से पच्छिम तक सैकड़ों शिक्षा संस्थाएं ऐसी हैं जिनमें अध्यापकों से एक सौ बीस रुपये तनख़ाह लेकर दो सौ की रसीद पर दस्तख़त करने पड़ते हैं. हमें बड़ी हार्दिक वेदना के साथ कहना पड़ता है कि जिस तरह इस तरह की शिक्षा संस्थाओं में इस तरह के अध्यापकों से शिक्षा लेने वाले बालकों से यह आशा करना कि उनका चरित्र कभी भी जीवन में ऊँचा हो सकेगा, लगभग वैसा ही है, जैसा बबूल बोकर उससे आम की आशा करना. ठीक उसी तरह पारलिमेन्ट के या धारा सभाओं के जिन मेम्बरों को पारटी भक्ति के कारण अपनी अन्तर आत्मा की आवाज़ के ख़िलाफ़ हाथ उठाना पड़ जाता है उनसे यह आशा करना कि वह उन ज़िम्मेवारी की कुरसियों पर बैठ कर देश को सचमुच ऊँचा ले जा सकेंगे या करोड़ों जनता का सच्चा भला कर सकेंगे उतना ही ग़लत है.

इस दर्दनाक हालत का असर देश की इन पारलिमेन्टों और धारा सभाओं में साफ़ दिखाई देता है. दिल्ली में हम एक दिन अचानक अपने एक पुराने मित्र पारलिमेन्ट के एक मेम्बर के घर पहुँच गए. हमने वहाँ एक नौजवान को टाइप करते हुए देखा जिसे हम पहले से जानते थे. हम कुछ हैरान हुए. पूछने पर मालूम हुआ कि वह अब भी देश के उसी मशहूर पूँजीपति का नौकर था और उसी से वेतन पाता था, जिससे कभी पहले पाया करता था. अब उसकी

پارٹی سے سمبندھ رکھنے والے بہت سے ممبروں کو اکثر ایسے وشیوں پر بھی جن کا دیش کے بھلے یا برے کے ساتھ گہرا سمبندھ ہوتا ہے اپنی انتر آتما کی آواز کے خلاف بھرے سدن میں ہاتھ اُٹھانا پڑتا ہے ۔ اِس کا قدرتی اور لازمی نتیجہ یہ ہے کہ ہماری آجکل کی پارلیمنٹوں یا دھارا سبھاؤں کے ادھیکانش ممبر اِس بات پر سوچنا بھی بند کر دیتے ہیں کہ کس تجویز یا کس بل سے دیش کا کیا فائدہ یا کیا نقصان ہوگا ۔ وہ مجبور ہو کر اپنی ممبری سے دوسری ہی طرح کے فایدے اُٹھانے میں لگ جاتے ہیں ۔

اِس طرح کے ممبروں کی حالت کچھ کچھ اُس جج کی سی حالت ہوتی ہے جو اُس جوان ماں کو جس نے کسی زبردست دکھ اور نراشا کی حالت میں اپنے تین برس کے بچے کا گلا گھونٹ کر مار ڈالا اور پھر اُس پر رونا اور سر پیٹنا شروع کیا ۔ اِس لئے پھانسی کی سزا دینی پڑتی ہے کیونکہ قانون کی دفعہ، قانون کا ضابطہ اور قانونی گواہیاں جج کے لئے اور کوئی راستہ ہی نہیں چھوڑتیں ۔ اکثر پڑھے لکھے جج تو اِسے اپنی "ڈیوٹی" اپنا "فرض" سمجھ کر بھی اِس طرح کے فیصلے دیتے ہیں ۔

آج ہمارے سداچار کے گراوٹ کی یہ حالت ہے کہ دیش کے اُتر سے دکھن تک اور پورب سے پچھم تک سیکڑوں شکشا سنستھائیں ایسی ہیں جنمیں ادھیاپکوں کو ایک سو بیس روپئے تنخواہ لیکر دو سو کی رسید پر دستخط کرنے پڑتے ہیں ۔ ہمیں بڑی ہاردک ویدنا کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ جس طرح اِس طرح کی شکشا سنستھاؤں میں اِس طرح کے ادھیاپکوں سے شکشا لینے والے بالکوں سے یہ آشا کرنا کہ اُن کا چرتر کبھی بھی جیون میں اُونچا ہو سکیگا، لگ بھگ ویسا ہی ہے، جیسا ببول بو کر اُس سے آم کی آشا کرنا ۔ ٹھیک اُسی طرح پارلیمنٹ کے یا دھارا سبھاؤں کے جن ممبروں کو پارٹی بھکتی کے کارن اپنے انتر آتما کی آواز کے خلاف ہاتھ اُٹھانا پڑ جاتا ہے اُن سے یہ آشا کرنا کہ وہ اُن ذمہ‌داری کی کرسیوں پر بیٹھ کر دیش کو سچ مچ اُونچا لیجا سکینگے یا کروڑوں جنتا کا سچا بھلا کر سکینگے اُتنا ہی غلط ہے ۔

اِس دردناک حالت کا اثر دیش کی اِن پارلیمنٹوں اور دھارا سبھاؤں میں صاف دکھائی دیتا ہے ۔ دلی میں ہم ایک دن اچانک اپنے ایک پرانے متر پارلیمنٹ کے ایک ممبر کے گھر پہونچ گئے۔ ہمنے وہاں ایک نوجوان کو ٹائپ کرتے ہوئے دیکھا جسے ہم پہلے سے جانتے تھے۔ ہم کچھ حیران ہوئے۔ پوچھنے پر معلوم ہوا کہ وہ اب بھی دیش کے اُسی مشہور پونجی پتی کا نوکر تھا اور اُسی سے ویتن پاتا تھا جس سے کبھی پہلے پایا کرتاتھا۔ اب اُس کی

पार्टी शासन के लिये दो बातें जरूरी हैं. एक यह कि देश में एक से अधिक राजनीतिक पारटियां हों और दूसरी यह कि देश की सारी हुकूमत किसी एक पार्टी के हाथों में हो. इस तरह की राजकाजी पारटियां आम तौर पर किसी एक लक्ष या उद्देश को सामने रखकर बनाई जाती हैं. मसलन इस देश की कांगरेस पार्टी शुरू में केवल "शान्त और वैध उपायों द्वारा स्वराज प्राप्ति" के उद्देश से बनी. भारत के जो नर नारी इस उद्देश से सहमत थे वह कांगरेस के मेम्बर बन गए. देश के विदेशी शासन से आजाद हो जाने के बाद इस उद्देश में थोड़ा सा फ़रक़ आया. कांगरेस का उद्देश अब देश में कल्याणकारी राज (Welfare State) क़ायम करना या उसके बाद समाजवादी ढाँचे (Socialistic pattern) पर राज क़ायम करना ठहराया गया. काँगरेस ने समय समय पर कुछ और खास खास विषयों पर भी एक मत से या बहुमत से ठहराव पास किये. इस बीच देश की सब से बड़ी पार्टी होने के कारण हुकूमत की बाग काँगरेस पार्टी के हाथों में आई. पारलिमेंट के सामने या किसी धारा सभा के सामने कोई ऐसा सवाल आया या कोई ऐसा बिल पेश हुआ जिसका काँगरेस के उस समय तक के निर्धारित उद्देश से कोई ख़ास सम्बन्ध नहीं था. कोई मेम्बर उस ख़ास सवाल पर इधर या उधर वचन देकर काँगरेस का मेम्बर नहीं हुआ था. अब वह सवाल या वह बिल बहस के लिये काँगरेस पार्टी की बैठक में सामने आया. काँगरेस के प्रधान नेताओं की राय या हाई कमांड की राय एक तरफ़ दिखाई दी. इस पर भी जब पार्टी की बैठक में वोट लिये गए तो मामूली कसरत राय से नेताओं की राय के हक़ में फ़ैसला हो गया. इसके बाद उन सब लोगों के लिये जिनकी राय बहुमत से नहीं मिलती थी जरूरी समझा जाता है कि वह बहुमत के साथ ही वोट दें चाहे वह कितना भी उनकी आत्मा की आवाज़ के ख़िलाफ़ क्यों न हो. अगर हम इस बात का भी ध्यान रखें कि बहुमत में कम या अधिक कुछ न कुछ लोग ऐसे भी हो सकते हैं जिन्होंने ख़ास ख़ास नेताओं के जा या बेजा असर में आकर पार्टी मीटिंग में वोट दिया हो तो यह बात भी दावे से नहीं कही जा सकती कि सचमुच पार्टी का सच्चा बहुमत उसी ओर था जिस ओर अधिकांश के हाथ उठे. यह घटना पारटियों के आधार पर शासन की आए दिन की घटना है.

इस एक मामले में जो हाल उस पार्टी का है जिसके हाथों में शासन की बाग है लगभग वही हाल विरोधी पारटियों या और दूसरी पारटियों का है. पार्टी शासन का यह एक ख़ास और उजागर पहलू है. नतीजा यह होता है कि हर पारलिमेंट और हर धारा सभा के अन्दर किसी भी

پارٹی شاسن کے لئے دو باتیں ضروری ہیں ۔ ایک یہ کہ دیش میں ایک سے ادھک راجنیتک پارٹیاں ہوں اور دوسری یہ کہ دیش کی ساری حکومت کسی ایک پارٹی کے ہاتھوں میں ہو ۔ اس طرح کی راجکاجی پارٹیاں عام طور پر کسی ایک لکش یا اُدیش کو سامنے رکھ کر بنائی جاتی ہیں ۔ مثلاً اِس دیش کی کانگریس پارٹی شروع میں کیول "شانت اور ویدھ اُپایوں دوارا سوراج پراپتی" کے اُدیش سے بنی ۔ بھارت کے جو نر ناری اِس اُدیش سے سہمت تھے وہ کانگریس کے ممبر بن گئے۔ دیش کے ودیشی شاسن سے آزاد ہو جانے کے بعد اِس اُدیش میں تھوڑا سا فرق آیا ۔ کانگریس کا ادیش اب دیش میں کلیان کاری راج (Welfare State) قایم کرنا یا اُس کے بعد سماج وادی ڈھانچے (Socialistic pattern) پر راج قایم کرنا ٹھہرایا گیا ۔ کانگریس نے سمے سمے پر کچھ اور خاص خاص وشیوں پر بھی ایک مت سے یا بہومت سے ٹھہراؤ پاس کئے ۔ اس بیچ دیش کی سب سے بڑی پارٹی ہونے کے کارن حکومت کی باگ کانگریس پارٹی کے ہاتھوں میں آئی ۔ پارلیمنٹ کے سامنے یا کسی دھارا سبھا کے سامنے کوئی ایسا سوال آیا یا کوئی ایسا بل پیش ہوا جس کا کانگریس کے اُس سمے تک کے نردھارت اُدیش سے کوئی خاص سمبندھ نہیں تھا ۔ کوئی ممبر اُس خاص سوال پر اِدھر یا اُدھر وچن دیکر کانگریس کا ممبر نہیں ہوا تھا ۔ اب وہ سوال یا وہ بل بحث کے لئے کانگریس پارٹی کی بیٹھک میں سامنے آیا ۔ کانگریس کے پردھان نیتاؤں کی رائے یا ہائی کمانڈ کی رائے ایک طرف دکھائی دی ۔ اِس پر بھی جب پارٹی کی بیٹھک میں ووٹ لئے گئے تو معمولی کثرت رائے سے نیتاؤں کی رائے کے حق میں فیصلہ ہو گیا ۔ اِس کے بعد اُن سب لوگوں کے لئے جن کی رائے بہومت سے نہیں ملتی تھی ضروری سمجھا جاتا ہے کہ وہ بہومت کے ساتھ ہی ووٹ دیں چاہے وہ کتنا ہی اُن کی آتما کی آواز کے خلاف کیوں نہ ہو. اگر ہم اِس بات کا بھی دھیان رکھیں کہ بہومت میں کم یا ادھک کچھ نہ کچھ لوگ ایسے بھی ہو سکتے ہیں جنھوں نے خاص خاص نیتاؤں کے جا یا بیجا اثر میں آکر پارٹی میٹنگ میں ووٹ دیا ہو تو یہ بات بھی دعوے سے نہیں کہی جا سکتی کہ سچ مچ پارٹی کا سچا بہومت اُسی اُور تھا جس اُور ادھیکانش کے ہاتھ اُٹھے ۔ یہ گھٹنا پارٹیوں کے آدھار پر شاسن کی آئے دن کی گھٹنا ہے ۔

اِس ایک معاملے میں جو حال اُس پارٹی کا ہے جس کے ہاتھوں میں شاسن کی باگ ہے لگ بھگ وہی حال ورودھی پارٹیوں یا اور دوسری پارٹیوں کا ہے ۔ پارٹی شاسن کا یہ ایک خاص اور اُجاگر پہلو ہے ۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ہر پارلیمنٹ اور ہر دھارا سبھا کے اندر کسی بھی

महात्मा गांधी की कुछ बातें इस सम्बन्ध में याद रखने के क़ाबिल हैं. एक यह कि उन्होंने इन्गलैन्ड की उस पार्लमेंट की तुलना, जो दुनिया की पार्लिमेंटों की माँ मानी जाती है, एक "बाँझ वेश्या" (A barren prostitute) से की थी. दूसरी यह कि जब आज़ादी के दिन नज़दीक आने लगे तो उन्होंने यह साफ़ कहा था कि—"आजकल के कांग्रेसी नेता पार्लिमेंटरी हुकूमत के लिये काम कर रहे हैं, मैं पार्लिमेंटरी हुकूमत नहीं चाहता, पर इस समय तो मैं उन्हीं का साथ दे रहा हूँ." तीसरे गांधीजी के बलिदान से थोड़े ही दिन पहले जब दिल्ली में आज़ाद हिन्द की पार्लिमेंटरी हुकूमत बाज़ाब्ता क़ायम हो गई तो उसका रूप देखकर गाँधीजी के मुँह से निकल पड़ा :—"यह तो एक बहुत बड़ी बला आ गई ! मुझे अब इस बला से लड़ना पड़ेगा !"

अब हम ज़रा अपनी आजकल की शासन व्यवस्था की तरफ़ एक निगाह डालें. हमारे आजकल के अधिकतर राजकाजी नेता अंगरेज़ों की दी हुई शिक्षा पाए हुए और अंगरेज़ी विचारों में ही पले हुए थे. क़ुदरती तौर पर वह अंगरेज़ी शासन पद्धति के दिलदादा थे. अपने देश में अच्छी से अच्छी नियत के साथ भी वह उसी की नक़ल कर सकते थे. यही उन्होंने किया—वही पार्लिमेंटरी तर्ज़, वही दो सदन, वही चुनाव के ढंग, इंगलैन्ड के बादशाह की जगह भारत का राष्ट्रपति, गवरनरों और लेफ़टीनेन्ट गवरनरों का वही सिलसिला, पार्लिमेंट और धारा सभाओं के अन्दर वही सरकारी दल (Treasury Benches) और विरोधी दल (Opposition) और वही धुवाँधार तक़रीरें. हालत यहाँ तक पहुँच चुकी है कि हमारे स्वतन्त्र दलों और विरोधी दलों के बड़े से बड़े नेता भी ईमानदारी के साथ मानते और कहते हैं कि शासन चाहे किसी भी दल के हाथों में हो अच्छे शासन के लिये अच्छे और ज़बरदस्त विरोधी दलों का होना ज़रूरी है. बिना अलग अलग और कम या अधिक एक दूसरे के प्रतिस्पर्धी राजकाजी दलों के वह शासन की कल्पना भी नहीं कर सकते. इसीलिये हम में से बहुत से रूस और चीन जैसे देशों की बाबत यह सुनकर कि वहाँ अलग अलग राजकाजी पार्टियाँ नहीं हैं, या अगर हैं तो एक दूसरे के विरोधी या प्रतिस्पर्धी नहीं हैं, हैरान रह जाते हैं और वह समझ ही नहीं सकते कि इस तरह के किसी भी देश की हुकूमत अच्छी और जनता के लिये हितकर हुकूमत कैसे हो सकती है.

पार्टियों के आधार पर शासन व्यवस्था दूसरे किसी देश के लिये कहां तक हितकर साबित हुई है या नहीं या इस समय हितकर है या नहीं इस सवाल में हम अभी नहीं पड़ना चाहते. हम केवल अपने देश की आजकल की व्यवस्था को ही ज़रा और पास से देखना चाहते हैं.

مہاتما گاندھی کی کچھ باتیں اِس سمبندھ میں یاد رکھنے کے قابل ھیں ۔ ایک یہ کہ اُنھوں نے انگلینڈ کی اُس پارلیمنٹ کی تلنا جو دنیا کی پارلیمنٹوں کی ماں مانی جاتی ھے' ایک بانجھ ویشیا (A barren prostitute) سے کی تھی ۔ دوسری یہ کہ جب آزادی کے دن نزدیک آنے لگے تو اُنھوں نے یہ صاف کہا تھا کہ—"آجکل کے کانگریسی نیتا پارلیمنٹری حکومت کے لئے کام کر رھے ھیں' میں پارلیمنٹری حکومت نہیں چاھتا' پر اِس سمے تو میں اُنھیں کا ساتھ دے رھا ھوں ۔" تیسرے گاندھی جی کے بلیدان سے تھوڑے ھی دن پہلے جب دلی میں آزاد ھند کی پارلیمنٹری حکومت باضابطہ قایم ھو گئی تو اُس کا روپ دیکھ کر گاندھی جی کے منھ سے نکل پڑا:—"یہ تو ایک بہت بڑی بلا آ گئی ! مجھے اب اِس بلا سے لڑنا پڑیگا !"

اب ھم ذرا اپنی آجکل کی شاسن ویوستھا کی طرف ایک نگاہ ڈالیں ۔ ھمارے آجکل کے ادھکتر راجکاجی نیتا انگریزوں کی دی ھوئی شکشا پائے ھوئے اور انگریزی وچاروں میں ھی پلے ھوئے تھے ۔ قدرتی طور پر وہ انگریزی شاسن پدھتی کے دلدادہ تھے ۔ اپنے دیش میں اچھی سے اچھی نیت کے ساتھ بھی وہ اُسی کی نقل کر سکتے تھے۔ یہی اُنھوں نے کیا—وھی پارلیمنٹری طرز' وھی دو سدن' وھی چناؤ کے ڈھنگ' انگلینڈ کے بادشاہ کی جگہہ بھارت کا راشٹرپتی' گورنروں اور لفٹیننٹ گورنروں کا وھی سلسلہ' پارلیمنٹ اور دھارا سبھاؤں کے اندر وھی سرکاری دل (Treasury Benches) اور وِرودھی دل (Opposition) اور وھی دھواں دھار تقریریں ۔ حالت یہاں تک پہونچ چکی ھے کہ ھمارے سوتنتر دلوں اور ورودھی دلوں کے بڑے سے بڑے نیتا بھی ایمانداری کے ساتھ مانتے اور کہتے ھیں کہ شاسن چاھے کسی بھی دل کے ھاتھوں میں ھو اچھے شاسن کے لئے اچھے اور زبردست ورودھی دلوں کا ھونا ضروری ھے ۔ بنا الگ الگ اور کم یا ادھک ایک دوسرے کے پرتی اسپردھی راجکاجی دلوں کے وہ شاسن کی کلپنا بھی نہیں کر سکتے۔ اِسی لئے ھم میں سے بہت سے روس اور چین جیسے دیشوں کی بابت یہ سن کر کہ وھاں الگ الگ راجکاجی پارٹیاں نہیں ھیں' یا اگر ھیں تو ایک دوسرے کے ورودھی یا پرتی اسپردھی نہیں ھیں' حیران رہ جاتے ھیں اور یہ سمجھ ھی نہیں سکتے کہ اِس طرح کے کسی بھی دیش کی حکومت اچھی اور جنتا کے لئے ھتکر حکومت کیسے ھو سکتی ھے ۔

پارٹیوں کے آدھار پر شاسن ویوستھا دوسرے کسی دیش کے لئے کہاں تک ھتکر ثابت ھوئی ھے یا نہیں یا اِس سمے ھتکر ھے یا نہیں اِس سوال میں ھم ابھی نہیں پڑنا چاھتے ۔ ھم کیول اپنے دیش کی آجکل کی ویوستھا کو ھی ذرا اور پاس سے دیکھنا چاھتے ھیں ۔

आजकल की सरकारें

दुनिया के अन्दर एक एक जमाने में एक एक चीज़ का खास ज़ोर होता है. उसीके अनुसार कोई ज़माना धर्म प्रधान समझा जाता है, कोई संस्कृति प्रधान, कोई अर्थ प्रधान इत्यादि. कभी कभी एक ही समय में अलग अलग देशों में अलग अलग चीज़ों का ज़ोर होता है. आजकल लगभग सारी दुनिया में राजनीति का बोल बाला है. इसलिये इस युग को राजनीति प्रधान युग कहा जा सकता है. धर्म, सदाचार, अर्थ, संस्कृति, कला और साहित्य सब को आज हम अधिकतर राजनीति ही की निगाह से देखते हैं. राजनीति आज हमारे सारे मानव जीवन पर छाई हुई है. इसीलिये राजनीतिक नेता और कार्यकर्ता ही सब जगह आज दुनिया के नेता माने जाते हैं.

कहा जाता है कि मानव इतिहास के शुरू में मनुष्य और पशुओं में बहुत कम अन्तर था. धीरे धीरे मनुष्य ने अपने मस्तिष्क के सहारे उन्नति करना शुरू किया. कुटुम्ब बना. समाज बना. छोटे छोटे गिरोह बने. उन गिरोहों में प्रबन्ध और संचालन के लिये सरदार होने लगे. धीरे धीरे राजा बने, सम्राट बने, और राजा और प्रजा का अन्तर पैदा हुआ.

दुनिया के स्कूलों में पढ़ाई जाने वाली समाज शास्त्र की अधिकतर किताबें मनुष्य की सबसे पहले की जंगली हालत से शुरू होती हैं. राजनीति की अधिकतर किताबें राजाओं और सम्राटों के युग से शुरू होती हैं.

اِدھر بدقسمتی سے سیٹھ جی پر ان کے گاؤں میں آفت آئی ۔ حافظ رحمت خاں بڑا اچھا حاکم تھا ۔ رعایا اس سے نہایت خوش تھی ۔ مجال نہیں، جو رعایا پر کوئی بھی ظلم ہو ۔ پر نوابی جو ہوئی تو سرکاری افسروں نے چن چن کر روپئے والے سیٹھ ساہوکاروں کو ڈرا دھمکا کر روپیہ اینٹھنا شروع کیا اور اُنھیں اِتنا پریشان کیا کہ وے دیش چھوڑ چھوڑ کر پٹھانوں کی حکومت میں بسنے لگے ۔ مگر پٹھانوں کے پاس اب رہ ہی کیا گیا تھا ؟ سیٹھ جی نے سوچا—چلو، اب اس شہر میں چل کر رہیں جہاں ہمارا دھرم بھائی پٹھان رہتا ہے ۔ چادر اور لوٹا ڈور کندھے پر رکھ کر سیٹھ جی چل کھڑے ہوئے ۔ پٹھان کا نام تو معلوم تھا ہی، پتہ معلوم نہ تھا، سو سوچا، کسی سے پوچھ کر معلوم کرلینگے ۔

بازار میں جا ہی رہے تھے کہ اچانک وہ پٹھان دھرم بھائی مل گیا ۔ دونوں بڑے پریم سے ملے ۔ پٹھان بولا—"چلو، ہمارے گھر چل کر ٹھہرو ۔" انھوں نے کہا—"تم کو بیکار تکلیف ہوگی !" پر پٹھان نہ مانا اور سیٹھ جی کو لے جاکر اپنے گھر میں ٹکایا اور خود اُن کے کھانے پینے کا سامان لینے چلا گیا ۔

سیٹھ جی ایک تو لمبے سفر کے مارے تھک گئے تھے اور دوسرے ٹھہرے بالکل کمزور ۔ سامنے آنگن میں کنواں جو دکھائی پڑا تو سوچا—چلو، ہاتھ منھ دھو لیں ۔ بس، لوٹا ڈور لے کر چل پڑے اُدھر ہی ۔ اُن کی سمجھ میں نہ آیا کہ بیچ آنگن میں یہ رسی کیسی تنی ہے ۔ رسی باندھ کر وے کنوئیں پر پہنچے اور لگے پانی نکال کر ہاتھ منھ دھونے ۔

پٹھان کا بھائی سامنے چھت پر بیٹھا تھا ۔ اُس نے آؤ دیکھا نہ تاؤ، خنجر لے کر نیچے اترا اور سیٹھ جی پر جھپٹا ۔ سیٹھ جی نے دیکھا کہ ایک خونی آدمی ایک خنجر ہاتھ میں لئے انھیں مارنے آ رہا ہے، تو لوٹا ڈور وہیں چھوڑ سر پر پیر رکھ کر بھاگے ۔ پٹھان بھی بڑی تیزی سے دوڑا ان کے پیچھے؛ پر وے صاف نکل گئے ۔ بدحواس وے بھاگے جا رہے تھے کہ سامنے پٹھان کا بڑا بھائی—اُن کا دوست— آتا ہوا مل گیا ۔ وہ ان کے لئے کھانے پینے کا سامان لیکر لوٹ رہا تھا ۔ سیٹھ جی کو اِس بری طرح بھاگتے اور پریشان دیکھا، تو بولا—"ارے بھائی کہاں بھاگے جا رہے ہو آخر ؟ خیر تو ہے ؟ ماجرا کیا ہے ؟"

"خیر ؟ کیسی خیر ؟ یہاں تو جان پر بن آئی ہے"—سیٹھ جی بولے ۔ اُنھوں نے ساری گھٹنا کہہ سنائی اور بھاگنے پر اُتر آئے ۔

پٹھان نے کہا—"ارے، تم ادھر گئے ہی کیوں ؟ تمھیں رسی نہیں لانگھنی چاہیے تھی ۔"

سیٹھ جی نے کہا—"جو کچھ ہوا، سو ہوا، مگر اب میں وہاں نہیں جانے کا ۔"

नहीं." उसी रात पठान ने जाकर चुपचाप बनिये के भाई को मार डाला. लौटकर पठान ने सेठजी को यह खुशख़बरी सुनाई, फिर कहा—"अब उन क़र्ज़दारों का भी नाम बताओ, जिन्होंने उसके बरग़लाने से तुम्हारा रुपया मार लिया है."

"हाय भाई! हाय" ······ कहते हुए बनिया पछाड़ खाकर गिरा और गिड़गिड़ा कर बोला "यह तुमने क्या किया?" पठान घबराया कि माजरा क्या है? उसने कहा—"भाई बात क्या है? मैंने अगर तुम्हारे भाई को मारकर बुरा किया, तो तुम मेरे भाई को मार डालो. चलो, क़िस्सा ख़त्म. अब रोने-धोने से क्या हासिल? यह कहकर उसने सेठजी का हाथ पकड़ा और कहा कि "चलो मेरे घर अपने भाई के .ख़ून का बदला लेने."

सेठजी ने सोचा, ग़नीमत यही है कि इसको रुख़सत किया जाय. उन्होंने उसे कुछ रुपया नक़द देकर रुख़सत किया और सोचा कि चलो, आफ़त कटी, पठान ने चलते-चलते कहा कि, "मैं अपने बाप और भाई से मिलकर बदला लेने के लिये तुमको ख़बर दूँगा."

पठान को घर छोड़े साल भर हो गया था. इसलिये उसके बाप ने समझा कि शायद मर-खप गया होगा. उसे फिर घर लौटा देखकर बुड्ढे को .ख़ुशी हुई. पठान ने बनिये के यहाँ का सारा क़िस्सा अपने बाप से कह सुनाया. उसके बाप ने कहा—"पठान की बात नहीं जाना चाहिये." और दोनों बदले के लिये राज़ी हो गये. .ख़ुद उसके भाई ने कहा कि मुझे .ख़ुशी से जान देना मंजूर है सेठजी आकर .ख़ुशी से अपने भाई के बदले में मुझे मार डालें."

पठान के बाप ने एक चिट्ठी सेठजी को आकर बदला लेने के लिये लिखा. उसमें अपने लड़के के साथ की गई उसकी मेहरबानी का शुक्रिया अदा किया और लिखा कि दूसरा बेटा हाज़िर है, जब .ख़ुशी हो, आकर उसे अपने भाई के .ख़ून के बदले में मार डालो.

बाप-बेटों ने महीनों इन्तज़ार किया, मगर न तो सेठजी आए और न उनका कोई जवाब ही आया, महीनों तक उन्होंने अपने कई काम रोक रखे और यह मान लिया कि छोटा बेटा अब मरने वाला है, लेकिन सेठजी की कुछ .ख़बर न आई. आख़िर में सब नाउम्मीद हो गये.

थोड़े दिनों में पठान भाइयों का बाप मर गया. जायदादकी बाट पर दोनों भाइयों में बड़ा झगड़ा हुआ. घर का भी बँटवारा हो गया. आधा छोटे भाई को मिला और आधा बड़े को. बीच आँगन में चारपाई की अदवान खोलकर इस सिरे से उस सिरे तक ज़मीन पर खूँटी गाड़ कर बाँध दी गई. यही घर के दो भागों की हद बनी थी. 'अगर एक दूसरे की सरहद में क़दम रखते, तो बस जंग!

نہیں ." اسی رات پٹھان نے جاکر چپ چاپ بنیے کے بھائی کو مار ڈالا . لوٹ کر پٹھان نے سیٹھ جی کو یہ خوشخبری سنائی' پھر کہا—"اب اُن قرضداروں کا بھی نام بتاؤ جنہوں نے اس کے ورغلانے سے تمہارا روپیہ مار لیا ہے ."

"ہائے بھائی ! ہائے"······ کہتے ہوئے بنیا پچھاڑ کھا کر گرا اور گڑگڑا کر بولا کہ "یہ تم نے کیا کیا ؟ پٹھان گھبرایا کہ ماجرا کیا ہے ؟ اس نے کہا—"بھئی' بات کیا ہے؟ میں نے اگر تمہارے بھائی کو مار کر برا کیا' تو تم میرے بھائی کو مار ڈالو . چلو' قصہ ختم . اب رونے دھونے سے کیا حاصل ؟" یہ کہہ کر اس نے سیٹھ جی کا ہاتھ پکڑا اور کہا کہ "چلو میرے گھر اپنے بھائی کے خون کا بدلا لینے ."

سیٹھ جی نے سوچا' غنیمت یہی ہے کہ اُس کو رخصت کیا جائے . انہوں نے اُسے کچھ روپیہ نقد دے کر رخصت کیا اور سوچا کہ چلو' آفت ٹلی . پٹھان نے چلتے چلتے کہا کہ "میں اپنے باپ اور بھائی سے ملکر بدلا لینے کے لئے تم کو خبر دونگا ."

پٹھان کو گھر چھوڑے سال بھر ہو گیا تھا . اِس لئے اس کے باپ نے سمجھا کہ شاید مر کھپ گیا ہوگا . اُسے پھر گھر لوٹا دیکھ کر بڈھے کو خوشی ہوئی . پٹھان نے بنیئے کے یہاں کا سارا قصہ اپنے باپ سے کہہ سنایا . اس کے باپ نے کہا—"پٹھان کی بات نہیں جانی چاہیئے ." اور دونوں بدلے کے لئے راضی ہو گئے . خود اُس کے بھائی نے کہا کہ "مجھے خوشی سے جان دینا منظور ہے . سیٹھ جی آکر خوشی سے اپنے بھائی کے بدلے میں مجھے مار ڈالیں ."

پٹھان کے باپ نے ایک چٹھی سیٹھ جی کو آکر بدلہ لینے کے لئے لکھا . اس میں اپنے لڑکے کے ساتھ کی گئی اس کی مہربانی کا شکریہ ادا کیا اور لکھا کہ دوسرا بیٹا حاضر ہے' جب خوشی ہو' آکر اسے اپنے بھائی کے خون کے بدلے میں مار ڈالو .

باپ بیٹوں نے مہینوں انتظار کیا' مگر نہ تو سیٹھ جی آئے اور نہ ان کا کوئی جواب ہی آیا . مہینوں تک انہوں نے اپنے کئی کام روک رکھے اور یہ مان لیا کہ چھوٹا بیٹا اب مرنے والا ہے لیکن سیٹھ جی کی کچھ خبر نہ آئی . آخر کو سب ناامید ہو گئے .

تھوڑے دن میں پٹھان بھائیوں کا باپ مر گیا . جائیداد کی بانٹ پر دونوں بھائیوں میں بڑا جھگڑا ہوا . گھر کا بھی بٹوارا ہو گیا . آدھا چھوٹے بھائی کو ملا اور آدھا بڑے کو . بیچ آنگن میں چارپائی کی ادوائن کھول کر اِس سرے سے اُس سرے تک زمین پر کھونٹی گاڑ کر باندھ دی گئی . یہی گھر کے دو بھاگوں کی حد بنی تھی . "اگر ایک دوسرے کی سرحد میں قدم رکھ دے' تو بس جنگ !

ख़ात्मा हो जाये कि उधर से एक बनिया आ निकला. बनिया टट्टू पर कहीं से अनाज बेचकर आ रहा था. उसने दूर से देखा और क़रीब आते हुए डरा; मगर आख़िरकार आया, तो गीदड़ ज़रा हट गये. उसने देखा कि .ख़ाँ साहब के पैर गीदड़ों ने नोच डाले हैं. ख़ाँ साहब ने बनिये से कहा—"भाई या तो तुम मुझे मार डालो, नहीं तो इन गीदड़ों से बचाओ." पहले तो वह बहुत डरा, मगर फिर उससे न रहा गया. उसने पठान को अपने टट्टू पर अनाज की बोरियों में छिपाकर लाद लिया, ताकि कोई देख न सके. सोचा, कहीं लेजाकर छोड़ दूँगा, मगर यह डर था कि कहीं कोई देख न ले, क्योंकि नवाब और अंग्रेज़ों के आदमी रुहेलों और उनके साथियों का बराबर पीछा कर रहे थे. जंगल में छोड़ने से ख़ाँ साहब की जान का ख़तरा था और बस्ती में ले जाने ने ख़ुद उसको मुश्किल में फँस जाने का ख़तरा था. आदमी वह रहमदिल था. सोचा घर ही ले चलो. और छिपाकर ख़ाँ साहब को अपने घर ले आया.

बनिये की बीबी ख़ाँ साहब को देखकर घबराई कि यह क्या नई आफ़त घर ले आये. लेकिन बनिये ने कहा कि इसकी सेवा करो और इसे छिपाकर रखो. पठान को घर के अन्दर एक कोठरी में छिपाकर रखा और चुपके से उसकी मरहम पट्टी और इलाज कराया गया. महीनों में जाकर कहीं पठान अच्छा हुआ. पठान ने जब चलने की बात कही, तो बनिये ने कहा, "अभी तुम कमज़ोर हो, ज़रा दूध-घी खाकर मोटे-ताज़े हो लो, तब जाना." पठान मान गया और वहीं रहकर ख़ूब दूध-घी खाने लगा.

(2)

पठान को इस बात का बड़ा ख़्याल था कि बनिये ने उसकी जान बचाई है. उसने बनिये को अपना धर्म-भाई बना लिया. वह दिन-रात इसी सोच में रहता कि बनिये की भलमनसाहत का क्या बदला चुकाऊँ? उसके क़र्ज़ से कैसे छुटकारा पाऊँ? पठान अच्छा हो चुका था और जाने ही वाला था कि एक अजीब मामला पेश हुआ. बनिये का एक भाई था, जिससे उसकी लड़ाई थी, इसलिये कि वे एक दूसरे का ग्राहक तोड़ते और बिगाड़ते रहते थे. एक रोज़ बनिया बड़ा उदास था. उसे उदास देखकर पठान ने पूछा—"सेठजी, मामला क्या है? आप ग़मगीन क्यों हैं?" उसने बताया कि "मेरे अपने भाई से दुश्मनी है. उसने जीना मुश्किल कर रखा है. सारे क़र्ज़दारों को बरग़ला दिया है कि बक़ीया क़र्ज़ मत अदा करो. मेरे ख़िलाफ़ उसने पार्टी बना ली है. कई बरसों से तंग तो करता ही था, पर अब तो मुझे बिलकुल तबाह करने पर तुला है और समझ में नहीं आता कि अभी क्या-क्या करेगा?" पठान ने बनिये को दिलासा दिया और कहा, "घबराओ

خاتمہ ہو جائے کہ اُدھر سے ایک بنیا نکلا ۔ بنیا ٹٹو پر کہیں سے اناج بیچ کر آرہا تھا ۔ اُس نے دور سے دیکھا اور قریب آتے ہوئے ڈرا؛ مگر آخرکار آیا، تو گیدڑ ذرا ہٹ گئے ۔ اُس نے دیکھا کہ خاں صاحب کے پیر گیدڑوں نے نوچ ڈالے ہیں ۔ خاں صاحب نے بنیے سے کہا—"بھائی یا تو تم مجھے مار ڈالو، نہیں تو اِن گیدڑوں سے بچاؤ ۔" پہلے تو وہ بہت ڈرا، مگر پھر اُس سے نہ رہا گیا ۔ اُس نے پٹھان کو اپنے ٹٹو پر اناج کی بوریوں میں چھپا کر لاد لیا، تاکہ کوئی دیکھ نہ سکے ۔ سوچا، کہیں لے جاکر چھوڑ دونگا، مگر یہ بھی ڈر تھا کہ کہیں کوئی دیکھ نہ لے، کیونکہ نواب اور انگریزوں کے آدمی روہیلوں اور اُن کے ساتھیوں کا برابر پیچھا کر رہے تھے ۔ جنگل میں چھوڑنے سے خاں صاحب کی جان کا خطرہ تھا اور بستی میں لے جانے میں خود اُس کو مشکل میں پھنس جانے کا خطرہ تھا ۔ آدمی وہ رحم دل تھا ۔ سوچا گھر ہی لے چلو ۔ اور چھپا کر خاں صاحب کو اپنے گھر لے آیا ۔

بنیے کی بی بی خاں صاحب کو دیکھ کر گھبرائی کہ یہ کیا نئی آفت گھر لے آئے ۔ لیکن بنیے نے کہا کہ اِس کی سیوا کرو اور اِسے چھپا کر رکھو ۔ پٹھان کو گھر کے اندر ایک کوٹھری میں چھپا کر رکھا اور چپکے سے اُن کی مرہم پٹی اور علاج کرایا گیا ۔ مہینوں میں جاکر کہیں پٹھان اچھا ہوا ۔ پٹھان نے جب چلنے کی بات کہی، تو بنیے نے کہا، "ابھی تم کمزور ہو، ذرا دودھ گھی کھا کر موٹے تازے ہو لو، تب جانا ۔" پٹھان مان گیا اور وہیں رہ کر خوب دودھ گھی کھانے لگا ۔

(2)

پٹھان کو اِس بات کا بڑا خیال تھا کہ بنیئے نے اُس کی جان بچائی ہے ۔ اُس نے بنیے کو اپنا دھرم بھائی بنا لیا ۔ وہ دن رات اِسی سوچ میں رہتا کہ بنیے کی بھلمنساہت کا کیا بدلہ چکاؤں ۔ اس کے قرض سے کیسے چھٹکارا پاؤں ؟ پٹھان اچھا ہو چکا تھا اور جانے ہی والا تھا کہ ایک عجیب معاملہ پیش ہوا ۔ بنیے کا ایک بھائی تھا، جس سے اس کی لڑائی تھی، اِس لئے کہ وے ایک دوسرے کے گراھک توڑتے اور بگاڑتے رہتے تھے ۔ ایک روز بنیا بڑا اُداس تھا ۔ اسے اُداس دیکھ کر پٹھان نے پوچھا—"سیٹھ جی، معاملہ کیا ہے ؟ آپ غمگین کیوں ہیں ؟" اس نے بتایا کہ "میرے اپنے بھائی سے دشمنی ہے ۔ اُس نے جینا مشکل کر رکھا ہے ۔ سارے قرضداروں کو ورغلا دیا ہے کہ بقیہ قرض مت ادا کرو ۔ میرے خلاف اس نے پوری پارٹی بنا لی ہے ۔ کئی برسوں سے تنگ تو کرتا تھا، پر اب تو مجھے بالکل تباہ کرنے پر تلا ہے اور سمجھ میں نہیں آتا کہ ابھی کیا کیا کرے گا ؟" پٹھان نے بنیے کو دلاسہ دیا اور کہا، "گھبراؤ

ख़ून का बदला !

मिरजा अज़ीमबेग चुग़ताई

सन 1761 की पानीपत की लड़ाई के बाद यू० पी० में रुहेलों का ज़ोर हुआ. वे 'गंगोत्री से गंग' इलाक़े के मालिक हो गये. रुहेलों की हुकूमत सरदारों के हाथ में थी, जिनका मुखिया था हाफ़िज रहमत ख़ाँ. हाफ़िज़ रहमत ख़ाँ एक जंगजू और अच्छे हाकिम थे. वे अपने हिन्दू वज़ीर की मदद से मस्जिद में बैठकर हुकूमत का सारा काम करते थे. रिआया भी उनसे ख़ुश थी.

जब अवध के नवाब और रुहेलों में अनबन हो गई, तब रहमत ख़ाँ ने अवध के नवाब को जंग के लिये ललकारा और बुरी तरह हराया. तब नवाब ने अंग्रेज़ों की मदद ली. अंग्रेज़ों और रहमत में वैसे तो सुलह थी; मगर अंग्रेज़ों ने रुहेलों का बढ़ता हुआ ज़ोर तोड़ने का यह अच्छा मौक़ा देख सुलह को बालाए ताक़ रख दिया. उन्हें डर था कि अकेले अवध के नवाब को .फ़ुरसत के वक़्त यह आसानी से भून खायेंगे. लिहाज़ा अवध के नवाब से रुपया लेकर वे उसकी तरफ़ से मगर अपने मतलब के लिये, लड़ने आ गये.

अवध और अंग्रेज़ों की फ़ौजें रुहेलों की तरफ़ बढ़ीं. उधर से हाफ़िज़ रहमत भी अपने रुहेला सरदारों को लेकर बढ़ा. दुजोड़ा के मैदान में दोनों तरफ़ की फ़ौजों में घमासान जंग हुई. उस जंग में रुहेले बड़ी बहादुरी से लड़े और जीत गये; मगर दुश्मन का पीछा करने के बदले वे उनके कैम्प लूटने लगे, और रहमत ख़ाँ उन्हें रोकते ही रह गये. अंग्रेज़ी .फ़ौज, जो खेतों में छुप गई थी, लौटी और जमा होकर .फ़ौरन रुहेलों पर टूट पड़ी. पाँसा उलट पड़ा. जीत के बदले रुहेलों की हार हुई. हाफ़िज़ रहमत ख़ाँ मैदान से न हटे और बड़ी बहादुरी से लड़कर कट मरे.

रुहेलों की तरफ़ से लड़ने वालों में दो पठान भाई भी आये थे, जिनमें से एक तो लड़ते-लड़ते मारा गया और दूसरा घायल होकर मैदान में अधमरा पड़ा था. असल में यह तीन भाई थे. इनका बाप ज़िन्दा था. उसने एक भाई को रोककर और दो भाइयों को लड़ने के लिये भेज दिया था.

रात का वक़्त था. गीदड़ और कुत्ते मैदान में लाशों को खा रहे थे और घायल .ख़ाँ साहब पड़े-पड़े अपने को गीदड़ों से बचा रहे थे. मगर गीदड़ बड़े चालाक थे. उन्हें नोच-नोचकर भागते थे. इस तरह सुबह हो गई और गीदड़ बदस्तूर ख़ाँ साहब को नोचते रहे. क़रीब था कि उनका

خون کا بدلہ !

مرزا عظیم بیگ چغتائی

سن 1761 کی پانی پت کی لڑائی کے بعد یو. پی. میں روہیلوں کا زور ہوا ۔ وہ 'گنگوتری سے گنگ' علاقے کے مالک ہو گئے ۔ روہیلوں کی حکومت سرداروں کے ہاتھ میں تھی' جن کا مکھیا تھا حافظ رحمت خاں ۔ حافظ رحمت خاں ایک جنگجو اور اچھے حاکم تھے ۔ وہ اپنے ہندو وزیر کی مدد سے مسجد میں بیٹھ کر حکومت کا سارا کام کرتے تھے ۔ رعایا بھی اُن سے خوش تھی ۔

جب اودھ کے نواب اور روہیلوں میں ان بن ہو گئی' تب رحمت خاں نے اودھ کے نواب کو جنگ کے لئے للکارا اور بری طرح ہرایا ۔ تب نواب نے انگریزوں کی مدد لی ۔ انگریزوں اور رحمت میں ویسے تو صلح تھی؛ مگر انگریزوں نے روہیلوں کا بڑھتا ہوا زور توڑنے کا یہ اچھا موقع دیکھ صلح کو بالائے طاق رکھ دیا ۔ انہیں ڈر تھا کہ اکیلے اودھ کے نواب کو فرصت کے وقت یہ آسانی سے بھون کھائیں گے ۔ لہٰذا اودھ کے نواب سے روپیہ لے کر وہ اُس کی طرف سے مگر اپنے مطلب کے لئے' لڑنے آ گئے ۔

اودھ اور انگریزوں کی فوجیں روہیلوں کی طرف بڑھیں ۔ ادھر سے حافظ رحمت بھی اپنے روہیلا سرداروں کو لے کر بڑھا ۔ دجوڑا کے میدان میں دونوں طرف کی فوجوں میں گھماسان جنگ ہوئی ۔ اُس جنگ میں روہیلے بڑی بہادری سے لڑے اور جیت گئے؛ مگر دشمن کا پیچھا کرنے کے بدلے وہ اُن کے کیمپ لوٹنے لگے' اور رحمت خاں اُنہیں روکتے ہی رہ گئے ۔ انگریزی فوج' جو کھیتوں میں چھپ گئی تھی' لوٹی اور جمع ہو کر فوراً روہیلوں پر ٹوٹ پڑی ۔ پانسہ الٹ پڑا ۔ جیت کے بدلے روہیلوں کی ہار ہوئی ۔ حافظ رحمت خاں میدان سے نہ ہٹے اور بڑی بہادری سے لڑ کر کٹ مرے ۔

روہیلوں کی طرف سے لڑنے والوں میں دو پٹھان بھائی بھی آئے تھے' جن میں سے ایک تو لڑتے لڑتے مارا گیا اور دوسرا گھائل ہو کر لڑائی کے میدان میں ادھ مرا پڑا تھا ۔ اصل میں یہ تین بھائی تھے ۔ اِن کا باپ زندہ تھا ۔ اُس نے ایک بھائی کو روک کر اور دو بھائیوں کو لڑنے کے لئے بھیج دیا تھا ۔

رات کا وقت تھا ۔ گیدڑ اور کتے میدان میں لاشوں کو کھا رہے تھے ۔ اور گھائل خاں صاحب پڑے پڑے اپنے کو گیدڑوں سے بچا رہے تھے ۔ مگر گیدڑ بڑے چالاک تھے ۔ انہیں نوچ نوچکر بھاگتے تھے ۔ اِس طرح صبح ہو گئی اور گیدڑ بدستور خاں صاحب کو نوچتے رہے ۔ قریب تھا کہ اُن کا

आफ़ताबों के सिलसिले

श्री सलाम मछलीशहरी

ज़मीं पर अगर देवता कुछ न होते
तो इन्सान शायद परीशाँ ही रहता.
नज़ारे तो होते, बहारें तो होतीं,
मगर गुलशने फ़िक्र वीराँ ही रहता.
हक़ीक़त का मफ़हूम१ वाज़े न होता
अगर दिलनशीं कल्पनायें न होतीं,
कोई ख़ास मंज़र निखर ही न पाता
जो उसके लिये कुछ फ़िज़ायें न होतीं.
हक़ीक़त की इन ज़ूफ़िशाँ२ मंज़िलों में
हसीं ख़्वाब अब मुस्कराने लगे हैं,
बज़ुर्गों ने जो दीप रौशन किए थे
वही दीप फिर जगमगाने लगे हैं.
कला और संगीत के दीप फिर से
मुक़द्दम३ फ़िज़ाओं में जलने लगे हैं,
ज़हे४ अहदे हाज़िर कि "हाफ़िज़" के बरबत५ पे
"मीरा" के नग़मे मचलने लगे हैं.
मुबारिक कि वादीये गंगोजमन में
कला को नई ज़िन्दगी मिल रही है,
मुबारिक कि फिर "तूतीये हिन्द ख़ुसरो"
के अफ़कार६ की रौशनी मिल रही है.
नई रौशनी में नये ताज महलों,
अजन्ताओं का जन्म होने लगा है,
हमारे कला मन्दिरों से क़रीब आ.
रूठा हुआ धर्म होने लगा है,
मिली है ज़ियाबार७ ताबीर८ जिसकी
वही ख़्वाब पहले भी देखा गया था,
मुबारिक वतन की सहर९ कह रही है
कि यह आफ़ताबों का एक सिलसिला था.

آفتابوں کے سلسلے

شری سلام مچھلی شہری

زمیں پر اگر دیوتا کچھ نہ ہوتے'
تو انساں شاید پریشاں ہی رہتا'
نظارے تو ہوتے' بہاریں تو ہوتیں'
مگر گلشن فکر ویراں ہی رہتا۔
حقیقت کا مفہوم واضح نہ ہوتا
اگر دلنشیں کلپنائیں نہ ہوتیں'
کوئی خاص منظر نکھر ہی نہ پاتا
جو اُس کے لئے کچھ فضائیں نہ ہوتیں۔
حقیقت کی اِن ضوفشاں منزلوں میں
حسیں خواب اب مسکرانے لگے ہیں'
بزرگوں نے جو دیپ روشن کئے تھے
وہی دیپ پھر جگمگانے لگے ہیں۔
کلا اور سنگیت کے دیپ پھر سے
مقدم فضاؤں میں جلنے لگے ہیں'
زہے عہد حاضر کہ "حافظ" کے بربط پہ
"میرا" کے نغمے مچلنے لگے ہیں۔
مبارک کہ وادیٔ گنگ و جمن میں
کلا کو نئی زندگی مل رہی ہے'
مبارک کہ پھر "طوطیٔ ہند خسرو"
کے افکار کی روشنی مل رہی ہے۔
نئی روشنی میں نئے تاج محلوں'
اجنتاؤں کا جنم ہونے لگا ہے'
ہمارے کلا مندروں سے قریب آج
روٹھا ہوا دھرم ہونے لگا ہے۔
ملی ہے ضیابار تعبیر جس کی
وہی خواب پہلے بھی دیکھا گیا تھا'
مبارک وطن کی سحر کہہ رہی ہے
کہ یہ آفتابوں کا ایک سلسلہ تھا۔

नोट :—यह नज़्म 19 मई 1957 को इदाराये निज़ामिया, दिल्ली में यौम ख़ुसरो के मुबारिक मौक़े पर पढ़ी गई.

نوٹ :— یہ نظم 19 مئی 1957 کو ادارۂ نظامیہ' دلی میں یوم خسرو کے مبارک موقع پر پڑھی گئی۔

---

१. मतलब, २. चमकदार, ३. पहले की, ४. बलिहारी, ५. एक प्रकार का बाजा, ६. कार्यों, ७. चमकदार, ८. फल ९. प्रभात.

कहा कि मैं तुम्हारे पास आ रहा हूँ. यह मालूम होता था कि वे डरा रहे थे. मगर थोड़ी देर में वे समझ की बातें करने लगे. हरेक को दुआ दी और आख़िरी रुख़सत ली.

....जब सुबह मैंने उन्हें बिस्तर पर पड़े देखा तो वे मरे हुए नहीं मालूम होते थे. उनके चेहरे पर ख़ामोशी थी. उनकी पेशानी पर अब भी वही शान मौजूद थी, लेकिन वह शख़्सियत कहाँ थी, सिर्फ़ एक बेजान खोल बाक़ी रह गया था.

उनका इन्तक़ाल 80 बरस की उम्र में हुआ. उनके साथ एक नसल का ख़ात्मा हो गया. वह उन लोगों में से थे जिनको हिन्दुस्तान की जंगे आज़ादी ख़ूब याद थी, जिसे हमारे अंग्रेज़ तारख़ीदाँ सन् 1857 ईस्वी का ग़दर कहते हैं. उन्होंने अपने भाइयों, प्यारों, बुज़ुर्गों और हमवतनों को बदर्दी से क़त्ल होते देखा. हर रोज़ भागने वालों की लाशें खंडहरों और गाँवों में पड़ी मिलती थीं और हर रोज़ वे एक क़तार में खड़े किये जाते और उनके सर काट लिये जाते. उन्होंने औरतों को बेआबरू होते हुए, बच्चों को कुचले जाते और हज़ारों को भूखों मरते देखा था. उन्होंने बादशाह को गिरफ़्तार होते हुए और मुल्क से निकाले जाते देखा था. उनकी आँखों के सामने शहज़ादे ज़बह किये गये और उनके सर दिल्ली दरवाज़े पर लटकाये गये, जो अब भी ख़ूनी दरवाज़े के नाम से मशहूर है. उन्होंने अपने वतन और अपने शहर पर अंग्रेज़ों को क़ाबिज़ होते देखा. उनके हाथों उन्होंने हिन्दुस्तान की तहज़ीब और उसकी अज़मत को ख़ाक में मिलते हुए देखा था.

फिर क्या ताज्जुब कि अंग्रेज़ों के लिये उनके दिल में नफ़रत थी और इस क़द्र कि हम भी इतनी नफ़रत नहीं कर सकते. उन्होंने अपने सबसे बड़े बेटे को, जब उन्होंने अंग्रेज़ी पढ़ना शुरू किया, घर से निकाल दिया और उनको अपने चचा के घर पनाह लेनी पड़ी, ताकि वे अपना पढ़ना जारी रख सकें. अंग्रेज़ों की हर चीज़ के साथ इस क़द्र नफ़रत ग़ालिबन उनके बढ़े हुए तास्सुब की बिना पर थी. लेकिन आज हम इसको समझ सकते हैं और पसन्द करते हैं. उनके बेटों की नसल ऐसी थी जो ग़ालिबन न अंग्रेज़ों से नफ़रत करते थे और न मोहब्बत ही करते थे. वे अंग्रेज़ों के नीचे काम करते थे, क्योंकि अंग्रेज़ इनको मुलाज़िमत देते थे. लेकिन अब पहिये ने पूरा चक्कर ले लिया. आज हमारा मुल्क आज़ाद है. यह ऐसी आज़ादी है जो पहले नहीं हासिल हो सकती थी, जिसका अन्दाज़ा भी हमारे बुज़ुर्ग न कर सकते थे.

کہا کہ میں تمہارے پاس آ رہا ہوں ۔ یہ معلوم ہوتا تھا کہ وے ڈرا رہے تھے ۔ مگر تھوڑی دیر میں وے سمجھ کی باتیں کرنے لگے ۔ ہر ایک کو دعا دی اور آخری رخصت لی ۔

......جب صبح میں نے انہیں بستر پر پڑے دیکھا تو وے مرے ہوئے نہیں معلوم ہوتے تھے ۔ اُن کے چہرے پر خاموشی تھی ۔ اُن کی پیشانی پر اب بھی وہی شان موجود تھی، لیکن وہ شخصیت کہاں تھی، صرف ایک بےجان خول باقی رہ گیا تھا ۔

اُن کا انتقال 80 برس کی عمر میں ہوا ۔ اُن کے ساتھ ایک نسل کا خاتمہ ہو گیا ۔ وہ اُن لوگوں میں سے تھے جن کو ہندوستان کی جنگ آزادی خوب یاد تھی، جسے ہمارے انگریز تاریخ داں سن 1857 عیسوی کا غدر کہتے ہیں ۔ انہوں نے اپنے بھائیوں، پیاروں، بزرگوں اور ہموطنوں کو بیدردی سے قتل ہوتے دیکھا ۔ ہر روز بھاگنے والوں کی لاشیں کھنڈروں اور گاؤں میں پڑی ملتی تھیں اور ہر روز وے ایک قطار میں کھڑے کئے جاتے اور اُن کے سر کاٹ لئے جاتے ۔ انہوں نے عورتوں کو بےآبرو ہوتے ہوئے، بچوں کو کچلے جاتے اور ہزاروں کو بھوکوں مرتے دیکھا تھا ۔ انہوں نے بادشاہ کو گرفتار ہوتے ہوئے اور ملک سے نکالے جاتے دیکھا تھا ۔ ان کی آنکھوں کے سامنے شہزادے ذبح کئے گئے اور ان کے سر دلی دروازے پر لٹکائے گئے، جو اب بھی خونی دروازے کے نام سے مشہور ہے، انہوں نے اپنے وطن اور اپنے شہر پر انگریزوں کو قابض ہوتے دیکھا ۔ اُن کے ہاتھوں انہوں نے ہندستان کی تہذیب اور اس کی عظمت کو خاک میں ملتے ہوئے دیکھا تھا ۔

پھر کیا تعجب کہ انگریزوں کے لئے اُن کے دل میں نفرت تھی اور اِس قدر کہ ہم بھی اِتنی نفرت نہیں کر سکتے ۔ انہوں نے اپنے سب سے بڑے بیٹے کو، جب انہوں نے انگریزی پڑھنا شروع کیا، گھر سے نکال دیا اور ان کو اپنے چچا کے گھر پناہ لینی پڑی، تاکہ وے اپنا پڑھنا جاری رکھ سکیں ۔ انگریزوں کی ہر چیز کے ساتھ اِس قدر نفرت غالباً ان کے بڑھے ہوئے تعصب کی بنا پر تھی ۔ لیکن آج ہم اس کو سمجھ سکتے ہیں اور پسند کرتے ہیں اُن کے بیٹوں کی نسل ایسی تھی جو غالباً نہ انگریزوں سے نفرت کرتے تھے اور نہ محبت ہی کرتے تھے ۔ وے انگریزوں کے نیچے کام کرتے تھے، کیونکہ انگریز اِن کو ملازمت دیتے تھے ۔ لیکن اب پہئے نے پورا چکر لے لیا ہے ۔ آج ہمارا ملک آزاد ہے ۔ یہ ایسی آزادی ہے جو پہلے نہیں حاصل ہو سکتی تھی، جس کا اندازہ بھی ہمارے بزرگ نہ کر سکتے تھے ۔

उनके प्यारों को दिखाते हैं. दादा अब्बा का बूढ़ा और कमज़ोर जिस्म सिसकियों से काँप रहा है.

लोग क़ब्र में मिट्टी डाल रहे हैं. दादा अब्बा अपने काँपते हुए हाथों में थोड़ी सी मिट्टी उठाते हैं. कहार डोली को क़ब्र के क़रीब ले जाते हैं. आँखों से दो क़तरे आँसू के उस ताज़ा मिट्टी पर गिर पड़ते हैं जो वे हाथों में लिये हुए हैं. वे बेबसी से हाथों की मिट्टी क़ब्र में गिरा देते हैं और चेहरा ढक लेते हैं.

❀ ❀ ❀

बेटे की मौत के तीन बरस बाद दादा और ज़िन्दा रहे, हालाँकि वे ज़िन्दगी से थककर आजिज़ हो गये थे. वे अक्सर रोते थे, लेकिन उनका ख़ात्मा बहुत ख़ामोशी से हुआ. उन पर एक मर्तबा फ़ालिज गिर ही चुका था. एक मर्तबा और गिरा. उनका दाहिना हाथ और दाहिना पाँव पहले ही बेकार था, अबकी बार बाएँ हाथ और पैर पर असर हुआ.

मरने से कुछ पहले वे बहुत चिड़चिड़े हो गये थे और हर तीमारदार को उनकी ख़फ़गी का सामना करना पड़ता था. सिर्फ़ एक बूढ़ी मामा उनको चुप करा सकती थी और उनकी तबियत के मुआफ़िक़ काम कर सकती थी. दादा अब्बा अपने लड़के के मरने के बाद ज़नानख़ाने में पहुँचा दिये गये थे. यह मामा भी अपनी जवानी के ज़माने से हमारे ही यहाँ मुलाज़िम थी और लोग कहते थे कि वह दादा की दाश्ता थी. इनसे एक लड़का भी हुआ था, जो बचपन में ही मर गया था. वही दादा की रोक थाम कर सकती थी, क्योंकि न तो वह उनकी बातों की परवाह करती और न उनके मिज़ाज की. यह देखकर तकलीफ़ होती कि वह अपने बूढ़े मालिक से कितनी बेपरवाही से पेश आती है. दादा अपनी कमज़ोर आवाज़ में कुछ कहते, लेकिन वह न सुनती. अगर कोई उसे कहता कि सुनो देखो क्या माँग रहे हैं, तो वह जवाब देती:—

"उनकी यही आदत है. उनको किसी चीज़ की ज़रूरत नहीं. वे सिर्फ़ मुझे परेशान करते हैं"... लेकिन किसी का कुछ बस न चलता क्योंकि वही उन्हें ख़ामोश कर सकती थी. फिर इसमें शक नहीं कि अब वह सब बोझ महसूस कर रहे थे.

वह रात में शान्ति के साथ गुज़र गये. उनकी ज़ुबान आख़िरी वक़्त तक उनके क़ाबू में रही और मौत से कुछ पहले उन्होंने सबको दुआएँ दीं और अपने तमाम प्यारों को, जो वहाँ नहीं थे या मर गये थे, याद किया.

मौत से कुछ ही पहले वह ग़फ़लत में थे और कुछ बड़बड़ाते थे. एक मर्तबा उन्होंने किसी को मुख़ातिब किया, जो अर्सा हुआ मर चुका था और उससे बुलन्द आवाज़ में

اُن کے پیاروں کو دکھاتے ہیں ۔ دادا ابا کا بوڑھا اور کمزور جسم سسکیوں سے کانپ رہا ہے ۔

لوگ قبر میں مٹی ڈال رہے ہیں ۔ دادا ابا اپنے کانپتے ہوئے ہاتھوں میں تھوڑی سی مٹی اُٹھاتے ہیں ۔ کہار ڈولی کو قبر کے قریب لے جاتے ہیں ۔ آنکھوں سے دو قطرے آنسو کے اس تازہ مٹی پر گر پڑتے ہیں جو وے ہاتھوں میں لئے ہوئے ہیں ۔ وے بےبسی سے ہاتھوں کی مٹی قبر میں گرا دیتے ہیں اور چہرا ڈھک لیتے ہیں ۔

❀ ❀ ❀

بیٹے کی موت کے تین برس بعد دادا اور زندہ رہے، حالانکہ وے زندگی سے تھک کر عاجز ہوگئے تھے ۔ وے اکثر روتے تھے، لیکن اُن کا خاتمہ بہت خاموشی سے ہوا ۔ اِن پر ایک مرتبہ فالج گر ہی چکا تھا ۔ ایک مرتبہ اور گرا ۔ اِن کا داہنا ہاتھ اور داہنا پاؤں پہلے ہی بیکار تھا، اب کی بار بائیں ہاتھ اور پیر پر اثر ہوا ۔

مرنے سے کچھ پہلے وے بہت چڑچڑے ہو گئے تھے اور ہر تیماردار کو اُن کی خفگی کا سامنا کرنا پڑتا تھا ۔ صرف ایک بوڑھی ماما ان کو چپ کرا سکتی تھی اور اُن کی طبیعت کے موافق کام کر سکتی تھی ۔ دادا ابا اپنے لڑکے کے مرنے کے بعد زنان خانے میں پہنچا دیئے گئے تھے ۔ یہ ماما بھی اپنی جوانی کے زمانہ سے ہمارے ہی یہاں ملازم تھی اور لوگ کہتے تھے کہ وہ دادا کی داشتہ تھی ۔ اِن سے ایک لڑکا بھی ہوا تھا، جو بچپن ہی میں مر گیا تھا ۔ وہی دادا کی روک تھام کر سکتی تھی، کیونکہ نہ تو وہ اُن کی باتوں کی پرواہ کرتی اور نہ اُن کے مزاج کی ۔ یہ دیکھ کر تکلیف ہوتی کہ وہ اپنے بوڑھے مالک سے کتنی بےپرواہی سے پیش آتی ہے ۔ دادا اپنی کمزور آواز میں کچھ کہتے، لیکن وہ نہ سنتی ۔ اگر کوئی اسے کہتا کہ سنو دیکھو کیا مانگ رہے ہیں، تو وہ جواب دیتی—

"اِن کی یہی عادت ہے ۔ اُن کو کسی چیز کی ضرورت نہیں ۔ وے صرف مجھے پریشان کرتے ہیں..." لیکن کسی کا کچھ بس نہ چلتا کیونکہ وہی اُنہیں خاموش کر سکتی تھی ۔ پھر اِس میں شک نہیں کہ اب وہ سب بوجھ محسوس کر رہے تھے ۔

وہ رات میں شانتی کے ساتھ گذر گئے ۔ اُن کی زبان آخری وقت تک اُن کے قابو میں رہی اور موت سے کچھ پہلے اُنہوں نے سب کو دعائیں دیں اور اپنے تمام پیاروں کو، جو وہاں نہیں تھے یا مر گئے تھے، یاد کیا ۔

موت سے کچھ ہی پہلے وہ غفلت میں تھے اور کچھ بڑبڑاتے تھے ۔ ایک مرتبہ اُنہوں نے کسی کو مخاطب کیا، جو عرصہ ہوا مر چکا تھا اور اُس سے بلند آواز میں

वे 70 बरस के थे जब मेरे वालिद, जो उनके छठे बेटे थे, बीमार हुए. हर तरह का इलाज किया गया. तमाम डाक्टरों और हकीमों ने जवाब दे दिया. बहुत से मौलवियों ने अपने अक़्ली गद्दे लड़ाए और अपने तजुर्बे के मुताबिक़ जादू टोने और आसेब वग़ैरा का इलाज किया; मगर उनकी हालत ख़राब होती गई.

शुरू-शुरू में तो वालिद दादा अब्बा के साथ मकान के मरदाने हिस्से में ही रहते थे, क्योंकि इसी में सहूलियत थी. दूसरे पुराने ज़माने के लोग .जनानख़ाने में ज़्यादा देर तक रहना पसन्द न करते थे. दादा के सूफ़ी और फ़क़ीर दोस्त आते और दुआएँ माँगते. मगर उनकी हालत रोज़ बरोज़ ख़राब होती गई. तब वह मकान के अन्दर पहुँचा दिये गये, ताकि उनकी तीमारदारी अच्छी तरह हो सके. दादा पर फ़ालिज गिर चुका था और वह हर दूसरे तीसरे अपने बेटे को देखने एक छोटी सी चारपाई पर चार आदमियों की मदद से लाये जाते और कुछ घन्टे गुज़र जाने के बाद वह उसी तरह बाहर ले जाये जाते.

वालिद की हालत जब और ख़राब हो गई, तो ताज़ा हवा के ख़ातिर उन्हें कोठे पर ले जाया गया, दादा अब्बा ने देखा कि उनकी हालत मायूस करने वाली है और वे जब उन्हें देखने के लिये कोठे पर लाये गये, तो .जीने की तंगी की वजह से बड़ी दिक़्क़त हुई. यह देखकर कि उनके लाने लेजाने में कितनी दिक़्क़त होती है; वह फूटकर रो पड़े. मैंने उन्हें ज़िन्दगी में पहले पहले रोते देखा. वे एक बेबस और बूढ़े आदमी के ख़ामोश और दर्द से भरे आँसू थे. उन्होंने ज़ुबान से कुछ न कहा लेकिन सब समझ गये कि वे बहुत मायूस हैं.

आख़िर एक दिन वालिद का इन्तक़ाल हो गया. मुझे याद है कि दादा अपने पलंग पर पड़े रोते थे. मेरे सामने उस वक़्त की उनकी तस्वीर है—वे ज़ार-ज़ार रो रहे हैं. उनकी सिसकियों से पलंग हिल रहा है. यह एक बूढ़े आदमी की सिसकियाँ हैं, जो महसूस करता है कि उसकी हस्ती अब दुनिया में सिर्फ़ एक .फ़ुज़ूल की मद है.

मुझे याद है कि फिर वे जनाज़े के पीछे-पीछे एक डोली में क़ब्रिस्तान ले जाये गये. उनकी आँखें सुर्ख़ थीं. वे सिसकियाँ लेते और ज़िन्दगी के .फ़ना होने की शिकायत करते. अपनी इस बेचारगी पर रोते कि बेटे के जनाज़े को कन्धा भी न दे सकते थे. मैयत क़ब्र में उतारी जा रही है. खोदी हुई मिट्टी के ढेर पर दादा .अब्बा डोली में बैठे हुए हैं. लेकिन वह क़ब्र के अन्दर नहीं देख सकते, क्योंकि उनके आगे आदमियों की भीड़ है.

भीड़ छँटती है. मैयत क़ब्र में है. कहार डोली को क़ब्र तक लाते हैं. लोग मरहूम वालिद का चेहरा आख़िरी बार

وے 70 برس کے تھے جب میرے والد، جو اُن کے چھٹے بیٹے تھے، بیمار ہوئے۔ ہر طرح کا علاج کیا گیا۔ تمام ڈاکٹروں اور حکیموں نے جواب دے دیا۔ بہت سے مولویوں نے اپنے عقلی گدے لڑائے اور اپنے تجربہ کے مطابق جادو ٹونے اور آسیب وغیرہ کا علاج کیا؛ مگر اُن کی حالت خراب ہوتی گئی۔

شروع شروع میں تو والد دادا ابا کے ساتھ مکان کے مردانے حصے میں ہی رہتے تھے؛ کیونکہ اِسی میں سہولیت تھی۔ دوسرے پرانے زمانے کے لوگ زنانخانہ میں زیادہ دیر تک رہنا پسند نہ کرتے تھے۔ دادا کے صوفی اور فقیر دوست آتے اور دعائیں مانگتے۔ مگر اُن کی حالت روز بروز خراب ہوتی گئی۔ تب وہ مکان کے اندر پہنچا دیئے گئے، تاکہ ان کی تیمارداری اچھی طرح ہو سکے۔ دادا پر فالج گر چکا تھا اور وہ ہر دوسرے تیسرے اپنے بیٹے کو دیکھنے ایک چھوٹی سی چارپائی پر چار آدمیوں کی مدد سے لائے جاتے اور کچھ گھنٹے گذر جانے کے بعد وہ اُسی طرح باہر لے جائے جاتے۔

والد کی حالت اب اور خراب ہو گئی، تو تازہ ہوا کے خاطر انہیں کوٹھے پر لے جایا گیا۔ دادا ابا نے دیکھا کہ اُن کی حالت مایوس کرنے والی ہے اور وے جب اُنہیں دیکھنے کے لئے کوٹھے پر لائے گئے، تو زینے کی تنگی کی وجہ سے بڑی دقت ہوئی۔ یہ دیکھ کر کہ اُن کے لانے لے جانے میں کتنی دقت ہوتی ہے؛ وہ پھوٹ کر رو پڑے۔ میں نے اُنہیں زندگی میں پہلے پہل روتے دیکھا۔ وے ایک بے بس اور بوڑھے آدمی کے خاموش اور درد سے بھرے آنسو تھے۔ اُنہوں نے زبان سے کچھ نہ کہا لیکن سب سمجھ گئے کہ وے بہت مایوس ہیں۔

آخر ایک دن والد کا اِنتقال ہو گیا۔ مجھے یاد ہے دادا اپنے پلنگ پر پڑے روتے تھے۔ میرے سامنے اُس وقت کی اُن کی تصویر ہے—وے زار زار رو رہے ہیں۔ اُن کی سسکیوں سے پلنگ ہل رہا ہے۔ یہ ایک بوڑھے آدمی کی سسکیاں ہیں، جو محسوس کرتا ہے کہ اُس کی ہستی اب دنیا میں صرف ایک فضول کی مد ہے۔

مجھے یاد ہے کہ پھر وے جنازے کے پیچھے پیچھے ایک ڈولی میں قبرستان لے جائے گئے۔ اُن کی آنکھیں سرخ تھیں۔ وے سسکیاں لیتے اور زندگی کے فنا ہونے کی شکایت کرتے۔ اپنی اِس بےچارگی پر روتے کہ بیٹے کے جنازہ کو کندھا بھی دے سکتے تھے۔ میت قبر میں اُتاری جا رہی ہے۔ کھودی ہوئی مٹی کے ڈھیر پر دادا ابا ڈولی میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ لیکن وہ قبر کے اندر نہیں دیکھ سکتے، کیونکہ اُن کے آگے آدمیوں کی بھیڑ ہے۔

بھیڑ چھنٹتی ہے۔ میت قبر میں ہے۔ کہار ڈولی کو قبر تک لاتے ہیں۔ لوگ مرحوم والد کا چہرہ آخری بار

लाता. इस दरमियान में दादा अब्बा हमारा सबक़ दोहराते या हरूफ़ कहलाते. और जब हम में से कोई सबक़ भूल जाता, तो हम सब डर जाते, क्योंकि दादा अब्बा को ग़ुस्सा आ जाता और वे बिगड़ने लगते, हालाँकि आम तौर पर वे मेहरबान रहते.

एक मर्तबा मैं और कुछ मेरे बड़े भाइयों ने बड़ी चची का एक रुपया चुरा लिया. दरअसल रुपया लुढ़क गया था और हमने चुपके से उसे उठा लिया था. हमने उसको जाकर भुना लिया और उसके चौंसठ पैसे कर लिये. हमने दो पैसे के बिस्कुट और मिठाई ख़रीदी. उस ज़माने में चीज़ें काफ़ी सस्ती मिलती थीं, और बाक़ी पैसों को पोशीदा जगह पर रख दिया. लेकिन किसी ने उसको देख लिया. अब तो हम सब बहुत डरे कि कहीं दादा को इसका पता न चल जाये. ,लेकिन जिस बात से डरते थे वही हुई. दादा अब्बा को बेहद ग़ुस्सा आया और उन्होंने कहा कि मैं तुम सबको मार डालूँगा. उन्होंने अपनी तलवार के निकाले जाने का हुक्म दिया, जो एक बड़े लकड़ी के सन्दूक़ में बन्द रहती थी. यह सन्दूक़ एक अंधेरी कोठरी में रखा हुआ था, जिसके अंदर जाने के लिये लालटैन की ज़रूरत पड़ती थी; तब उन्होंने मेरे बड़े भाइयों को बुलाया और उनकी आँखों के सामने तलवार चमकाई. दोनों ने पाजामे में पेशाब कर दिया और ख़ौफ़ के मारे उनका रंग उड़ गया. शायद मेरे कमसिन होने के ख़्याल से उन्होंने मुझको तलवार से नहीं धमकाया, लेकिन उनकी आवाज़ ही मेरे हवास उड़ा देने के लिये क्या कम थी. हम सबने वादा किया कि आइन्दा चोरी न करेंगे और अच्छे लड़कों की तरह रहेंगे.

मगर जब हम चाय के लिये भूखे कुत्तों की तरह दादा अब्बा के चारों तरफ़ बैठे रहते थे. तो हमको कोई ख़ौफ़ नहीं होता था. वह आम तौर से मज़े मज़े की बातें करते, मोहब्बत से पेश आते और कहानियाँ सुनाते. जब चाय तैयार हो जाती, तो उसको वह चीनी की छोटी प्यालियों में डालते. यह चीनी के प्याले आजकल की प्यालियों की तरह न थे, यह बहुत ख़ूबसूरत असली चीनी के थे. इनमें दस्ता न था. उनका पेंदा तंग और मुंह चौड़ा था. चाय दूर से महकती थी. अक्सर बेसबरी में हम अपने होंठ हिला लेते थे. हमको छोटे-छोटे, फूले फूले बिस्कुट दिये जाते, जिनको हम चाय में डबोकर चमचे से खाते. चाय ऐसी मज़ेदार होती थी कि उसके बाद कभी ऐसी मज़ेदार चाय पी ही नहीं और न मैं इसका मज़ा कभी चख सकूँगा.

दादा की चन्द और बातें मुझे याद हैं. यह याद एक अच्छे मज़्ज़ूब आदमी की है, जिसे ज़िन्दगी के बोझ ने ख़त्म कर दिया.

لاتا ۔ اِس درمیان میں دادا ابا ہمارا سبق دہراتے یا حروف کہلاتے ۔ اور جب ہم ہم سے کوئی سبق بھول جاتا‘ تو ہم سب ڈر جاتے‘ کیونکہ دادا ابا کو غصہ آجاتا اور وے بگڑنے لگتے‘ حالانکہ عام طور پر وے مہربان رہتے ۔

ایک مرتبہ میں اور کچھ میرے بڑے بھائیوں نے بڑی چچی کا ایک روپیہ چرا لیا ۔ دراصل روپیہ لڑھک گیا تھا اور ہم نے چپکے سے اُسے اُٹھا لیا تھا ۔ ہم نے اُس کو جاکر بھنا لیا اور اُس کے چونسٹھ پیسے کر لئے ۔ ہم نے دو پیسے کے بسکٹ اور مٹھائی خریدی۔ اُس زمانے میں چیزیں کافی سستی ملتی تھیں؛ اور باقی پیسوں کو پوشیدہ جگہ پر رکھ دیا ۔ لیکن کسی نے اِن کو دیکھ لیا ۔ اب تو ہم سب بہت ڈرے کہ کہیں دادا کو اِس کا پتہ نہ چل جائے ۔ لیکن جس بات سے ڈرتے تھے وہی ہوئی ۔ دادا ابا کو بےحد غصہ آیا اور اُنہوں نے کہا کہ میں تم سب کو مار ڈالونگا ۔ اُنہوں نے اپنی تلوار کے نکالے جانے کا حکم دیا‘ جو ایک بڑے لکڑی کے صندوق میں بند رہتی تھی ۔ یہ صندوق ایک اندھیری کوٹھری میں رکھا ہوا تھا‘ جس کے اندر جانے کے لئے لالٹین کی ضرورت پڑتی تھی؛ تب اُنہوں نے میرے بڑے بھائیوں کو بلایا اور اُن کی آنکھوں کے سامنے تلوار چمکائی ۔ دونوں نے پاجامے میں پیشاب کر دیا اور خوف کے مارے اُن کا رنگ اُڑ گیا۔ شاید میرے کمسن ہونے کے خیال سے اُنہوں نے مجھکو تلوار سے نہیں دھمکایا‘ لیکن اُن کی آواز ہی میرے حواس اُڑا دینے کے لئے کیا کم تھی ۔ ہم سب نے وعدہ کیا کہ آئندہ چوری نہ کریں گے اور اچھے لڑکوں کی طرح رہینگے ۔

مگر جب ہم چائے کے لئے بھوکے کتوں کی طرح دادا ابا کے چاروں طرف بیٹھے رہتے ‘ تو ہم کو کوئی خوف نہیں ہوتا تھا۔ وہ عام طور سے مزے مزے کی باتیں کرتے‘ محبت سے پیش آتے اور کہانیاں سناتے ۔ جب چائے تیار ہو جاتی‘ تو اُس کو وہ چینی کی چھوٹی پیالیوں میں ڈالتے ۔ یہ چینی کے پیالے آجکل کی پیالیوں کی طرح نہ تھے ۔ یہ بہت خوبصورت اصلی چینی کے تھے ۔ اِن میں دستہ نہ تھا ۔ اُن کا پیندا تنگ اور منہ چوڑا تھا ۔ چائے دور سے مہکتی تھی اکثر بےصبری میں ہم اپنے ہونٹ ہلالیتے تھے ۔ ہم کو چھوٹے چھوٹے پھولے پھولے بسکٹ دیئے جاتے‘ جن کو ہم چائے میں ڈبو کر چمچے سے کھاتے ۔ چائے ایسی مزیدار ہوتی تھی کہ اُس کے بعد کبھی ایسی مزیدار چائے پی ہی نہیں اور نہ میں اِس کا مزا کبھی چکھ سکونگا ۔

دادا کی چند اور باتیں مجھے یاد ہیں ۔ یہ یاد ایک اچھے مجذوب آدمی کی ہے‘ جسے زندگی کے بوجھ نے ختم کر دیا ۔

था और उनमें से बदबू आती थी. फ़र्श को भी गन्दा कर देता और अपनी उँगली को गन्दगी में तर करके सूँघता, मगर लोग उसे पागल न समझते. उनके ख़याल में वह एक मज्ज़ूब था.

दादा के पास और भी फ़क़ीर आया करते थे. लेकिन वे कुछ एक दो तो थे नहीं. चुनांचे मैं बहुतों से नावाक़िफ़ था.

दादा की सब से ज़्यादा दिलपसन्द चीज़ उनकी मज़ेदार दवाइयाँ थी. यह दवाइयाँ वे हम लोगों को बाँटते थे. दिलचस्पी के साथ वे उन्हें बनाते थे. सब लड़कों में, जो मेरे भाई होते थे, मैं ही सब से छोटा था और मुझको सबसे ज़्यादा चाहते थे. इसलिये सब लड़के मुझको दादा अब्बा के पास चूरन लेने के लिये भेजते. मैं बेधड़क उनके पास चला जाता और कहता—"दादा अब्बा, मुझे ज़रासा चूरन दे दीजिये."

वे मोहब्बत से मुस्कुराते और अपने पुराने नौकर को, जो बरसों से उनकी ख़िदमत में रहा करता था, पुकारते—"ग़फ़ूर, उस बोतल को अलमारी से निकाल ला."

ग़फ़ूर, जो अपने स्वामी की तरह ख़ुद भी बूढ़ा हो गया था, लड़खड़ाता हुआ अलमारी तक जाता और ग़लती से दूसरी बोतल उठा लाता.

"यह नहीं, दूसरी बोतल जो मैंने तुमसे कहा था"—दादा अब्बा ऊँची आवाज़ कर के कहते. फिर बोतल से एक चुटकी चूरन निकालकर मेरी हथेली पर रख देते.

"थोड़ा सा और दादा अब्बा?"

"बस अब नहीं, यह ज़्यादा नहीं खाया जाता."

"लेकिन फ़लाँ फ़लाँ भाई भी माँग रहे हैं"—मैं गिड़गिड़ा कर कहता और वे कुछ चुटकियाँ चूरन और दे देते. मैं उसे ज़ुबान से चाटता हुआ बाहर निकल जाता. मेरे भाई बाहर की तंग गली में मेरा इन्तज़ार करते और दौड़कर मुझे पकड़ लेते.

लेकिन चाय पीने में हम सब को बड़ा मज़ा आता. शाम को हम सब चार या पाँच लड़के, जो पाँच सात साल की उम्र के थे, दादा अब्बा के बड़े कमरे में जमा हो जाते. कभी कभी हम लोग बुलाए जाते और कभी ख़ुद से पहुँच जाते. दादा अब्बा आराम करते और सोते होते और हम सब अपनी छोटी छोटी मुट्ठियों से उनके पाँव पर मुक्कियाँ लगाते. तब ग़फ़ूर 'समावार' जलाता. मुझे नहीं मालूम कि क्यों उस ज़माने में चाय तैयार करने के लिये समावार इस्तेमाल किये जाते थे, ग़फ़ूर समावार लाता और पास रखता. जब पानी सनसनाने लगता तो दादा अब्बा इसमें दारचीनी और इलायची डाल देते ताकि उसमें ख़ुशबू आजाय. वे किसी दूसरे को चाय न बनाने देते. जब चाय तैयार हो रही होती, तो ग़फ़ूर चीनी के प्याले और चमचे

تھا اور اُن میں سے بدبو آتی تھی ۔ وہ فرش کو بھی گندا کر دیتا اور اپنی اُنگلی کو گندگی میں تر کر کے سونگھتا ۔ مگر لوگ اُسے پاگل نہ سمجھتے ۔ اُن کے خیال میں وہ ایک مجذوب تھا ۔

دادا کے پاس اور بھی فقیر آیا کرتے تھے ۔ لیکن وے کچھ ایک دو تو تھے نہیں ۔ چنانچہ میں بہتوں سے ناواقف تھا ۔

دادا کی سب سے زیادہ دل پسند چیز اُن کی مزیدار دوائیاں تھیں ۔ یہ دوائیاں وے ہم لوگوں کو بانٹتے تھے ۔ چاہ کے ساتھ وے اِنہیں بناتے تھے ۔ سب لڑکوں میں' جو میرے بھائی ہوتے تھے' میں ہی سب سے چھوٹا تھا اور مجھکو سب سے زیادہ چاہتے تھے ۔ اِس لئے سب لڑکے مجھ کو دادا ابا کے پاس چورن لینے کے لئے بھیجتے ۔ میں بے دھڑک اُن کے پاس چلا جاتا اور کہتا—"دادا ابا' مجھے ذرا سا چورن دے دیجئے ۔"

وے محبت سے مسکراتے اور اپنے پرانے نوکر کو جو برسوں سے اُن کی خدمت میں رہا کرتا تھا پکارتے—"غفور' اُس بوتل کو الماری سے نکال لا ۔"

غفور جو اپنے سوامی کی طرح خود بھی بوڑھا ہو گیا تھا لڑکھڑاتا ہوا الماری تک جاتا اور غلطی سے دوسری بوتل اُٹھا لاتا ۔

"یہ نہیں' دوسری بڑی بوتل جو میں نے تم سے کہا تھا—" دادا ابا اُونچی آواز کر کے کہتے ۔ پھر بوتل سے ایک چٹکی چورن نکال کر میری ہتھیلی پر رکھ دیتے ۔

"تھوڑا سا اور دادا ابا ؟"

"بس اب نہیں' یہ زیادہ نہیں کھایا جاتا ۔"

"لیکن فلاں فلاں بھائی بھی مانگ رہے ہیں—" میں گڑگڑا کر کہتا اور وے کچھ چٹکیاں چورن اور دے دیتے ۔ میں اُسے زبان سے چاٹتا ہوا باہر نکل جاتا ۔ میرے بھائی باہر کی تنگ گلی میں میرا انتظار کرتے ہوتے اور دوڑ کر مجھے پکڑ لیتے ۔

لیکن چائے پینے میں ہم سب کو بڑا مزا آتا تھا ۔ شام کو ہم سب چار یا پانچ لڑکے' جو پانچ سات سال کی عمر کے تھے' دادا ابا کے بڑے کمرے میں جمع ہو جاتے ۔ کبھی کبھی ہم لوگ بلائے جاتے اور کبھی خود سے پہنچ جاتے ۔ دادا ابا آرام کرتے اور سوتے ہوتے اور ہم سب اپنی چھوٹی چھوٹی مٹھیوں سے اُن کے پاؤں پر مکیاں لگاتے۔ تب غفور 'سمادار' جلاتا۔ مجھے نہیں معلوم کہ کیوں اُس زمانے میں چائے تیار کرنے کے لئے سمادار استعمال کئے جاتے تھے ۔ غفور سمادار لاتا اور پاس رکھتا۔ جب پانی سنسنانے لگتا تو دادا ابا اِس میں دار چینی اور الائچی ڈال دیتے تا کہ اُس میں خوشبو آجائے۔ وے کسی دوسرے کو چائے نہ بنانے دیتے ۔ جب چائے تیار ہو رہی ہوتی' تو غفور چینی کے پیالے اور چمچے

मज्ज़ूब कहना चाहिये. यह वे लोग हैं जिन पर रूहानियत का एक ऐसा दौरा आता है, जिसके कारन उन पर एक ख़ास रंग छा जाता है. वे दुनिया से मुँह मोड़ लेते हैं. कहा जाता है कि दुनिया का कारख़ाना सूफ़ियों की बदौलत चल रहा है. हर सूफ़ी का एक ख़ास हल्क़ए असर होता है. यह लोग बेग़रज़ फ़क़ीर होते हैं और सूफ़ियाना ज़िन्दगी बसर करते हैं. कोई उनके रुतबे को नहीं जानता; लेकिन वह अपने असर वाले हल्के की देख भाल करते हैं. हम मामूली लोग उनको नहीं जान सकते. सिर्फ़ ऊँचे दर्जे के सूफ़ी उनको पहचान सकते हैं.

बहुत से ऐसे लोग हमारे घर आया करते थे, हालाँकि दादा कोई सूफ़ी नहीं थे. अलबत्ता वह सूफ़ियों और फ़क़ीरों की क़द्र बहुत किया करते थे. मगर उनके सूफ़ी दोस्त सब के सब कीमिया बनाने में बहुत दिलचस्पी लेते थे. वह अजीबो ग़रीब जड़ी बूटियों के नायाब नुस्ख़े रखते थे और साँपों वग़ैरह के बारे में उनको बड़ी जानकारी थी. मेरे दादा भी साँपों के बारे में बहुत कुछ जानते थे और उन्हें हाथ से पकड़ लेते थे.

बाज़ और दूसरी तरह के फ़क़ीर भी हमारे घर आया करते थे. उनमें एक चालीस बरस की उम्र का अंधा था. वह 'अंधा हाफ़िज़' के नाम से मशहूर था. वह हमेशा नंगा और गन्दगी में लुथड़ा हुआ रहता. उसकी ढाढ़ी की तरह सर और जिस्म के बाल भी उलझे रहते. वह हमेशा हाथ में एक बड़ी लाठी लिये रहता और हमारे घर पर आम तौर पर रात को डोली में बैठकर आता. वह शायद ही कभी सोता और सारी रात, चाहे जाड़ा हो या गर्मी, इधर उधर घूमा करता था. लोग उसे बहुत पहुँचा हुआ फ़क़ीर समझते. असली मज्ज़ूब ! उनके ख़्याल में उसे इल्मेग़ैब भी हासिल था. वह बहुत बचपने से मज्ज़ूब हो गया था और कहा जाता है कि उसने बहुत सी करामातें भी दिखाई थीं. वह कभी कोई ज़बानी बात न कहता. उसकी गुफ़्तगू सदा उलझी हुई होती थी. जब लोग उससे अपने मुसतक़बिल की बात पूछते या कोई ख़ास मुश्किल मामला समझना चाहते तो सवाल को अपने दिमाग़ में लेकर हाफ़िज़ जी के पास बैठ जाते और अक्सर उसकी उलझी हुई बात चीत और इशारों में अपने सवाल का जवाब पा लेते.

जंगे अज़ीम के ज़माने में अंधे हाफ़िज़ पर ग़ुस्से और ग़ज़ब की हालत तारी रहती और वह अपना डन्डा ज़मीन पर बार बार पटकता. जब तक वह घर में रहता किसी फ़िक्र में इधर उधर घूमता फिरता और एक घड़ी भर भी दम न लेता. लोग कहते कि वह जंग का सब हाल जानता है कि इस वक़्त कहाँ लड़ाई हो रही है, कौन जीत रहा है और कौन हार रहा है. मैं कभी नहीं भूल सकता कि वह अपनी ही गन्दगी में लुथड़ा हुआ फ़र्श पर पड़ा रहता

مجذوب کہنا چاہئے ۔ یہ وے لوگ ہیں، جن پر روحانیت کا ایک ایسا دورہ آتا ہے، جس کے کارن اُن پر ایک خاص رنگ چھا جاتا ہے ۔ وے دنیا سے منھ موڑ لیتے ہیں ۔ کہا جاتا ہے کہ دنیا کا کارخانہ صوفیوں کی بدولت چل رہا ہے ۔ ہر صوفی کا ایک خاص حلقۂ اثر ہوتا ہے ۔ یہ لوگ بےغرض فقیر ہوتے ہیں اور صوفیانہ زندگی بسر کرتے ہیں ۔ کوئی ان کے رتبہ کو نہیں جانتا؛ لیکن وہ اپنے اثر والے حلقہ کی دیکھ بھال کرتے ہیں ۔ ہم معمولی لوگ اُن کو نہیں جان سکتے ۔ صرف اُونچے درجے کے صوفی اُن کو پہچان سکتے ہیں ۔

بہت سے ایسے لوگ ہمارے گھر آیا کرتے تھے، حالانکہ دادا کوئی صوفی نہیں تھے ۔ البتہ وہ صوفیوں اور فقیروں کی قدر بہت کیا کرتے تھے مگر اُن کے صوفی دوست سب کے سب کیمیا بنانے میں بہت دلچسپی لیتے تھے ۔ وہ عجیب و غریب جڑی بوٹیوں کے نایاب نسخے رکھتے تھے اور سانپوں وغیرہ کے بارے میں اُن کو بڑی جانکاری تھی ۔ میرے دادا بھی سانپوں کے بارے میں بہت کچھ جانتے تھے اور اُنھیں ہاتھ سے پکڑ لیتے تھے ۔

بعض اور دوسری طرح کے فقیر بھی ہمارے گھر آیا کرتے تھے ۔ اُن میں ایک چالیس برس کی عمر کا اندھا تھا ۔ وہ اندھا حافظ کے نام سے مشہور تھا ۔ وہ ہمیشہ ننگا اور گندگی میں لتھڑا ہوا رہتا۔ اُس کی داڑھی کی طرح سر اور جسم کے بال بھی الجھے رہتے ۔ وہ ہمیشہ ہاتھ میں ایک بڑی لاٹھی لئے رہتا اور ہمارے گھر پر عام طور پر رات کو ڈولی میں بیٹھ کر آتا ۔ وہ شاید ہی کبھی سوتا اور ساری رات، چاہے جاڑا ہو یا گرمی، اِدھر اُدھر گھوما کرتا تھا ۔ لوگ اُسے بہت پہنچا ہوا فقیر سمجھتے ۔ اصلی مجذوب ! اُن کے خیال میں اُسے علمِ غیب بھی حاصل تھا ۔ وہ بہت بچپنے سے مجذوب ہو گیا تھا اور کہا جاتا ہے کہ اُس نے بہت سی کراماتیں بھی دکھائی تھیں ۔ وہ کبھی کوئی زبانی بات نہ کہتا ۔ اُس کی گفتگو سدا اُلجھی ہوئی ہوتی تھی ۔ جب لوگ اُس سے اپنے مستقبل کی بات پوچھتے یا کوئی خاص مشکل معاملہ سمجھنا چاہتے تو سوال کو اپنے دماغ میں لے کر حافظ جی کے پاس بیٹھ جاتے اور اکثر اُس کی اُلجھی ہوئی بات چیت اور اشاروں میں اپنے سوال کا جواب پا لیتے ۔

جنگ عظیم کے زمانے میں اندھے حافظ پر غصہ اور غضب کی حالت طاری رہتی اور وہ اپنا ڈنڈا زمین پر بار بار پٹکتا ۔ جب تک وہ گھر میں رہتا کسی فکر میں اِدھر اُدھر گھومتا پھرتا اور ایک گھڑی بھر بھی دم نہ لیتا ۔ لوگ کہتے کہ وہ جنگ کا سب حال جانتا ہے کہ اِس وقت کہاں لڑائی ہو رہی ہے، کون جیت رہا ہے اور کون ہار رہا ہے ۔ میں کبھی نہیں بھول سکتا کہ وہ اپنی ہی گندگی میں لتھڑا ہوا فرش پر پڑا رہتا

में कभी कामयाबी नहीं हुई, अलबत्ता माँ से मुझे मालूम हुआ था कि मेरे नाना, जो मेरे दादा के चचेरे भाई थे, एक मर्तबा कामयाब हो गये थे. किसी फ़क़ीर ने उन्हें एक शीशी में कोई चीज़ दी थी, जिसके ज़रिये उन्होंने एक ताँबे के पैसे को सोने में बदल दिया था और जिससे मेरी माँ के लिये सोने की बालियाँ बना ली गई थीं. इसके बाद उन्होंने इसको सन्दूक़ में बंद करके रख दिया. लेकिन उनके दोस्त क़लन्दर शाह सूफ़ी को जब यह मालूम हुआ कि मेरे नाना के हाथ कीमिया लग गई है, तो उन्होंने इसको बरबाद करने का हुक्म दिया; क्योंकि इससे आदमी लालची हो जाता है और उसका दिल ख़ुदा और सूफ़ियों की तरफ़ से फिर जाता है. मेरी माँ को, जो इस वक़्त बहुत छोटी थीं, इस नायाब चीज़ के बरबाद हो जाने का बड़ा दुख हुआ, जो ताँबे को सोने में बदल देती थी—लेकिन मेरे नाना, जो एक सूफ़ी बुज़ुर्ग थे और क़लन्दरशाह से मोहब्बत करते थे, आपस के ताल्लुक़ात को बिगाड़ना न चाहते थे और उन्होंने क़लन्दर शाह की दिलशिकनी के डर से दौलत की कुञ्जी को बरबाद कर दिया—दोस्ती के ख़ातिर कौन अपनी दौलत के एक हिस्से की भी क़ुरबानी गवारा करेगा और फिर आजकल ?

मुझे अपने दादा के एक दोस्त ख़ूब याद हैं. उनका नाम नादिरशाह था. वे फ़क़ीर थे. हमेशा एक काला कम्बल लपेटे रहा करते थे. वे बूढ़े थे मगर शानदार. जब कभी हम उनकी मौजूदगी में घर से बाहर निकलते, तो वे हमारे सर पर हाथ फेरते और हमको आशीर्वाद और दुआ देते. वे दादा के सब से ज्यादा गहरे दोस्त थे, उनकी ख़ातिर दादा अब्बा बहुत कुछ कर डालते. जब कभी किसी परेशानी में फँसे होते तो फ़ौरन नादिरशाह को बुलाते. उन्होंने मुझको कुछ तावीज़ दिये थे, जो दस ग्यारह बरस की उम्र में चाँदी के खोल में सिले हुए मेरे गले में पड़े रहते.

दादा के एक और कीमियागर दोस्त थे. लेकिन मैं उनसे घबराता था क्योंकि वे मुझे दोबारा ख़तना का डर दिलाकर धमकाते थे. हालाँकि यह सब मज़ाक़ ही मज़ाक़ था, लेकिन मैं सहम जाता था. एक दिन उन्होंने मेरा कान काट खाया. वे एक लड़के की कहानी सुना रहे थे, जिसने अपने बाप के दोस्त की तरफ़ से बेपरवाही बरती थी. उन बुज़ुर्ग ने उस वक़्त तो कुछ न कहा, लेकिन एक दिन लड़के को बुलाया और उसके कान में कुछ कहने के बहाने से झुककर उसके कान की लौ काट ली. उन्होंने वाक़ेआ बताते बताते मेरा कान भी काट खाया. मैं सोचता हूँ कि कहीं मैंने तो कभी जानते हुए उनकी तरफ़ से बेपरवाही नहीं बरती थी.

इसी तरह और बहुत से लोग अक्सर मेरे दादा से मिलने आया करते थे—बहुत से गम्भीर और पागल क़िस्म के लोग. लेकिन इनको पागल कहना हिमाक़त होगी. उनको

میں کبھی کامیابی نہیں ہوئی، البتہ ماں سے مجھے معلوم ہوا تھا کہ میرے نانا، جو میرے دادا کے چچیرے بھائی تھے، ایک مرتبہ کامیاب ہو گئے تھے ۔ کسی فقیر نے انہیں ایک شیشی میں کوئی چیز دی تھی، جس کے ذریعے اُنہوں نے ایک تانبے کے پیسے کو سونے میں بدل دیا تھا اور جس سے میری ماں کے لئے سونے کی بالیاں بنا لی گئی تھیں ۔ اِس کے بعد اُنہوں نے اِس کو صندوق میں بند کر کے رکھ دیا ۔ لیکن اُن کے دوست قلندر شاہ صوفی کو جب یہ معلوم ہوا کہ میرے نانا کے ہاتھ کیمیا لگ گئی ہے، تو اُنہوں نے اِس کو برباد کرنے کا حکم دیا؛ کیونکہ اِس سے آدمی لالچی ہو جاتا ہے اور اُس کا دل خدا اور صوفیوں کی طرف سے پھر جاتا ہے ۔ میری ماں کو، جو اُس وقت بہت چھوٹی تھیں، اِس نایاب چیز کے برباد ہوجانے کا بڑا دکھ ہوا، جو تانبے کو سونے میں بدل دیتی تھی — لیکن میرے نانا جو ایک صوفی بزرگ تھے اور قلندر شاہ سے محبت کرتے تھے، آپس کے تعلقات کو بگاڑنا نہ چاہتے تھے اور اُنہوں نے قلندر شاہ کی دل شکنی کے ڈر سے دولت کی کنجی کو برباد کر دیا ۔ دوستی کے خاطر کون اپنی دولت کے ایک حصہ کی بھی قربانی گوارا کرے گا اور پھر آجکل ؟

مجھے اپنے دادا کے ایک دوست خوب یاد ہیں ۔ اُن کا نام نادرشاہ تھا ۔ وے فقیر تھے ۔ ہمیشہ ایک کالا کمبل اوڑھے رہا کرتے تھے ۔ وے بوڑھے تھے مگر شاندار ۔ جب کبھی ہم اُن کی موجودگی میں گھر سے باہر نکلتے، تو وے ہمارے سر پر ہاتھ پھیرتے اور ہم کو آشیرواد اور دعا دیتے ۔ وے دادا کے سب سے زیادہ گہرے دوست تھے ۔ اُن کی خاطر دادا ابا بہت کچھ کر ڈالتے ۔ جب کبھی کسی پریشانی میں پھنسے ہوتے تو فوراً نادرشاہ کو بلاتے ۔ اُنہوں نے مجھ کو کچھ تعویز دیئے تھے، جو دس گیارہ برس کی عمر میں چاندی کے خول میں سلے ہوئے میرے گلے میں پڑے رہتے ۔

سن 1857 کے سوادھینتا سنگرام کے مہارتھیوں میں جگدیش پور کے اسی برس کے بابو کنور سنگھ کا نام ہمیشہ عزت سے لیا جائیگا۔ جس سمے داناپور کی ہندستانی سینا جگدیش پور پہونچی بوڑھے کنور سنگھ نے فوراً اپنے محل سے نکل کر اُس سینا کی کمان ہاتھ میں لے لی۔ اُس دن سے لیکر 26 اپریل سن 1858 تک، یعنی اپنی شاندار موت کے دن تک کنور سنگھ ایک فتحیاب سیناپتی کے روپ میں اُس انقلاب کی جنگ میں حصہ لیتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ شاہاباد، آرہ، اعظم گڈھ، غازی پور وجے کرتے ہوئے کنور سنگھ ریواں کی سرحد تک پہنچ جاتے ہیں۔ اُن کی اِس وجے یاترا سے بنارس میں بیٹھا ہوا لارڈ کیننگ گھبرا جاتا ہے۔ جبلپور کے راجہ شنکر شاہ کنور سنگھ کا پیغام ملتے ہی میدان میں اُتر آتے ہیں۔ ریواں کے کنور سنگھ کالپی پہونچتے ہیں۔ وہاں تاتیا ٹوپے، لکشمی بائی، راؤ صاحب نانا صاحب سے اُن کی ملاقات ہوتی ہے۔ کالپی سے کنور سنگھ لکھنؤ آتے ہیں۔ بیگم حضرت محل سے ملاقات کرتے ہیں اور تب واپس آرہ پہونچتے ہیں۔ سیکڑوں میل کے اِس جنگی کوچ میں انگریزی فوجوں کی ہمت نہیں پڑتی کہ یہ کنور سنگھ سے مورچہ لیں۔ کنور سنگھ واپس بہار پہونچکر دوبارہ جگدیش پور پر قبضہ

राजा बखानौं मैं गोंडा के देवी बक्स महाराज रहे,
असी चार चौरासी कोस माँ आको डंका बाजि रहे !
गोंडा से पाती गै झाँसी, झाँसी के राजा रामलला,
साथ हमारा दीजै राजा, हमरे राज माँ चोर हला !
कहीं कहीं का चलैं साँड़िया, कहीं कहीं चलते हाथी,
देस-देस औ गाँव-गाँव में, राजा लिख भेजी पाती !
यकदम से धावन पहुँच गया मानो यक़ीन है,
गोंडा सहर से झाँसी मंज़िल तीन है !
गोंडा सहर से पलटन चलिगै लमती कहँ तकाय रहे,
तम्मुक ऊपर तम्मू गड़िगै तम्मू-तम्मू छाइ रहे !
जाय फ़ौज लमती माँ पहुँची मार-मार डिंडियाय रहे,
पक्का यक-यक मन का गोला साँचा माँहि ढराय रहे !
फ़ौज के मानसिंह औ तोप के पुरैया,
दागै तोप दइउ अस गरजै फाटि करारा नैया !
हज़ारों गोरा बहि गये चिल्लाते बप्पा दैया,
अंगरेज़ कै नेम बोलो राजा धनिधनि तोरी मैया !
भागि चलो बिलाइत साहब राजा से पार न पैया,
भैया परमेसुर का लम्बा हाथ !

सन् 57 के इतिहास में कालाकाँकर की भी एक ख़ास जगह है. जिस वक्त आज़ादी की जङ्ग चल रही थी कालाकाँकर की हुकूमत राजा हनुवन्त सिंह के हाथों में थी. अवध के नवाब के यहाँ उनका ख़ास मान दान था. एक ओर वह अंगरेज़ों के पक्के शत्रु और बेगम हज़रत महल के वफ़ादार जागीरदार लेकिन दूसरी ओर उन्होंने 32 असहाय अंगरेज़ औरतों और बच्चों को अपने महल में शरण देकर उन्हें सुरक्षित इलाहाबाद भिजवा दिया. बेगम हज़रत महल ने राजा हनुवन्त सिंह के सुपुर्द किया कि जब अंगरेज़ी फ़ौज सुलतानपुर से लखनऊ की ओर बढ़े तो राजा हनुवंतसिंह अमेठी की फौजों के साथ मिलकर उससे मोरचा लें.

राजा हनुवन्तसिंह के जेठे बेटे 26 बरस के लाल प्रताप सिंह कलाकाँकर की सेना के सेनापति थे. राजा ने अपने बेटे को मोरचे के लिये रवाना किया. अपनी जवान बीवी और आठ बरस के बेटे को छोड़कर प्रताप सिंह चले. उनको अकेले जाते देखकर उनके चाचा माधो सिंह भी उनके साथ हो लिये. सुलतानपुर में चाँदा नामक मुक़ाम पर अंगरेज़ी फौज के साथ उनकी घमासान लड़ाई हुई. उस लड़ाई का उस ज़माने के एक कवि ने इन लफ़्ज़ों में ज़िक्र किया है :—

कालाकाँकर के बिसेनवा रे,
चाँदे गाड़े बा निसनवा रे !

अंगरेज़ी फ़ौज की तादाद बहुत ज़्यादा थी. हालत बिगड़ती देखकर चाचा ने कहा—"बेटा ! मैं दुश्मनों की बाढ़ को रोकता हूँ तुम कालाकाँकर वापस चले जाओ, तुम्हारी

راجا بکھانو میں گونڈہ کے دیوی بکس مہاراج رہے،
اسی چار چوراسی کوس ماں جاکو ڈنکا باج رہے !
گونڈا سے پاتی گئی جھانسی، جھانسی کے راجا رام للا
ساتھ ہمارا دیجے راجا، ہمرے راج ماں چور ہلا !
کہیں کہیں کا چلیں سانڑیا، کہیں کہیں چلتے ہاتھی،
دیس دیس او گاؤں گاؤں میں، راجا لکھ بھیجی پاتی !
یکدم سے دھاون پہونچ گیا مانو یقین ہے،
گونڈا سہر سے جھانسی منزل تین ہے !
گونڈا سہر سے پلٹن چلگئے لمتی کہں تکائے رہے،
تمک اوپر تمو گڑیگئے تمو تمو چھائے رہے !
جائے فوج لمتی ماں پہونچی مار مار ڈنڈ یائے رہے،
پکا یک یک من کا گولا سانچا مانہی ڈھرائے رہے !
فوج کے مان سنگھ او توپ کے پوریا،
داگے توپ دیو اس گرجے پھاٹی جھرارا نیا !
ہزاروں گورا بہی گے چلاتے بپا دیا،
انگریج کئے نیم بولو راجا دھن دھن توری میا !
بھاگ چلے بلائت صاحب راجا سے پار نہ پیا،
بھیا پرمیسور کا لمبا ہاتھ !

سن 57 کے اتہاس میں کالا کانکر کی بھی ایک خاص جگہہ ہے۔ جس وقت آزادی کی جنگ چل رہی تھی کالاکانکر کی حکومت راجا ہنونت سنگھ کے ہاتھوں میں تھی۔ اودھ کے نواب کے یہاں اُن کا خاص مان دان تھا۔ ایک اور وہ انگریزوں کے پکے شترو اور بیگم حضرت محل کے وفادار جاگیردار لیکن دوسری اور انہوں نے 32 اسہائے انگریز عورتوں اور بچوں کو اپنے محل میں شرن دیکر انہیں سرکشت الہ آباد بھجوا دیا۔ بیگم حضرت محل نے راجا ہنونت سنگھ کے سپرد کیا کہ جب انگریزی فوج سلطانپور سے لکھنؤ کی اور بڑھے تو راجا ہنونت سنگھ امیٹھی کی فوجوں کے ساتھ ملکر اُس سے مورچا لیں۔

راجا ہنونت سنگھ کے جیٹھے بیٹے 26 برس کے لال پرتاپ سنگھ کالا کانکر کی سینا کے سیناپتی تھے۔ راجا نے اپنے بیٹے کو مورچہ کے لئے روانہ کیا۔ اپنی جوان بیوی اور آٹھ برس کے بیٹے کو چھوڑ کر پرتاپ سنگھ چلے۔ اُن کو اکیلے جاتے دیکھ کر اُن کے چاچا مادھو سنگھ بھی اُن کے ساتھ ہو لئے۔ سلطانپور میں چاندا نامک مقام پر انگریزی فوج کے ساتھ اُن کی گھماسان لڑائی ہوئی۔ اُس لڑائی کا اُس زمانہ کے ایک کوی نے ان لفظوں میں ذکر کیا ہے :—

کالاکانکر کے بسنوا رے،
چاندے گاڑے بانسنوا رے !

انگریزی فوج کی تعداد بہت زیادہ تھی۔ حالت بگڑتی دیکھ کر چاچا نے کہا—" بیٹا ! میں دشمنوں کی باڑھ کو روکتا ہوں تم کالا کانکر واپس چلے جاؤ۔ تمہاری

जै हैं फूट फूट सी तमाम तोप तोड़वालो,
कुटि जैहैं क़ाबिल कमाल फ़ौज बाना ते.
टूटि जैहे देश को दिमाग़, ज़ोर छूटि जैहै,
लूटि जैहे लाखन को माल तोप खाना ते.
भौन कवि कहत खोदाय की खबर करौ,
पीछे पछतावगे खराब खून खाना ते,
बैरिन की बनिता सिखावतीं एकान्त कन्त,
कीजिए न रारि बेनीमाधव बक्स राना ते.

अंगरेज़ औरतें अपने पतियों को एकान्त में समझाती हैं कि--"साजन ! बेनीमाधो बक्स राना से लड़ाई न छेड़िये !"

बेरुआगढ़ संडीला के नज़दीक एक जागीर थी. गुलाब सिंह उसके दीवान थे. 1857 के इनक़लाब के शुरू होते ही गुलाब सिंह नाना साहब से जा मिले कानपुर में उन्होंने नाना साथ अंगरेज़ों से लड़ाई लड़ी. फिर अपनी फ़ौज के साथ गुलाब सिंह ने लखनऊ में अंगरेज़ी फ़ौज से मोरचा लिया. फिरंगी उनके ख़ून के प्यासे बन गये. एक दिन जब वे अपनी गढ़ी में लौटे तो अंगरेज़ी सेना ने उन्हें रातों रात आ घेरा. गुलाब सिंह ऐसे लड़े कि अंगरेज़ी फ़ौज को पीछे हटना पड़ा. उनके उस युद्ध को एक कवि ने अपनी जानदार कविता में बयान करते हुये कहा है :—

गुलाब सिंह ऐसे लड़े,
जैसे लंका में लड़े हनुमान !

शिकस्त खाई हुई अंगरेज़ी फ़ौज फिर मोरचा-बन्दी करके बेरुआगढ़ आती है. अंगरेज़ी फ़ौज का कमानदार गुलाब सिंह से बातें करना चाहता है. वह गुलाब सिंह को मिलने की दावत देता है. इस घटना पर एक कवि के बोल हैं —

राजा गुलाब सिंह रहिया तोरी हेरूँ,
एक बार दरश दिखावा रे !
अपनी गढ़ी से यह बोले गुलाब सिंह,
सुन रे साहब मोरी बात रे !
पैदल भी मारे, सवार भी मारे,
मारी तोरी फ़ौज बेहिसाब रे !
बाँके गुलाब सिंह रहिया तोरी हेरूँ,
एक बार दरश दिखावा रे !

घमासान मोरचे के बाद रात के अँधेरे में अपने एक बहादुर पासी साथी कल्यान को लेकर गुलाब सिंह ने गढ़ी छोड़ दी. बेरुआगढ़ के पीछे बाँस का घना वन था. वहीं से गुलाब सिंह जो ग़ायब हुये तो फिर उनका पता नहीं चला.

राना बेनीमाधव सिंह और गुलाब सिंह की तरह गोंडा के राजा देवी बक्स सिंह भी इतनी बहादुरी के साथ अंगरेज़ी सेनाओं से लड़े कि उन्होंने अपनी वीरता से जन-मन को मोह लिया. उनकी तारीफ़ करते हुए एक समकालीन कवि कहता है :—

جئی ھیں پھوٹ پھوٹ سی تمام توپ توڑوالو'
کوٹ جئی ھیں قابل کمال فوج بانا تے .
ٹوٹ جئی ھے دیش کو دماغ' زور چھوٹ جئی ھے'
لٹ جئی ھے لاکھن کو مال توشہ خانا تے .
بھون کوی کہت خدائے کی خبر کرو'
پیچھے پچھتاؤگے خراب خون خانا تے .
بیرن کی بنیتا سکھاوتیں ایکانت کنت'
کیجئے نہ رار بینی مادھو بکس رانا تے !

انگریزی عورتیں اپنے پتیوں کو ایکانت میں سمجھاتی ھیں کہ—"ساجن ! بینی مادھو بکس رانا سے لڑائی نہ چھیڑیئے !"

بیرواگڑھ سنڈیلہ کے نزدیک ایک جاگیر تھی . گلاب سنگھ اُس کے دیوان تھے . 1857 کے انقلاب کے شروع ھوتے ھی گلاب سنگھ نانا صاحب سے جا ملے . کانپور میں اُنھوں نے نانا کے ساتھ انگریزوں سے لڑائی لڑی . پھر اپنی فوج کے ساتھ گلاب سنگھ نے لکھنؤ میں انگریزی فوج سے مورچہ لیا . فرنگی اُن کے خون کے پیاسے بن گئے . ایک دن جب وے اپنی گڑھی میں لوٹے تو انگریزی سینا نے اُنھیں راتوں رات آ گھیرا . گلاب سنگھ ایسے لڑے کہ انگریزی فوج کو پیچھے ھٹنا پڑا . اُن کے اِس یدھ کو ایک کوی نے اپنی جاندار کویتا میں بیان کرتے ھوئے کہا ھے :—

گلاب سنگھ ایسے لڑے'
جیسے لنکا میں لڑے ھنومان !

شکست کھائی ھوئی انگریزی فوج پھر مورچہ بندی کر کے بیرواگڑھ آتی ھے . انگریزی فوج کا کمانداز گلاب سنگھ سے باتیں کرنا چاھتا ھے . وہ گلاب سنگھ کو ملنے کی دعوت دیتا ھے . اِس گھٹنا پر ایک کوی کے بول ھیں :—

راجا گلاب سنگھ رھیا تیری ھیروں'
اک بار درش دکھاوا رے !
اپنی گڑھی سے یہ بولے گلاب سنگھ'
سن رے صاحب موری بات رے !
پیدل بھی مارے' سوار بھی مارے'
ماری توری فوج بےحساب رے !
بانکے گلاب سنگھ رھیا تیری ھیروں'
ایک بار درش دکھاوا رے !

گھماسان مورچے کے بعد رات کے اندھیرے میں اپنے ایک بہادر پاسی ساتھی کلیان کو لیکر گلاب سنگھ نے گڑھی چھوڑ دی . بیرواگڑھ کے پیچھے بانس کا گھنا بن تھا . وھیں سے جو گلاب سنگھ غایب ھوئے تو پھر اُن کا پتا نہیں چلا .

رانا بینی مادھو سنگھ اور گلاب سنگھ کی طرح گونڈا کے راجا دیوی بکس سنگھ بھی اِتنی بہادری کے ساتھ انگریزی سیناؤں سے لڑے کہ اُنھوں نے اپنی ویرتا سے جن من کو موہ لیا . اُن کی تعریف کرتے ھوئے ایک سمکالین کوی کہتا ھے :—

रायबरेली ज़िले के हमीर गाँव का निवासी एक दूसरा कवि बजरंग ब्रह्मभट्ट राना की तारीफ़ में कहता है :—

हिम्मत हाकिम को हजारन में देखि आयो,
खेदिके हटायो अंगरेज हू सकाना है !
जाको तेज तीखन तपत महि मन्डल में
हरिगे उलूक से न लागत ठिकाना है !
कहै बजरंग बैस वंश अवतंस भयो
कम्पनी विलाइत सकल बिलखाना है !
नेक न डेराना छीन लीन्ह्यो तोपखाना
बीर बाँधे बीर बाना बैसराना बिरमदाना है !

बैसवाड़ा के इस वीर राना बेनीमाधव सिंह की शूर-वीरता की तारीफ़ करते हुये एक तीसरा कवि ज्वालाराय कहता है :—

चण्डिका के चेले बैस लरत हैं अकेले फ़ौजें
आया लीना घेरि गोला खूब ही बजायो है !
मारे जरनैल औ कंडेलन को क़ैद कीन्हे,
मारे कप्तान गोरा भेंट ही चढ़ायो है !
राजन में राजा महाराजा बेनीमाधव बक्स,
लरी है लराई अंगरेज चढ़ि आयो है !
कहत कवि ज्वालाराय राजन को काम कीन्हो,
बिना अन्न पानी गोला खूब ही बजायो है !

अवध के कवियों की बानी, ऐसा मालूम होता है, मानो राना बेनीमाधव सिंह की तारीफ़ करते हुये थकती नहीं. सर कालिन कैम्बेल की फ़ौजों ने लखनऊ पर क़ब्ज़ा कर लिया था. बेगम हज़रत महल ने आकर राना के यहाँ शरण ली. अपनी मलका महारानी को राना अगर शरण न देते तो दूसरा कौन देता ? सर कालिन ने राना की बहादुरी की तारीफ़ करते हुये उनसे हथियार डालने के लिये कहा. यह भी वादा किया कि राना को उनकी सब जागीर लौटा दी जायगी मगर आज़ादी के उस दीवाने ने ब्रिटिश कमाण्डर-इन-चीफ़ के इस पैग़ाम को हिक़ारत के साथ ठुकरा दिया. एक चौथा कवि राना का गुनगान करते हुये कहता है :—

राना बहादुर सिपाही अवध माँ, धूम मचाई मोरे राम रे !
लिख लिख चिठिया लाट ने भेजी, आन मिलो राना भाई रे !
जंगी खिलत लन्दन से मँगा दूं, अवध मा सूबा बनाई रे !
जवाब सवाल लिखा राना ने, हमसे न करो चतुराई रे !
जब तक प्रान रहैं तन भीतर, तुम कन खोद बहाई रे !

बैसवारा के मशहूर कवि भौन, जिनका ज़िक्र महाकवि 'निराला' ने अपने एक लेख "भौनु कवि" में किया है 1857 में 32 बरस के थे. राना बेनीमाधव बक्स के वे साथी और क़द्रदानों में से थे. राना की शूरवीरता की तारीफ़ करते हुये भौन लिखते हैं :—

نظموں اور چھندوں میں سن اٹھارہ سو ستاون

رائے بریلی ضلع کے ہمیر گاؤں کا نواسی ایک دوسرا کوی بجرنگ برہم بھٹ رانا کی تعریف میں کہتا ہے :—

ہمت کو حاکم ہجارن میں دیکھ آیو
کھید کے ہٹایو انگریج ہو سکانا ہے !
جاکو تیج تیکھن تپت مہی منڈل میں
ہریگے الوک سے نہ لاگت ٹھکانا ہے !
کہے بجرنگ بیس بنس اوتنس بھیو
کمپنی بلائت سکل بلانا ہے !
نیک نہ ڈرانا چھین لینہیو توپکھانا
بیر باندھےبیر بانا بیسرانا برمدانا ہے !

بیسواڑہ کے اس ویر رانا بینی مادھو سنگھ کی شور ویرتا کی تعریف کرتے ہوئے ایک تیسرا کوی جوالا رائے کہتا ہے :—

چنڈیکا کے چیلے بیس لڑتے ہیں اکیلے فوجے
آیا لینا گھیری گولا کھوب ہی بجایو ہے ،
مارے جرنیل او کنڈیل کو کید کینھو
مارے کپتان گورا بھینٹ ہی چڑھایو ہے !
راجن میں راجا مہاراجہ بینی مادھو بکس
لڑی ہے لڑائی انگریز چڑھیایو ہے !
کہت کوی جوالا رائے راجن کو کام کینھو
بنا ان پانی گولا کھوب ہی بجایو ہے !

اودھ کے کویوں کی بانی، ایسا معلوم ہوتا ہے، مانو رانا بینی مادھو سنگھ کی تعریف کرتے ہوئے تھکتی نہیں۔ سر کالن کیمبل کی فوجوں نے لکھنؤ پر قبضہ کر لیا تھا۔ بیگم حضرت محل نے آکر رانا کے یہاں شرن لی۔ اپنی ملکہ مہارانی کو رانا اگر شرن نہ دیتے تو دوسرا کون دیتا ؟ سر کالن نے رانا کی بہادری کی تعریف کرتے ہوئے اُن سے ہتھیار ڈالنے کو کہا۔ یہ بھی وعدہ کیا کہ رانا کو اُن کی سب جاگیر لوٹا دی جائیگی مگر آزادی کے اس دیوانے نے برٹش کمانڈر-ان-چیف کے اس پیغام کو حقارت کے ساتھ ٹھکرا دیا۔ ایک چوتھا کوی رانا کا گن گان کرتے ہوئے کہتا ہے :—

رانا بہادر سپاہی اودھ ما، دھوم مچائی مورے رام رے !
لکھ لکھ چٹھیا لاٹ نے بھیجین، آن ملو رانا بھائی رے !
جنگی کھلت لندن سے منگادوں اودھ ما صوبا بنائی رے !
جواب سوال لکھا رانا نے، ہم سے نہ کرو چترائی رے !
جب تک پران رہیں تن بھیتر، تم کن کھود بہائی رے !

بیسوارہ کے مشہور کوی بھون، جن کا ذکر مہا کوی 'نرالا' نے اپنے ایک لیکھ 'بھونو کوی' میں کیا ہے 1857 میں 32 برس کے تھے۔ رانا بینی مادھو بکس کے وے ساتھی اور قدردانوں میں سے تھے۔ رانا کی شور ویرتا کی تعریف کرتے ہوئے بھون لکھتے ہیں :—

इस ख़ौफ़नाक .ज़ुल्मो-सितम के बाद अहले वतन की जो कैफ़ियत हुई उसे बयान करते हुये दाग़ कहते हैं:—

.जमीं के हाल पै अब आसमान रोता है;
हर इक फ़िराक़े मकीं में मकान रोता है!
बरंगे बूए गुल अहले चमन, चमन से चले;
ग़रीब छोड़ के अपना वतन, वतन से चले;
मुक़ामे अम्न जो ढूँढ़ा तो राह भी न मिली;
ये क़हर था कि .ख़ुदा की पनाह भी न मिली!

दिल्ली के वीराने को बयान करते हुये हज़रते दाग़ की आख़री नज़्म है: -

ये वो जगह है जहाँ बेकसी भी डर जाये;
ये वो जगह है अजल ख़ौफ़ खाके मर जाये!
कहाँ तक आह लिखूँ इसका हाले बरबादी;
लिखूँ कहाँ तलक इस आसमाँ की जल्लादी!
किसी को क़ैदे मेहन से नहीं है आज़ादी;
कि दाग़ दाग़ है हर दिल हरेक फ़रियादी!

उर्दू .ज़ुबान के उस वक़्त के और भी बहुत से शायरों ने 1857 पर अपने जज़बात का इज़हार किया है. हमने तो सिर्फ़ नमूने के तौर पर यहाँ ये चन्द कलाम पेश किये हैं.

(2)

जिस तरह दिल्ली की वीरानगी ने उर्दू के मशहूर शायरों के दिलों में एक दर्द और तड़प पैदा की वैसे अवध में स्वतंत्रता की लड़ाई हिन्दी के महाकवियों की भावनाओं को न छू सकी. हाँ गाँव के कवि का दिल सूरमाओं की बहादुरी और आज़ादी की तड़प को देखकर मचल पड़ा. उसने शंकरगढ़ के बहादुर राना बेनीमाधव सिंह, गोंडा के राजा देवी बकस सिंह, राजस्थान के सुजान सिंह, सँडीला के गुलाब सिंह, जगदीशपुर के बाबू कुंअर सिंह और झाँसी की रानी लक्ष्मी बाई को छन्दों का हार पहनाया.

वीरता और शूरता के इन गीतों का सबसे बड़ा ख़ज़ाना हमें अवध में मिलता है. राना बेनीमाधव सिंह की गिनती सन् सत्तावन के बड़े से बड़े वीरों और शहीदों में की जाती है. दुलारे अपनी अटपटी बानी में राना की तारीफ़ करते हुये कहता है:—

अवध मा राना भयो मरदाना!
पहिल लड़ाई भई बक्सर मा सेमरी के मैदाना,
उहाँ से कूच भयो पुरवा को तबै लाट घबराना!
नक्की मिले मानसिंग मिलिगे मिले सुदर्शन काना,
छत्री वंश एक ना मिलिहै जाने सकल जहाना!
भाय, भतीज औ कुटुम्ब-कबीला सबको करौं सलामा,
तुम तो जाय गोरन ते मिलिगै हमहू को भगवाना!
हाथ में भाला बगल सिरोही घोड़ा चलै मस्ताना,
कहै दुलारे सुनु पिय प्यारे राना उत्तर कियो पयाना!

اِس خوفناک ظلم و ستم کے بعد اہل وطن کی جو کیفیت ہوئی اُسے بیان کرتے ہوئے داغ کہتے ہیں :—

زمیں کے حال پہ اب آسمان روتا ہے؛
ہر ایک فراق مکیں میں مکان روتا ہے!
برنگ بوئے گل اہل چمن، چمن سے چلے؛
غریب چھوڑ کے اپنا وطن، وطن سے چلے!
مقام امن جو ڈھونڈا تو راہ بھی نہ ملی؛
یہ قہر تھا کہ خدا کی پناہ بھی نہ ملی!

دلی کے ویرانے کو بیان کرتے ہوئے حضرت داغ کی آخری نظم ہے :—

یہ وہ جگہہ ہے جہاں بیکسی بھی ڈر جائے؛
یہ وہ جگہہ ہے اجل خوف کھا کے مر جائے!
کہاں تک آہ لکھوں اِس کا حال بربادی؛
لکھوں کہاں تلک اِس آسماں کی جلادی!
کسی کو قید محن سے نہیں ہے آزادی؛
کہ داغ داغ ہے ہر دل ہر ایک فریادی!

اُردو زبان کے اُس وقت کے اور بھی بہت سے شاعروں نے 1857 پر اپنے جذبات کا اظہار کیا ہے. ہم نے تو صرف نمونے کے طور پر یہاں یہ چند کلام پیش کئے ہیں.

(2)

جس طرح دلی کی ویرانگی نے اُردو کے مشہور شاعروں کے دلوں میں ایک درد اور تڑپ پیدا کی ویسے اودھ میں سوتنترتا کی لڑائی ہندی کے مہاکویوں کی بھاوناؤں کو نہ چھو سکی. ہاں گاؤں کے کوی کا دل سورماؤں کی بہادری اور آزادی کی تڑپ کو دیکھ کر مچل پڑا. اُس نے شنکرگڑھ کے بہادر رانا بینی مادھو سنگھ، گونڈا کے راجا دیوی بکس سنگھ، راجستھان کے سجان سنگھ، سنڈیلا کے گلاب سنگھ، جگدیش پور کے بابو کنور سنگھ اور جھانسی کی رانی لکشمی بائی کو چھندوں کا ہار پہنایا.

ویرتا اور شورتا کے ان گیتوں کا سب سے بڑا خزانہ ہمیں اودھ میں ملتا ہے. رانا بینی مادھو سنگھ کی گنتی سن ستاون کے بڑے سے بڑے ویروں اور شہیدوں میں کی جاتی ہے. دلارے اپنی اٹپٹی بانی میں رانا کی تعریف کرتے ہوئے کہتا ہے :—

اودھ ما رانا بھیو مردانا!
پہلی لڑائی بھئی بکسر ماں سمری کے میدانا؛
اُہاں سے کوچ بھیو پروا کو تبے لاٹ گھبرانا!
نکمی ملے مان سنگھ مل گے ملے سدرشن کانا؛
چھتری باس ایک نا ملہے جانے سکل جہانا!
بھائی، بھتیج او کٹمب کبیلا سبکو کروں سلاما؛
تم تو جائے گورن تے ملیگے ہم ہو کا بھگوانا!
ہاتھ ما بھالا بگل سروہی گھوڑا چلے مستانا؛
کہے دلارے سن پیہ پیارے رانا اُتر کیو پیانا!

दिल्ली शहर की अदबियात और शायराना महफ़िल पर हसरत उँडेलते हुये हाली कहते हैं :—

कभी ऐ इल्मो हुनर घर था तुम्हारा दिल्ली;
हमको भूले हो तो घर भूल न जाना हरगिज़ !
शायरी मर चुकी अब ज़िन्दा न होगी यारो;
याद कर करके उसे जी न कुढ़ाना हरगिज़ !
ग़ालिबो शेफ़्तओ नय्यरो आज़ुर्दा-ओ ज़ौक़,
अब दिखायेगा ये शक्लें न ज़माना हरगिज़ !
बज़्मे मातम तो नहीं, बज़्मे सख़ुन है हाली;
याँ मुनासिब नहीं रो रोके रुलाना हरगिज़ !

दाग़ और 1857

महाकवि दाग़, जो सन् 1857 में कुल छब्बीस बरस के नौजवान थे और जिन्होंने दिल्ली का बनाव-सिंगार देखा था, और जिनके देखते-देखते दिल्ली एक उजड़ा दयार बना दी गई, दर्द से भरकर कहते हैं :—

फ़लक ज़मीनो मलायक जनाब थी दिल्ली,
बहिश्तो ख़ुल्द में भी इन्तख़ाब थी दिल्ली !
जवाब काहे को था लाजवाब थी दिल्ली;
मगर ख़याल से देखा तो ख़्वाब थी दिल्ली !
ये शहर वो है कि हिन्दोस्तान का दिल था;
ये शहर वह है कि सारे जहान का दिल था!

मगर दिल्ली जब उजड़ा दयार बन गई तो दाग़ फ़रमाते हैं :—

ख़ुदापरस्ती के बदले जफ़ा परस्ती है;
जो मालेमस्त थे अब उनको फ़ाक़ेमस्ती है !
बजाय अब्रे करम मुफ़लिसी बरसती है;
बतंग जीने से हैं ऐसी तंगदस्ती है !

इस मुफ़लिसी के लिये फ़लक़ पर इल्ज़ाम मढ़ते हुये दाग़ फ़रमाते हैं :—

फ़लक़ ने क़हरो ग़ज़ब ताक-ताक कर डाला;
तमाम पर्दए नामूस चाक कर डाला !
यकायक एक जहाँ को हलाक कर डाला;
ग़रज़ कि लाख का घर उसने ख़ाक कर डाला !

इस सब कैफ़ियत के लिये सितमगर के ज़ुल्मो-सितम को हसरत के साथ बयान करते हुये दाग़ कहते हैं :—

खिलाया ज़हर सितमगर ने पान के बदले;
पिलाया ख़ूने जिगर पेचवान के बदले !
नसीब दार हुई है निशान के बदले;
मिला न गोर गढ़ा भी मकान के बदले !
ज़ुबाने तेग़ से पुरशिश है दादख़ाहों की;
रसन है, तौक़ है, गरदन है बेगुनाहों की !

دلی شہر کی ادبیات اور شاعرانہ محفل پر حسرت انڈیلتے ہوئے حالی کہتے ہیں :—

کبھی اے علم و ہنر گھر تھا تمہارا دلی؛
ہمکو بھولے ہو تو گھر بھول نہ جانا ہرگز !
شاعری مر چکی اب زندہ نہ ہوگی یارو؛
یاد کر کر کے اسے جی نہ کڑھانا ہرگز !
غالب و شیفتہ و نیر و آزردہ و ذوق؛
اب دکھائے گا یہ شکلیں نہ زمانہ ہرگز !
بزم ماتم تو نہیں بزم سخن ہے حالی؛
یاں مناسب نہیں رو رو کے رلانا ہرگز !

داغ اور 1867

مہا کوی داغ، جو سن 1867 میں کل چھبیس برس کے نوجوان تھے اور جنہوں نے دلی کا بناؤ سنگار دیکھا تھا، اور جن کے دیکھتے دیکھتے دلی ایک اجڑا دیار بنا دی گئی، درد سے بھر کر کہتے ہیں :—

فلک زمین ملائک جناب تھی دلی؛
بہشت و خلد میں بھی انتخاب تھی دلی !
جواب کاہے کو تھی لاجواب تھی دلی؛
مگر خیال سے دیکھا تو خواب تھی دلی !
یہ شہر وہ ہے کہ ہندوستان کا دل تھا؛
یہ شہر وہ ہے کہ سارے جہان کا دل تھا !

مگر دلی جب اجڑا دیار بن گئی تو داغ فرماتے ہیں :—

خداپرستی کے بدلے جفا پرستی ہے؛
جومال مست تھے اب انکو فاقہ مستی ہے !
بجائے ابرکرم مفلسی برستی ہے؛
بتنگ جینے سے ہیں ایسی تنگدستی ہے !

اِس مفلسی کے لئے فلک پر الزام مڑھتے ہوئے داغ فرماتے ہیں :—

فلک نے قہر و غضب تاک تاک کر ڈالا؛
تمام پردۂ ناموس چاک کر ڈالا !
یکایک ایک جہاں کو ہلاک کر ڈالا؛
غرض کہ لاکھ کا گھر اس نے خاک کر ڈالا !

اِس سب کیفیت کے لئے ستمگر کے ظلم و ستم کو حسرت کے ساتھ بیان کرتے ہوئے داغ کہتے ہیں :—

کھلایا زہر ستمگر نے پان کے بدلے؛
پلایا خون جگر پیچوان کے بدلے !
نصیب دار ہوئی ہے نشان کے بدلے؛
ملا نہ گور گڑھا بھی مکان کے بدلے !
زبان تیغ سے پرشش ہے داد خواہوں کی؛
رسن ہے، طوق ہے، گردن ہے بےگناہوں کی !

चौक जिसको कहें वो मक़तल है;
सर बना है नमूना ज़िन्दाँ का!
शहर देहली का ज़र्रा ज़र्रा ख़ाक;
तिश्नए ख़ूँ है हर मुसलमाँ का!
कोई वाँ से न आ सके याँ तक;
आदमी वाँ न जा सके याँ का!
मैंने माना कि मिल गए फिर क्या;
वही रोना तनो दिलो जाँ का!
गाह जलकर किया किये शिकवा;
सोज़िशे दाग़हाय पिनहाँ का!
गाह रोकर कहा किये बाहम;
माजरा दीदहाए गिरियाँ का!

दिल्ली के क़त्ले आम पर हसरत का इज़हार करते हुये ग़ालिब ने लिखा है :—

एक अहले दर्द ने सुनसान जो देखा क़फ़स;
यूँ कहा आती नहीं क्यों अब सदाये अन्दलीब!
बालो पर दो चार दिखला कर कहा सय्याद ने;
ये निशानी रह गई है अब बजाये अन्दलीब!

हाली और 1857

ग़ालिब के शागिर्द मौलाना अल्ताफ़ हुसेन हाली, जो पहले 'शैफ़्ता' की शागिर्दी में थे और 1857 में 21 बरस के थे, दिल्ली को मरहूम या स्वर्गीय का ख़िताब देकर शायरों से कहते हैं :—

जितने रमने थे तेरे हो गए वीराँ ऐ इश्क़;
आके वीरानों में अब घर न बसाना हरगिज़!
कूच सब कर गये दिल्ली से तेरे क़द्रशनास;
क़द्र याँ आके अब अपनी न गँवाना हरगिज़!
तज़किरा दिल्लिए मरहूम का ऐ दोस्त न छेड़;
न सुना जायगा हमसे ये फ़िसाना हरगिज़!
दास्ताँ गुल की ख़िज़ाँ में न सुनाए बुलबुल;
हँसते हँसते हमें ज़ालिम न रुलाना हरगिज़!

आबादियाँ गिराकर दिल्ली को वीराना बना दिया गया. कला और अदब की नायाब यादगारें धूल में मिला दी गईं. इस कैफ़ियत का चश्मदीद हाल बयान करते हुये हाली लिखते हैं:—

लेके दाग़ आएगा सीने पे बहुत ऐ सय्याद;
देख इस शहर के खँडहर में न जाना हरगिज़!
चप्पे चप्पे पे हैं याँ गौहरे यक्ता तहे ख़ाक;
दफ़्न होगा कहीं इतना न ख़ज़ाना हरगिज़!
वो तो भूले थे हमें हम भी उन्हें भूल गये;
ऐसा बदला है न बदलेगा ज़माना हरगिज़!
जिसको ज़ख़्मों के हवादिस से अछूता समझें;
नज़र आता नहीं कोई भी घराना हरगिज़!

چوک جس کو کہیں وہ مقتل ھے؛
سر بنا ھے نمونہ زنداں کا!
شہر دھلی کا ذرہ ذرہ خاک؛
تشنۂ خوں ھے ہر مسلماں کا!
کوئی واں سے نہ آسکے یاں تک؛
آدمی واں نہ جا سکے یاں کا!
میں نے مانا کہ مل گئے پھر کیا؛
وھی رونا تن و دل و جاں کا!
گاہ جل کر کیا کیئے شکوہ؛
سوزش داغہائے پنہاں کا!
گاہ روکر کہا کئے باہم؛
ماجرا دیدھائے گریاں کا!

لی کے قتل عام پر حسرت کا اظہار کرتے ہوئے غالب نے لکھا

ایک اہل درد نے سنسان جو دیکھا قفس؛
یوں کہا آتی نہیں کیوں اب صدائے عندلیب!
بال و پر دو چار دکھلا کر کہا صیاد نے؛
یہ نشانی رہ گئی ھے اب بجائے عندلیب!

اور 1857

الب کے شاگرد مولانا الطاف حسین حالی، جو پہلے 'شیفتہ' گردی میں تھے اور 1857 میں 21 برس کے تھے، دلی کو یا مرحومہ کا خطاب دے کر شاعروں سے کہتے ھیں :—

جتنے رمنے تھے ترے ہو گئے ویراں اے عشق؛
آ کے ویرانوں میں اب گھر نہ بسانا ہرگز!
کوچ سب کرگئے دلی سے ترے قدرشناس؛
قدر یاں آکے اب اپنی نہ گنوانا ہرگز!
تذکرہ دلئی مرحوم کا اے دوست نہ چھیڑ؛
نہ سنا جائے گا ہم سے یہ فسانہ ہرگز!
داستاں گل کی خزاں میں نہ سنائے بلبل؛
ہنستے ہنستے ہمیں ظالم نہ رلانا ہرگز!

بادیاں گرا کر دلی کو ویرانہ بنا دیا گیا. کلا اور ادب کی یادگاریں دھول میں ملا دی گئیں. اس کیفیت کا چشم ال بیان کرتے ہوئے حالی لکھتے ھیں :—

لے کے داغ آئیگا سینے پہ بہت اے صیاد؛
دیکھ اس شہر کے کھنڈر میں نہ جانا ہرگز!
چپہ چپہ پہ ھیں یاں گوہر یکتا تہ خاک؛
دفن ہوگا کہیں اتنا نہ خزانہ ہرگز!
وہ تو بھولے تھے ہمیں ہم بھی انہیں بھول گئے؛
ایسا بدلا ھے نہ بدلے گا زمانہ ہرگز!
جسکو زخموں کے حوادث سے اچھوتا سمجھیں؛
نظر آتا نہیں کوئی بھی گھرانا ہرگز!

भी नहीं था. उन्होंने बड़ी हसरत के साथ अपने दाहिने हाथ की हथेली को देखकर कहा :—

फूल लाया है माली डाली में;
कुछ लकीरें हैं दस्ते ख़ाली में !

अपने महान मुग़ल पूर्वजों के बड़प्पन का अहसास बहादुरशाह के दिल में था. वह अपने को मुग़ल सल्तनत की एक टूटी हुई क़ब्र की तरह मानते थे. इस ख़याल को ज़ाहिर करते हुये ज़फ़र ने लिखा है :—

वो जो टूटी क़ब्र का था निशाँ उसे ठोकरों से मिटा दिया !

एक जगह दिल्ली की आज़ादी और बरबादी का चित्र खींचते हुये उन्होंने लिखा है :—

पसे मर्ग मेरे मज़ार पर जो दिया किसू ने जला दिया;
उसे आह दामने बाद ने सरे शाम से ही बुझा दिया !

कितनी हसरत है इस कलाम में ! 1857 के वाक़यात पर बहादुरशाह की नज़्मों से काफ़ी रोशनी पड़ती है. अपने पुरदर्द हक़ीक़ते हाल के बारे में वे ख़ुद कहते हैं :—

न पूछ मुझसे 'ज़फ़र' मेरी तू हक़ीक़ते हाल;
अगर कहूँगा अभी तुझको मैं रुला दूँगा !

लेकिन दिल के दर्द से कोई यह न समझे कि उनमें बहादुरी की कमी हो गई थी. वे दुश्मन की संगदिली के मुताल्लिक़ कहते हैं :—

बेवफ़ा तुझसे शिकायत है सितम की बेजा;
कीजिये उससे जो आगाह वफ़ा से कुछ हो !
सर रहे या न रहे जान बचे या न बचे;
मुँह न मोड़ेंगे तेरी तेग़े जफ़ा से कुछ हो !

सन् 1857 में दिल्ली की जो कैफ़ियत थी उस पर शहन्शाह के कुछ शेर ये हैं :—

आज देहली में जो उसकी अजब सैर हो गई;
तलवार चलते चलते रही ख़ैर हो गई !
काबा के सिम्त हमने किया मुँह पए नमाज़;
बरगश्ता नीअत अपनी सूए दैर हो गई !
बेगानगी का दिल के गिला क्या है इश्क़ में;
जब जान भी न अपनी रही ग़ैर हो गई !
आशिक़ को जब दिखाई फ़िरंगी पिसर ने तोप;
पाया न कुछ वो कहने कि बस फ़ैर हो गई !
ज़ंजीर कट गई मेरी वहशत से क्या 'ज़फ़र';
जल्दी अलग वो चूम के जो पैर हो गई !

ग़ालिब और 1857

दिल्ली में ख़ास तौर पर मुसलमानों के ऊपर जो ज़ुल्म ढाये गये उसका ज़िक्र अब शायरों के सरताज ग़ालिब से सुनें, जो सन् 1857 में पूरे साठ बरस के थे :—

بھی نہیں تھا ۔ اُنھوں نے بڑی حسرت کے ساتھ اپنے داہنے ہاتھ کی ہتھیلی کو دیکھ کر کہا :—

پھول لایا ہے مالی ڈالی میں؛
کچھ لکیریں ہیں دست خالی میں !

اپنے مہان مغل پوروجوں کے بڑپن کا احساس بہادر شاہ کے دل میں تھا ۔ وہ اپنے کو مغل سلطنت کی ایک ٹوٹی ہوئی قبر کی طرح مانتے تھے ۔ اِس خیال کو ظاہر کرتے ہوئے ظفر نے لکھا ہے :—

وہ جو ٹوٹی قبر کا تھا نشاں اُسے ٹھوکروں سے مٹا دیا !

ایک جگہ دلی کی آزادی اور بربادی چتر کا کھینچتے ہوئے اُنھوں نے لکھا ہے :—

پس مرگ میرے مزار پر جو دیا کسو نے جلا دیا؛
اُسے آہ دامن باد نے سر شام ہی سے بجھا دیا !

کتنی حسرت ہے اُس کلام میں ! 1857 کے واقعات پر بہادرشاہ کی نظموں سے کافی روشنی پڑتی ہے۔ اپنے پردرد حقیقت حال کے بارے میں وے خود کہتے ہیں :—

نہ پوچھ مجھسے 'ظفر' میری تو حقیقت حال؛
اگر کہونگا ابھی تجھ کو میں رلادوں گا !

لیکن دل کے درد سے کوئی یہ نہ سمجھے کہ اُن میں بہادری کی کمی ہو گئی تھی ۔ وے دشمن کی سنگدلی کے متعلق کہتے ہیں :—

بےوفا تجھسے شکایت ہے ستم کی بےجا؛
کیجئے اُس سے جو آگاہ وفا سے کچھ ہو !
سر رہے یا نہ رہے جان بچے یا نہ بچے؛
منھ نہ موڑینگے تری تیغ جفا سے کچھ ہو !

سن 1857 میں دلی کی جو کیفیت تھی اُس پر شہنشاہ کے کچھ شعر یہ ہیں :—

آج دهلی میں جو اُس کی عجب سیر ہوگئی؛
تلوار چلتے چلتے رہی خیر ہو گئی !
کعبہ کے سمت ہم نے کیا منھ پئے نماز؛
برگشتہ نیت اپنی سوئے دیر ہو گئی !
بیگانگی کا دل کے گلہ کیا ہے عشق میں؛
جب جان بھی نہ اپنی رہی غیر ہو گئی !
عاشق کو جب دکھائی فرنگی پسر نے توپ؛
پایا نہ کچھ وہ کہنے کہ بس فیر ہو گئی !
زنجیر کٹ گئی میری وحشت سے کیا 'ظفر'؛
جلدی الگ وہ چوم کے جو پیر ہو گئی !

غالب اور 1857

دلی میں خاص طور پر مسلمانوں کے اوپر جو ظلم ڈھائے گئے اُن کا ذکر اب شاعروں کے سرتاج غالب سے سنیں' جو سن 1857 میں پورے ساٹھ برس کے تھے :—

कफ़स में है क्या फ़ायदा शोरो ग़ुल से;
असीरो करो कुछ रिहाई की बातें!
'ज़फ़र' अब ज़माना बुरा आ गया है;
जिधर देखा हैं वाँ बुराई की बातें!

फ़ौज के कमानदारों ने जब एक दूसरे पर तोहमतें मढ़नी शुरू कीं तो उन्हें नसीहत देते हुये शहन्शाह ने कहा :—

न थी हाल की जब हमें अपने ख़बर;
रहे देखते औरों के ऐबो हुनर!
पड़ी अपनी बुराइयों पे जो नज़र;
तो निगाह में कोई बुरा न रहा!
'ज़फ़र' आदमी उसको न जानियेगा;
वह हो कैसा ही साहिबे फ़हमो ज़का;
जिसे ऐश में यादे ख़ुदा न रही
जिसे तैश में ख़ौफ़े ख़ुदा न रहा!

14 सितम्बर 1857 के बाद दिल्ली की जनता पर इतने सितम ढाये गये कि बहादुरशाह का कवि हृदय भी ग़म से चाक चाक हो गया. मुसलमानों को तो ख़ास तौर पर खोज खोजकर सूली पर लटकाया जाता. एक नज़्म में शहन्शाह ने उसे यूँ बयान किया है :—

गई यकबयक जो हवा पलट, नहिं दिल को अपने क़रार है;
करूँ ग़म सितम का मैं क्या बया, मेरा सीना ग़म से फ़िगार है.
ये रियाया हिन्द तबाह हुई, कहो क्या न इनपे जफ़ा हुई;
जिसे देखा हाकिमे वक़्त ने, कहा ये भी क़ाबिले दार है!
कहीं ऐसा भी है सितम सुना, कि दी फाँसी लाखों को बेगुनाह,
बले कलमा गोयों के तर्फ़ से, अभी दिल में उनके ग़ुबार है!

जंगे आज़ादी के सबसे बड़े नेता की हैसियत से शहन्शाह बहादुरशाह को आज़ादी की सबसे भारी क़ीमत चुकानी पड़ी. शहन्शाह के 24 बेटे और पोते क़त्ल कर दिये गये और उनके सर ख़ूनी दरवाज़े पर लटका दिये गये. उन सब दर्दनाक घटनाओं पर अपने दिल की कैफ़ियत शहन्शाह ने यूँ बयान किया है :—

रिन्द हूँ मैं या ज़ाहिद हूँ, या सूफ़ी हूँ या मैकश हूँ;
आलिम हूँ या जाहिल हूँ, या मोमिन हूँ या तरसा हूँ!
कैसा रंज व कैसी राहत, किसकी शादी किसका ग़म;
ये भी नहीं मालूम मुझे, मैं जीता हूँ या मरता हूँ!

शहन्शाह बहादुरशाह, उनकी चहेती बेगम ज़ीनत महल और युवराज जवाँबख़्त को क़ैद करके रंगून भेज दिया गया. वहाँ बेहद ग़रीबी में शहन्शाह को अपने आख़री दिन काटने पड़े. रंगून में उनकी 83वीं सालगिरह के दिन एक माली तोहफ़े के तौर पर फूलों की डाली सजा कर लाया, शहन्शाह के पास इनाम देने के लिये कुछ

قفس میں ہے کیا فائدہ شور و غل سے؛
اسیرو کرو کچھ رہائی کی باتیں!
'ظفر' اب زمانہ برا آگیا ہے؛
جدھر دیکھو ہیں واں برائی کی باتیں!

فوج کے کمانداروں نے جب ایک دوسرے پر تہمتیں مڑھنی شروع کیں تو انھیں نصیحت دیتے ہوئے شہنشاہ نے کہا :—

نہ تھی حال کی جب ہمیں اپنے خبر؛
رہے دیکھتے اوروں کے عیب و ہنر!
پڑی اپنی برائیوں پہ جو نظر؛
تو نگاہ میں کوئی برا نہ رہا!
'ظفر' آدمی اس کو نہ جانیے گا؛
وہ کیسا ہی ہو صاحب فہم و ذکا!
جسے عیش میں یاد خدا نہ رہی؛
جسے طیش میں خوف خدا نہ رہا!

14 ستمبر 1857 کے بعد دلی کی جنتا پر اتنے ستم ڈھائے گئے کہ بہادر شاہ کا کوی ہردئے بھی غم سے چاک چاک ہو گیا۔ مسلمانوں کو تو خاص طور پر کھوج کھوج کر سولی پر لٹکایا جاتا۔ ایک نظم میں شہنشاہ نے اسے یوں بیان کیا ہے :—

گئی یک بیک جو ہوا پلٹ، نہیں دل کو اپنے قرار ہے؛
کروں غم ستم کا میں کیا بیاں، میرا سینہ غم سے فگار ہے!
یہ رعایا ہند تباہ ہوئی، کہو کیا نہ ان پہ جفا ہوئی؛
جسے دیکھا حاکم وقت نے، کہا یہ بھی قابل دار ہے!
کہیں ایسا بھی ہے ستم سنا، کہ دی پھانسی لاکھوں کو بےگناہ
ولے کلمہ گویوں کے طرف سے، ابھی دل میں اُن کے غبار ہے!

جنگ آزادی کے سب سے بڑے نیتا کی حیثیت سے شہنشاہ بہادرشاہ کو سب سے بھاری آزادی کی قیمت چکانی پڑی۔ شہنشاہ کے 24 بیٹے اور پوتے قتل کر دیئے گئے اور اُن کے سر خونی دروازے پر لٹکا دیئے گئے۔ اُن سب دردناک گھٹناؤں پر اپنے دل کی کیفیت شہنشاہ نے یوں بیان کیا ہے :—

رند ہوں میں یا زاہد ہوں، یا صوفی ہوں یا میکش ہوں؛
عالم ہوں یا جاہل ہوں، یا مومن ہوں یا ترسا ہوں!
کیسا رنج و کیسی راحت، کس کی شادی کس کا غم؛
یہ بھی نہیں معلوم مجھے، میں جیتا ہوں یا مرتا ہوں!

شہنشاہ بہادرشاہ، ان کی چہیتی بیگم زینت محل اور یوراج جواں بخت کو قید کر کے رنگون بھیج دیا گیا۔ وہاں بےحد غریبی میں شہنشاہ کو اپنے آخری دن کاٹنے پڑے۔ رنگون میں اُن کی 83 ویں سالگرہ کے دن ایک مالی تحفہ کے طور پر پھولوں کی ڈالی سجا کر لایا۔ شہنشاہ کے پاس انعام دینے کے لئے کچھ

नज्मों और छन्दों में सन अठारह सौ सत्तावन

क्या क्या करे है आशिक़े नाकाम पर सितम;
ख़ौफ़े ख़ुदा कुछ उस बुते ख़ुदकाम को नहीं!
रिन्दों पे तानाज़न है अबस वाइज़ ऐ 'ज़फ़र';
कोई किसी के जानता अंजाम को नहीं!

जंगे आज़ादी में शामिल होने के लिये जब शहन्शाह ज़फ़र ने अपना दावतनामा देशी राजाओं के पास भेजा तो बीकानेर के राजा ने उसे बिना पढ़े ही फाड़ दिया. इस पर शहन्शाह ने लिखा :—

किया ख़त टुकड़े-टुकड़े तुमने तो क़ासिद से लेते ही;
मुनासिब था कि पढ़वाकर हक़ीक़त यक क़लम सुनते!

झींद के राजा ने तो शहन्शाह का ख़त लेजाने वाले क़ासिद को ही गोली से उड़ा दिया. इसपर ज़फ़र का एक शेर है :—

ढूँढा निशाँ जो हमने .क़ासिद का उस शहर में;
कुछ पाये सर के टुकड़े और कुछ बदन के टुकड़े!

अंगरेज़ी .फ़ौजों ने दिल्ली के क़िले का मोहासरा जारी कर दिया था. बक़रीद के त्यौहार के दिन जामा मसजिद में मुअज़्ज़िज़ शहरियों की .क़ुर्बानी की गई. इसपर शहन्शाह ने लिखा :—

मुबारकबाद हम देते हैं उनको ईदे .क़ुर्बां की;
गले पे रखके ख़ंजर जबकि वह तकबीर पढ़ते हैं!

अपने प्यारे पोते के .क़त्ल पर शहन्शाह ने हसरत के साथ लिखा :—

एक वो क्या बल्कि उस से रोज़ लाखों बेगुनाह;
.क़त्ल होते हैं तेरे ऐ अरबिदा जो हाथ से!
यह नहीं रंगे हिना छुट जाय जो दो रोज़ में;
हश्र तक छूटेगा आशिक़ का न लोहू हाथ से!

दिल्ली के पतन के बाद बेगुनाहों के .क़त्ल का जो सिलसिला चला उसपर शहन्शाह ज़फ़र ने लिखा :—

जहाँ में सबको इबरत हो गई उस दिन से ऐ क़ातिल;
सरे बाज़ार तूने लाशाऐ मक़तूल खींचा है!
हज़ारों बेगुनाहों को सितमगर इश्क़ में तूने;
यहाँ सूली पे बेदस्तूर, बेमामूल खींचा है!

दिल्ली में आज़ादी की जंग चलाने के लिये एक जंगी कौंसिल बना दी गई थी जिसके सदर ख़ुद शहन्शाह थे. कौंसिल के मेम्बरान आपस में एक दूसरे की बुराई करते और एक दूसरे की टाँगें घसीटते. इसपर उन्हें लानत-मलामत करते हुये शहन्शाह ने लिखा :—

नहीं तुमको ज़ेबा बुराई की बातें;
भलों को हैं लाज़िम भलाई की बातें!
ग़ज़ब है कि दिल में तो रक्खो कुदूरत;
करो मुंह पे हमसे सफ़ाई की बातें!

نظموں اور چھندوں میں سن اٹھارہ سو ستاون

کیا کیا کرے ہے عاشق ناکام پر ستم؛
خوف خدا کچھ اس بت خودکام کو نہیں!
رندوں پہ طعنہ زن ہے عبث واعظ اے 'ظفر'؛
کوئی کسی کے جانتا انجام کو نہیں!

جنگ آزادی میں شامل ہونے کے لئے جب شہنشاہ ظفر نے اپنا دعوت نامہ دیشی راجاؤں کے پاس بھیجا تو بیکانیر کے راجہ نے اسے بنا پڑھے ہی پھاڑ دیا. اس پر شہنشاہ نے لکھا :—

کیا خط ٹکڑے ٹکڑے تم نے تو قاصد سے لیتے ہی؛
مناسب تھا کہ پڑھواکر حقیقت یک قلم سنتے!

جھیند کے راجہ نے تو شہنشاہ کا خط لے جانےوالے قاصد کو ہی گولی سے اڑا دیا. اس پر ظفر کا ایک شعر ہے :—

ڈھونڈا نشاں جو ہم نے قاصد کا اس شہر میں؛
کچھ پائے سر کے ٹکڑے اور کچھ بدن کے ٹکڑے!

انگریزی فوجوں نے دلی کے قلعے کا محاصرہ جاری کر دیا تھا. بقرعید کے تہوار کے دن جامع مسجد میں معزز شہریوں کی قربانی کی گئی. اس پر شہنشاہ نے لکھا :—

مبارکباد ہم دیتے ہیں ان کو عید قرباں کی؛
گلے پر رکھ کے خنجر جبکہ وہ تکبیر پڑھتے ہیں!

اپنے پیارے پوتے کے قتل پر شہنشاہ نے حسرت کے ساتھ لکھا :—

ایک وہ کیا بلکہ اس سے روز لاکھوں بےگناہ؛
قتل ہوتے ہیں تیرے اے اربدا جو ہاتھ سے!
یہ نہیں رنگ حنا چھٹ جائے جو دو روز میں؛
حشر تک چھوٹے گا عاشق کا نہ لوہو ہاتھ سے!

دلی کے پتن کے بعد بےگناہوں کے قتل کا جو سلسلہ چلا اس پر شہنشاہ ظفر نے لکھا :—

جہاں میں سب کو عبرت ہوگئی اس دن سے اے قاتل؛
سرے بازار تونے لاشۂ مقتول کھینچا ہے!
ہزاروں بےگناہوں کو ستمگر عشق میں تونے؛
یہاں سولی پہ بےدستور، بےمعمول کھینچا ہے!

دلی میں آزادی کی جنگ چلانے کے لئے ایک جنگی کونسل بنا دی گئی تھی جس کے صدر خود شہنشاہ تھے. کونسل کے ممبران آپس میں ایک دوسرے کی برائی کرتے اور ایک دوسرے کی ٹانگیں گھسیٹتے. اس پر انہیں لعنت ملامت کرتے ہوئے شہنشاہ نے لکھا :—

نہیں تمکو زیبا برائی کی باتیں؛
بھلوں کو ہیں لازم بھلائی کی باتیں!
غضب ہے کہ دل میں تو رکھو کدورت؛
کرو منہ پہ ہم سے صفائی کی باتیں!

को एक दरजे तक घटा दिया था. गवर्नर जनरल कैनिंग उस रही सही शान को भी खत्म करने की साज़िशों में लगा हुआ था. दिल्ली के इर्द-गिर्द के शासन में भी बहादुरशाह की कोई राय न ली जाती थी. यहाँ तक कि क़िले के बाहर क़िले के सैनिकों के लिये बहादुरशाह को, जिसे नक़्शे के मुताबिक नई बैरकें तामीर करना पसन्द था, अंगरेज रेज़ीडेन्ट ने उन्हें उस तरह तामीर न करने दिया. बहादुरशाह से कौन किस वक़्त मुलाक़ात करे इसमें भी रेज़ीडेन्ट दख़ल देने की जुरअत करता था. अपनी उस वक़्त की दिली कैफ़ियत को बहादुरशाह ने एक नज़्म में यूँ बयान किया है :—

दिया बनाने न मुझको मकाँ मकाँ के क़रीब;
बसाये लोग उन्होंने जहाँ तहाँ के क़रीब!
निकलते हर दहने मू से हैं इस क़दर शोले;
फटकता कोई नहीं तेरे तुफ़्ता जाँ के क़रीब!
फ़लक के नीचे फ़लक और इक नया बन जाए;
जो पहुँचे दूदे जिगर मेरा आसमाँ के क़रीब!
कहे है तू कि फटकता नहीं यहाँ कोई;
खड़ा था कौन तेरे आज आस्ताँ के क़रीब!
वो हूँ मैं तायरे आतिश नफ़स कि थर्राये;
जो आये बर्क़ कभी मेरे आशियाँ के क़रीब!
क़फ़स से छूटके जब हम असीर ऐ सय्याद;
चमन में पहुँचे तो दिन आ गए ख़िज़ाँ के क़रीब!

जिस समय नाना धुन्धपन्त और अज़ीमुल्लाख़ाँ ने शहन्शाह से आज़ादी की जंग में शिरकत करने के लिये कहा तो बहादुरशाह ने अपनी रज़ामन्दी नीचे लिखी नज़्म में ज़ाहिर की :—

जाँ फ़िदा करने को हाज़िर हैं कहो तुम जिस दम;
हम हैं जिस काम के, मौजूद हैं उस काम से वक़्त!
गरचे रिंदाने तहीदस्त हैं मानिन्द गदा;
वक़्त के अपने हैं जमशेद मगर जाम के वक़्त!

इस बीच गवर्नर जनरल के रवइये और रेज़ीडेन्ट के बर्ताव से बहादुरशाह का दिल, फ़िरंगियों की तरफ़, रहा-सहा भी टूट गया. अपनी उस भावना को बहादुरशाह ने इन सतरों में अदा किया है :—

कहें क्या इन बुतों से ऐ 'ज़फ़र' हम हालेदिल अपना;
ये काफ़िर हैं नहीं इक बात अल्ला की क़सम सुनते!
न करता नूह के तूफ़ाँ का कोई ज़िक्र भी हरगिज़,
अगर मरदुम हमारा माजराए चश्मे नम सुनते!
न लेते नाम उल्फ़त का कभी उल्फ़त के जाइन्दे;
जो मेरा सब्र सुनते औ' तेरे ज़ुल्मो सितम सुनते!

बहादुरशाह का दिल ज़िल्लत से तड़प उठा. शहन्शाह की दिली कैफ़ियत इन शेरों में ग़ौर करें :—

کو ایک درجہ تک گھٹا دیا تھا ۔ گورنر جنرل کیننگ اُس رہی سہی شان کو بھی ختم کرنے کی سازشوں میں لگا ہوا تھا۔ دلی کے اِرد گرد کے شاسن میں بھی بہادر شاہ کی کوئی رائے نہ لی جاتی تھی ۔ یہاں تک کہ قلعے کے باہر قلعے کے سپاہیوں کے لئے بہادر شاہ کو، جسے نقشہ کے مطابق نئی بیرکیں تعمیر کرنا پسند تھا، انگریز ریذیڈینٹ نے انہیں اُس طرح تعمیر نہ کرنے دیا ۔ بہادر شاہ سے کون کس وقت ملاقات کرے اُس میں بھی ریذیڈینٹ دخل دینے کی جرات کرتا تھا ۔ اپنی اُس وقت کی دلی کیفیت کو بہادرشاہ نے ایک نظم میں یوں بیان کیا ہے :—

دیا بنانے نہ مجھکو مکاں مکاں کے قریب،
بسائے لوگ اُنھوں نے جہاں تہاں کے قریب!
نکلتے ہر دہن مو سے ہیں اِس قدر شعلے،
پھٹکتا کوئی نہیں تیرے تفتہ جاں کے قریب!
فلک کے نیچے فلک اور اک نیا بن جائے،
جو پہنچے دود جگر میرا آسماں کے قریب!
کہے ہے تو کہ پھٹکتا نہیں یہاں کوئی؛
کھڑا تھا کون ترے آج آستاں کے قریب!
وہ ہوں میں طائر آتش نفس کہ تھرائے؛
جو آئے برق کبھی میرے آشیاں کے قریب!
قفس سے چھوٹ کے جب ہم اسیر اے صیاد؛
چمن میں پہنچے تو دن آگئے خزاں کے قریب!

جس سمئے نانا دھندپنت اور عظیم اللہ خاں نے شہنشاہ سے آزادی کی جنگ میں شرکت کرنے کے لئے کہا تو بہادر شاہ نے اپنی رضامندی نیچے لکھی نظم میں ظاہر کی :—

جاں فدا کرنے کو حاضر ہیں کہو تم جس دم؛
ہم ہیں جس کام کے، موجود ہیں اُس کام کے وقت!
گرچہ رندان تہی دست ہیں مانند گدا؛
وقت کے اپنے ہیں جمشید مگر جام کے وقت!

اِس بیچ گورنر جنرل کے رویئے اور ریذیڈینٹ کے برتاؤ سے بہادر شاہ کا دل، فرنگیوں کی طرف، رہا سہا بھی ٹوٹ گیا ۔ اپنی اُس بھاؤنا کو بہادر شاہ نے اِن سطروں میں ادا کیا ہے :—

کہیں کیا اِن بتوں سے اے 'ظفر' ہم حال دل اپنا؛
یہ کافر ہیں نہیں اک بات اللہ کی قسم سنتے!
نہ کرتا نوح کے طوفاں کا کوئی ذکر بھی ہرگز؛
اگر مردم ہمارا ماجرائے چشم نم سنتے!
نہ لیتے نام الفت کا کبھی الفت کے جوئندے؛
جو میرا صبر سنتے او ترے ظلم و ستم سنتے!

بہادر شاہ کا دل ذلت سے تڑپ اُٹھا، شہنشاہ کی دلی کیفیت اِن شعروں میں غور کریں :—

नज़्मों और छन्दों में
सन् अठारहसौ सत्तावन

विश्वम्भरनाथ पांडे

सन् 1857 की तारीख़ को किस नाम से पुकारा जाय— इस पर इतिहास लिखने वालों की राय में काफ़ी मतभेद है. कोई उसे 'बग़ावत' के नाम से पुकारता है तो कोई 'जंगे आज़ादी' के नाम से; लेकिन इससे किसी को इनकार नहीं कि फ़िरंगी हुकूमत को मुल्क से ख़त्म करने की वह एक शानदार कोशिश थी. सरकारी ख़रीतों, फ़ौजी अफ़सरों की चिट्ठियों, इतिहासकारों की किताबों, सैलानियों, के रोज़नामचों, कम्पनी के देशी अफ़सरों की याददाश्तों, गवरनर जनरल के ऐलानों, पार्लिमेन्ट की बहसों, नेताओं के इश्तहारों और शाही फ़रमानों में हमें 1857 की एक सरसरी झाँकी मिलती है. सन् 1857 की क्रान्तिकारी तहरीक मुल्क की ख़ुद्दारी की भावनाओं, रूहानी तड़पनों, उम्मीदों और मायूसियों, कामयाबियों और नकामयाबियों, हारों और जीतों पर तेज़ रोशनी डालती है. मुल्क की हैसियत से हमारी ख़ूबियों और हमारी कमज़ोरियों को भी सन् 57 की तहरीक नुमायाँ कर देती है. इतिहासकारों की तरह उस ज़माने के हमारे शायरों और गाँव के कवियों ने भी हमारी आज़ादी और हमारी बरबादी की, हमारी उमंगों और हमारी बिपता की पुरजोश और पुरदर्द तसवीर खींची है.

उन्नीसवीं सदी उर्दू के मशहूर शायरों की माँ कही जाती है. दिल्ली के आख़री बादशाह बहादुरशाह ख़ुद एक ऊँचे दरजे के शायर थे. वे 'ज़फ़र' के नाम से शायरी करते थे. 'ज़ौक़' 'ग़ालिब', 'दाग़', 'हाली'—सब मुग़ल दरबार के मशहूर शायर थे. इनमें ज़ौक़ का इन्तक़ाल तो 1857 के पहले हो गया था लेकिन ग़ालिब, दाग़ और हाली 1857 में मौजूद थे. 1857 पर इनकी पुरदर्द नज़्में हमें अब तक मिलती हैं. दिल्ली की तरह हिन्दू राजाओं के दरबार भी कवियों को खुले दिल से बढ़ावा देते थे. इन कवियों ने 1857 के नेताओं की कीर्ति-कहानी अपने पुरजोश छन्दों में बयान की है. आइये स्वाधीनता-संग्राम की शताब्दी के मौक़े पर हम अपने उस ज़माने के शायरों और कवियों के कलामों और छन्दों में बलिदान और त्याग के उस अद्भुत नज़ारे के दर्शन करें.

1857 के वाक़यात पर ख़ुद बहादुरशाह 'ज़फ़र' के कलामों से काफ़ी रोशनी पड़ती है. बेंटिङ्क और डलहौज़ी के रवइये ने मुग़ल शहन्शाह के मान और दरबार की शान

نظموں اور چھندوں میں
سن اٹھارہ سو ستاون

وشومبھر ناتھ پانڈے

سن 1857 کی تاریخ کو کس نام سے پکارا جائے— اِس پر اِتہاس لکھنے والوں کی رائے میں کافی مت بھید ہے . کوئی اُسے 'بغاوت' کے نام سے پکارتا ہے تو کوئی 'جنگ آزادی' کے نام سے ؛ لیکن اُس سے کسی کو انکار نہیں کہ فرنگی حکومت کو ملک سے ختم کرنے کی وہ ایک شاندار کوشش تھی . سرکاری خریطوں' فوجی افسروں کی چٹھیوں' اِتہاسکاروں کی کتابوں' سیلانیوں کے روزنامچوں' کمپنی کے دیشی افسروں کی یادداشتوں' گورنر جنرل کے اعلانوں' پارلیمنٹ کی بحثوں' نیتاؤں کے اعلانوں اور شاہی فرمانوں میں ہمیں 1857 کی ایک سرسری جھانکی ملتی ہے . سن 1857 کی کرانتکاری تحریک ملک کی خودداری کی بھاؤناؤں' روحانی تڑپنوں' امیدوں اور مایوسیوں' کامیابیوں اور ناکامیابیوں' ہاروں اور جیتوں پر تیز روشنی ڈالتی ہے . ملک کی حیثیت سے ہماری خوبیوں اور ہماری کمزوریوں کو بھی سن 57 کی تحریک نمایاں کر دیتی ہے. اتہاسکاروں کی طرح اُس زمانے کے ہمارے شاعروں اور گاؤں کے کویوں نے بھی ہماری آزادی اور ہماری بربادی کی' ہماری اُمنگوں اور ہماری بپتا کی پرجوش اور پر درد تصویر کھینچی ہے .

اُنیسویں صدی اُردو کے مشہور شاعروں کی ماں کہی جاتی ہے . دلی کے آخری بادشاہ بہادر شاہ خود ایک اُونچے درجے کے شاعر تھے' وے 'ظفر' کے نام سے شاعری کرتے تھے . 'ذوق' 'غالب' 'داغ' 'حالی'—سب مغل دربار کے مشہور شاعر تھے . اُن میں ذوق کا انتقال تو 1857 کے پہلے ہو گیا تھا لیکن غالب' داغ اور حالی 1857 میں موجود تھے. 1857 پر اُن کی پر درد نظمیں ہمیں اب تک ملتی ہیں . دلی کی طرح ہندو راجاؤں کے دربار بھی کویوں کو کھلے دل سے بڑھاوا دیتے تھے . اِن کویوں نے 1857 کے نیتاؤں کی کیرتی کہانی اپنے پر جوش چھندوں میں بیان کی ہے . آئیے سوادھینتا سنگرام کی شتابدی کے موقع پر ہم اپنے اُس زمانے کے شاعروں اور کویوں کے کلاموں اور چھندوں میں بلیدان اور تیاگ کے اُس ادبھت نظارے کے درشن کریں .

1857 کے واقعات پر خود بہادر شاہ 'ظفر' کے کلاموں سے کافی روشنی پڑتی ہے . بینٹنک اور ڈلہوزی کے رویہ نے مغل شہنشاہ کے نام اور دربار کی شان

जुलाई 1957 جولائی

जिल्द 24 جلد नम्बर 1 نمبر

जुलाई 1957 جولائی

हिन्दुस्तानी कलचर सोसायटी ہندستانی کلچر سوسائٹی
145 मुट्ठीगंज, इलाहाबाद 145، مٹھی گنج، الہ آباد

نیا ہند

इस नम्बर के ख़ास लेख — اِس نمبر کے خاص لیکھ

नज़्मों और छन्दों में सन् अठारह सौ सत्तावन — نظموں اور چھندوں میں سن اٹھارہ سو ستاون

—विश्वम्भरनाथ पांडे — وشومبھر ناتھ پانڈے—

मेरे दादा अब्बा ! — میرے دادا ابا !

—प्रोफ़ेसर अहमद अली एम० ए० — پروفیسر احمد علی ایم۔اے۔—

आफ़ताबों के सिलसिले (कविता) — آفتابوں کے سلسلے (کویتا)

—श्री सलाम मछलीशहरी — شری سلام مچھلی شہری—

ख़ून का बदला (कहानी) — خون کا بدلہ ! (کہانی)

—मिरज़ा अज़ीमबेग चुग़ताई — مرزا عظیم بیگ چغتائی—

...नी कलचर सोसाइटी, इलाहाबाद — ...ستانی کلچر سوسائٹی الہ آباد